# اسلامی سلطنتیں

تاریخ کی تمام اسلامی سلطنتوں کا عہد بہ عہد تذکرہ

کلیفورڈ ای بوسورتھ




ترجمہ: یاسر جواد

# اسلامی سلطنتیں

اسلامی حکومتوں اور حکمرانوں کے عروج و زوال کی عہد بہ عہد داستان

کلیفورڈ ای بوسورتھ

ترجمہ: یاسر جواد

323


نگارشات پبلشرز

حبیب ایجوکیشنل سنٹر 38- مین اردو بازار لاہور | 24- مزنگ روڈ لاہور

فون 7240593 فیکس 042-5014066 | فون 7322892 فیکس 042-7354205

e-mail:nigarshat@yahoo.com

www.nigarshatpublishers.com



Marfat.com


Marfat.com

*A translation of*

**"Islamic Dynasties"**

***Written By:***

**C.E. Bosworth**

***Translated By:***

**Yasir Jawad**

***Published By:***

**Asif Javed**

All rights reserved. No part of this book may be reproduced in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, recording or by any information storage retrieval system, without prior permission from the publisher.

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب: اسلامی سلطنتیں

مصنف: کلیفورڈ ای بوسورتھ

ترجمہ: یاسر جواد

323

ناشر: آصف جاوید

برائے: نگارشات پبلشرز

24- مزنگ روڈ' لاہور

**PH:0092-42-7322892 FAX:7354205**

فرسٹ فلور' حبیب ایجوکیشنل سنٹر' 38- مین اردو بازار لاہور

**PH:0092-42-5014066 FAX:7354205**

مطبع: المطبعۃ العربیہ' لاہور

سال اشاعت: 2007ء

قیمت: =/130 روپے

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست

## حصہ اول ...... خلفاً

1-خلفائے راشدین (11-40/632-61) 7
2-اموی خلفاً (41-132/661-750) 9
3-عباسی خلفاً 11
عراق اور بغداد میں (132-656/749-1258)
قاہرہ میں (659-923/1261-1517)

## دوسرا حصہ ...... سپین اور شمالی افریقہ

4-ہسپانوی اموی...... 138-422/756-1031 17
5- سپین میں ملوک الطوائف......گیارھویں صدی عیسوی 20
6-ناصری یا بنو الاحمر (627-897/1230-1492) 24
7-ادریسی (172-341/789-926) 26
8-رستمی (160-296/777-909) 28
9-اغلبی (184-296/800-909) 30
10-زیری اور حمادی (361-547/972-1152) 31
11-المورادی یا المرابطون (448-541/1056-1147) 33
12-الموحاد یا الموحدون (524-667/1130-1269) 35
13-مرینی اور وطاسی (592-956/1196-1549) 37
14-حفصی (625-982/1228-1574) 40
15-مراکش کے شریف ( -1511/ -917) 43
16-سنوسیہ ( -1837/ -1293) 47

## تیسرا حصہ ...... زرخیز ہلال: مصر، شام اور عراق

17-طولونی (254-92/868-905) 49

Marfat.com
Marfat.com

18-اخشیدی(323-58/935-69) ________ 50
19-فاطمی(297-567/909-1171) ________ 51
20-حمدانی(293-394/905-1004) ________ 54
21-مزیدی(اندازاً350-545/961-1150) ________ 56
22-مروانی(372-478/983-1085) ________ 58
23-عقیلی(اندازاً380-489/990-1096) ________ 59
24جروادی(414-72/1023-79) ________ 62
25-ایوبی(پندرھویں صدی کا آخر-1169/نویں صدی کا آخر-564) ________ 63
26-مملوک(648-922/1250-1517) ________ 68
27-محمد علی کا سلسلہ(1220-1372/1805-1953) ________ 72
28-قرامطہ(11ویں صدی کا آخر-894/پانچویں صدی کا آخر-281) ________ 75
29-یمن کے زیدی امام یاRassids ________ 76
30-صلیحی(439-532/1047-1138) ________ 79
31-رسولی(626-858/1229-1454) ________ 81
32-آل بوسعید، مسقط اور اس کے بعد زنزی بار کا سلطان(-1154 /-1741) ________ 82
33-آل سعود یا وہابیہ(-1159 /-1746) ________ 85
34-باوندی(45-750/665-1349) ________ 88
35-مسافری یا سلاری یا کنگری(اندازاً304-483/916-1090) ________ 91
36-روادی(1071-ابتدائی دسویں صدی/463-ابتدائی چوتھی صدی) ________ 92
37-شدادی(اندازاً340-571/651-1174) ________ 94
38-زیاری(315-483/927-1090) ________ 96
39-بیوئی یا بویہی(320-454/932-1062) ________ 97
40-کاکوئی یا کاکوی(398-443/1008-51) ________ 100
41-طاہری(205-59/821-73) ________ 102
42-سامانی(204-395/819-1005) ________ 103

Marfat.com
Marfat.com

43-صفاری(253-900/867-1495) _____ 105
44-خوارزم شاہان _____ 108
45-قراخانی(382-607/992-1211) _____ 111

## چھٹا حصہ ...... سلجوق اور اتابیگ

46-سلجوق(429-590/1038-1194) _____ 115
47-ارتُوکِدی(495-811/1102-1408) _____ 119
48-زنگی(521-619/1127/1222) _____ 121
49-الدیگوزی یا ال دیگیزی(531-622/1137-1225) _____ 123
50-سلغوری(543-668/1148-1270) _____ 124
51-اسماعیلی یا اساسینی _____ 125

## ساتواں حصہ ...... اناطولیہ اور ترک

52-روم کے سلجوق(470-707/1077-1307) _____ 128
53-دانشمندی(464-573/1071-1177) _____ 131
54-قرمانی(654-888/1256-1483اندازاً) _____ 132
55-عثمانی(680-1342/1281-1924) _____ 134

## آٹھواں حصہ ...... منگول

منگول یا چنگیزی _____ 139
56-منگول عظیم خان، اوگیدی اور اولیوئی کی نسل _____ 140
57-چغتائی، چغتے کی نسل _____ 142
58-اِل خانی، قبلائی کے بھائی ہولیگو کی نسل _____ 145
59-سنہری جتھے کے خان، جوچی کی اولاد _____ 147
60-شیبانی، جوچی کی اولادیں(9051007/1500-98) _____ 151
61- کریمیا کے گرے خان، جوچی کی اولادیں _____ 152

Marfat.com
Marfat.com

## نواں حصہ ...... منگولوں کے بعد کا فارس

62- مظفری(713-95/1314-93) ________ 157
63- جلایری(736-835/1336-1432) ________ 162
64- تیموری(771-912/1370-1506) ________ 160
65- قراقوئینلو(782-873/1380-1468) ________ 162
66-اق قوئینلو(780-914/1378-1508) ________ 164
67-صفوی(907-1145/1501-1732) ________ 166
68-افشاری(1148-1210/1736-95) ________ 168
69-زند(1163-1209/1750-94) ________ 170
70- قاچار(1193-1342/1779-1924) ________ 171

## دسواں حصہ...... افغانستان اور ہندوستان

71-غزنوی(366-582/977-1186) ________ 174
72- غوری(390-612/1000-1215اندازاً) ________ 176
73-سلاطین دہلی(602-962/1206-1555) ________ 178
74-سلاطین بنگال(737-984/1336-1576) ________ 185
75-سلاطین کشمیر(747-997/1346-1589) ________ 189
76-سلاطین گجرات(793-991/1391-1583) ________ 191
77-جونپور کے شرقی سلاطین(796-883/1394-1479) ________ 193
78-مالوہ کے سلاطین(804-937/1401-1531) ________ 195
79- بہمنی اوران کے جانشین(748-934/1347-1527) ________ 196
80-خاندیش کے فاروقی سلاطین(772-1009/1370-1601) ________ 199
81-شاہان مغلیہ(932-1274/1526-1858) ________ 201
82-افغانستان کے بادشاہ(  -1747/  -1160) ________ 205
مترجم کا نوٹ ________ 208

Marfat.com
Marfat.com

حصہ اول

# خلفأ

## 1- خلفائے راشدین

## (11-40/632-61)

| | |
|---|---|
| 41/661 | حضرت ابوبکرؓ |
| 13/634 | حضرت عمرؓ بن ابن الخطاب |
| 23/644 | حضرت عثمانؓ بن عفان |
| 35-40/656-61 | حضرت علیؓ ابن ابی طالب |

اموی خلفأ

رسولؐ اللہ کا وصال جون 632ء میں ایک مختصر علالت کے نتیجہ میں ہوا۔ آپ کی وفات کے بعد کچھ ایک بدوؤں نے امہ سے علیحدگی اختیار کرنے کی کوشش کی، لیکن عرب کی سیاسی یگانگت قائم رہی۔ انجام کار متذبذب قبائل نے بھی ایک خدا کا مذہب قبول کر لیا: رسولؐ اللہ کی شاندار کامیابی نے عربوں پر واضح کر دیا تھا کہ ان کی صدیوں پرانی بت پرستی جدید دنیا میں کارآمد نہیں۔ اللہ کے دین نے بھائی چارے کی اقدار متعارف کروائیں جو زیادہ ترقی پسند مذاہب کا طرۂ امتیاز تھیں: اخوت اور سماجی انصاف اس کی اہم ترین خوبیاں تھیں۔

پیغمبرؐ اسلام کی وفات کے بعد ان کے چار قریب ترین پاکباز، ساتھی باری باری مسلم امہ کے خلیفہ بنے۔ انہوں نے "خلیفہ" کا لقب اختیار کیا۔ حضرت ابوبکرؓ ان میں سب سے زیادہ عمر کے اور رسولؐ اللہ کی پیاری بیوی حضرت عائشہؓ کے والد تھے۔ آپؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہایت قریبی تعلق رکھتے تھے۔ جب جزیرہ نما العرب کے بدو قبائل نے رسول اللہؐ کو ماننے سے انکار کیا تو

Marfat.com
Marfat.com

حضرت ابوبکر نے ہی مدینہ کی حاکیت منوائی۔ حضرت عمرؓ کی بھی ایک بیٹی کو رسول اللہؐ کی زوجہ بننے کا شرف حاصل ہوا۔ انہی کی زبردست عسکری قیادت میں ہی صحرائی عربوں کی عسکری توانائیوں کو شام، فلسطین اور مصر بازنطینی علاقوں اور فارس وعراق کے ساسانی علاقوں کے خلاف بروئے کار لایا گیا۔ حضرت عمرؓ بھی ایک زبردست منتظم تھے، اور انہوں نے ہی مفتوحہ صوبوں میں باقاعدہ سول انتظامیہ متعارف کروائی اور عرب مجاہدین کو وظائف دینے کا نظامِ دیوان ایجاد کیا۔ آپؓ نے امیر المومنین کا لقب اختیار کیا۔

حضرت عثمانؓ رسول اللہؐ کے داماد اور تیسرے خلیفہ تھے۔ آپ کی خلافت کے آخری برسوں کے دوران ناخوش عناصر نے بغاوت کی اور آخرکار آپ کو 35/656 میں شہید کر دیا۔ اس قتل کے نتیجہ میں پھوٹ اور انتشار پیدا ہوا اور کئی برس تک جاری رہا۔ اس لیے بعد میں اس دور کو باب المفتوح کہہ کر یاد کیا گیا۔ آخری خلیفہ راشد حضرت علیؓ رسول اللہؐ کے ساتھ تہرا تعلق رکھتے تھے۔ چچازاد، اخوتی بھائی اور داماد۔ چنانچہ کچھ لوگ انہیں رسول اللہ کی میراث کا اصل امین سمجھتے تھے۔ لیکن وہ شام کے گورنر معاویہ بن ابوسفیان کے علاقوں کو کبھی بھی اپنے ماتحت نہ لا سکے۔ انہوں نے اپنا دارالخلافہ کوفہ منتقل کیا، عراق کے عربوں کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی اور دریائے فرات سے اوپر صفین کے مقام پر امیر معاویہ سے لڑائی کی مگر کوئی فیصلہ کن کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد عراق میں ان کے فرزند حسن نے نیم مایوسی کے عالم میں خلافت سنبھالی، لیکن جلد ہی حضرت امیر معاویہ نے انہیں دستبردار ہونے پر مجبور کر دیا۔

بعد کے دور میں پہلے چار خلفاء کے عہد کو عہد زریں کہا گیا جس میں اسلامی اقدار نے فروغ پایا۔ انہیں اموی خلفاء سے ممیز کرنے کے لیے خلفائے راشدین (راست رو) کہا جاتا ہے۔

اسلامی تاریخ کے ابتدائی برسوں میں خلیفہ کی حیثیت اور اسٹیبلشمنٹ کے حوالے سے سیاسی غور و فکر کے نتیجہ میں بہت سی بنیادی باتوں کے متعلق قیاس آرائی کا آغاز ہوا۔ اس بارے میں

Marfat.com
Marfat.com

عالمانہ بحثیں ہوئیں کہ امہ کی قیادت کس قسم کے شخص کو سونپنی چاہیے۔ خلفائے راشدین کے دور کے بعد مسلمانوں پر عیاں ہوا کہ وہ ایک ایسی دنیا میں زندگی گذار رہے تھے جو مدینہ کے چھوٹے سے اور جنگ زدہ معاشرے سے بہت مختلف تھی۔ اب وہ ایک وسعت پذیر سلطنت کے مالک تھے اور ان کے رہنما لہو ولعب میں ڈوبے ہوئے نظر آتے تھے۔ طبقۂ اشراف اور دربار میں تعیش اور بے ایمانی کا دور دورہ تھا۔ نہایت پرہیزگار مسلمانوں نے قرآن کے سوشلسٹ پیغام کے ساتھ اسٹیبلشمنٹ کو للکارا اور اسلام کو نئے حالات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی۔ متعدد حل اور فرقے پیدا ہو گئے۔

مقبول ترین حل روایت پسندوں نے تلاش کیا جنھوں نے رسولؐ اللہ اور خلفائے راشدین کے مثالی تصورات کی بحالی کی کوشش کی۔

## 2-اموی خلفاؑ

## (41-132/661-750)

| | |
|---|---|
| 41/661 | معاویہؓ بن ابی سفیان |
| 60/680 | یزید اول |
| 64/683 | معاویہ دوم |
| 64/684 | مروان اول بن الحکم |
| 65/685 | عبدالمالک |
| 86/705 | الولید اول |
| 96/715 | سلیمان |
| 99/717 | عمرؒ بن عبدالعزیز |
| 101/720 | یزید دوم |
| 105/724 | ہاشم |
| 125/743 | الولید دوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 126/744 | یزید سوم |
| 126/744 | ابراہیم |
| 127-32/744-50 | مروان دوم الحمار |

## عباسی خلفا

حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد حضرت امیر معاویہ مسلمانوں کے خلیفہ بنے اور حضرت عثمانؓ کے خون کا بدلہ لینے کا نعرہ بلند کیا (حضرت امیر معاویہ حضرت عثمانؓ کے قبیلے امیہ یا عبدشمس سے ہی تعلق رکھتے تھے)۔ امیر معاویہؓ نے شام پر بیس سال سے حکومت کر رہے تھے اور انھوں نے بازنطینی سلطنت کے خلاف جنگ کی تھی۔ نتیجتاً ان کے پاس ایک منظم اور تربیت یافتہ فوج موجود تھی جسے وہ حضرت علیؓ کی حمایت کرنے والے بدوؤں کے خلاف استعمال کر سکتے تھے۔

سلطنت کے تین اعلیٰ ترین جرنیل، امیر معاویہؓ، عبدالملک اور ہشام، نے شام پر تقریباً بیس برس تک حکومت کی تھی اور عربوں کی فتح کردہ سلطنت کے نہایت اعلیٰ منتظم تھے۔ وہ یونانیوں اور اہل فارس کے انتظامی طریقوں کو اپنی حکومت میں متعارف کروانے اور انھیں اپنانے میں خصوصی دلچسپی رکھتے تھے، اور موخر اموی دور میں کئی ساسانی تیکنیکیں دیکھنے کو ملتی ہیں، اور عباسیوں کے عہد میں یہ عمل اور بھی زیادہ بڑھ گیا۔ عسکری فتوحات اب بھی تیزی سے جاری تھیں، بالخصوص الولید اول کے دور میں، حالانکہ اب عرب افواج کو دور دراز کوہستانی علاقوں اور شدید موسمی حالات میں لڑنا پڑتا تھا، اور اب لوٹ مار بھی اتنی آسانی سے نہیں کی جا سکتی تھی۔ مصر کے مغرب میں سارے شمالی افریقہ پر قبضہ ہو چکا تھا، 91/710 میں مسلمان افواج آبنائے جبل الطارق سے گذر کر سپین میں جا پہنچے، اور پھر کیرولنجی فرانس پر حملہ کیا۔ کاکیشیا سے پرے ترکوں کے ساتھ تعلق واسطہ بنا اور مشرقی اناطولیہ میں یونانی سرحدوں میں مداخلت کی گئی۔ مشرقی ایران میں خوارزم پر حملہ کیا گیا اور مقامی ایرانی حکمرانوں اور ان کے ترک حلیفوں کی مدافعت کے باوجود جیحون کے اُس پار کا علاقہ اسلام کے لیے حاصل کر لیا گیا۔ انجام کار عرب سپہ سالار مکران کے راستے سندھ میں داخل ہوئے اور پہلی مرتبہ سرزمین ہندوستان میں اسلام کے بیج بوئے۔ یہ تمام فتوحات اس لحاظ سے بہت اہمیت کی حامل ہیں کہ ان کے ذریعہ اسلامی دنیا میں غلاموں کی ایک بہت بڑی تعداد آ گئی؛ ان

Marfat.com
Marfat.com

مزدوروں کے استعمال نے عربوں کو اس قابل بنایا کہ وہ مفتوحہ علاقوں سے لگان وصول کریں اور زرخیز ہلال کی معاشی خوبیوں سے فائدہ اٹھائیں۔

تاہم یہ انتظامی اور معاشی ترقی اموی خلافت کا انحطاط نہ روک سکی۔ خلفاً کو عراق کے عرب قبائلیوں اور مدینہ میں موجود دینی عناصر (جن میں سے متعدد شیعان علی تھے) کی جانب سے شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ مزید برآں مفتوحہ علاقوں میں غیر عرب لوگوں (موالی) کی بہت بڑی تعداد نے بھی سر اٹھانا اور اپنی دوسرے درجے کے شہری والی حیثیت پر اظہار ناراضگی کرنا شروع کر دیا تھا۔ لہٰذا 132/750 میں خراسان یا مشرقی فارس سے شروع ہونے والے انقلاب (جس کی قیادت ابو مسلم کر رہا تھا) نے امویوں کے اقتدار کا خاتمہ کر دیا۔ ابو مسلم نے عباسیوں کے لیے خلافت حاصل کرنے کی خاطر مختلف قسم کی رنجشوں کو استعمال کیا۔ امویوں کے ایک قتل عام میں خاندان کے چند زندہ بچنے والے افراد میں سے ایک ہشام کا پوتا عبدالرحمان تھا؛ وہ بھاگ کر شمالی افریقہ چلا گیا اور آخر کار سپین میں امویوں کے ایک تازہ سلسلے کی بنیاد رکھی۔

## 3- عباسی خلفاً

### 1- ایران اور بغداد میں......132-656/749-1258

| | |
|---|---|
| 132/749 | السفاح |
| 136/754 | المنصور |
| 158/775 | المہدی |
| 169/785 | الہادی |
| 170/786 | ہارون الرشید |
| 193/809 | الامین |
| 198/813 | المامون |
| 201-3/817-19 | ابراہیم المہدی، بغداد میں |
| 218/833 | المعتصم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 227/842 | الواثق |
| 232/847 | المتوکل |
| 247/861 | المستنصر |
| 248/862 | المستعین |
| 252/866 | المعتز |
| 255/869 | المہتدی |
| 256/870 | المعتمد |
| 279/892 | المعتضد |
| 289/902 | المکتفی |
| 295/908 | المقتدر |
| 320/932 | القاہر |
| 322/934 | الراضی |
| 329/940 | المتقی |
| 333/944 | المستکفی |
| 334/946 | المطیع |
| 363/974 | الطائع |
| 381/991 | القادر |
| 422/1031 | القائم |
| 467/1075 | المقتدی |
| 487/1094 | المستظہر |
| 512/1118 | المسترشد |
| 529/1135 | الراشد |
| 530/1136 | المکتفی |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| المستنجد | 555/1160 |
| المستضیئ | 566/1170 |
| الناصر | 575/1180 |
| الظاہر | 622/1225 |
| المستنصر | 623/1226 |
| المستعصم | 640-56/1242-58 |

بغداد میں منگولوں کی لوٹ مار

**2-قاہرہ میں......659-923/1261-1517**

| | |
|---|---|
| المستنصر | 659/1261 |
| الحاکم اول | 660/1261 |
| المستکفی اول | 701/1302 |
| الواثق اول | 740/1340 |
| الحاکم دوم | 741/1341 |
| المعتضد اول | 753/1352 |
| المتوکل اول (پہلا دور حکومت) | 763/1362 |
| المعتصم (پہلا دور حکومت) | 779/1377 |
| المتوکل اول (دوسرا دور حکومت) | 779/1377 |
| الواثق دوم | 785/1383 |
| المعتصم (دوسرا دور حکومت) | 788/1386 |
| المتوکل اول (تیسرا دور حکومت) | 791/1389 |
| المستعین | 808/1406 |
| المعتضد دوم | 816/1414 |
| المستکفی دوم | 845/1441 |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 855/1451 | القائم |
| 859/1455 | المستنجد |
| 884/1479 | المتوکل دوم |
| 903/1497 | المستمسک (پہلا دور حکومت) |
| 914/1508 | المتوکل سوم (پہلا دور حکومت) |
| 922/1516 | المستمسک (دوسرا دور حکومت) |
| 923/1517 | المتوکل سوم (دوسرا دور حکومت) |

## عثمانیوں کا مصر فتح کرنا

عباسیوں کا تعلق رسول اللہ ﷺ کے چچا حضرت العباس کے خاندان سے تھا، اور اسی حسب نسب کی بنا پر، امویوں کے برعکس، وہ زیادہ تقدس کا دعویٰ کرتے تھے۔ اس کے باوجود ابتدائی عباسیوں کو محبان علی کی وقتاً فوقتاً بغاوتوں کا سامنا کرنا پڑا جو خود کو خلافت کا زیادہ حقدار خیال کرتے تھے۔ عباسیوں نے خلافت سنبھالنے کے بعد اپنے دفاع کی خاطر جلد ہی پرشکوہ القاب اپنانے شروع کر دیے۔ یہ کام امویوں نے بھی کیا تھا۔ ان القابات میں خدا پر انحصار اور عباسی حکمرانوں پر خدا کی نظر کرم کا دعویٰ کیا گیا۔ عباسی حاکمیت کی تھیوکریٹک نوعیت دوسرے طریقوں سے واضح ہوئی اور راسخ العقیدہ مذہبی ادارے کو ہر ممکن حد تک سلطنت کا حامی بنا دیا گیا۔ ممکن ہے کہ یہ رجحانات پرانے فارسی مذہبی۔ سیاسی تصورات کے مرہون منت ہوں کیونکہ عباسیوں کو برسر اقتدار لانے والے ابو مسلم کا انقلاب بنیادی طور پر فارسی ماخذ رکھتا تھا۔ دارالخلافہ کی دمشق سے بغداد منتقلی مشرق کی جانب نئے جھکاؤ کی عکاس ہے۔

اموی دور میں اسلامی سلطنت حقیقی معنوں میں اپنی انتہائی حدود تک پہنچی اور عباسی عہد میں بھی سرحدیں جوں کی توں قائم رہیں۔ بس چند ایک خلفاً نے ہی عملی سپاہی ہونے کا امتیاز حاصل کیا......المامون اور معتصم نے اناطولیہ میں بازنطینیوں کے خلاف کامیاب فوجی مہم جوئی کی...... اور نویں اور دسویں صدیوں میں یہ مسلمان ہی تھے جنھیں پر جوش مقدونیائی شہنشاہوں کے سامنے دفاعی انداز اختیار کرنا پڑا۔ نویں صدی میں ہی خلافت کا سیاسی اتحاد زوال پذیر ہونا شروع ہو گیا

Marfat.com
Marfat.com

تھا۔ امویوں کی ایک شاخ پوری خودمختاری کے ساتھ سپین پر حکومت کر رہی تھی اور بحیثیت مجموعی شمالی افریقہ اس قدر دور تھا کہ اس کا موزوں طریقے سے انتظام و انصرام نہیں چلایا جاسکتا تھا۔ مصر میں طولونی خودمختاری اختیار کیے ہوئے تھے، جبکہ فارس میں طاہری گورنروں کے بعد سامانیوں اور صفویوں جیسی مقامی ایرانی سلطنتیں آئیں، جنھوں نے بغداد کو کچھ خراج تو ادا کیا لیکن بصورت دیگر انھیں یونہی چھوڑ دیا گیا۔ عباسیوں کی موثر سیاسی طاقت عراق تک محدود ہو کر رہ گئی، سب سے بڑھ کر دسویں صدی میں، جب سیاسی شیعیت نے اسلامی دنیا کے ایک بہت بڑے حصے پر فتح حاصل کرلی۔ فاطمیوں نے قاہرہ کے خلفاً سے دشمنی کا اعلان کرتے ہوئے پہلے شمالی افریقہ اور اس کے بعد مصر وشام پر قبضہ کرلیا۔ عراق اور فارس میں دیلمی بیوئی مسند اقتدار تک پہنچے، 334/945 میں بغداد میں داخل ہوئے اور خلفاً کو کٹھ پتلیاں بنا کر رکھ دیا۔ ان کے پاس اپنے اخلاقی اور روحانی اثر و رسوخ کے سوا کچھ بھی نہ رہا۔ 447/1055 میں ترکی سلجوقوں کے ظہور نے خلفاً کو اس فرقہ پرستانہ مذہبی دباؤ سے نجات دلائی۔ وہ خود راسخ سنی ہونے کے باوجود خلفاً کی سیاسی طاقت بحال کرنے کے حق میں نہ تھے۔ کہیں بارھویں صدی میں ہی آکر، جب عظیم سلجوق اپنے اتحاد و یگانگت سے محروم ہوئے اور ان کی طاقت کمزور پڑ گئی تو المکتفی اور الناصر جیسے باصلاحیت خلفاً کی سرکردگی میں عباسیوں کی تقدیر بدلنے لگی۔ بدقسمتی سے منگول تباہ کاریوں کی وجہ سے یہ بحالی کا عمل منقطع ہو گیا، اور 565/1258 میں ہولیگو نے بغداد کے آخری خلیفہ کا خون کر دیا۔

عباسی حکومت کی پہلی تین صدیوں قرون وسطیٰ کی اسلامی تہذیب کی مکمل افزائش دیکھی۔ ادب، الٰہیات، فلسفہ اور فطری علوم کے میدان میں ترقی ہوئی، اور فارس و ہیلیپیائی دنیا سے آنے والے اثرات انھیں زرخیز بناتے رہے۔ معاشی اور تجارتی ترقی کا دائرہ بہت وسیع تھا، سب سے بڑھ کر فارس اور عراق، مصر کے نسبتاً پرانے اور عرصہ سے آباد علاقوں میں؛ اور ایشیائی۔ یورپی ڈھلانوں، مشرق بعید، ہندوستان اور افریقہ جیسے بیرونی علاقوں کے ساتھ تجارتی تعلقات استوار ہوئے۔ دسویں صدی کی سیاسی ناکامی اور عدم تحفظ کے باوجود مادی اور ثقافتی شعبوں میں یہ ترقی جاری رہی، اور آدم میز جیسے سوئس مستشرقین کے لیے اس دور کو اسلامی نشاۃ ثانیہ قرار دینا قرین قیاس تھا۔ گیارھویں صدی اور بعد کی ترک سلطنتیں اسلام کے ثقافتی تانے بانے میں شامل ہوتی

Marfat.com
Marfat.com

گئیں۔ اسلام کے شدید دشمنوں منگولوں نے ہی اس تانے بانے کو بگاڑا۔

یوں خلافت بغداد کا خاتمہ منگولوں کے ہاتھوں ہوا، لیکن جلد ہی مصر کے مملوک سلطان بیبرس نے خلیفہ بننے کا فیصلہ کیا اور بغداد کے آخری عباسی کے چچا (جو قتل عام میں بچ جانے والے شاہی افراد میں سے ایک تھا) کو قاہرہ آنے کی دعوت دی (659/1261)۔ اس خلیفہ نے ایک فوج تیار کی اور بغداد کو فتح کرنے کی ایک ناکام کوشش کی۔ وہ اس کوشش میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھا اور اگلے برس ایک اور عباسی تخت نشین ہوا۔ خلیفہ کے قاہرہ میں قیام نے مملوک حکومت کو جائز بنانے میں کردار ادا کیا، اور یہ صلیبیوں اور منگولوں کے خلاف جنگ میں ایک اخلاقی ہتھیار تھا۔ مزید برآں خلفاً نے، جیسا کہ بغداد میں ہوا تھا، فتوے جاری کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ لیکن مملوک ریاستوں میں ان کا کوئی عملی اختیار نہ تھا، اور یقیناً سلاطین کے ساتھ اختیارات کی تقسیم کا کوئی تصور موجود نہ تھا۔ آخری خلیفہ المتوکل سوم کو سلیم the Grim 923/1517 میں استنبول لے گیا، لیکن یہ کہانی محض انیسویں صدی میں تراشا گیا ایک فسانہ ہے کہ تب اس نے خلافت پر اپنے حقوق عثمانی سلاطین کو منتقل کر دیے۔

Marfat.com
Marfat.com

دوسرا حصہ

# سپین اور شمالی افریقہ

## 4-ہسپانوی اموی...... 138-422/756-1031

| | |
|---|---|
| 138/756 | عبدالرحمان اول الداخل |
| 172/788 | ہشام اول |
| 180/796 | الحاکم اول |
| 206/822 | عبدالرحمان دوم المتوسط |
| 238/852 | محمد اول |
| 273/886 | المندھر |
| 275/888 | عبداللہ |
| 300/912 | عبدالرحمان سوم الناصر |
| 350/961 | الحکم دوم المستنصر |
| 366/976 | ہشام دوم المعید، پہلا دور حکومت |
| 399/1009 | محمد دوم المہدی، پہلا دور حکومت |
| 400/1009 | سلیمان المستعین، پہلا دور حکومت |
| 400/1010 | محمد دوم، دوسرا دور حکومت |
| 400/1010 | ہشام دوم، دوسرا دور حکومت |
| 403/1013 | سلیمان، دوسرا دور حکومت |
| 407/1016 | حمود العلی الناصر |
| 408/1018 | عبدالرحمان چہارم المرتضیٰ |
| 408/1018 | حمود القاسم المامون، پہلی مرتبہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 412/1021 | حمود دیحیٰ المعتلی، پہلی مرتبہ |
| 413/1022 | حمود دالقاسم، دوسری مرتبہ |
| 414/1023 | عبدالرحمان پنجم المستظہر، دوسری مرتبہ |
| 414/1024 | محمد سوم المستکفی |
| 416/1025 | حمود دیحیٰ، دوسری مرتبہ |
| 418-22/1027-31 | ہشام سوم المعتد |

## ملوك الطوائف

عرب اور بربری افواج نے مراکش سے جبل الطارق کی آبناؤں کو عبور کیا اور 92/711 میں سپین میں داخل ہو کر وہاں کی حکمران جرمن عسکری اشرافیہ Visgoths کو معزول کر دیا۔ بعد کے عشروں کے دوران انھوں نے Visgoths کی باقیات کو کینٹبریئن پہاڑوں میں آئبیریائی جزیرہ نما تک بھگا دیا، اور حتیٰ کہ پائرینے سے آگے فرینکش گال تک جا پہنچے۔ آخر کار چارلس مارل نے انھیں پوئٹیرز کے مقام پر شکست دی (114/732)۔ ان ابتدائی برسوں کے دوران سپین پر یکے بعد دیگرے کئی عرب گورنروں کی حکومت قائم ہوئی جنھیں مشرق کی جانب سے بھیجا گیا تھا۔ لیکن 138/756 میں عبدالرحمان اول (جو بعد ازاں الداخل کے طور پر مشہور ہوا) اور عباسی انقلاب میں قتل و غارت سے بچ جانے والے چند امویوں میں سے ایک، سپین میں نمودار ہوئے اور وہاں اموی امیری کی بنیاد رکھی۔

ایک جغرافیائی اعتبار سے دشوار گذار علاقے میں امویوں کی کامیابی یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی تھی۔ امارت کا دارومدار سیویلی اور کارڈوبا پر تھا لیکن صوبوں پر امیروں کا اختیار کم محفوظ تھا۔ اگرچہ ہسپانوی رومن آبادی کا ایک اچھا خاصا بڑا حصہ مسلمان ہو گیا تھا لیکن لوگوں کی ایک بڑی تعداد عیسائیت پر ہی کاربند رہی، اور وہ اخلاقی و مذہبی مدد کے لیے شمالی عیسائیوں کی جانب دیکھتے تھے۔ بالخصوص Visigoths کے قدیم مرکزی مقام تولیدو اور سپین کے کلیسائی مرکز شورش اور بغاوت کا گڑھ تھا۔ مسلمانوں کے درمیان متعدد مقامی بادشاہ تھے جن کی عسکری طاقت نے انھیں کارڈوبا سے خود مختار حیثیت میں زندگی گذارنے کے قابل بنایا؛ انھوں نے سب سے زیادہ شمال

Marfat.com
Marfat.com

مشرقی وادی ایبرو میں ترقی حاصل کی۔ نویں صدی کے دوسرے نصف میں مرکزی حکومت کے خلاف طویل بغاوت کے دو مراکز تھے...... ایک بداجوز میں ابن مروان گالیشائی کے ماتحت اور دوسرا غرناطہ کے پہاڑوں میں ابن حفصون کے ماتحت۔

ان کمزوریوں کے اور شمال کی چھوٹی چھوٹی عیسائی سلطنتوں کی مسلسل خودمختاری کے باوجود ہسپانوی امویوں نے کارڈوبا کو تجارت اور صنعتی پیداوار کا ایک شاندار مرکز بنا دیا؛ اور یہ عرب ثقافت اور تعلیم کا گھر ہونے کی حیثیت میں صرف قاہرہ اور بغداد سے کمتر تھا۔ دسویں صدی پر سلطنت کے عظیم ترین حکمران عبدالرحمان دوم المعروف الناصر (فاتح) کا غلبہ رہا جس نے پچاس برس (61-912/5-300) تک حکومت کی۔ وہ ملوکیت کی طاقت کو ایک نئی انتہا تک لے گیا، درباری رسوم کو اور زیادہ مجلسی بنایا گیا، غالباً بازنطینی مثال کو ذہن میں رکھتے ہوئے۔ اور عبدالرحمان نے اہل ایمان کا سپہ سالار اور خلیفہ ہونے کا لقب اختیار کر کے اپنے دشمن فاطمیوں کا مقابلہ کیا۔ یوں خلافت واحد اور غائب النظر ہونے کی تھیوری کو بالائے طاق رکھ دیا گیا۔ افریقہ سے بربری فوجیوں کی بھرتی اور عیسائی یورپ کے تمام حصوں سے غلام فوجی لا کر فوج کی طاقت کو اور زیادہ مستحکم کیا گیا۔ شمالی عیسائیوں نے سر تسلیم خم کیا اور شمالی افریقہ میں ایک اینٹی فاطمی پالیسی شروع کی گئی۔ دسویں صدی کے آخری برسوں میں ریاست کی اصل طاقت اور اختیارات حاجب یعنی وزیر اعظم ابن ابی عامر کو دے دیے گئے جس کا لقب المنصور تھا۔ اسی نے بارسلونا پر قبضہ کیا اور گالیشیا میں کمپوسٹیلا کے مقام پر سینٹ جیمز کے مقبرے کو لوٹا۔

تاہم گیارھویں صدی کی ابتدا میں، ہنوز نامعلوم وجوہ کی بنا پر، اموی خلافت تقسیم ہو گئی۔ مختصر عرصہ کے لیے بننے والے خلفا کے ایک سلسلے میں باری باری حمودی خاندان، ملاگا کے مقامی حکمران اور اس کے بعد الجیسیرس (Algeciras) برسر اقتدار آئے۔ آخر کار 422/1031 میں امویوں کا خاتمہ ہو گیا اور مسلمان سپین سیاسی لحاظ سے ٹکڑوں میں بٹ کر رہ گیا اور اس دوران مختلف مقامی شہزادے اور نسل گروہ اقتدار پر قابض رہے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 5- سپین میں ملوک الطوائف

### گیارھویں صدی عیسوی

خلافت امویہ کے انہدام اور المورادیوں کی آمد کے درمیان تقریباً آدھی صدی کا دور سیاسی پھوٹ اور کا حال تھا، اگرچہ اس میں ثقافتی رنگارنگی موجود تھی۔ تقریباً 23 مقامی بادشاہوں نے الاندلس کے مختلف علاقوں پر قبضہ کرلیا، ان میں سے کچھ تو محض شہری ریاستیں تھیں اور باقی کا وسیع علاقے پر قبضہ تھا، جیسے جنوب مغرب میں افطسی۔ یہ سلطنتیں مختلف نسلوں پر مشتمل اور امویوں کے دور میں فوجی طبقات کی کثیر النسلی اور ان گروہوں کے مابین نسلی رقابتوں کی عکاس تھیں۔ کچھ ایک خالصتاً عرب تھے، جیسے سیویلی کے عباسی اور سارا گوسا کے ہودی۔ دیگر بربری تھے، جیسے بداجوز کے مکناسا افطسی۔ کچھ طائفے افریقہ سے آنے والے فوجیوں میں سے نکلے جنھوں نے دسویں صدی کے اختتام پر المنصور کے دور میں جگہ سنبھال لی تھی، مثلاً ایلویرا کے صنہاج بربرزیری؛ اور عامری کلائنٹس اور المنصور کی اولادوں کے ایک گروپ نے ویلنشیا میں ترقی پائی۔ جنوب مشرق کے کئی علاقوں، مثلاً تورتوسا، دینیا اور ابتدً اویلنشیا، میں صقلبی نسل کے عسکری کمانڈروں نے ایک موقع پر اقتدار پر قبضہ رکھا۔

دیگر طائفوں نے اپنے پڑوسیوں کی قیمت پر انتہا پسندانہ پالیسیوں کو جاری رکھا۔ عباسی تقریباً تولیدو تک پہنچ گئے۔ متعدد طائفے سازش کرنے یا حتیٰ کہ اپنے عیسائیوں کو بھی اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف مدد کے لیے بلانے سے بھی گریز نہیں کرتے تھے۔ آخری افطسی عمر المتوکل المورادیوں کے خلاف مدد کے بدلے میں اپنے زیر اختیار پرتگالی علاقے کولیوں اور کاسٹیلے کے الفونسو ششم کے حوالے تک کرنے کو تیار تھا۔

گیارھویں صدی کے اختتام کے قریب سپین میں مسلمانوں کے خلاف لہر واضح ہونا شروع ہو گئی تھی۔ مذہبی طبقات نے متعدد حکمرانوں کی نشاط انگیزی اور غیر ذمہ داری کے خلاف احتجاج کیا اور وہ پیوریطانی بربر المورادیوں کی حکومت کو قبول کرنے کو تیار تھے۔ 418/1085 میں تولیدو پر عیسائی قبضے عباسی شاعر بادشاہ المعتمد کی جانب سے المورادیوں کو مدد کے لیے پکارنا ناگزیر بنادیا۔

ملوک الطوائف کے درمیان اہم ترین سلطنتیں مندرجہ ذیل تھیں:

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| ملاگا اور الجیسیرس میں حمودی | (400-49/1010-57) |
| سیویلی میں عباسی | (414-84/1023-91) |
| غرناطہ میں زیری | (403-83/1012-90) |
| نیبلا میں بنو یحییٰ | (414-43/1023-51) |
| سلویس آرکاروے میں بنو مزین | (419-45/1028-53) |
| البراسن، لاسہلا میں بنو رزین | (402-500/1011-1107) |
| البونتے میں بنو قاسم | (420-85/1029-92) |
| کارڈوبا میں جواہری | (422-61/1031-69) |
| بداجوز میں افطسی یا بنو مسلمہ | (413-87/1022-94) |
| تولیدو میں ذوالنیوئی | (419-78/1028-85) |
| ویلنشیا میں عامری | (412-89/1021-96) |
| المیریا میں بنو صمادیہ | (430-80/1039-87) |
| ساراگوسا، لیریدا، تودیلا، Calatayud، دینیا، تورتوسا میں تجیبی اور اس کے بعد ہودی۔ | (410-536/1019-1142) |
| مجورکا میں بنو مجاہد اور بنو غانیہ | (413-601/1022-1205) |
| مسلم سپین کو المورادیوں کا فتح کرنا | (483/1090) |

## 1-ملاگا کے حمود

| | |
|---|---|
| 400/1010 | علی الناصر |
| 407/1016 | القاسم اول المامون، پہلا دور حکومت |
| 412/1021 | یحییٰ اول المعتلی، پہلا دور حکومت |
| 413/1023 | القاسم اول، دوسرا دور حکومت |
| 414/1023 | یحییٰ اول، دوسرا دور حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 427/1036 | ادریس اول الحعید |
| 430/1039 | یحیٰ دوم |
| 430/1039 | الحسن المستعصر |
| 434/1039 | ادریس دوم العلی، پہلا دور حکومت |
| 438/1046 | محمد اول المہدی |
| 440/1048 | محمد اول المعتصم |
| 440/1048 | القاسم دوم الواثق |
| 446/1054 | ادریس سوم الموفق |
| 446/1054 | ادریس دوم، دوسرا دور حکومت |
| 447-9/1055-57 | ادریس سوم المستعلی |

ملاگا میں غرناطہ کے زیریوں کے ہاتھوں مرکزی شاخ کی تسخیر اور الجیسیرس میں 450/1058 کے دوران عباسیوں کے ہاتھوں Cadet شاخ کی فتح

## 2- سیویلی کے عباسی

| | |
|---|---|
| 414/1023 | محمد اول ابن عباد |
| 433/1042 | عباد المعتضد |
| 461-84/1069-91 | محمد دوم المعتمد |

موراویوں کی فتح

## 3- کارڈوبا کے جاہوری

| | |
|---|---|
| 422/1031 | جاہور |
| 435/1043 | محمد الراشد |
| 450-61/1058-69 | عبدالمالک |

عبادیوں کی فتح

Marfat.com
Marfat.com

### 4-بداجوز کے افسی

| | |
|---|---|
| 413/1022 | عبداللہ المنصور |
| 437/1045 | محمد المظفر |
| 460-87/1068-94 | عمر المتوکل |

الموراویوں کی فتح

### 5-تولیدو کے Dhu-n-Nunid

| | |
|---|---|
| ؟ | عبدالرحمان بن دھی النون |
| 419/1028 | اسماعیل الظفر |
| 435/1043 | یحییٰ المامون |
| 467-78/1075-85 | یحییٰ القادر |

لیوں اور کاستیلے کے الفونسو چہارم کی فتح

### 6-ویلنشیا کے عامری

| | |
|---|---|
| 412/1021 | عبدالعزیز المنصور |
| 453/1061 | عبدالملک المظفر |
| 457-1065/1065-76 | Dhu-n-Nuid کا تسلط |
| 468/1076 | ابوبکر |
| 478/1085 | القاضی عثمان |
| 478-83/1085-90 | دھوالنیونی یحییٰ القادر |
| 483-9/1090-6 | القاضی جعفر |

El Cid اور اس کے بعد موراویوں کی فتح

### 7-ساراگوسا وغیرہ کے تجیبی اور ھودی

تجیبی

| | |
|---|---|
| 410/1019 | مندھیر اول المنصور |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 414/1023 | یحییٰ المظفر |
| 420/1019 | معز الدولہ منذ حیر دوم |

ہُودی

| | |
|---|---|
| 430/1039 | سلیمان المستعین |
| 438/1046 | احمد اول المقتدر |
| 474/1081 | یوسف المؤتمن |
| 478/1085 | احمد دوم المستعین |
| 503/1110 | عماد الدولہ } المورا وی بالادستی میں |
| | عبد الملک |
| 513-36/1119-42 | احمد سوم المستنصر |

الفونسو اول اور آراگون کے رامیرو دوم کی فتح

## 6-ناصری یا بنو الاحمر (627-897/1230-1492)

### غرناطہ

| | |
|---|---|
| 629/1232 | محمد اول الغالب، المشہور ابن الاحمر |
| 671/1272 | محمد دوم الفقیہ |
| 701/1302 | محمد سوم المخلوع |
| 708/1308 | نصر |
| 713/1313 | اسماعیل اول |
| 725/1325 | محمد چہارم |
| 733/1333 | یوسف اول |
| 755/1354 | محمد پنجم الغنی، پہلا دور حکومت |
| 760/1359 | اسماعیل دوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 761/1360 | محمد ششم |
| 763/1362 | محمد پنجم، دوسرا دور حکومت |
| 793/1391 | یوسف دوم |
| 797/1395 | محمد ہفتم المستعین |
| 810/1407 | یوسف سوم |
| 820/1417 | محمد ہشتم المتمسک، پہلا دور حکومت |
| 822/1419 | محمد نہم الصغیر، پہلا دور حکومت |
| 831/1427 | محمد ہشتم، دوسرا دور حکومت |
| 833/1430 | محمد نہم، دوسرا دور حکومت |
| 835/1432 | یوسف چہارم |
| 835/1432 | محمد نہم، تیسرا دور حکومت |
| 848/1445 | محمد دہم الاحنف، پہلا دور حکومت |
| 849/1445 | یوسف پنجم، پہلا دور حکومت |
| 849/1446 | محمد دہم، دوسرا دور حکومت |
| 851/1447 | محمد نہم، چوتھا دور حکومت (2-1451)۔ محمد یاز دہم کے ساتھ مل کر۔ |
| 857/1453 یا 858/1454 | سعد المستعین، پہلا دور حکومت |
| 867/1462 | یوسف پنجم، دوسرا دور حکومت |
| 867/1462 | سعد، دوسرا دور حکومت |
| 868/1464 | علی، پہلا دور حکومت |
| 887/1482 | محمد یاز دہم، پہلی مرتبہ مکمل اختیار کے ساتھ |
| 888/1483 | علی، دوسرا دور حکومت |
| 890/1485 | محمد دواز دہم، بطور الزغال |

Marfat.com
Marfat.com

892-7/1487-92 محمد یازدہم، دوسرا دور حکومت

هسپانوی فتح

جب الموحاد نے سپین کو چھوڑ دیا تو زیادہ تر مسلمان شہر تیزی سے عیسائیوں کے قبضے میں آ گئے۔ کارڈوبا کو 635/1236 اور سیویلی کو 646/1248 میں شکست ہوئی۔ عرب نسل کا ایک مسلمان سردار محمد الغالب غرناطہ کے پہاڑی اور آسانی سے قابل دفاع خطے پر اختیار قائم رکھنے میں کامیاب ہو گیا اور اس نے غرناطہ کے شہر کے قلعے کو (جسے الحمرا کے نام سے جانا جاتا ہے) اپنا صدر مقام بنایا، اور کاسٹیلے کے فرڈیننڈ اول اور پھر اس کے جانشین الفونسو دہم کے خراج ادا کرنے پر رضا مندی ظاہر کر دی۔ ناصر سلاطین نے عیسائیوں اور فیز کے مرینیوں (جو اسلام کے نام پر سپین کو دوبارہ حاصل کرنا چاہتے تھے) کے مابین توازن کی پالیسی اختیار کی؛ لیکن مرینیوں کی کامیاب مداخلت کے حوالے سے مسلمانوں کی امیدوں پر اس وقت پانی پھر گیا جب حسن علی نے ریوسلادو کے مقام پر کاسٹیلے کے الفونسو یازدہم سے 741/1340 میں شکست کھائی۔

غرناطہ اپنی خطرناک صورتحال کے باوجود اڑھائی سو برس تک مسلم تہذیب کا مرکز رہا اور ساری مغربی مسلمان دنیا سے اہل علم وادب وہاں آتے رہے۔ مورخ ابن خلدون محمد ششم کے سفیر کے طور پر کام کرتا تھا۔ اور وزیر لسان الدین ابن الخطیب (جس کی تاریخ غرناطہ بڑی قابل قدر چیز ہے) ناصری غرناطہ کی پیدا کی ہوئی ادبی شخصیت تھا۔ لیکن 1469 میں آراگون کے فرڈیننڈ دوم کی کاسٹیلے کی ازابیلا کے ساتھ شادی کے نتیجے میں مسلم سپین کے عیسائی ایک تاج کے ماتحت متحد ہو گئے اور غرناطہ کے قائم رہنے کا امکان تاریک ہو گیا۔ درحقیقت مسلمانوں نے خود بھی طے شدہ خراج ادا کرنے سے انکار اور آپس میں لڑائیاں شروع کر کے اپنے انجام کو اور بھی زیادہ قریب کر دیا۔ چنانچہ 897/1492 میں غرناطہ عیسائیوں کے ہاتھ لگ گیا اور آخری ناصری بھاگ کر مراکش چلے گئے۔

## 7-ادریسی (172-341/789-926)

### مراکش

172/789 ادریس اول

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 177/793 | ادریس دوم |
| 213/828 | محمد المستنصر |
| 221/836 | علی اول |
| 234/849 | یحییٰ اول |
| ؟ | یحییٰ دوم |
| ؟ | علی دوم |
| ؟ | یحییٰ سوم المقدام |
| 292/905 | یحییٰ چہارم |
| 310-14/922-26 | الحسن الحجام |

فاطمی فتوحات

ادریسی سلطنت پہلی ایسی سلطنت تھی جنھوں نے اہل مغرب کو شیعی عقائد سے متعارف کروانے کی کوشش کی، چاہے بہت نرم انداز میں ہی سہی۔ ان کے عہد تک آتے آتے خطے پر خارجیوں کے انقلابی نظریہ مساوات کا غلبہ ہو چکا تھا۔ ادریس اول حسن ابن علی کا پڑپوتا تھا اور یوں اس کا تعلق شیعی اماموں کے ساتھ بن جاتا ہے۔ اس نے 169/786 میں عباسیوں کے خلاف ایک شورش میں حصہ لیا اور اسے مصر اور اس کے بعد شمالی افریقہ جانے پر مجبور کر دیا گیا جہاں شمالی مراکش کے بہت سے زیناتا بربر سردار اسے حضرت علیؓ کی اولاد ہونے کی وجہ سے اپنا رہنما ماننے لگے۔ لگتا ہے کہ ادریس اول نے ہی، نہ کہ اس کے بیٹے ادریس دوم نے، پرانے رومی قصبے والیوبلس کی جائے وقوع پر فیز کی دوبارہ تعمیر شروع کی۔ یہ جلد ہی آباد ہو گیا اور مسلمان سپین اور افریقیہ کے لوگ ہجرت کر کے وہاں جانے لگے، اور یہ ادریسی صدر مقام بن گیا۔ شرفا یعنی رسول ﷺ اللہ کے نواسوں حسنؓ اور حسینؓ ابن علیؓ کی مراعات یافتہ اولادوں کا گھر ہونے کی وجہ سے یہ مقدس شہر کی حیثیت بھی اختیار کر گیا۔ تب سے ہی شرفا کو مراکشی تاریخ میں ہمیشہ ایک اہم حیثیت حاصل رہی ہے (دیکھیے مراکش کے شریف)۔ ادریسی عہد اسلامی ثقافت کے، حال ہی میں مسلمان ہونے والے اندرون علاقہ کے، بربر لوگوں کے درمیان ترقی پانے کے حوالے سے

Marfat.com
Marfat.com

بھی اہمیت کا حامل ہے۔

تاہم محمد المستنصر کے دور حکومت میں ادریسی علاقے سیاسی لحاظ سے افراتفری کا شکار ہو گئے۔ مراکش میں ادریسی اختیارات بنیادی طور پر صرف شہروں تک ہی محدود تھا۔ محمد کے متعدد بھائیوں کے حامی مختلف شہروں پر قبضہ کیے ہوئے تھے۔ چنانچہ ادریسی اپنے بربری دشمنوں کے حملوں کا آسانی سے شکار بن گئے۔ لیکن دسویں صدی میں ایک زیادہ خطرناک اور پر عزم دشمن فاطمیوں کے روپ میں سامنے آیا۔ یحییٰ چہارم کو مہدی عبید اللہ کی ماتحتی تسلیم کرنا پڑی اور 309/921 میں فیز پر فاطمی فوج نے قبضہ کر لیا۔ اس موقع کے بعد مراکش کے بیرونی علاقوں میں ادریسیوں کی بہت سی دیگر شاخوں کی حکومت قائم رہی، لیکن ان سلسلوں کی تاریخ بہت ابہام کا شکار ہے۔ جب ہسپانوی امویوں نے اپنے فاطمی دشمنوں کے خلاف مغرب (شمالی افریقہ) کی جانب پیشقدمی کی پالیسی شروع کی اور کیوٹا (Ceuta) پر قبضہ کر لیا تو ریف کے ادریسی خطرہ محسوس کرنے لگے؛ اور 363/974 میں آخری ادریسیوں کو بھی کارڈوبا سے باہر نکال دیا گیا۔ اموی انحطاط کے دور میں کوئی تین چار عشروں کے بعد ادریسی خاندان کی ایک دور کی شاخ یعنی حمودیوں نے Algecira اور ملاگا کا اختیار سنبھال لیا اور وہاں طائفوں میں سے ایک کے طور پر حکومت کی۔

## 8- رستمی (160-296/777-909)

### مغربی الجیریا

| | |
|---|---|
| 160/296 | عبد الرحمان بن رستم |
| 168/784 | عبد الوہاب (یا عبد الوارث) بن عبد الرحمان |
| 208/823 | ابو سعید افلاح |
| 258/872 | ابوبکر بن افلاح |
| ? | ابو الیقظان محمد |
| 281/894 | ابو حاتم یوسف، پہلا دور حکومت |
| 284/894 | یعقوب بن افلاح |

Marfat.com
Marfat.com

288/901 ابوحاتم یوسف۔ دوسرا دور حکومت

294-6/907-9 یقظان بن محمد

## فاطمی داعی ابو عبداللہ کا تاہرت پر قبضہ

رستمی ایک خاص اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ شمالی افریقہ میں اسلام کی تاریخ نہایت غیر متناسب اور ان کے سیاسی اختیارات بہت وسیع ہیں۔ آٹھویں صدی میں شمالی افریقہ کے بربروں کی اکثریت نے اپنے عرب آقاؤں کے غلبے کے خلاف احتجاج کے طور پر خارجیوں کے انقلابی اور قطعی مساوات پر مبنی خیالات اپنا لیے۔ مشرق میں خارجیت ایک انتہا پسند اور وحشیانہ حد تک ظالم فرقہ تھا، جبکہ مغرب میں یہ عوامی تحریک کی صورت اختیار کرنے کی وجہ سے کافی معتدل تھا۔ عبداللہ بن عباد کے پیروکاروں، عبادیوں کے ذیلی فرقے خارجیوں کا مرکز شمالی افریقہ میں زیناتا کے بربریوں کے درمیان جبل نفوسا تھا۔ مغرب میں عرب طاقت کے مرکز قیروان کے قبضے کے بعد عبادیہ کا ایک گروہ بھاگ کر الجیریا چلا گیا۔ ان کا قائد عبدالرحمان بن رستم تھا جس کا نام فارسی ماخذ کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ اس نے تاہرت کو مرکز بنا کر خارجی حکمرانی قائم کی (144/761)۔ 160/777 میں شمالی افریقہ کے تمام عبادیوں کا امام بن گیا۔ تاہرت کے گرد مرتکز اس نیوکلیکس کا تعلق ادریس کی عبادی آبادی کے ساتھ تھا، اور جنوب میں فیزان تک کے گروپس رستمی اماموں کی روحانی قیادت کو تسلیم کرتے تھے۔ اپنے رستمی دشمنوں میں گھرے ہوئے مغرب کے شیعی ادریسیوں اور مشرق کے سنی اغلابیوں نے ہسپانوی امویوں کے ساتھ الحاق کی کوشش کی؛ اور رعایتیں حاصل کیں۔ لیکن مراکش میں شیعی فاطمیوں کی سرفرازی مغرب کی دیگر مقامی سلطنتوں کی طرح رستمیوں کے لیے بھی تباہ کن تھی۔ 296/909 میں تاہرت فاطمی داعی ابوعبداللہ کے کیتاما بربروں کے ہاتھ لگ گیا؛ بہت سے رستمیوں کو قتل کر دیا گیا اور باقی ماندہ جنوب میں ورگلا کی جانب بھاگ گئے۔

رستمیوں کے دور میں تاہرت نے صحارا پار سے آنے والے تجارتی کاروانوں کا شمالی پڑاؤ ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ مالی ترقی پائی، اور اس کا نام چھوٹا عراق پڑ گیا۔ شہری لوگ یہاں آنے لگے، جن میں قابل قدر فارسی اور عیسائی عناصر بھی شامل تھے، اور یہ علم و دانش کا مرکز بن کر ابھرا۔

Marfat.com
Marfat.com

اس کا عظیم تاریخی کردار سارے شمالی افریقہ اور حتیٰ کہ اس سے پرے بھی خارجیت کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر تھا؛ اگرچہ یہ سیاسی طور پر فاطمیوں کے زیر نگیں آ گیا لیکن مغرب میں عبادی عقائد کافی عرصہ تک مضبوط رہے، اور درحقیقت آج بھی کچھ جگہوں پر موجود ہیں، جیسے الجیریا میں مزاب، تیونس کا جزیرہ جیربا اور جبل نفوسا۔

## 9-اغلبی (184-296/800-909)

افریقہ، الجیریا، صقلیہ (سسلی)

| | |
|---|---|
| 184/800 | ابراہیم اول بن الاغلب |
| 197/812 | عبداللہ اول |
| 201/817 | زیادت اللہ اول |
| 223/838 | ابو اقبال الاغلب |
| 226/841 | محمد اول |
| 242/856 | احمد |
| 249/863 | زیادت اللہ دوم |
| 250/863 | ابو الغرانیق محمد دوم |
| 261/875 | ابراہیم دوم |
| 289/902 | عبداللہ دوم |
| 290-6/903-9 | زیادت اللہ سوم |

فاطمی فتوحات

ابراہیم بن اغلب کا باپ عباسی فوج میں خراسانی افسر تھا، اور 184/800 میں بیٹے کو ہارون الرشید نے 40,000 ہزار دینار سالانہ کے خراج پر افریقیہ (جدید تیونس) کے علاقے دیے۔ اس تفویض میں اسے کافی خود اختیاری کے حقوق بھی ملے اور شمالی افریقہ سے بغداد کے بہت زیادہ دوری نے اس امر کو یقینی بنا دیا کہ خلافتی حکومت کسی بھی اغلبی کے امور میں زیادہ مداخلت نہیں

Marfat.com
Marfat.com

کرے گی۔ ابتدائی اغلبیوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بربری خارجیت کی شورشوں کو کچلا اور اس کے خاندان کے ایک نہایت اہل اور پرجوش فرد زیادۃ اللہ کے ماتحت 217/827 میں سسلی (صقلیہ) کو فتح کرنے کے عظیم منصوبے پر عملدرآمد شروع ہوا۔ ایک وسیع بحری بیڑا تیار کیا گیا جس نے اغلابیوں کو مرکزی مدیترانہ (Mediterranean) میں حاکم مطلق بنا دیا اور انھیں اٹلی سارڈینیا، کورسیکا تک پہنچنے کے قابل بنایا؛ اور حتیٰ کہ 255/868 میں مالٹا بھی حاصل کر لیا گیا۔ خیال غالب ہے کہ فرقہ وارانہ اور متعصبانہ توانائیوں کو کافروں کے خلاف جہاد میں لگانے کی غرض سے ہی سسلی کی تسخیر شروع کی گئی تھی، کیونکہ ابتدائی اغلبیوں کو افریقیہ میں مالکی فقہا (یعنی قیروان کے مذہبی رہنماؤں) کی جانب سے زبردست اندرونی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ 264/868 تک سسلی کو فتح کرنے کا کام عملاً مکمل ہو چکا تھا اور جزیرے پر مسلمانوں کی حکومت قائم رہی۔ (یارہویں صدی کے اختتام پر نارمن فتوحات ہونے تک) پہلے اغلبی اور بعد ازاں فاطمی گورنروں کے دور میں یہ عیسائی یورپ میں اسلامی ثقافت کے پھیلاؤ کے حوالے سے ایک اہم مرکز بن گیا۔ اغلبی بڑے پرجوش معمار بھی تھے؛ زیادۃ اللہ اول نے قیروان کے عظیم مسجد کی تعمیر نو کی اور تیونس کے احمد ۃ اللہ نے بالخصوص جنوبی افریقیہ کے کم زرخیز علاقوں میں نہریں کھدوائیں۔

تاہم افریقیہ میں اغلبیوں کی حیثیت نویں صدی کے اختتام پر روبہ زوال ہو گئی۔ ابوعبداللہ کے شیعی پراپیگنڈا نے کیتاما کے بربروں کو بہت زیادہ متاثر کیا؛ انھوں نے مسلح بغاوت کر دی آخری اغلبی زیادۃ اللہ سوم کو 296/909 میں مصر سے باہر نکال دیا گیا۔ اس نے عباسیوں کی مدد حاصل کرنے کی بار بار کوشش کی مگر ناکام رہا تھا۔

## 10- زیری اور حمادی (361-547/972-1152)

### افریقہ اور مشرقی الجیریا

### 1- زیری

| | |
|---|---|
| 361/972 | یوسف بلوگین اول بن زیری |
| 373/984 | المنصور بن بلوگین |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 386/996 | ناصر الدولہ بادیس |
| 406/1016 | شرف الدولہ المعز |
| 454/1062 | تمیم |
| 501/1108 | یحییٰ |
| 509/1116 | علی |
| 513-43/1121-48 | الحسن |

نارمن اور اس کے بعد الموہاد فتوحات

## 2-حمادی

| | |
|---|---|
| 405/1015 | حماد بن بلوگین اول بن زیری |
| 419/1028 | القائد |
| 446/1054 | محسن |
| 447/1055 | بلوگین دوم |
| 454/1062 | الناصر |
| 481/1088 | المنصور |
| 498/1105 | بادیس |
| 498/1105 | العزیز |
| 518-47 یا 515 تا 1124-52 یا 1121 | یحییٰ |

الموہاد کی فتوحات

زیری مغرب کے وسطی علاقے میں آباد صنہاج بربر باشندے تھے، جنھوں نے ابتدا میں فاطمی کا مقصد اختیار کیا اور 334/945 میں فاطمی مرکزی مقام المہدیہ کو اس وقت عسکری امداد مہیا کی جب خارجی باغی ابو یزید نے اسے محاصرے میں لے لیا تھا۔ چنانچہ جب فاطمی خلیفہ المعز مصر سے نکلا بلوگین بن زیری افریقیہ کا گورنر مقرر کیا۔ موخر الذکر نے خانہ بدوش زیناتوں کے ساتھ اپنے لوگوں کی روایتی دشمنی برقرار رکھی اور کیوٹا تک سارے مغرب پر چڑھائی کر دی۔ یہ سارے علاقے

Marfat.com
Marfat.com

اتنے وسیع تھے کے اکیلے آدمی کا ان پر حکومت کرنا ممکن نہ تھا، اور بلوگین کے پوتے بادیس کے دور میں ایک انتظامی تقسیم کی گئی: مغربی حصے خاندان کی حمادی شاخ کو دے دیے گئے اور ان مرکزی مقام قلعت بنی حماد قرار پایا، جبکہ مرکزی زِیری شاخ نے افریقیہ کو اپنے پاس رکھا جس کا مرکز قیروان ہی رہا۔

افریقیہ کے بھرپور قدرتی ذرائع اور دولت نے زِیری المعز کو فاطمی آقاؤں کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنے کی تحریص دلائی، اور 433/1041 میں اس نے عباسیوں کے ساتھ اتحاد کر لیا (تاہم حمادی اس موقع پر فاطمیوں کے ہی وفادار رہے)۔ چنانچہ کچھ ہی عرصہ بعد زِیریوں نے ہلال اور سُلیم قبائل کے بربری بدوؤں کو زِیریوں کے خلاف بھیجا جو زیریں مصر سے ہجرت کر کے مغرب کو چلے گئے۔ یہ عرب آہستہ آہستہ دیہی علاقوں میں گئے، شہروں میں دہشت پھیلائی اور زِیریوں کو ساحل پر کھڑے المہدیہ کے لیے قیروان خالی کر دینے اور حمادیوں کو نسبتاً کم قابل رسائی بوگی بندرگاہ کی جانب پسپا ہونے پر مجبور کر دیا۔ انھوں نے زمین پر اختیارات سے محروم ہو جانے کے بعد سمندر کا رخ کیا اور ایک بحری بیڑا بنایا۔ درحقیقت یہی وہ دور تھا جب بربری قزاقی کا آغاز ہوا۔ لیکن وہ مسلم سسلی کو نارمنوں کے قبضے میں جانے سے نہ بچا سکے، اگرچہ بعد میں نارمن بادشاہوں کے ساتھ پرامن تجارتی تعلقات قائم ہو گئے۔ تاہم بارھویں صدی میں زِیریوں پر دباؤ بہت زیادہ بڑھ گیا؛ سسلی کے راجر دوم نے المہدیہ اور تیونسی ساحل پر قبضہ کر کے الحسن کو خراج ادا کرنے پر مجبور کیا۔ جلد ہی زِیری اور حمادی علاقے المواحد کے پاس چلے گئے۔

## 11-المورادی یا المرابطون (448-541/1056-1147)

### شمالی افریقہ اور سپین

| | | |
|---|---|---|
| ؟ | یحییٰ بن ابراہیم | صنہاج بربریوں کے |
| ؟ | یحییٰ بن عمر | سردار عبداللہ بن یٰسین |
| 448-80/1056-73 | ابو بکر الاماطونی | کی روحانی حاکمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 453/1061 | یوسف بن تاشفین |
| 500/1106 | علی |
| 537/1142 | تاشفین |
| 540/1146 | ابراہیم |
| 540-1/1146-47 | اسحاق |

## الموہادی فتوحات

الموراوی روحانی رفعت کی ایک لہر میں سے اٹھے جس کا تجربہ مغرب پر بربریوں کے غلبے کی تاریخ کے دوران مختلف مواقع کیا گیا۔ یارھویں صدی کے ابتدائی حصے میں صنہاج سردار یحییٰ بن ابراہیم نے حج کیا؛ وہ جوش وجذبہ سے بھر گیا اور واپس آ کر مراکش کے ایک مشہور سکالر عبداللہ بن یٰسین کو اپنے عوام کے درمیان کام کرنے کی دعوت دی۔ دریائے سینیگال کے دہانے پر ایک رباط یا قلعہ بنایا گیا اور یہاں سے دینی مجاہدین نے سارے مغربی سوڈان میں اسلام کی ایک نہایت سادہ صورت کی تبلیغ کی۔ ان مجاہدین کو المرابطون کہا جاتا تھا، جس کی ہسپانوی صورت الموراوی ہے۔ فرانسیسی میں متقی آدمی کو marabout کہتے ہیں۔ یہ صحرائی بربری اپنے چہروں پر نقاب لیتے، چنانچہ انھیں الملثمون، یعنی نقاب پوش کہا جانے لگا۔ وہ ابوبکر اور اس کے سالار اعظم یوسف بن تاشفین کی قیادت میں مراکش کے خلاف لڑنے شمال کی جانب گئے اور شمالی افریقہ کو الجیریا تک فتح کر لیا۔ اب یوسف نے مراکیش کو اپنا دارالحکومت بنایا (454/1062)۔ الموراویوں نے عباسی خلفاً کو اسلام کے روحانی سردار تسلیم کیا اور رجعت پسند مالکی طبقۂ فکر کے مطابق چلنے لگے جو مسلم شمالی افریقہ میں غالب تھا۔

اس دور میں مسلم سپین طوائف الملوکی کا شکار اور ٹکڑے ٹکڑے تھا۔ اور اب عیسائیوں کی دوبارہ تسخیر شروع ہو رہی تھی۔ یہ واضح ہو گیا کہ صرف موراویوں کی ابھرتی ہوئی طاقت ہی وہاں کے چھوٹے چھوٹے اور نفاق زدہ بادشاہوں کو بچا سکتی تھی۔ یوسف بن تاشفین افریقہ سے سمندر پار کر کے گیا اور 479/1086 میں لیوں اور کاست یلے کے الفونسو ششم اور کے خلاف زبردست کامیابی حاصل کی اور لیکن بعد میں مزید پیش رفت نہ کر سکا، اور تولیدو عیسائیوں کے قبضے میں ہی رہا۔

Marfat.com
Marfat.com

اگلے چند برسوں میں یوسف نے تقریباً سبھی طائفوں کو دبا دیا اور صرف سارا گوسا میں ہودیوں کو جوں کا توں چھوڑ دیا گیا۔ لیکن بارھویں صدی کے ابتدائی برسوں میں مغرب میں الموراوی حیثیت کو وہاں ایک نئی قوت، الموہاد کے فروغ سے خطرہ لاحق ہو گیا؛ پیچھے سے اسی دباؤ کی وجہ سے الموراوی عیسائیوں سے 512/1118 میں سارا گوسا نہ چھین سکے۔ 541/1147 میں مراکیش میں آخری الموراوی حکمران اسحاق کو قتل کر دیا گیا اور الموہاد نے سپین کو پار کرنا شروع کیا۔ سپین میں آخری گورنر یحییٰ بن گھانیہ، جس کا خاندان شادیوں کے وسیلہ سے المورا ویوں کا رشتہ دار تھا، 543/1148 میں فوت ہوا تو ان کے اقتدار کا خاتمہ ہو گیا، لیکن المورا ویوں کے بعد کی بنو گھانیہ نسل 509/1115 میں مجورکا کی فتح سے لے کر 625/1286 میں آراگونی تسخیر تک وہیں رہی۔

## 12-الموہاد یا الموحدون (524-667/1130-1269)

### شمالی افریقہ اور سپین

محمد بن تومرت، وفات: 524/1130

| | |
|---|---|
| 524/1130 | عبد المومن |
| 558/1163 | ابو یعقوب یوسف اول |
| 580/1184 | ابو یوسف یعقوب المنصور |
| 595/1199 | محمد الناصر |
| 611/1214 | ابو یعقوب یوسف دوم المستنصر |
| 620/1224 | عبد الواحد اول المکعلوع / الخلوع |
| 621/1224 | ابو محمد عبد اللہ العادل |
| 624/1227 | یحییٰ المعتصم |
| 626/1229 | ابو العلیٰ ادریس المامون |
| 630/1232 | ابو محمد عبد الواحد دوم الرشید |
| 640/1242 | ابو الحسن علی السعید المعتضد |

Marfat.com
Marfat.com

646/1248 ابوالحفص عمر المرتضٰی

665-7/1266-9 ابوالاولیٰ الواثق

ماسوائے غرناطہ سارے سپین پر عیسائیوں کا غلبہ؛ شمالی افریقی زمینیں عبدالواحدیوں، حفصیوں اور مرینیوں کے درمیان تقسیم کی جاتی ہیں

الموحد یا الموہاد (جس کا مادہ الموحدین یعنی خدا پر کامل یقین رکھنے والے ہے) عقلی اعتبار سے شمالی افریقہ پر غالب رجعت پسند اور نہایت روایت پرست مسلمانوں کے خلاف ایک قسم کا احتجاج تھا۔ ان کے بانی بربر ابن تومرت مشرق میں تعلیم حاصل کی اور رہبانہ و اصلاحی نظریات اپنا لیے۔ مراکش کے مصمودا بربر سرداروں کی جانب سے اظہار عقیدت وصول کرنے کے بعد اس نے تحریک کی قیادت خود سنبھال لی، اور مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔ اس کا سپہ سالار عبدالمومن تھا، جسے بعد میں ابن تومرت کا خلیفہ یعنی نائب کہا جانے لگا۔ الموہاد نے آہستہ آہستہ مراکش پر قبضہ کرنا شروع کیا اور مراکش کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ سپین میں المورادیوں کے زوال کے بعد سے ہی اقتدار کا خلا موجود تھا، جس میں طائفوں جیسے گذشتہ صدی کے کچھ مقامی گروہ دوبارہ نمودار ہوئے (مثلاً ویلنشیا، کارڈوبا اور میورشیا میں؛ اس کے بعد 540/1145 میں عبدالمومن نے ایک فوج کو سپین کی جانب بھیجا اور جلد ہی وہاں کے سارے مسلم علاقے پر قبضہ کر لیا۔ ایک طاقتور الموہاد سلطنت، جس کا دارالحکومت سیویلی میں تھا، تشکیل دی گئی؛ عبدالمومن نے تیونس اور طرابلس تک کا علاقہ فتح کر لیا، اور صلاح الدین ایوبی نے فرانکوں کے خلاف اس سے اتحاد اور مدد کی درخواست کی۔ الموہاد ریاست کا ڈھانچہ ابن تومرت کی اصل تعلیمات کی مسیحائی اور حاکمیت پسندانہ نوعیت کا عکاس تھا، اور سارا تانا بانا خلیفہ کے مشیروں اور اقربا پر ہی مشتمل تھا۔ دربار فنون لطیفہ اور علم کا ایک عالیشان مرکز تھا، اور سب سے بڑھ کر یہاں ابن طفیل اور ابن رشد جیسے عقلیت پسندوں نے اسلامی فلسفہ کو فروغ دیا۔ یہ دونوں ہی الموہاد سلاطین کے درباری طبیب کے طور پر فرائض سرانجام دیتے رہے۔

تاہم سلاطین عیسائیوں کی پیش قدمی کو مستقل طور پر نہ روک سکے۔ 591/1195 میں الارکوس کی تسخیر کے اثرات دیرپا نہ تھے، اور 609/1212 میں جزیرہ نما کے عیسائی بادشاہوں

Marfat.com
Marfat.com

کے اتحاد کے ہاتھوں Las Navas de Tolosa کی خوفناک شکست کے نتیجے میں الموحاد کو سپین میں سے اپنا بوریا بستر گول کرنا پڑا۔ آخری سلاطین کی حکومت صرف شمالی افریقہ میں ہی تھی، لیکن وہاں بھی ان کی گرفت ڈھیلی پڑنا شروع ہو گئی۔ Tlemcen میں 633/1236 میں یغمراسن بن زیان کی سرفرازی کے باعث وہاں خودمختار عبدالولید سلطنت قائم ہوئی؛ اور اگلے ہی برس افریقیہ کے گورنر ابوزکریا یحییٰ نے تیونس میں خودمختاری کو دعویٰ کر کے حفصیوں کی سلطنت کی بنیاد رکھی۔ انجام کار الموحاد کا دارالحکومت مراکش بھی 667/1269 میں مرینیوں کے ہاتھ لگ گیا۔

## 13-مرینی اور وطاسی (592-956/1196-1549)

مراکش

### 1-مرینیوں کی نسل

| | |
|---|---|
| 592/1196 | ابومحمد عبدالحق اول |
| 614/1217 | عثمان اول |
| 637/1240 | محمد اول |
| 642/1244 | ابویحییٰ ابوبکر |
| 656/1258 | ابویوسف یعقوب |
| 685/1286 | ابویعقوب یوسف |
| 706/1307 | ابوثابت عامر |
| 708/1308 | ابوالربیع سلیمان |
| 710/1310 | ابوسعید عثمان دوم |
| 732/1331 | ابوالحسن علی اول |
| 749/1348 | ابوعنان فارس |
| 759/1359 | محمد دوم السعید |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 760/1359 | ابو سالم علی دوم |
| 762/1361 | ابو عمر تاشفین |
| 763/1361 | عبدالحلیم، پہلی مرتبہ فیز اور پھر سجلماس میں |
| 763/1362 | ابوزین محمد سوم |
| 768/1366 | ابوالفارس عبدالعزیز اول |
| 774/1372 | ابوزین محمد چہارم |
| 776/1374 | ابوالعباس احمد، پہلا دور حکومت |
| 786/1384 | موسیٰ |
| 788/1386 | ابوزین محمد پنجم |
| 788/1386 | محمد ششم |
| 789/1387 | ابوالعباس احمد، دوسرا دور حکومت |
| 796/1393 | ابوالفارس |
| 799/1397 | عبدالعزیز دوم |
| 800/1398 | عبداللہ |
| 801/1399 | ابوسعید عثمان سوم |
| 823-31/1420-8 | زینیوں یا عبدالوادی آف Tlemcen، ابوالملک عبدالواحد کا اتحاد |
| 831-69/1428-65 | ابومحمد عبدالحق دوم |

## 2-وطاسیوں کی نسل

| | | |
|---|---|---|
| 831/1428 | ابوذکریا یحییٰ | مرینی عبدالحق |
| 852/1448 | علی | دوم کے |
| 863/1459 | محمد اول الشیخ | گورنر |
| 875/1470 | محمد دوم البرتقالی | |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 931/1525 | احمد، پہلا دورِ حکومت |
| 952/1545 | محمد سوم القسری |
| 954-6/1547-9 | احمد، دوسرا دورِ حکومت |

سعدی شریفی

مرینی اپنے علاقوں کو تیونس کے حفصیوں کے ساتھ بانٹ کر الموحاد کے ورثے کو مراکش اور وسطی مغرب میں لانے میں کامیاب ہو گئے۔ بنو مرین خانہ بدوش زیناتا بربروں کا ایک قبیلہ تھے؛ ان کا تہذیبی درجہ غالباً کمتر تھا، اور وہ حصول اقتدار کی خاطر کسی بھی مذہبی جوش و جذبے سے تحریک یافتہ نہ تھے، جیسا کہ المورادیوں اور الموحاد کے معاملے میں تھا۔ یہی حقائق آخری موحاد حکمرانوں کے ساتھ ان کی لڑائی پر دلیل ہیں۔ پہلے انھوں نے 613/1216 میں صحارا کے راستے مراکش پر حملہ کیا، لیکن الموحاد ابو سعید نے راہ روکی اور وہ 669/1269 تک مراکیش حاصل نہ کر سکے۔ سجلماسا اس کے بھی چار برس بعد فتح ہوا۔

مرینیوں نے اپنا مرکز فیز میں قائم کر کے الموحاد کے وارث ہونے کا قوی احساس حاصل کر لیا، اور مغرب میں ان کی سلطنت کی تعمیر نو کرنے کی کوشش کی۔ وہ جذبہ جہاد سے بھی سرشار تھے اور سپین کو دوبارہ فتح کرنے کے خواب دیکھا کرتے تھے۔ دراصل ان کے دور میں مذہبی جوش و خروش کو کافی فروغ حاصل ہوا۔ متعدد مرینی سلاطین خود سپین میں جا کر لڑے۔ ابو یعقوب یوسف غرناطہ کے ناصریوں کی پکار پر وہاں گیا اور 674/1275 میں Ecija کی لڑائی جیتی۔ 709/1309 میں جبل الطارق پر ہسپانوی قبضے کے بعد مرینی فوجیں دوبارہ سپین میں ظاہر ہوئیں، لیکن ابو الحسن علی نے ریو سالادو کے مقام پر 741/1340 میں کاسٹیلے کے الفونسو یازدہم اور پرتگال کے الفونسو چہارم سے شکست کھائی اور اس کے بعد پھر کبھی مرینیوں کو سپین میں مداخلت کا موقع نہ مل سکا۔ شمالی افریقہ میں مرینیوں نے اپنے پڑوسیوں Tlemcen کے الولیدیوں کو تہ تیغ کیا، 737/1337 میں ان کے دارالحکومت پر قبضہ کیا اور لیکن وہ حفصیوں کو تیونس سے نکالنے کے قابل نہ تھے۔

چودھویں صدی کے اختتام کے قریب مرینیوں کا زوال بدیہی طور پر نظر آنے لگا۔

Marfat.com
Marfat.com

803/1415 میں کاسٹیلے کے ہنری سوم نے تیتوآن پر حملہ کیا اور 818/1415 میں پرتگیزیوں نے کیوٹا (Ceuta) لے لیا۔ اس عیسائی جارحیت پسندی نے مغرب میں مذہبی جذبات کی ایک لہر ابھاری اور کافروں کے خلاف جہاد کی پکاریں بلند ہونے لگیں۔ اس ردعمل نے (مرینیوں کی ہی ایک شاخ) بنو وطاس کو اقتدار سنبھالنے میں مدد دی۔ بنو وطاس عہد سلاطین میں ہی اعلیٰ عہدے پر فائز رہ چکے تھے۔ ابوزکریا یحییٰ نے ابتدا میں نوجوان مرینی عبدالحق دوم کے باجگوار کے طور پر حکومت کی، اور پرتگیزیوں سے نمٹنے کی تیاریوں میں مشغول ہو گیا۔ عبدالحق نے 862/1458 میں براہ راست حکومت کرنے کی کوشش کی لیکن اسے عرصہ سات سال بعد قتل کر دیا گیا۔ وطاسی محمد اول الشیخ نے 877/1472 میں فیز کے مقام پر سلطان ہونے کا اعلان کیا اور ادریسی شرفا کے شہر پر قبضہ کر لیا۔ لیکن بعد کے وطاسی سعدی شریف کی بڑھتی ہوئی طاقت کے آگے بند باندھنے کے قابل نہ ہو سکے جس نے آخرکار 956/1549 میں فیز پر قبضہ کر لیا؛ وطاسیوں نے عثمانی ترکوں سے مدد حاصل کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہے اور سلطنت کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو گیا۔

## 14- حفصی (625-982/1228-1574)

### تیونس اور مشرقی الجیریا

| | |
|---|---|
| 625/1228 | ابوزکریا یحییٰ اول |
| 647/1249 | ابوعبداللہ محمد اول المنتصر |
| 675/1277 | ابوزکریا یحییٰ دوم الواثق |
| 678/1279 | ابواسحاق ابراہیم اول |
| 681/1282 | احمد بن ابی عمارہ کی شورش انگیزی |
| 683/1284 | ابوحفص عمر اول (تیونس میں) |
| 684/1285 | ابوزکریا یحییٰ سوم المنتخب (بوگی اور قسطنطنیہ میں 689/1299 تک) |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 694/1295 | ابوعبداللہ (یا ابوعصیدہ) محمد دوم المنتصر |
| 709/1309 | ابویحیٰ ابوبکر اول الشہید |
| 709/1309 | ابوالبقا خالد اول الناصر |
| 711/1311 | ابویحیٰ ذکریا اول الحیانی (تیونس میں) |
| 717/1317 | ابومحمد ضرب سوم المستعصر الحیانی (تیونس میں) |
| 718/1318 | ابویحیٰ ابوبکر دوم المتوکل |
| 747/1346 | ابوحفص عمر دوم |
| 748/1348 | تیونس پر پہلا مرینی قبضہ |
| 750/1349 | ابوالعباس احمد الفضل المتوکل (تیونس میں) |
| 750/1350 | ابواسحاق ابراہیم دوم المستنصر، پہلا دور حکومت |
| 758/1357 | تیونس پر دوسرا مرینی قبضہ |
| 758/1357 | ابواسحاق ابراہیم دوم، دوسرا دور حکومت (تیونس میں 770/1369 تک؛ بوگی اور قسطنطنیہ میں دیگر حفصی بادشاہ) |
| 770/1369 | ابوالبقا خالد دوم (تیونس میں) |
| 772/1370 | ابوالعباس احمد دوم المستنصر (پہلے بوگی اور پھر قسطنطنیہ میں) |
| 796/1394 | ابوفارس عبدالعزیز المتوکل |
| 837/1434 | ابوعبداللہ محمد چہارم المنتصر |
| 839/1435 | ابوعمر عثمان |
| 893/1488 | ابوذکریا یحیٰ چہارم |
| 894/1489 | عبدالمومن |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 895/1490 | ابو یحییٰ ذکریا دوم |
| 899/1494 | ابو عبداللہ محمد پنجم المتوکل |
| 932/1526 | ابو عبداللہ محمد الحسن، پہلا دور حکومت |
| 941/1534 | خیر الدین بار باروسا کے ہاتھوں تیونس پر پہلا ترکی قبضہ |
| 942/1535 | الحسن، دوسرا دور حکومت (شہنشاہ چارلس پنجم کے باجگوار کے طور پر) |
| 950/1543 | احمد سوم |
| 977/1569 | علوج علی کے ہاتھوں تیونس کی دوسری مرتبہ فتح |
| 981/1573 | ابو عبداللہ محمد ششم (سپین کے باجگوار کے طور پر) |
| 982/1574 | سنان پاشا کے ہاتھوں تیونس کی تیسری اور حتمی تسخیر |

افریقیہ میں قرون وسطیٰ کے اواخر کی تاریخ میں اہم ترین سلطنت حفصی کا نام شیخ ابوالحفص عمر (وفات 571/1176) کے ساتھ منسوب ہے۔ جو الموحاد تحریک کے بانی اور عبدالمومن کے سپہ سالاروں میں سے ایک ابن تومرت کا شاگرد تھا۔ اس کی اولاد الموحاد عہد میں افریقیہ کی گورنری کے علاوہ دیگر بہت سے اہم عہدوں پر فائز رہی۔ ان حفصی گورنروں میں سے ایک ابوزکریا یحییٰ اول نے 634/1237 میں الموحادی خلیفہ عبدالولید کا تخت الٹا دیا اور اسے اجتہادی بدعتوں کا مورد الزام ٹھہرایا۔ اب اس نے مغرب کی جانب وسطی مغرب میں توسیع اختیار کرتے ہوئے قسطنطین، بوگی اور الجیریا حاصل کیا، Tlemcen کے الولیدیوں کو اپنا باجگوار بنایا اور مرینیوں کو خود کو تسلیم کرنے پر مجبور کر کے جنوبی سپین کے مسلمانوں کی جانب سے مدد کی درخواستیں وصول کیں۔ اس کے بیٹے المستعصر کے عہد میں بھی حفصی طاقت اتنی ہی زبردست رہی، جس نے فرانس کے لوئی نہم اور انجو کے چارلس کے حملے کی مدافعت کی (668/1270) اور خلیفہ اور امیر المومنین کے القابات اختیار کر لیے۔ وہ بغداد کے عباسیوں کا وارث ہونے کا دعویدار تھا۔ اسے یہ القابات مکہ کے شریف نے دیے۔

المستعصر کی وفات کے بعد ڈیڑھ صدی حفصی اقتدار اور استحکام میں زبردست اتار چڑھاؤ کا

Marfat.com
Marfat.com

شکار رہی۔ کمزوری کے ادوار میں وسطی مغرب اور جنوبی افریقیہ کے شہروں میں حفصی سلطنت کا تختہ الٹنے کا رجحان پایا جاتا تھا۔ بعض اوقات حفصی تخت کے متعدد دعویدار پیدا ہو گئے۔ سولہویں صدی میں سلطنت کا زوال واضح ہو گیا، ان کی حاکمیت عموماً صرف خطۂ تیونس تک ہی محدود ہو کر رہ گئی۔ الجیریا اور دیگر بندرگاہوں میں ترک تسلط اور بغاوتوں کو کنٹرول کرنے میں حفصیوں کی نااہلی نے عیسائیوں کو حملہ کرنے کی دعوت دی۔ شہنشاہ چارلس پنجم نے 941/1535 میں تیونس میں ایک ہسپانوی گیریژن تعینات کر دی۔ آخری حفصیوں کو ترکوں کے خلاف ہسپانویوں کی مدد سے تھوڑی بہت حاکمیت ملی رہی، لیکن 981/1574 میں انجام کار سنان پاشا نے تیونس پر قبضہ کر لیا اور آخری حفصی کو قیدی بنا کر استنبول لے گیا۔

حفصیوں کے عہد میں تیونس نے بڑی مادی خوشحالی دیکھی۔ بربریوں کی دخل اندازی اور گڑبڑ سے پہلے حفصیوں نے اطالوی اور جنوبی فرانسیسی شہروں کے علاوہ آراگون کے ساتھ بھی مضبوط تجارتی معاہدے کر لیے تھے۔ سرزمین کو ہسپانوی مسلمان پناہ گزینوں سے بھی بہت فائدہ ہوا (جن میں مورخ ابن خلدون کے آباؤ اجداد بھی شامل تھے)۔ تیونس ایک عظیم فنی اور عقلی مرکز بن گیا، اور یہ حفصی ہی تھے جنھوں نے تیرھویں صدی میں تعلیم کا نظام مدرسہ متعارف کروایا جو پہلے صرف مشرقی ممالک میں ہی معلوم تھا۔

## 15-مراکش کے شریف (  -1511/  -917)

### 1-سعدی

| | |
|---|---|
| 917/1511 | محمد المہدی القائم بن امر اللہ (سوس میں) |
| 923/1517 | احمد الاعرج (مراکش میں 947/1540 تک) |
| 923/1517 | محمد الشیخ المہدی بن محمد المہدی (پہلے سوس اور پھر فیز میں) |
| 964/1557 | عبداللہ الغالب |
| 981/1574 | محمد المتوکل المسلوخ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 983/1576 | عبدالملک بن محمد الشیخ المہدی |
| 986/1578 | احمد المنصور |
| 1012-17/1603-8 | محمد الشیخ المامون |
| 1012-17/1603-8 | عبداللہ الواثق (مراکش میں) |
| 1012-39/1603-28 | زیدان الناصر (پہلے صرف فیز میں) |
| 1034/1623 | عبدالملک بن زیدان |
| 1042/1631 | الولید |
| 1045/1636 | محمد الاصغر |
| 1064-9/1654-9 | احمد العباس |

2-فلالی

| | |
|---|---|
| 1041/1631 | محمد اول الشریف (تافیلالت میں) |
| 1045/1635 | محمد دوم بن محمد |
| 1075/1664 | الرشید |
| 1082/1672 | اسماعیل السمین |
| 1139/1727 | احمد الذہبی |
| 1141/1729 | عبداللہ |
| 1147-58/1735-45 | عبداللہ کو بہت سی شورشوں اور بغاوتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے |
| 1171/1757 | محمد سوم بن عبداللہ |
| 1204/1790 | یزید |
| 1206/1792 | ہشام |
| 1207/1793 | سلیمان |
| 1238/1822 | عبدالرحمان |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1276/1859 | محمد چہارم بن عبدالرحمان |
| 1290/1873 | الحسن اول بن محمد |
| 1312/1895 | عبدالعزیز |
| 1325/1907 | الحافظ |
| 1330/1912 | یوسف |
| 1345/1927 | محمد پنجم بن یوسف، پہلا دور حکومت |
| 1372/1953 | محمد بن عرفہ |
| 1375/1955 | محمد پنجم، دوسرا دور حکومت |
| -1381 /1962- | الحسن دوم بن محمد |

قرون وسطیٰ کے بعد سے مراکش کے شرفاؑ نے ملک کی تاریخ میں غیر معمولی کردار ادا کیا۔ مغرب نے اکثر مسیحائی یا کرشماتی شخصیات کو قبولیت دی اور وہاں اسلام کی کچھ نہایت سحر انگیز شخصیات کو خاص مفہوم میں احترام دیا جانے لگا۔ میرابوطی (maraboutism۔ میرابوط شمالی افریقہ میں مسلمان بزرگوں کا ایک طبقہ تھا جن کی اولیاؑ کی طرح عزت کی جاتی تھی) سماج میں شرفاؑ کا اعلیٰ رتبہ مراکشی اسلام میں مخصوص اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اٹلانٹک کے ساحلوں اور سپین و پرتگال کا ہمسایہ مراکش عیسائی حملوں کی زد پہ تھا اور مسلمانوں نے کافی شدت کے ساتھ ردعمل ظاہر کیا۔

شریف عمومی طور پر حضرت محمد ﷺ کی اولاد ہیں، لیکن مراکش میں شرفاؑ کے زیادہ تر نسلی سلسلے حسن بن علیؓ کے ساتھ اپنا نسب جوڑتے ہیں، اور بالخصوص سعدیوں اور فلالیوں نے حضرت امام حسنؓ کے پوتے محمد النفس الزکریا (145/762) کے ساتھ اپنا سلسلہ جوڑا۔ پیچھے مذکور ادریسی مراکش میں اقتدار حاصل کرنے والے شریفوں کا پہلا سلسلہ تھے، لیکن بعد کی صدیوں میں متعدد بربر سلطنتیں وہاں غالب رہیں۔ تاہم شرفاؑ کو موقع سولہویں صدی میں ملا جب فیز میں وطاسی اقتدار واضح طور پر ڈولنے لگا تھا۔ جنوبی مراکش کے خطہ سوس میں اپنی بنیاد قائم کر کے شرفاؑ کی سعدی نسل...... جو چودھویں صدی کے نصف آخر میں عربیہ سے وہاں آئے تھے...... نے آہستہ

Marfat.com
Marfat.com

آہستہ شمال کی جانب اپنی طاقت میں توسیع کی اور وطاسیوں کو 956/1549 میں فیز سے نکال باہر کیا۔ اس نسل کی خوش بختیوں کے بانی کا پورا نام اور خطابات یعنی محمد المہدی القائم بہ امر اللہ، سے ظاہر ہوتا ہے کہ سعدیوں نے کس طرح مسیحائی توقعات اور عیسائیوں کے خلاف جہاد کی مذہبی تجلیل کو استعمال کیا۔ اب ان کی حاکمیت تقریباً سارے مراکش پر قائم ہوگئی تھی اور بلاد المخزن (وہ ایریا جہاں حکومت کا حکم چلتا تھا اور جہاں فوج تیار کی جاتی تھی، یعنی قلمرو) اپنی انتہا کو پہنچ گیا۔ الجیریا کے ترک اور ساحلی علاقوں کے پرتگیزیوں کو پیچھے دھکیل دیا گیا، اور احمد المنصور نے ٹمبکٹو پر قبضہ کر کے گاؤ (موجودہ مالی) کی افریقی سلطنت تباہ کر دی، اور یوں حاکمیت کی حدود سینیگال سے لے کر بورنو تک پہنچ گئیں۔ اب شرفأ کی سماجی اور معاشی مراعات مزید مستحکم ہوئیں ہر نئے تخت نشین ہونے والے سلطان نے ان کی توثیق کی۔

تاہم سترھویں صدی میں سلطنت کے اتحاد میں اس وقت دراڑ پڑی جب خودمختاری کی تحریکیں مراکش کے مختلف علاقوں میں اٹھیں اور 1069/1659 تک آخری سعدی انگریز اور ڈچ مدد کے باوجود غائب ہوگئے۔ مشرقی مراکش میں تافیلات کے فلالی شرفأ نے مراکش کو پوری طرح منتشر ہونے سے بچایا، جن کے رہنماؤں مولائے الرشید اور مولائے اسماعیل نے ساری سرزمین میں شریفی حاکمیت بحال کی اور بہت بڑی فوج تیار کی جس میں کالے غلام بھی شامل تھے۔ اٹھارہویں صدی میں پرتگیزیوں کا آخری ٹھکانہ بھی ختم کر دیا گیا اور شمال یورپی طاقتوں کے ساتھ تجارتی معاہدے ہوئے؛ مگر اٹھارہویں صدی میں مراکش میں کسی بھی بیرونی مداخلت کی حوصلہ شکنی کی گئی۔ بایں ہمہ، اس عہد کے دوران داخلی امن وامان بہتر ہوا اور مراکش نے فرانسیسیوں (1260/1844) اور ہسپانویوں (1277/1859-60) کے خلاف دو تباہ کن جنگیں لڑیں۔ 1330/1912 میں فرانس کی جانب سے اعلان کردہ ریاستی حدود نے مراکش کو طوائف الملوکی اور یورپی طاقتوں کے ہاتھوں ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے بچالیا، البتہ سلطان کے ایما پر فرانسیسیوں کو ملک کو فتح کرنے میں تقریباً بیس برس لگ گئے۔ آخر کار 1375/1956 میں مراکش نے اپنی سرپرستی کو مسترد کیا اور ایک مرتبہ پھر خودمختار بن گیا۔۔۔۔۔ فلالی بدستور مقتدر رہے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 16- سنوسیہ (-1837/ -1293)

لیبیا

| | |
|---|---|
| 1253\1837 | سید محمد بن علی السنوسی الکبیر، سنوسی سلسلے کا بانی |
| 1276/1859 | سید المہدی |
| 1320/1902 | سید احمد الشریف (1336/1918، اپنی سیاسی اور عسکری قیادت چھوڑ دی لیکن 1351/1933 تک روحانی اولیت قائم رکھی۔ |
| -1336/ -1918 | سید محمد ادریس (ابتدا میں بطور عسکری اور سیاسی رہنما؛ 1371/1951 میں لیبیا کا شاہ ادریس بنا) |

محمد بن علی (المشہور سنوسی الکبیر) اٹھارہویں صدی کے اختتام پر الجیریا میں پیدا ہوا۔ فیز میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران وہ مراکش کے درویشوں یا صوفیوں سے متاثر ہوا، بالخصوص تجانیہ سلسلہ کے صوفیوں سے، اور بعد میں حجاز میں مزید تعلیم حاصل کرتے ہوئے وہ خود بھی ایک درویش سلسلے میں شامل ہو گیا۔ تصوف کے جانب اپنے رجحانات کے علاوہ اس نے اصلاحی اور اجتہادی خیالات بھی اپنائے، اور مکہ میں اپنا طریقہ یا سلسلہ سنوسیہ قائم کیا (1253/1837)۔ اپنے ملک الجیریا میں فرانسیسیوں کا قبضہ ہونے کا عمل جاری دیکھ کر وہ سائرینیکا (Cyrenaica) میں ہی قیام پذیر ہو گیا۔ وہاں متعدد زاویے (سنوسیوں کے لیے مذہبی اور تعلیمی مدرسے) قائم کے گئے، بشمول 1272/1586 میں مصری سرحد کے قریب جغبوب والے زاویہ کے؛ یہ زاویہ 1313/1895 تک ہیڈ کوارٹر کے طور پر کام کرتا رہا۔ سنوسی پیغام میں شمالی افریقہ اور سوڈان کے صحرانوردوں سے اپیل کی گئی۔ ان علاقوں میں مقدس افراد کی پرستش کی روایت نے سنوسی الکبیر کی ذات کے لیے احترام واجب قرار دیا لیکن سلسلے کی مستحکم تنظیم نے ان جذبات کو پائیدار اور بامقصد صورت دے دی۔ اسلام کو دوبارہ سرفراز کرنے کے لیے ایک مہدی کا انتظار بھی کافی عرصہ سے ہو رہا تھا، جیسا کے اٹھارہویں صدی کی آٹھویں اور نویں دہائی میں ڈنگولا میں مہدیہ تحریک کے واقعات سے اشارہ ملتا ہے۔ سنوسیوں کو مسلمانوں کے اتحاد نو کی امید تھی، اور عثمانی سلطان

Marfat.com
Marfat.com

عبدالحمید دوم کو پان اسلامی صلیبی کے طور پر ان سے مدد ملنے کی توقع تھی۔ درحقیقت سنوسی ان کے نظریات کے پرجوش مبلغ تھے، اور حجاز، مصر، فیزان اور حتیٰ کہ جنوب میں جھیل چاڈ تک کے علاقوں میں زاویے قائم کیے گئے۔ اس طرح عقیدہ ماورائے صحارا کاروان راستوں تک چلا گیا۔

وسطی سوڈان میں فرانسیسی پیش قدمی کی مدافعت کرنے والے مسلمانوں میں سنوسی سب سے آگے تھے، اور انھوں نے کوئی تیس برس تک لیبیا (بالخصوص سائرینیکا) میں حملہ آور اطالویوں کی مدافعت میں روحانی اور عسکری قوائیت فراہم کرتا تھی۔ 1915 میں اتحادیوں کی جانب سے پہلی عالمی جنگ میں اٹلی کی شمولیت نے سنوسیوں کو ناگزیر طور پر ترکوں کی جانب مائل کیا، اور سلسلے کے قائد سید احمد نے 1918 تک سائرینیکا میں اپنا قبضہ قائم رکھا اور اس کے بعد استنبول چلا گیا؛ اس کے جانے کے بعد سائرینیکا میں مسلم عزم کی عسکری سمت کا انحصار زیادہ تر مقامی سنوسی رہنماؤں پر ہی ہو گیا۔ دوسری عالمی جنگ کے دوران برطانوی حکومت نے محمد ادریس، جو بیس سال سے مصر میں جلاوطن تھا، کو سائرینیکا کے سنوسیوں کا نہ صرف روحانی سردار بلکہ امیر اور عسکری رہنما بھی تسلیم کر لیا۔ 1371/1951 میں وہ متحدہ سلطنت لیبیا کا بادشاہ بنا جس میں سائرینیکا، ترپولیتانیا اور فیزان شامل تھے؛ 1382/1963 میں یہ بادشاہت ایک مستحکم ریاست بن گئی۔ چنانچہ جدید عرب ریاست کی قیادت کے لیے ایک مذہبی تحریک کے سربراہوں کے طور پر سنوسی خاندان کی ترقی کا عمل ایک لحاظ سے سعودی عرب کے وہابیہ اور السعود کی جانب بھی اشارہ کرتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

تیسرا حصہ

# زرخیز ہلال: مصر، شام اور عراق

## 17- طولونی (254-92/868-905)

مصر اور سیریا (شام)

| | |
|---|---|
| 254/868 | احمد بن طولون |
| 270/884 | خمارویہ |
| 282/896 | جیش |
| 283/896 | ہارون |
| 292/905 | شیبان |

خلافتی جرنیل محمد بن سلیمان کے ہاتھوں فتح

طولونی مصر اور شام (سیریا) کی اس پہلی مقامی سلطنت کی نمائندگی کرتے ہیں جس نے بغداد سے خود مختاری حاصل کی۔ احمد بن طولون (مطلب چاند) ایک ترک سپاہی تھا جس کے باپ کو نویں صدی کے آغاز میں جزیہ میں بخارا بھیجا گیا تھا۔ پہلے احمد عباسی گورنر کے نائب کی حیثیت میں مصر آیا، لیکن بعد میں بذات خود گورنری حاصل کر لی اور اپنی طاقت کو فلسطین اور شام تک بھی وسیع کر لیا۔ اس کی اولوالعزمی کو خلیفہ مامون کے بھائی موفق...... خلیفہ المعتمد کا بھائی اور خلافت میں اصل حکمران...... کی زیریں عراق کے زنج باغیوں کے ساتھ مصروفیت کی وجہ سے بھی معاونت ملی۔ احمد کے بیٹے خمارویہ کے دور میں طولونیوں کی قسمت کا ستارہ بدستور عروج پر رہا۔ نئے خلیفہ المعتضد نے 279/892 میں اقتدار سنبھالنے پر خمارویہ اور اس کے ورثا کو سالانہ تین لاکھ خراج کے عوض تیس برس کے لیے مصر، شام (تارس پہاڑوں تک) اور الجزیرہ (یعنی شمالی میسوپوٹیمیا) دے دیا۔ بعد میں معاہدے میں ترمیم کر کے اسے طولونی کے لیے کم قابل قبول بنا دیا گیا، لیکن 282/896 میں خمارویہ کی موت سے پہلے تک سلطنت کا تانا بانا قائم رہا، لیکن اس کے بعد خمارویہ کی بے پناہ

Marfat.com
Marfat.com

زیادتیوں کی وجہ سے اب اس میں دراڑیں پڑنا شروع ہوگئیں۔ شامی صحرا کے قرامطی مذہبی فرقہ پرستوں کو قابو میں رکھنے میں طولونیوں کی نااہلی کے باعث خلیفہ کو ایک فوج بھیجنا پڑی جس نے شام کو فتح کیا اور اس کے بعد طولونی صدر مقام یعنی پرانا قاہرہ قبضے میں کر لیا، اور خاندان کے باقی ماندہ ارکان کو بغداد لیجایا گیا۔

مصری مورخین کی نظر میں طولونیوں کا عہد سنہری دور تھا۔ احمد نے بہت بڑی غلام فوج کے بل بوتے پر اقتدار قائم رکھا۔ اس فوج میں ترکوں، یونانیوں اور کالے نیوبیوں کی اکثریت تھی، لیکن حکومتی بدعنوانیوں کو ختم کر کے مصریوں پر بعد ازاں پیش آنے والا مالیاتی بوجھ کم کیا گیا۔ صرف ایک خمارویہ کے عہد میں ہی فوج کے درمیان انتظامی گڑبڑ اور سرکشی دیکھنے میں آئی۔ چونکہ شام کو مصر سے براستہ سمندر قبضے میں رکھنا بہترین تھا اس لیے احمد نے ایک مضبوط بحری بیڑا بھی بنایا۔ اس نے اپنے دارالحکومت پرانے قاہرہ میں بہت سی تعمیرات کیں، وہاں عسکری ہیڈ کوارٹر القطائع قائم کیا اور عمرو بن العاص کی مسجد میں جگہ تنگ پڑنے کے باعث نماز سے محروم رہ جانے والے فوجیوں کے لیے اپنی مشہور مسجد تعمیر کی۔

## 18-اخشیدی (323-58/935-69)

مصر اور شام

| | |
|---|---|
| 323/935 | محمد بن طغج الاخشی |
| 334/946 | اُنُوجور (اونی غور) |
| 349/961 | علی |
| 355/966 | کافور، اصل میں علی کا گورنر تھا |
| 357-8/968-9 | احمد |

فاطمی سپہ سالار جوہر کی فتح مصر

محمد بن طغج کا تعلق ایک ترک فوجی گھرانے سے تھا جو عباسی عہد میں دو پشتوں تک خدمات سر انجام دے چکا تھا۔ اسے 323/935 میں مصر کا گورنر تعینات کیا گیا اور خلیفہ الراضی نے اسے

Marfat.com
Marfat.com

اخشید کا خطاب دیا۔ اس خطاب کے لفظی مطلب کے بارے میں عرب حوالے اتنے واضح نہیں، لیکن لگتا ہے کہ محمد بن طغج جانتا تھا کہ یہ اس کے آبا واجداد کے وسطی ایشیائی وطن میں ایک پروقار خطاب تھا۔ (یہ درحقیقت ایک ایرانی خطاب ہے جس کا مطلب بادشاہ یا حکمران ہے۔ سوگڈیا اور فرغانہ کے ایرانی حکمرانوں نے بھی یہ خطاب اختیار کیا۔) محمد بن طغج نے خلیفہ کے امیر الامرا محمد بن رائق کے خلاف اپنا دفاع کیا اور شام میں حمدانیوں کی مخالفت کے باوجود دمشق پر قبضہ قائم رکھا۔ تاہم اس کے دو بیٹوں کی حیثیت کٹھ پتلیوں جیسی تھی اور اصل طاقت اس کے نیوبیائی غلام کافور کے پاس رہی جسے اس نے اپنی موت سے ذرا پہلے اپنے بیٹوں کا نائب السلطنت مقرر کیا تھا۔ 355/966 میں علی کی وفات پر کافور اقتدار کا مکمل مالک بن گیا۔ اس بات کا سہرا کافور کے سر ہی بندھتا ہے کہ اس نے نیوبیائی ساحل کے ساتھ ساتھ فاطمیوں کی پیش قدمی کو روکا حمادیوں کو شمالی افریقہ میں ہی محدود رکھا؛ 357/968 میں اس کی وفات کے بعد ہی محمد بن طغج کے ایک کمزور اور ہوس پرست پوتے کو اقتدار ملا اور وہ جلد ہی فاطمی حملے کے سامنے ڈھیر ہو گیا۔ کافور کو ادب اور فنون لطیفہ کا لبرل سرپرست خیال کیا جاتا ہے، اور شاعر المتنبی نے اسی کے دربار میں کچھ وقت گزارا تھا۔

## 19-فاطمی (297-567/909-1171)

### شمالی افریقہ اور اس کے بعد مصر اور شام

داعی ابو عبداللہ الشیعی نے اس کے شروع کیے ہونے کاموں کو 298/910 میں پایۂ تکمیل کو پہنچایا

| | |
|---|---|
| 297/907 | عبیداللہ المہدی |
| 322/934 | القائم |
| 334/946 | المنصور |
| 341/953 | المعز |
| 365/975 | العزیز |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 386/996 | الحاکم |
| 411/1021 | الظاہر |
| 427/1036 | المستنصر |
| 487/1094 | المستعلی |
| 495/1101 | العامر |
| 524/1130 | وقفہ: الحافظ کی بطور گورنر حکومت، لیکن ابھی بطور خلیفہ نہیں۔ |
| 525/1131 | الحافظ |
| 544/1149 | الظاہر |
| 549/1154 | الفائز |
| 555-67/1160-71 | العاضید |

## ایوبی فتوحات

فاطمی حضرت علیؓ کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتے تھے اور ان کے نام کی وجہ تسمیہ حضرت فاطمہؓ بنت رسولؐ اللہ ہیں۔ لیکن سنی مخالفین عموماً انھیں عبیدیون یعنی عبید اللہ المہدی کی نسل قرار دیتے اور حضرت علیؓ کے ساتھ ان کے کسی بھی تعلق کو واضح طور پر مسترد کرتے ہیں۔ کچھ ہم عصر مخالفین نے تو یہ الزام تک لگا دیا کہ فاطمی یہودی النسل ہیں (یاد رہے کہ قرون وسطیٰ کے اسلام میں یہ الزام عائد کرنا عام بات تھی)۔ ساتویں امام اسماعیل کے ساتھ ان کا تعلق کبھی بھی واضح نہیں ہو سکا، لیکن یہ بات واضح ہے کہ فاطمی خلافت اسماعیلی انقلابی شیعی تحریک کی نہایت پائیدار سیاسی کامیابی کی نمائندگی کرتی ہے۔

پہلا فاطمی خلیفہ عبید اللہ شام سے شمالی افریقہ آیا، جہاں شیعی پراپیگنڈہ پہلے ہی اس کے لیے راہ ہموار کر چکا تھا۔ غیر فعال کیتاما بربروں کی معاونت سے اس نے افریقیہ کے اغلابی گورنر اور تاہرت کے خارجی رستمیوں کا تختہ الٹا اور فیز کے ادریسیوں کو اپنا باجگوار بنا لیا۔ سسلی پر قبضہ ہوا اور بازنطینیوں کے خلاف بحری آپریشن شروع کیا گیا۔ افریقیہ میں المہدیہ بیس سے فاطمیوں نے

Marfat.com
Marfat.com

مشرق میں مزید پیش قدمی کے لیے مال واسباب جمع کیے اور 358/969 میں ان کا جرنیل جوہر پرانے قاہرہ میں داخل ہوا اور آخری اخشیدی کو معزول کیا۔ افریقیہ میں المہدیہ کے ساتھ انھوں نے جو کچھ کیا تھا اسی طرح یہاں بھی مصر کے لیے اپنا ایک نیا دارالحکومت بنانے کا آغاز کیا...... یعنی القاہرہ جس کا مطلب فاتح ہے۔

فاطمی مصر سے فلسطین اور شام تک گئے اور حجاز میں مقدس مقامات کی تولیت سنبھال لی۔ المستنصر کے طویل عہد حکومت کے دوران (427-87/1036-94) وہ اپنے اقتدار کے بام عروج پر پہنچے۔ ابتداً میں یونانیوں کے ساتھ شام کے مسئلے پر جھڑپیں ہونے کے بعد خلفاً اور بازنطین کے تعلقات عموماً خوش گوار ہی رہے؛ بعد ازاں یارہویں صدی میں شام اور اناطولیہ میں سلجوقوں اور ترکمان مہم پسندوں کی جانب سے مشترکہ خطرے کے باعث فاطمیوں کے اسماعیلی داعی یا مبلغ یمن اور سندھ تک بھی گئے، اور 451/1059 میں بغداد میں کچھ عرصہ کے لیے المستنصر کے نام پر مقبوضہ رہا۔ صدی کے اختتام پر پہلی صلیبی جنگ فاطمیوں سے زیادہ شام کے ترک حکمرانوں کے لیے تشویش ناک تھی، کیونکہ تب تک وہ فلسطین میں ایسکالون کے شمال میں کسی علاقے کے بھی مالک نہ تھے۔ کچھ مسلمان مورخین نے الزام عائد کیا ہے کہ فاطمیوں نے فرانکوں کو لینڈ کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کی، لیکن یہ بات خلاف قیاس ہے۔ بارھویں صدی کے وسط میں فاطمی وزیروں نے حلب (الیپو) کے نورالدین زنگی اور دمشق کو صلیبیوں کے خلاف مدد دی تھی، لیکن پھر بھی ان کے آگے ایسکالون ہار گئے (548/1153)۔ کچھ ہی عرصہ بعد فاطمی سلطنت اندر سے متزلزل ہونے لگی؛ اب خلفاً اپنی زیادہ تر طاقت سے محروم ہو چکے تھے، اور وزرأ نے زیادہ تر انتظامی اور عسکری قیادت سنبھال لی۔ چنانچہ صلاح الدین کے لیے 567/1171 میں آخری خلیفہ کے مرتے ہی فاطمی حکومت کا مکمل طور پر خاتمہ کر دینا ہرگز مشکل نہ تھا۔

فاطمیوں نے عباسیوں کے ساتھ رقابت میں خود کو حقیقی خلیفہ اعلان کیا تھا، تاہم ان کے محکومین کی اکثریت سنی ہی رہی اور انھیں کافی مذہبی آزادی حاصل تھی۔ قاہرہ کے الازہر کالج میں تربیت پانے والے متعدد داعی فاطمی اقلیم سے باہر بھی کام کرنے گئے۔ ماسوائے پہلے غیر متوازن خلیفہ الحاکم کے عہد کے نصف اول کے، یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ نسبتاً بہتر سلوک ہوا، اور ان

Marfat.com
Marfat.com

میں سے کچھ تو اعلیٰ ریاستی عہدوں پر بھی فائز رہے۔ الحاکم کے عہد حکومت کے دوران ہی جنوبی شام اور لبنان میں Druzes کی انتہا پسند شیعی تحریک پیدا ہوئی۔ تحریک کے بانی داعی الدرزی کو الحاکم کی آشیرباد حاصل ہونے کی وجہ سے Druzes خلیفہ کو خدا کے اوتار کے طور پر احترام دینے لگا۔ المستنصر کی وفات پر اسماعیلی تحریک میں کوئی سنگین پھوٹ موجود نہ تھی، دو فرقے ان کے دو بیٹوں نزار اور مستعلی کے پیروکار تھے۔ اول الذکر فرقہ نسبتاً زیادہ متحرک اور انتہا پسند تھا، جس کے پیروکار شام اور فارس کے اسماعیلی بنے؛ جبکہ مستعلی کے کچھ حد تک معتدل پیروکار ممبئی کی موجودہ بوہرہ اسماعیلی برادری کے آباؤ اجداد ہیں۔ المستعلی نے خلافت برقرار رکھی، لیکن فاطمی تحریک کی روحانی بنیاد کچھ حد تک ہل چکی تھی، بالخصوص 525/1130 میں العامر کی وفات پر پیدا ہونے والے مذہبی-سیاسی بحران کے باعث۔

فاطمی عہد میں مصر اور قاہرہ نے معاشی خوشحالی اور ثقافتی رنگا رنگی دیکھی جس نے معاصر عراق اور بغداد کی ثقافتی بوقلمونی کو بھی گہنا دیا۔ ہندوستان اور ابیض المتوسط کے عیسائی ممالک سمیت غیر اسلامی دنیا کے ساتھ تجارتی رابطے بنائے گئے؛ تجارتی سرگرمی میں یہودی ایک اہم کردار ادا کرتے نظر آتے ہیں۔ اس دور میں بھی اسلامی فنون کی کچھ عمدہ ترین مصنوعات مصر کے کارخانوں میں ہی پیدا ہوتی تھیں۔

## 20- حمدانی (293-394/905-1004)

الجزیرہ اور شام

### 1-موسل شاخ

| | |
|---|---|
| 293/905 | ابوالہیجہ عبداللہ (خلیفہ کی جانب سے موسل کا گورنر |
| 317/929 | ناصر الدولہ حسن |
| 358/969 | عدو الدولہ ابوتغلب |
| 369/979 | بیوکی فتح |

Marfat.com
Marfat.com

379-89/981-91 ابراہیم، الحسین (بویئوں نے انھیں مشترکہ حکمرانوں کے طور پر بحال کیا)۔

## 2-الیپو (حلب) شاخ

| | |
|---|---|
| 333/945 | سیف الدولہ علی اول |
| 356/967 | سعد الدولہ شریف اول |
| 381/991 | سعد الدولہ سعید |
| 392/1002 | علی دوم |
| 394/1004 | شریف دوم |

غلام سپہ سالار لُولُو نے اقتدار پر قبضہ کر لیا، اور پھر فاطمیوں کی فتح

حمدانیوں کا تعلق عرب قبیلے تغلب سے تھا اور وہ طویل عرصہ سے الجزیرہ میں آباد تھے (اگرچہ کچھ ذرائع دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ محض تغلب کے موالی تھے)۔ خاندان کے مقدر کا بانی حمدان بن حمدون نویں صدی کے اواخر میں خلافتی حاکمیت کے خلاف بغاوت میں الجزیرہ کے خارجیوں کا حلیف نظر آتا ہے۔ بعد میں حمدانیوں نے شیعی عقیدہ اختیار کر لیا جو شامی ساحلی پٹیوں پر آباد زیادہ تر اعراب کا عقیدہ تھا۔ تاہم حمدان کا بیٹا الحسین عباسیوں کی خدمت میں ایک کمانڈر بنا اور شامی صحرا کے قرامطیوں کے خلاف لڑائی میں خود کو ممتاز کیا۔ ایک اور بیٹا ابوالہیجا عبداللہ 293/905 میں موصل کا گورنر تعینات ہوا، اور عبداللہ کا بیٹا الحسن انجام کار وہاں ناصر الدولہ کے طور پر تخت نشین ہوا۔ اس نے ایک خود مختار حکمران کی حیثیت میں اپنی حاکمیت کو مغرب میں حمدانیوں کے اصل مرکز دیار ربیٰ سے لے کر شام تک وسیع کر لیا۔ الحسن کا بیٹا ابو تغلب (المعروف بہ الغضنفر) کافی بدقسمت رہا کیونکہ اسے عظیم بویئی امیر عدود الدولہ کا عین اس دور میں سامنا کرنا پڑا جب موخر الذکر کا اقتدار اپنے بام عروج پر تھا۔ عدو الدولہ نے شمال کی جانب پیش قدمی کی اور ابو تغلب کو بے دخل کیا جو بھاگ کر مدد لینے کے لیے فاطمیوں کے پاس چلا گیا مگر مدد نہ مل سکی۔ بعد ازاں بویئوں نے موصل میں اس کے دو بھائیوں کو بحال کر دیا اور وہ کچھ عرصہ تک وہاں حکومت کرتے رہے، حتیٰ کہ عرب امرا کے ایک اور خاندان، عقیلیوں نے شہر کو فتح کر لیا۔

Marfat.com
Marfat.com

بایں ہمہ، حمدانی اب بھی شام میں زمینوں کے مالک تھے جہاں ابوتغلب کا چچا، مشہور سیف الدولہ حکومت کر رہا تھا، جس نے حلب، حمص اور اکشیدیوں کے دیگر قصبوں پر قبضہ کر لیا تھا۔ شام میں حمدانیوں کی حکومت قائم ہونے کے دور میں ہی پر عزم مقدونیائی شہنشاہوں کی قیادت میں بازنطینی مقدر بھی جاگ رہا تھا، اور سیف الدولہ کی زیادہ تر عرصہ حکومت اپنی زمینوں کو یونانیوں سے بچانے میں ہی گذرا۔ اس کا بیٹا سعد الدولہ یونانیوں کو شام پر متعدد بار حملے کرنے اور عارضی طور پر حلب و حمص پر قبضہ کرنے سے باز نہ رکھ سکا، حالانکہ یہ علاقے حمدانیوں کے باجگزار تھے۔ نیز، جنوبی شام میں فاطمیوں کی توسیع پسندانہ پالیسیوں کی صورت میں ایک اور خطرہ پیدا ہوا۔ آخر کار سعد الدولہ کا بیٹا سعید الدولہ مارا گیا، (غالباً اپنے غلام جرنیل لولو کی سازش سے، جو قبل ازیں حمدانیوں کے دو بیٹوں کے لیے نائب السلطنت کے طور پر حکومت کر چکا تھا، لیکن بعد میں آزادانہ طور پر فاطمیوں کے غلام کے طور پر اقتدار سنبھال کیا۔

حمدانیوں نے عربی ادب کے شاندار سرپرستوں کے طور پر شہرت حاصل کی۔ سب سے بڑھ کر سیف الدولہ نے شاعر المتنبی کی حوصلہ افزائی کی۔ تاہم متعدد تجارتی مراکز پر مشتمل ایک خوش حال خطے کے حکمران بن جانے کے باوجود حمدانیوں میں بدوؤں والی غیر ذمہ داری اور غارت گری ہنوز باقی تھی۔ شام اور الجزیرہ نے جنگی لوٹ مار کا سامنا کیا، لیکن جغرافیہ دان ابن الحوقل بتاتا ہے کہ امیروں کی زیادتیوں نے بداعتمادی کی فضا پیدا کر دی تھی۔

## 21- مزیدی (اندازاً 1150-961/545-350)

### حلال اور وسطی عراق

| | |
|---|---|
| اندازاً 350/961 | ثناٗ الدولہ علی بن مزید |
| 408/1018 | نور الدولہ دبیز اول |
| 474/1081 | بہاؤ الدولہ منصور |
| 479/1086 | سیف الدولہ صادق اول |
| 501/1108 | نور الدولہ دبیس دوم |

Marfat.com
Marfat.com

529/1135 سیف الدولہ صادق دوم

532/1138 محمد

540-5/1145-50 علی دوم

## سلجوق فوجوں کی تسخیر

مزیدیوں کا تعلق قبیلہ اسد سے تھا اور وہ شیعوں کے ساتھ گہری ہمدردی رکھتے تھے۔ خاندان نے ہیت اور کوفہ کے درمیانی خطے میں اس وقت قبضہ کیا جب بیوئی امیر معز الدولہ نے تقریباً 345/956 اور 352/963 کے درمیان انھیں وہ زمینیں تفویض کیں۔ علی بن مزید کی حکومت کے آغاز کو ابتدائی گیارھویں صدی کا ہی تصور کرنا چاہیے۔ یہ بھی لگتا ہے کہ مزیدی دارالحکومت حلہ گیارھویں صدی کی ابتدا میں ہی ایک مستقل آبادی بن چکا تھا۔ عظیم صدقا اول بن منصور کے دور میں شہر کے گرد ایک مضبوط دیوار بنائی گئی اور یہ عراق میں مزیدی اقتدار کا طاقتور مرکز بن گیا۔

مزیدیوں نے اپنے بدو ہونے کے باوجود خود کو ماہر منتظم اور سفارتکار ثابت کیا اور سلجوق عہد کے عراق میں بدلتے ہوئے اتحادوں میں ایک نمایاں طاقت بن گئے۔ ان کے ابتدائی دشمن موصل اور الجزیرہ کے عقیلی تھے جنھوں نے دُبیس اول بن علی کے دور حکومت میں دُبیس کے بھائی مقلد کو تاج و تخت حاصل کرنے میں مدد دی تھی۔ جب طغرل اور سلجوق عراق میں نمودار ہوئے تو دُبیس کو ترک حملہ آوروں کی جانب سے خطرہ لاحق ہوا اور اس نے بغداد میں فاطمیوں کے حامی شیعی جرنیل ارسلان بساسیری کی حمایت کر دی۔ سلجوق برک یروق کے کٹھن دور حکومت میں صدقا اول (نام نہاد "عربوں کا بادشاہ") نے زبردست اثر و رسوخ حاصل کر لیا، لیکن ایک مرتبہ جب سلطان محمد بن ملک شاہ نے اقتدار پر مضبوطی سے قبضہ جما لیا تو اپنے حد سے زیادہ طاقتور غلام کی جانب متوجہ ہوا، اور 501/1108 میں صدقا کو جنگ میں شکست دی اور مار ڈالا۔ بعد کے مزیدیوں نے سلطان مسعود بن محمد کے خلاف مختلف ترک امیروں کے ساتھ اتحاد کیا اور سلجوق اور خلافتی افواج نے متعدد مواقع پر حلہ پر قبضہ حاصل کیا۔ صدقا کے بیٹے دُبیس دوم نے صلیبیوں میں بہت شہرت کمائی، اور وہ اپنے عہد کے عربی شعرا کا بہت بڑا سرپرست تھا، لیکن اساسینیوں میں سے ایک نے اسے بھی خلافتی مسترشد کے ساتھ ہی قتل کر ڈالا۔ آخری مزیدی علی دوم بن دُبیس نے 545/1150 میں

Marfat.com
Marfat.com

وفات پائی تو مسعود نے حلہ اپنے ایک جرنیل کو دے دیا، اور چند برسوں بعد آنے والی خلافتی فوج نے حلہ میں مزیدی افواج اور حمایتیوں کو منتشر کر دیا۔

## 22- مروانی (372-478/983-1085)

### دیار بکر

| | |
|---|---|
| ؟ | بادھ |
| 380/990 | الحسن ابن مروان |
| 387/997 | ممہد الدولہ سعید |
| 401/1011 | نصر الدولہ احمد یا محمد ابن مروان |
| 453/1061 | نظام الدولہ نصر (میافارقین میں اور اس کے بعد 455/1063 میں آمید میں) |
| 453/1061 | سعید (آمید میں 455/1063 تک) |
| 472-8/1079-85 | منصور |

سلجوق فتح

دیار بکر، خلاط اور ملازگرد کے مروانی کرد النسل تھے۔ ان کا بانی بادھ ایک کرد سردار تھا جس نے آرمینیا اور کردستان کی سرحد پر کچھ اہم قلعوں پر قبضہ کر لیا؛ 372/983 میں عدود الدولہ کی وفات کے بعد جب بویئوں کی سلطنت کمزور ہوئی تو اس نے اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کچھ وقت کے لیے موسل کو اپنے تسلط میں رکھا اور حتیٰ کہ 373/983 میں بغداد کے لیے بھی خطرہ بن گیا۔ اس کے بھتیجے ابن مروان (ناصر الدولہ) نے پچاس سال سے زائد عرصہ تک حکومت کی اور مروانی اقتدار کو بام عروج تک پہنچا دیا۔ عراق اور شام کے شمال اور اناطولیہ سے آنے والے تجارتی راستوں پر واقع ہونے کی وجہ سے اہم دیار بکر پر قابض ہونے کا مطلب تھا کہ ابن مروان کو اپنے طاقت ور پڑوسیوں (جو اس اہم علاقے پر تسلط جمانے کے لیے کوشاں تھے) کے درمیان زندہ رہنے کے لیے ایک ماہرانہ سفارتی پالیسی کی ضرورت تھی۔ اس نے ابتدا میں ہی عباسی خلیفہ کو تسلیم

Marfat.com
Marfat.com

کرلیا، لیکن شمالی شام میں اس کے فاطمی پڑوسی بھی موجود تھے، اور دیار بکر میں فاطمی ثقافتی اثر بہت زیادہ تھا۔ کچھ عرصہ تک اسے موصل کے عقیلیوں کو خراج دینا پڑا اور 421/1030 میں نصیبین بھی انھیں دے دیا۔ بازنطینیوں کے ساتھ اس کے تعلقات پرامن تھے، اور شہنشاہ کانسٹنٹائن دہم نے جارجیائی بادشاہ لپارٹ کو سلجوق سلطان طغرل کی قید سے چھڑانے کے لیے ابن مروان کے حکام کو استعمال کیا۔ اوغوز خانہ بدوشوں اور ان کے ریوڑوں کو 42-433/1041 میں دیار بکر سے نکال باہر کیا گیا، اور خود طغرل 448/1056 تک (جب ابن مروان نے اسے سرپرست کے طور پر قبول کیا) وہاں ظاہر نہ ہو۔ داخلی لحاظ سے آمید، میافارقین، اور حصن کیفا کے قصبات نے کافی خوش حالی کے دن دیکھے اور وہاں ثقافتی زندگی کو فروغ حاصل ہوا؛ میافارقین کا مقامی مورخ ابن الازرق بتاتا ہے کہ کس طرح ابن مروان نے ٹیکس کم کیے اور بہت سے عوامی فلاح کے کارنامے سرانجام دیے۔

453/1061 میں اس کی وفات پر اس کے علاقے دو بیٹوں نصر اور سعید میں تقسیم کیے گئے، لیکن اب مروانی طاقت گھٹ گئی تھی۔ خلافتی وزیر فخر الدولہ بن جاہیر (جو قبل ازیں ابن مروان کی خدمت کر چکا تھا) کی ہوس پرستی کو مہمیز ملی، اگرچہ مروانیوں نے سلجوقوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا تھا۔ فخر الدولہ اور اس کے بیٹے عمید الدولہ نے 478/1085 میں سلطان ملک شاہ سے اجازت حاصل کرلی کہ وہ سلجوق فوج لے کر مروانی علاقے پر حملہ کریں۔ شدید لڑائی کے بعد انھوں نے فتح حاصل کی اور مروانی علاقوں کو سلجوق سلطنت میں شامل کرلیا۔ آخری مروانی حکمران منصور 489/1096 تک جزیرۃ ابن عمر کے پاس رہا۔ لیکن آنے والی صدیوں میں دیار بکر ترک سلطنتوں کے ماتحت ہی رہا۔

## 23- عقیلی (انداز اً 1096-380-489/990)

### الجزیرہ، عراق اور شمالی شام

1- جزیرۃ ابن عمر، نصیبین اور بلد کی نسل

انداز اً 380/390 محمد

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 386/996 | جناح الدولہ علی |
| 390/1000 | سنان الدولہ الحسن |
| 393/1003 | نور الدولہ مصعب |

2- موصل میں اور بعد ازاں جزیرۃ ابن عمر، نصیبین اور بلد کی نسل

| | |
|---|---|
| اندازاً 382/992 | محمد |
| 386/996 | حسام الدولہ المقلد |
| 391/1001 | معتمد الدولہ قرواش |
| 442/1050 | ضعیم الدولہ برکہ |
| 443/1052 | عالم الدین قریش |
| 453/1061 | شرف الدولہ مسلم |
| 478/1085 | ابراہیم |
| 486-9/1093-6 | علی |

سلجوق تُتش کی تسخیر

3- تکریت میں معن بن المقلد کی نسل

| | |
|---|---|
| ؟ | رافع |
| 427/1036 | خمیس |
| 435/1044 | ابو غشام |
| 444/1052 | عیسیٰ |
| 448/1056 | نصر |
| 449-?/1057-? | ابو الغنائم، عیسیٰ کی بیوہ کا مقرر کردہ گورنر |

4- عانا اور الحدیثہ، قلعت جعبر، عکبرہ اور ہیت میں چھوٹی موٹی شاخیں۔

عقیلیوں کا تعلق عظیم بدو قبائلی گروہ عامر بن صعصعہ سے تھا جس میں زیریں عراق کے خفاج اور منتفق بھی شامل تھے۔ موصل میں آخری حمدانیوں کے انحطاط کے ساتھ یہ شہر عقیلی محمد کے قبضے

Marfat.com
Marfat.com

میں آ گیا جس نے اسے بیوئی بہاءالدولہ کی برائے نام نیابت میں اپنے پاس ہی رکھا۔ محمد کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں کے درمیان حصول اقتدار کے لیے لڑائی ہونے لگی، لیکن موصل اور دیگر عقیلی قصبات اور الجزیرہ میں قلعے انجام کار قرواش بن المقلد کے پاس آ گئے۔ قرواش کا اصل مسئلہ اپنے علاقوں کو گیارھویں صدی کے تیسرے اور چوتھے عشروں کے دوران مغربی فارس اور عراق کے اوغوز حملہ آوروں سے محفوظ رکھنا تھا۔ اور اس دفاع کے لیے عراق میں ایک اور خطرے سے دوچار طاقت یعنی مزیدیوں کے ساتھ اتحاد کرنا لازمی تھا۔

مسلم بن قریش کے دور میں عقیلی سلطنت بغداد سے لے کر حلب تک وسعت اختیار کر گئی۔ شیعی ہونے کے ناطے مسلم بن قریش کا جھکاؤ سلجوقوں کے خلاف فاطمیوں کی مدد کرنے کی جانب تھا، لیکن اس نے شمالی شام میں مرداسی علاقے حاصل کرنے کی خاطر سلطان الپ ارسلان خان اور ملک شاہ کے ساتھ اتحاد کر لیا۔ لیکن فاطمیوں کی جانب دوبارہ رخ کرنے کے نتیجہ میں سلجوق افواج موصل میں آ گئیں اور مسلم کو آمید سے بھاگ کر حلب جانے پر مجبور کیا جہاں وہ سلجوق باغی سلیمان بن قتلمش کے ساتھ لڑتا ہوا مارا گیا (478/1085)۔ عقیلی موصل میں گورنروں کی حیثیت میں بدستور موجود رہے، حتیٰ کہ تُتش نے ان کا خاتمہ کر دیا۔ لیکن کچھ دیگر عقیلی الجزیرہ میں مقامی جاگیردار بن گئے، رقہ اور قلعت جعبر والی شاخ 564/1169 تک موجود رہی جنھیں نورالدین زنگی نے شکست دی۔

لگتا ہے کہ عقیلی مکمل طور پر ایک غارت گر بدوی سلطنت نہیں تھے، بلکہ انھوں نے اپنے علاقوں کی عباسی انتظامیہ میں کچھ معیاری خصوصیات متعارف کروائی تھیں؛ ذکر ملتا ہے کہ مسلم بن قریش نے ہر گاؤں میں ایک پوسٹ ماسٹر یا مقامی انٹیلی جنس افسر (صاحب الخبر) تعینات کیا ہوا تھا۔ عقیلیوں اور ان کے کچھ ہی عرصہ بعد مزیدیوں کے خاتمے سے ایک دور کا اختتام ہوا جس میں عرب امرأ نے عراق اور شام کے وسیع علاقوں پر حکومت قائم رکھی اور خود کو فاطمیوں، بیوئیوں اور سلجوقوں کی عظیم طاقتوں کے درمیان قائم رکھا۔ ان امرأ کی شیعوں کے ساتھ ہمدردیاں اور مغرب میں دیار بکر اور اناطولیہ پر آ کر ختم ہونے والے تجارتی رستوں پر ان کی اہم حیثیت نے انھیں ناگزیر طور پر توسیع پسند سلجوقوں تک کے خلاف کر دیا۔ تب کے بعد عراق، الجزیرہ اور شام میں سیاسی اور عسکری قیادت تقریباً ہمیشہ ہی ترکوں کے ہاتھ میں رہی۔

Marfat.com
Marfat.com

## 24بنو مرداس (414-72/1023-79)

### حلب اور شمالی شام

| | |
|---|---|
| 414/1023 | اسد الدولہ صالح بن مرداس |
| 420/1029 | شبل الدولہ نصر اول |
| 429/1038 | فاطمی فتوحات |
| 433/1041 | معز الدولہ ثمال، پہلا دور حکومت |
| 449/1057 | فاطمی قبضہ |
| 452/1060 | رشید الدولہ محمود، پہلا دور حکومت |
| 453/1061 | ثمال، دوسرا دور حکومت |
| 454/1062 | عطیہ (رکہ میں 463/1071 تک) |
| 457/1065 | محمود، دوسرا دور حکومت |
| 466/1074 | جلال الدولہ نصر دوم |
| 468-72/1076-9 | سابق |

### عقیلی قبضہ

بنو مرداس کلاب کے شمالی عرب قبیلے کا ایک حصہ تھے جو یارھویں صدی کے آغاز میں عراق کے حلہ خطے سے شمال کی جانب ہجرت کر کے حلب چلے گئے۔ ان کے رہنما صالح بن میرداس نے 414/1023 میں حلب پر قبضہ کیا تھا۔ چنانچہ بنو مرداسی ہجرت بدوؤں (جن میں سے زیادہ تر کا تعلق شیعی عقائد سے تھا) کے عمومی رجحان کا ایک حصہ تھی۔ وہ دسویں اور یارھویں صدی کے آغاز میں عراق کی بیرونی آبادیوں سے شام کی جانب جا رہے تھے۔ ممکن ہے کہ قرامطی تحریک کے باعث شامی صحرا میں پیدا ہونے والی صورت حال نے اس ہجرت کو تحریک دی ہو۔

حلب میں قدم مضبوط کر لینے کے بعد صالح اور اس کے بیٹوں نصر اور ثمال کو ایک طرف شمالی شام کے حکمران فاطمیوں، جبکہ دوسری طرف شورش انگیز بازنطینیوں سے خود کو محفوظ بنانا تھا۔ چار برس تک حلب پر دمشق کے فاطمی گورنر انوشتکین (429-33/1038-41) کا تسلط قائم رہا؛ اور

Marfat.com
Marfat.com

شمال کو 449/1057 میں دوسری مرتبہ حلب چھوڑ کر اس کے بدلے میں Acre، بیروت اور جبیل لینا پڑا کیونکہ کلابی قبائلی حلب میں اس کی حیثیت پر معترض تھے۔ سلجوقوں کا مغرب کی سمت میں بڑھنا، ترکمان خانہ بدوشوں کی شمالی شام میں آمد اور وہاں فاطمی طاقت کا انحطاط مرداسیوں کو ایک نئی صورت حال سے دوچار کررہا تھا۔ محمود بن نصر نے سلجوق سلطان الپ ارسلان کے سامنے اظہار اطاعت کی خاطر فاطمیوں کی بجائے سُنی عباسیوں کے ساتھ الحاق کر لیا۔ بعد ازاں مرداسیوں کے ترک کرائے کے سپاہیوں اور کلاب قبائلیوں کے درمیان جھگڑوں نے حلب میں مرداسی حاکمیت کی جڑیں کھوکھلی کیں، اور 468/1076 میں دو مرداسی بھائیوں سابق اور وثاب کے درمیان خانہ جنگی چھڑ گئی۔ شام میں اپنے لیے ایک جاگیر حاصل کرنے کے خواہشمند تُتش کی جانب سے حلب پر دباؤ کے باعث سابق کو 472/1079 میں شہر کو عقیلی مسلم بن قریش کے حوالے کرنا پڑا۔ مرداسی خاندان کے زندہ بچنے والے ارکان کو شام میں مختلف قصبات بطور عطیہ دیے گئے۔

## 25-ایوبی (پندرھویں صدی کا آخر-1169/نویں صدی کا آخر-564)

مصر، شام، دیار بکر، یمن

### 1-مصر میں

| | |
|---|---|
| 564/1169 | الملک الناصر اول صلاح الدین (سلادین) |
| 589/1193 | الملک العزیز عماد الدین |
| 595/1198 | الملک المنصور ناصر الدین |
| 596/1200 | الملک العادل اول سیف الدین |
| 615/1218 | الملک الکامل اول ناصر الدین |
| 635/1238 | الملک العادل دوم سیف الدین |
| 637/1240 | الملک الصالح نجم الدین ایوب |
| 647/1249 | الملک المعظم توران شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 648-50/1250-52 | الملک الاشرف دوم مظفر الدین |

بحری مملوک

## 2-دمشق میں

| | |
|---|---|
| 582/1186 | الملک الافضال نور الدین علی |
| 592/1196 | الملک العادل اول سیف الدین |
| 615/1218 | الملک المعظم شرف الدین |
| 624/1227 | الملک الناصر صلاح الدین داؤد |
| 626/1229 | الملک الاشرف اول مظفر الدین |
| 635/1237 | الملک الصالح عماد الدین، پہلا دور حکومت |
| 635/1238 | الملک الکامل اول ناصر الدین |
| 635/1238 | الملک العادل دوم سیف الدین |
| 636/1239 | الملک الصالح نجم الدین ایوب، پہلا دور حکومت |
| 637/1239 | الملک الصالح عماد الدین، دوسرا دور حکومت |
| 643/1245 | الملک الصالح نجم الدین ایوب، دوسرا دور حکومت |
| 647/1249 | الملک المعظم توران شاہ (مصر کے ساتھ) |
| 648-58/1250-60 | الملک الناصر دوم صلاح الدین |

منگول فتوحات

## 3-حلب میں

| | |
|---|---|
| 579/1183 | الملک العادل اول سیف الدین |
| 582/1186 | الملک الظاہر غیاث الدین |
| 613/1216 | الملک العزیز غیاث الدین |
| 634-58/1237-60 | الملک الناصر دوم صلاح الدین |

منگول فتوحات

Marfat.com
Marfat.com

## 4-دیار بکر(میافارقین اور جبل سنجار)

| | |
|---|---|
| 581/1185 | الملک الناصر اول صلاح الدین |
| 591/1195 | الملک العادل اول سیف الدین |
| 596/1200 | الملک الاوحد نجم الدین ایوب |
| 607/1210 | الملک الاشرف اول مظفر الدین |
| 617/1220 | الملک المظفر شہاب الدین |
| 642-58/1244-60 | الملک الکامل دوم ناصر الدین |

منگول فتوحات

## 5-دیار بکر(حصن کیفا اور آمید)

| | |
|---|---|
| 629/1232 | الملک الصالح نجم الدین ایوب |
| 636/1239 | الملک المعظم توران شاہ |
| 647/1249 | الملک الموحد تقی الدین |
| 682/1283 | الملک الکامل سوم محمد |
| ? | الملک العادل مجیر الدین |
| ? | الملک العادل شہاب الدین |
| ? | الملک الصالح ابو بکر |
| 780/1378 | الملک العادل فخر الدین |
| ? | الملک الاشرف شرف الدین |
| 836/1433 | الملک الصالح صلاح الدین |
| 856/1452 | الملک الکامل چہارم احمد |
| | الملک العادل خلف |
| 866/1462 | خلیل(؟) |
| ? | سلیمان |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| ? | الحسین |

اق قوینلو (Aq Qoyunlu) کی فتح

## 6-یمن

| | |
|---|---|
| 569/1174 | الملک المعظم شمس الدین توران شاہ |
| 577/1181 | الملک العزیز الظاہر الدین تغتگین |
| 593/1197 | معز الدین اسماعیل |
| 598/1202 | الملک الناصر ایوب |
| 611/1214 | الملک المظفر سلیمان |
| 612-26/1215-29 | الملک المسعود صلاح الدین |

اقتدار پر رسولیوں کا قبضہ

## 7-بعلبک، حمص، کرک، حما، بنیاس اور سوبیبا اور بصرہ میں خاندان کی چھوٹی موٹی شاخیں

سلطنت کا بانی ایوب کردوں کے ہدھبانی قبیلے سے تھا، تاہم معلوم ہوتا ہے کہ اس کا خاندان ترک سپاہیوں کی جانب سے خدمات انجام دینے کی وجہ سے کافی حد تک ترک رنگ میں رنگا گیا تھا۔ موصل اور حلب میں ترک کمانڈر زنگی بن اق سونقر نے کردوں کی ایک بڑی تعداد کر بھرتی کیا جن میں 532/1138 میں ایوب بھی شامل تھا، اور جلد ہی اس کا بھائی شیر کوہ بھی زنگی کے بیٹے نور الدین کی خدمت میں آ گیا۔ 564/1169 میں شیر کوہ مصر پر مقتدر ہو گیا لیکن اسے جلد ہی موت نے آ لیا، اور فوجوں نے اس کے بھتیجے صلاح الدین کو اس کا جانشین منتخب کر لیا۔

مشہور و معروف صلاح الدین سلطنت کا حقیقی بانی تھا۔ اس نے مصر میں فاطمی حکومت کے آخری چراغ بھی گل کر دیے اور ان کے سابقہ علاقوں میں ایک زبردست سنی مذہبی و تعلیمی پالیسی نافذ کی۔ پرانے فاطمی علاقوں میں ایوبی فتح نے بنیاد پرست سنی ری ایکشن کو مکمل کیا جو سلجوق عہد کے دوران سابقہ بیوئی علاقوں میں سیاسی شیعہ ازم کو معزول کر چکا تھا۔ صلاح الدین ایوبی کی پالیسی کا ایک پہلو صلیبیوں کے خلاف علم جہاد بلند کرنا تھا...... ایک ایسی پالیسی جس نے اسلامی

Marfat.com
Marfat.com

جوش وجذبے کو اس کے ماتحت کر دیا اور اسے اس قابل بنایا کہ ترکوں، عربوں اور کردوں کی ایک مضبوط فوج بنائے۔ 583/1187 میں حطین کی فتح کے ساتھ یروشلم کا مقدس شہر اسی برس کے بعد ایک مرتبہ پھر مسلمانوں کے پاس آ گیا، اور فرانکوں کو، چاہے عارضی طور پر ہی سہی، چند ایک ساحلی قصبات کے سوا ان کی تمام املاک سے نکال باہر کیا گیا۔

صلاح الدین ایوبی نے 589/1193 میں اپنی وفات سے قبل ایوبی سلطنت کے متعدد حصے، (شام، الجزیرہ اور یمن کے شہروں سمیت) اپنے خاندان کے مختلف افراد کو بطور جاگیر عطا کر دیے۔ پھر بھی خاندانی اتحاد اور مرکزی کنٹرول کا ایک احساس العادل اور الکامل کے دور تک قائم رہا۔ ان دو سلاطین کے عہد میں صلاح الدین کی فعال پالیسی کی جگہ فرانکوں کے ساتھ پرامن تعلقات نے لے لی...... بالخصوص دیار بکر اور الجزیرہ میں شمالی ایوبی رومی سلجوقوں اور خوارزم شاہان کی جانب سے دباؤ کا شکار تھے۔ الکامل کا یروشلم شہر شہنشاہ فریڈرک دوم کو واپس کر دینا اس پالیسی کا نقطۂ عروج تھا، اور امن کے دور نے مصر اور شام کو زبردست معاشی فائدے پہنچائے۔ ان میں سے ایک فائدہ میڈی ٹریٹین کے عیسائیوں کے ساتھ تجارت کی بحالی بھی تھا۔

635/1238 میں الکامل کی وفات کے بعد ایوبی سلطنت داخلی جھگڑوں کا شکار ہو گئی۔ چھٹی صلیبی جنگ لڑی گئی اور اس کے رہنما فرانسیسی بادشاہ سینٹ لوئس کو گرفتار کر لیا گیا، لیکن جلد ہی صالح کی موت کے بعد ترک بحری غلام سپاہیوں نے مصر میں اقتدار پر قبضہ کر لیا، اور ایبک کو پہلے اتابیگ اور پھر 648/1250 میں اپنا سلطان بنا لیا۔ العادل نے 648/1250 میں اپنے نوجوان پوتے المسعود صلاح الدین کو ایک اتابیگ کے ہمراہ یمن پر حکومت کرنے کے لیے بھیجا، لیکن ایوبی وہاں اپنے آپ کو قائم نہ رکھ سکے اور علاقہ ان کے سابق خدمت گاروں، ترک رسولیوں کے پاس چلا گیا۔

بیش تر شمالی ایوبیوں کو منگول اپنے ساتھ بہا لے گئے اور صرف ہما شاخ ہی اپنی گم نامی اور غیر فعالیت کی وجہ سے 742/1342 تک باقی بچی رہی۔ تاہم دیار بکر میں حصن کیفا کے اردگرد ایک مقامی گردی جاگیر تیموریوں سے بچ گئی، اور ایوبیوں کے اس سلسلے کا خاتمہ صرف اق قوینلو نے ہی کیا۔

Marfat.com
Marfat.com

## 26- مملوک (648-922/1250-1517)

### مصر اور شام

### 1- بحری سلسلہ (648-792/1250-1390)

| | |
|---|---|
| 648/1250 | شجرالدر |
| 648/1250 | المعز عزالدین ایبک |
| 655/1257 | المنصور نورالدین علی |
| 657/1259 | المظفر سیف الدین قطز |
| 658/1260 | الظاہر رکن الدین بیبرس اول البندقداری |
| 676/1277 | السیف ناصرالدین برکہ (یا برک) خان |
| 678/1280 | العادل بدرالدین سلامش |
| 678/1280 | المنصور سیف الدین قلاؤن الالفی |
| 689/1290 | الاشرف صلاح الدین خلیل |
| 693/1294 | الناصر ناصرالدین محمود، پہلا دور حکومت |
| 694/1295 | العادل زین الدین کتبغا |
| 696/1297 | المنصور حسام الدین لاجین |
| 698/1299 | الناصر ناصرالدین محمود، دوسرا دور حکومت |
| 708/1309 | المظفر رکن الدین بیبرس دوم اجاشنکیر |
| 709/1309 | الناصر ناصرالدین محمود، تیسرا دور حکومت |
| 741/1340 | المنصور سیف الدین ابوبکر |
| 742/1341 | الاشرف علاالدین کوجک |
| 743/1342 | الناصر شہاب الدین احمد |
| 743/1342 | الصالح عمادالدین اسماعیل |
| 746/1345 | الکامل سیف الدین شعبان اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 747/1346 | المظفر سیف الدین حجاج اول |
| 748/1347 | الناصر ناصر الدین الحسن، پہلا دور حکومت |
| 752/1351 | الصالح صلاح الدین صالح |
| 755/1354 | الناصر ناصر الدین الحسن، دوسرا دور حکومت |
| 762/1361 | المنصور صلاح الدین محمود |
| 764/1363 | الاشرف ناصر الدین شعبان دوم |
| 778/1376 | المنصور علا الدین علی |
| 783/1382 | الصالح صلاح الدین حجاج دوم، پہلا دور حکومت |
| 784/1382 | الظاہر سیف الدین برقوق (برجی) |
| 791/1389 | حجاج دوم (دوسرا دور حکومت، المظفر یا المنصور کے لقب کے ساتھ) |

## 2-بُرجی سلسلہ (784-922/1382-1517)

| | |
|---|---|
| 784/1382 | الظاہر سیف الدین برقوق، پہلا دور حکومت |
| 791/1389 | حجاج دوم (دوسرا دور حکومت، بحری) |
| 792/1390 | الظاہر سیف الدین برقوق، دوسرا دور حکومت |
| 801/1399 | الناصر ناصر الدین فرج، پہلا دور حکومت |
| 808/1405 | المنصور عز الدین عبدالعزیز |
| 808/1405 | الناصر ناصر الدین فرج، دوسرا دور حکومت |
| 815/1412 | العادل المستعین (عباسی خلیفہ، سلطان کا داعی) |
| 815/1412 | المعید سیف الدین شیخ |
| 824/1421 | المظفر احمد |
| 824/1421 | الظاہر سیف الدین ططار |
| 824/1421 | الصالح ناصر الدین محمود |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 825/1422 | الاشرف سیف الدین برسبے |
| 841/1437 | الالعزیز جمال الدین یوسف |
| 842/1438 | الظاہر سیف الدین جقمق |
| 857/1453 | المنصور فخر الدین عثمان |
| 857/1453 | الاشرف سیف الدین اِنال |
| 865/1461 | المعید شہاب الدین احمد |
| 865/1461 | الاشرف سیف الدین خوشقدم |
| 872/1467 | الظاہر سیف الدین بلبے |
| 872/1467 | الظاہر تمور بغا |
| 872/1468 | الاشرف سیف الدین قاعت بے |
| 901/1496 | الناصر محمود |
| 903/1498 | الظاہر قانصوح |
| 905/1500 | الاشرف جانبلات |
| 906/1501 | العادل سیف الدین تومان بے |
| 906/1501 | الاشرف قانصوح الغوری |
| 922/1516 | الاشرف تومان بے |

## عثمانی فتح

مملوک مصر اور شام میں ایوبیوں کی بھرپور املاک کے وارث بنے۔ اپنے عہد کی زیادہ تر بڑی اسلامی سلطنتوں کی طرح ایوبیوں نے بھی پیشہ ور غلام محافظ رکھنے کو ضروری خیال کیا تھا، اور مملوک کا لفظی مطلب غلام رکھنے والا ہے۔ مملوک الملک الصالح کی ترک سپہ میں سے نکلے۔ مملوکوں کی اڑھائی سو سالہ خود مختار حکمرانی کے بعد سلاطین کے دو سلسلے بنے: بحری، جن کو یہ نام اس لیے دیا گیا کیونکہ وہ دریائے نیل (البحر) کے کنارے بنی بیرکوں میں رہتے تھے؛ اور بُرجی، جنھیں سلطان قلاعون نے قاہرہ قلعے (البرج) میں تعینات کیا تھا۔ خاندانی جانشینی کا سلسلہ عموماً بحریوں

Marfat.com
Marfat.com

میں ہی جاری رہا، لیکن برجیوں میں موروثی جانشینی کی اجازت ہرگز نہ تھی۔ وہ سینیارٹی کے ایک قسم کے ترک نظام پر عمل پیرا تھے۔ نسلی اعتبار سے بحری مرکزی طور پر جنوبی روس کے قپچاق تھے اور ان میں کردوں اور منگولوں کی آمیزش تھی۔ جبکہ بُرجی بنیادی طور پر کاکیشیا کے Circassian تھے۔ ابتدائی انیسویں صدی میں مملوکوں کا اختتام ہونے تک سرکاشیا (Circassia) ہی ان کی زیادہ تر افرادی قوت فراہم کرتا رہا۔ کچھ مورخین کا کہنا ہے کہ مملوک دو یا تین پشتوں کے بعد اپنے آپ کو قائم نہ رکھ سکے تھے، لگتا ہے کہ مملوک خاندان اپنی افزائش تو درست طریقے سے کرتے رہے لیکن بعد میں آنے والی نسلوں نے پیشہ سپہ گری ترک کر دیا۔

مملوکوں کا نظام مراتب بہت پیچیدہ تھا جس میں سلطان کے اپنے مملوک سب سے اوپر تھے۔ انتظامی ڈھانچے میں کامیابی کے لیے غلام کی حیثیت ہونا لازمی تھا۔ جبکہ آزاد عناصر، سابق مملوکوں کے بیٹوں سمیت، کو فوج میں محض ایک کمتر حیثیت حاصل تھی۔ (عثمانی ترک غلام روایت میں بھی یہی بات پائی جاتی تھی جہاں قپی قلاری کو ترقی کے زیادہ بہتر مواقع حاصل ہوتے تھے۔) سلطان کی من مانی طاقت پر مرکزی امرأ اور بیوروکریسی چیک رکھتی تھی۔ اور سلطنت کی ناپائیداری کا اظہار اس بات سے ہوتا ہے کہ حکمران بہت جلدی جلدی تبدیل ہوتے رہے۔ مملوکوں نے ایوبیوں کی کٹرسُنی پالیسی جاری رکھی، اور قاہرہ میں عباسیوں کے ایک خاندان کی کفالت کا تعلق بھی اسی کے ساتھ تھا۔

مملوک ریاست کی طاقت اور کامیابیاں متاثر کن تھیں۔ قتز نے ہولیگو منگولوں کو 658/1260 میں عین جالوت کے مقام پر شکست دی، اور اس کے جانشین بیبرس نے فتح کو استحکام دیا اور اپنا دور شروع کیا، تاہم اس کے کافی عشرے بعد بھی منگولوں کا خطرہ سر پر منڈلاتا رہا۔ تیرھویں صدی کے اختتام تک شامی فلسطینی اقتدار کے ماتحت صلیبی شہروں کو خوفناک شکست سے دوچار کیا جا چکا تھا اور چھوٹے آرمینیا یا سلیشیا کی روبینی بادشاہت کا خاتمہ ہو گیا تھا۔ یوں مملوکوں کو مسلمان دنیا میں پاگان (بت پرستوں) اور عیسائیوں کے ہتھوڑوں کے طور پر زبردست شہرت حاصل ہو گئی۔ ان کے علاقے مغرب میں سائرینیکا، جنوب میں نیوبیا اور مساوا، شمال میں کوہ تارس تک وسیع ہو گئے اور انھوں نے عرب کے مقدس شہروں کی حفاظت کی۔ پندرھویں صدی میں عثمانیوں کو مملوکوں کے مرکزی دشمن تسلیم کیا جانے لگا۔ مغربی دیار بکر میں دلغدیر اوغولاری کی ترکمان جاگیر کو بفرسٹیٹ کے

Marfat.com
Marfat.com

طور پر قائم رکھا گیا اور قرمانیوں کی مدد کی گئی۔ لیکن عثمانیوں کے برتر جوش و جذبہ اور اسلحہ و گولہ بارود کے استعمال میں مہارت نے ان کے حق میں فیصلہ دیا۔ حقیقی اہمیت کا حامل آخری مملوک سلطان قنصوح الغوری 922/1516 میں حلب کے نزدیک مرج دابق کی لڑائی میں مارا گیا، اور اس کے بعد سلیم نے مصر اور شام پر قبضہ کر لیا۔ اگرچہ اب یہ علاقے عثمانیوں کو مل گئے تھے، مگر مملوکوں کی عسکری ذات 1226/1811 میں محمد علی کے ہاتھوں اپنے خاتمے تک مصر پر حقیقی معنوں میں مختار کل رہی۔

مملوک عہد حکومت میں مصر اور شام نے خوش حالی اور ثقافتی و تہذیبی وفور کے دن دیکھے، اور فن تعمیر، ظروف سازی اور دھات کاری کے فنون میں اعلیٰ مہارتیں حاصل کی گئیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ شجاعت کے علوم کا آغاز مملوک عہد میں ہی ہوا۔ میڈی ٹرینین کی عیسائی طاقتوں کے ساتھ قریبی تجارتی تعلقات قائم کیے گئے؛ چنانچہ بیبرس نے مشرق قریب میں ایک سخت گیر عیسائی مخالف پالیسی کے باوجود آراگون کے جیمز اول اور شاہ سسلی، انجو کے چارلس کے ساتھ تجارتی معاہدے کیے۔ افریقہ کی بحر پیمائی کی پرتگیزی مہم ہی مملوکوں کی خوش حالی کے لیے خطرہ بنی جس کے نتیجے میں تجارتی راستے ان کے علاقوں سے پرے منتقل ہو گئے؛ انھی خدشات کے پیش نظر قنصوح نے عرب کے ساحلوں پر فوجی مقامات حاصل کرنے کی کوشش کی تاکہ اپنے بحری بیڑوں کو بحیرۂ ہند میں ڈال کر پرتگیزیوں کو ہندوستانی سمندروں میں پہنچنے سے روک سکے۔

## 27- محمد علی کا سلسلہ (1220-1372/1805-1953)

مصر

| | |
|---|---|
| 1220/1805 | محمد علی پاشا |
| 1264/1848 | ابراہیم پاشا |
| 1264/1848 | عباس اول پاشا |
| 1270/1854 | سعید پاشا |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1280/1863 | اسماعیل (1284/1867 میں Khedive کا لقب اختیار کیا |
| 1296/1879 | توفیق |
| 1309/1892 | عباس دوم حلمی |
| 1333/1914 | حسین کامل (سلطان کا لقب اختیار کیا) |
| 1335/1917 | احمد فواد اول (1340/1922 میں شاہ کا لقب اختیار کیا) |
| 1355/1936 | فاروق |
| 1371-72/1952-53 | فواد دوم |

ری پبلیکن حکومت کا قیام

محمد علی (1182-1265/1769-1849) عثمانی فوج میں ایک ترک سپاہی تھا۔ وہ فرانسیسیوں کا قبضہ ختم کرنے کے لیے بھیجی گئی ترک فوج کے ساتھ مصر آیا اور وہاں ملک کے حاکم مطلق کے طور پر قیام کیا، سلطان کو مجبور کیا کہ وہ اسے گورنر یا پاشا تسلیم کرے، اور سرکاسی مملوکوں کے پرانے حکمران طبقے سے نجات حاصل کی۔ محمد علی کی اصل وجہ شہرت اس کی جانب سے یہ تسلیم کرنا تھا کہ اس کا صوبہ مصر تبھی ترقی کر سکتا ہے جب مغرب میں اختیار کردہ تیکنیکی دریافتیں، عسکری طور طریقے اور تعلیمی نظام وہاں بھی متعارف کروائے جائیں۔ چنانچہ اسے اس کے ہم عصر عثمانی سلاطین سلیم سوم اور محمد دوم کی صف میں کھڑا کیا جا سکتا ہے، کیونکہ وہ بھی مشرق وسطیٰ میں مغربی طور طریقے متعارف کروانے والے اولین افراد میں شامل ہے۔ اب ایک نئی تیار کی گئی فوج کو سوڈان کی سرکوبی کے لیے استعمال کیا گیا جہاں سے غلاموں کی بہت بڑی تعداد حاصل ہو سکتی تھی۔ اعلیٰ تعلیمی ادارے قائم کیے گئے جن میں یورپی عملہ اور مشیر اپنے فرائض سرانجام دیتے تھے؛ مالیاتی پالیسی میں ترمیم کر کے اسے مالیہ کی بڑھتی ہوئی مانگ کے مطابق بنایا گیا۔ بیرونی لحاظ سے محمد علی اور اس کے قابل بیٹے ابراہیم نے یونانی جنگ آزادی میں مداخلت کی، اپنی خودمختاری کو استنبول میں سلطان کے برابر رکھا اور وسطی عرب کے وہابی حکمرانوں کے ساتھ کئی غیر فیصلہ کن جنگیں لڑیں۔

Marfat.com
Marfat.com

محمد علی کا دور حکومت ختم ہونے پر مصر پر قرضے کا بوجھ پڑ چکا تھا اور یورپی بادشاہوں کی شان وشوکت کی نقالی کرنے کی خواہش نے اس میں اور اضافہ کر دیا۔ وہ اپنی نسل میں سب سے پہلا آدمی تھا جس نے سلطان سے قدیم ایرانی خطاب Khedive حاصل کیا اور اپنی اولادوں کی موروثی جانشینی کا وعدہ بھی لیا۔ یہ دونوں چیزیں اس سلسلہ نسل کی حقیقی خود مختاری کی غماز ہیں۔ اسماعیل کے دور میں ہی نہر سوئز پر کام مکمل ہوا، لیکن سامراجی مصر کی ایتھوپیا اور سوڈان میں مہم جوئیوں نے مصر کے معاشی استحکام کو ریزہ ریزہ کر دیا۔ خود ترکی کی طرح مصر بھی اب یورپی قرض خواہ اقوام کے کنٹرول میں آ گیا تھا؛ اور 1299/1882 میں عرابی پاشا کی بغاوت کے بعد برطانیہ نے مصری مالیات کا انتظام سنبھال لیا اور وہاں ایک مستقل گیریژن تعینات کر دیا۔ برطانیہ کا یہ تحفظ کے نام پر قبضہ کہیں 1340/1922 میں ہی آ کر ختم ہوا۔

سلطنت کے آخری دو قابل ذکر ارکان فواد اور فاروق کے ادوار حکومت داخلی طور پر زیادہ تر وفد کی اکثریتی سیاسی جماعت، اور خارجی طور پر برٹش کنٹرول کی باقیات کا اکھیڑ پھینکنے کی جدوجہد سے عبارت تھے۔ سلطنت کے اختتام سے کچھ ہی پہلے نحاس پاشا سے سوڈان کے معاملے پر "کونڈومینیم معاہدہ" کیا اور فاروق کے مصر اور سوڈان کے بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا۔ لیکن بے چینی میں اضافہ ہوتا رہا، بالخصوص 1948ء کے عرب اسرائیل تنازع کے بعد۔ سلطنت نے کبھی بھی خود کو حقیقی معنوں میں عرب محسوس نہیں کیا، اور 1952ء میں فاروق کو اقتدار سے علیحدہ ہونے پر مجبور کر دیا گیا؛ اور اگلے ہی برس سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

چوتھا حصہ

# جزیرہ نما العرب

## 28- قرامطہ (11ویں صدی کا آخر-894/پانچویں صدی کا آخر-281)

مشرقی اور وسطی عرب، مرکزی مقام بحرین

| | |
|---|---|
| 281/894 | ابو السعید الحسن الجنابی |
| 300/913 | ابو القاسم سعید |
| 311/923 | ابو طاہر سلیمان |
| 322/944 | ابو منصور احمد |
| 361-6/972-7 | ابو یعقوب یوسف |

بوڑھوں کی مجلس شوریٰ کی حکومت

قرامطی یا قرمطی تحریک کی جڑیں انقلابی شیعہ ازم کے مسیحائی نظریات میں تھیں اور غالباً اس پر سب سے زیادہ اثر شامی اور عربی صحراؤں کے بدوؤں کے درمیان اسماعیلی پراپیگنڈا کا ہوا۔ دسویں صدی کے ابتدائی برسوں میں زکریا نے شامی صحرا میں قرامطیوں کی بغاوت کی قیادت کی جسے 293/906 میں کچل دیا گیا۔ لیکن قرامطی سرگرمی کا سب سے بڑا مرکز عراق کے جنوب میں مشرقی عرب کے ساحلی خطے بحرین میں تھا۔ مقامی سماجی بے چینی اور زیریں عراق میں زنج یا کالے غلاموں کی بغاوت کے بعد پیدا ہونے والے افراتفری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے قرامطہ نے ایک زبردست، معاشی اعتبار سے خوش حال اور پائیدار ریاست تعمیر کی۔ قرامطی بانی کی خاصی مبہم شخصیت داعی ابو سعید نے اس جاگیر کو تعمیر کیا تھا اور تقریباً ایک صدی بعد بحرین کے قرامطہ بدستور ابو سعیدی کے عرف عام سے جانے جاتے تھے۔

جاگیر کی تنظیم کچھ حوالوں سے اشتراکی تھی: محصولات جمع کر کے برادری کے ارکان میں ان کی ضرورتوں کے مطابق تقسیم کیے جاتے، البتہ اس کی بنیاد غلام مزدوروں کی محنت پر رکھی گئی تھی۔

Marfat.com
Marfat.com

اسماعیلیت سے متاثر ہونے اور مذہب کی بیرونی صورتوں کے ساتھ تضاد کے رجحانات کے باعث قرامطیوں کے مذہبی دستور غیر رسمی تھے اور وہ بنیاد پرستوں کو برا بھلا کہتے تھے۔ ابوسعید کی سلطنت نے جنگ اور سفارت کاری میں رہنماؤں کے طور پر کام کیا، اور برادری کے امور کی نگرانی ایک اقدانیہ یعنی بوڑھوں کی مجلس کرتی تھی۔

شمالی افریقہ میں اسماعیلی فاطمیوں کے ساتھ قرامطیوں کے تعلقات کی نوعیت واضح نہیں؛ موجودہ رجحان یہ ہے کہ دسویں صدی کے نصف اول میں دونوں تحریکوں کے شدید ایکشن کے امکان کو کم سے کم کیا جائے۔ قرامطیوں نے بحرین سے کوفہ کو لوٹا، حاجیوں کے قافلوں پر حملے کیے، اومان پر قبضہ کیا اور خانہ کعبہ سے حجر اسود اٹھا کر لے گئے کیونکہ وہ اس کے احترام کو توہم پرستی خیال کرتے تھے؛ تاہم اکیس برس بعد فاطمی خلیفہ کی درخواست پر انھوں نے حجر اسود واپس کر دیا۔ قرامطی ریاست ایک قسم کی جمہوریہ بن گئی اور گیارھویں صدی کے اختتام تک پھلتی پھولتی رہی۔ دو یا تین صدیوں بعد بھی بحرین میں قرامطی عقائد غالب رہے۔

## 29- یمن کے زیدی امام یارسی (Rassids)

-ابتدائی نویں صدی / -ابتدائی تیسری صدی

مرکزی مقام صعدا یا صنعا

### 1-1 ابتدائی دور (رسّیوں سلسلہ)

| | |
|---|---|
| ? | ترجمان الدین القاسم الرسی، وفات 246/860 |
| 246/860 | الحسین |
| 280/893 | یحییٰ الہادی الا الحق اول |
| 298/911 | محمد المرتضیٰ |
| 301/1914 | احمد الناصر |
| ? | الحسین المنتخب |
| 324/936 | القاسم المختار |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| ? | یوسف منصور الداعی |
| ? | القاسم المنصور |
| 393/1003 | الحسین المہدی |
| ? | جعفر |
| 426/1035 | الحسن |
| 430/1039 | ابوالفتح الناصر الدیلمی |
| 454/1062 | صلیحی کا صنعا پر قبضہ |
| 480/1087 | صلیحی گورنرز |
| 492/1099 | صنعا میں حاتم بن الغشم کی نسل کی حکومت |
| 545/1150 | احمد المتوکل |
| 556/1161 | حمدانی حکومت کی بحالی |
| 569/1174 | یمن پر ایوبیوں کی فتح |
| 594/1198 | عبداللہ المنصور |
| 614/1217 | یحییٰ الہادی الی الحق دوم (صعدا میں) |
| 614/1217 | محمد الناصر (جنوبی اضلاع میں 623/1226 تک) |
| 646/1248 | احمد المہدی الموطی |
| 656/1258 | شمس الدین احمد المتوکل |
| 1281اندازاً/680اندازاً | داؤد المنصر |

## 2-جدید دور (قاسمی سلسلہ)

| | |
|---|---|
| 1592اندازاً/1000اندازاً | القاسم المنصور |
| 1029/1620 | المحمد المعید اول |
| 1054/1654 | اسماعیل المتوکل |
| 1087/1676 | محمد المعید دوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1092/1681 | محمد الہادی |
| 1097/1686 | محمد المہدی |
| 1128/1716 | القاسم المتوکل |
| 1139/1726 | الحسین المنصور، پہلا دور حکومت |
| 1139/1726 | محمد الہادی الماجد (؟) |
| 1140/1728 | الحسین المنصور، دوسرا دور حکومت |
| 1160/1747 | العباس المہدی (؟) |
| 1776 اندازاً/1190 اندازاً | علی المنصور |
| 1221/1806 | احمد المہدی (؟) |
| ? | علی المنصور، دوسرا دور حکومت؟ |
| 1257/1841 | القاسم المہدی |
| 1261/1845 | محمد یحییٰ |
| *1289/1872* | صنعا پر عثمانی قبضہ |
| 1308/1890 | حمید الدین یحییٰ |
| 1322/1904 | یحییٰ محمود المتوکل |
| 1367/1948 | سیف الاسلام احمد |
| 1382/1962 | محمد بدر |

زیدی شیعہ فرقے کی ایک نسبتاً معتدل شاخ تھے جن کا کہنا تھا کہ حضرت محمد ﷺ نے حضرت علیؓ کو ان کے ذاتی کمالات کی بنا پر امت کا امام نامزد کیا تھا؛ اور یہ کہ محمد الباقر کی بجائے ان کے بھائی زید شیعوں کے پانچویں امام تھے جنھیں اموی خلیفہ ہشام کے دور میں شہید کر دیا گیا۔ بعد ازاں زید کی اولادوں اور حامیوں نے پراپیگنڈا کر کے دیلم اور بحیرۂ کاسپین کے جنوب مغربی ساحلوں کے لوگوں کو اپنے ساتھ ملا لیا۔ یہ خطہ ان کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے کافی موزوں تھا۔ جزیرہ نما عرب کے جنوب مغربی کونے میں خطۂ یمن بھی عباسی خلفاً کے اختیار میں آنے کے

Marfat.com
Marfat.com

حوالے سے بہت دور تھا اور یہاں ترجمان الدین القاسم بن ابراہیم طباطبائی (حضرت امام حسنؓ ابن علیؓ کی اولاد) نے مامون کے عہد میں اقتدار سنبھالا۔ سلطنت کا نام "رسّی" کا ماخذ جغرافیائی معلوم ہوتا ہے کیونکہ حجاز کی ایک جاگیر الرّس پر القاسم کا قبضہ تھا۔

چنانچہ رسّی شمالی یمن میں صعدا کے مقام پر آباد ہوئے اور وہاں کے مقامی خارجیوں، قرامطیوں اور دیگر مخالفین کا مقابلہ کرتے رہے۔ انھوں نے صعدا کے ساتھ ساتھ کئی مرتبہ صنعاً کو بھی اپنے قبضے میں کیا۔ اگلی صدی تک یمن زیدی دعوۃ یا مذہبی پراپیگنڈا کا مرکز بنا رہا۔ ان کے مبلغین کاسپین کے علاقوں اور اسلامی دنیا کے دوسرے خطوں میں جاتے تھے۔ یارھویں صدی کے نصف آخر میں سلیحیوں نے صنعاً لے لیا اور اگلی صدی میں یہاں بنو ہمدان پچاس برس کے لیے قابض ہو گئے؛ دسویں صدی کے امام احمد الناصر کی اولاد احمد المتوکل کے عہد میں ہی زیدیوں کی قسمت مختصر مدت کے لیے جاگی۔ 569/1174 میں یمن پر ایوبی تسخیر نے اماموں کی حاکیت کو کافی حد تک محدود کر دیا، وہ رسولی عہد میں کچھ بحال ہوئے، اور آخر کار داخلی جھگڑوں اور سماجی بے چینی نے یمن میں ان کی طاقت کو گھنا دیا۔

اس دور کے بعد متعدد اماموں کے نام ہمیں معلوم ہیں لیکن لگتا ہے کہ امامت کا سلسلہ بار بار حسنی سلسلوں اور مخالف دعویداروں کی وجہ سے منقطع ہوتا رہا۔ 923/1517 سے 1045/1635 تک یمن عثمانی ترکوں کے پاس رہا؛ سولھویں صدی میں ترک حکام ایک سے زائد امام کو اٹھا کر استنبول لے گئے۔ یمن اور صنعاً سے ترکوں کے جانے پر وہاں دوبارہ زیدی آ گئے؛ اور رسّی امام یوسف المنصور الداعی کی نسل کے اماموں کے ایک تازہ سلسلے نے حکومت کرنا شروع کر دی۔ یہی سلسلہ یمن میں آج تک مستقل طور پر موجود ہے، البتہ 1289/1872 سے 1308/1890 تک صنعاً پر عثمانی قبضہ رہا۔

## 30- صلیحی (439-532/1047-1138)

یمن

| | |
|---|---|
| 439/1047 | علی بن محمد |

Marfat.com
Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 459/1067 | المکرم احمد بن علی | |
| 477/1084 | المکرم الاصغر علی بن احمد بن المظفر | السیدہ عروہ کی مطلق حکومت |
| 484/1091 اندازاً/اندازاً | المنصور سبا بن احمد بن المظفر | کے ماتحت |
| 492-532/1099-1138 | السیدہ عروہ | |

ذریوں یا عدن کے بنو الکرم کا اقتدار

ابتدائی عرب فتوحات کے بعد جزیرہ نما عرب سیاسی اور ثقافتی لحاظ سے ابھر کر سامنے آیا۔ ہم پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں کہ یمن عراق میں عباسی خلفا سے دوری کے باعث جلد ہی شیعہ ازم، بالخصوص زیدیوں کا مرکز بن گیا۔ یہ اسماعیلی شیعہ ازم کے پراپیگنڈا کے لیے بھی ایک زرخیز میدان تھا، اور جب ایک مرتبہ فاطمیوں نے دسویں صدی کے اختتام پر مصر میں اپنے قدم جما لیے، اور حجاز کے مقامات مقدسہ نے فاطمی خلفاً کو تسلیم کر لیا تو مصر اور یمن کے مابین تعلقات قریبی ہو گئے۔

صلیحیوں نے اسماعیلی دعوۃ کے ماننے والوں اور فاطمیوں کے باجگزاروں کی حیثیت میں یمن پر حکومت کی۔ ہمدان کے ایک جنوبی عربی قبیلے کا رکن اور مقامی قاضی کا بیٹا علی بن محمد یمن میں مرکزی فاطمی داعی سلیمان الزواحی کا نائب بنا، اور اس نے پہاڑوں میں اپنی حکومت قائم کی۔ اس نے تہامہ یا ساحلی علاقوں کے نجاحیوں کی اباتی سینی غلام سلطنت شکست دی، 455/1063 میں زیدی اماموں سے صعاً چھینا اور حجاز پر حملہ کیا؛ اگلے ہی برس بنومعن کو عدن سے نکال باہر کیا۔ اس کے بیٹے المکرم احمد کے دور میں صلیحی علاقے اپنی زیادہ سے زیادہ وسعت کو پہنچے، تاہم یہ فتوحات یارھویں صدی کے باعث قائم نہ رہ سکیں۔ نجاحیوں کی بحالی ہوئی اور زیدی امام صعاً کے شمال میں بدستور موجود رہے۔ احمد کی حکومت کے نصف آخر سے لے کر 532/1138 میں اس کے وفات تک اس کی بیوی ملکہ السیدہ عروہ موثر انداز میں حاکمیت چلاتی رہی جس نے صلیحی دارالحکومت کو صعاً سے دھو جبل منتقل کر دیا۔ اواخر میں اقتدار ذریوں کو مل گیا جنھوں نے 569/1174 میں ایوبی توران شاہ کی آمد تک حکومت کی۔ تاہم مخالف صلیحی بادشاہ بارھویں صدی کے اختتام تک یمن میں قلعوں میں ڈٹے رہے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 31-رسولی (626-858/1229-1454)

### یمن

| | |
|---|---|
| 626/1229 | الملک المنصور نورالدین عمر اول |
| 647/1250 | الملک المظفر شمس الدین یوسف اول |
| 694/1295 | الملک الاشرف مجد الدین عمر دوم |
| 696/1296 | الملک المعید ہزبرالدین داؤد |
| 721/1322 | الملک المجاہد سیف الدین علی |
| 764/1363 | الملک الافضال ورغام الدین العباس |
| 778/1377 | الملک الاشرف مجد الدین اسماعیل اول |
| 803/1400 | الملک الناصر صلاح الدین احمد |
| 827/1424 | الملک المنصور عبداللہ |
| 830/1427 | الملک الاشرف اسماعیل دوم |
| 831/1428 | الملک الظاہر یحییٰ |
| 842/1439 | الملک الاشرف اسماعیل سوم |
| 845/1442 | الملک المظفر یوسف دوم |
| 846-58/1442-54 | ابتری کا دور، جس میں تخت کے چار متحارب دعویدار موجود تھے، حتیٰ کہ 858/1454 میں طاہریوں کو اقتدار مل گیا۔ |

569/1174 میں یمن کو ایوبی توران شاہ (صلاح الدین کے بھائی) نے فتح کیا اور وہاں ایوبی بادشاہ 626/1229 تک حکومت کرتے رہے۔ آخر کار ملک الکامل کے بیٹے صلاح الدین یوسف کو علاقہ چھوڑنے پر مجبور کر دیا گیا۔ اس کے جانشینوں، رسولیوں نے یمن میں ایوبی پالیسی جاری رکھی اور شیعی روایت کے حامل اس خطے میں ایک سنی اسلام کے مقاصد کو فروغ دیا۔ اگرچہ رسولیوں کا مورخ الخزرجی رسول کا شجرہ جنوبی عرب کے جد امجد قحطان سے جوڑتا ہے، لیکن

Marfat.com
Marfat.com

درحقیقت وہ اوغوز نسل کا ایک ترکمان تھا جسے عباسی خلیفہ نے ایلچی (رسول) مقرر کیا تھا اور سلطنت کی تاریخ میں متعدد ترک خصوصیات بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

رسول کے پوتا الملک المنصور عمر نے ساحلی علاقے میں زبید کو اپنا صدر مقام مقرر کیا لیکن پہاڑوں تک گیا اور تعز اور صنعا کو زیدی اماموں سے چھین لیا۔ اس نے مکہ پر بھی قبضہ کیا اور اس کی سلطنت حجاز سے لے کر حضر موت تک پھیل گئی؛ یوں رسولیوں کا اقتدار مسلم دنیا میں بین الاقوامی اہمیت کا حامل بن گیا۔ یمن سے ایک سفارت چین بھیجے جانے کا ریکارڈ موجود ہے۔ بلاشبہ اس اقدام کی وجہ مشرق بعید کے ساتھ حضر موت کے تجارتی روابط تھے۔ نیز ایوبیوں اور مملوک مصر کے ساتھ رسولیوں کے ثقافتی اور سیاسی تعلقات بدستور مستحکم رہے۔ بعد ازاں رسولیوں نے کوہستانی علاقے کے اندرون میں اپنا قبضہ قائم رکھنا مشکل پایا، اور 827/1424 میں الملک الناصر احمد کے وفات کے بعد داخلی پھوٹ اور انتشار پیدا ہوا جسے رسولیوں کی غلام افواج کی بغاوتوں اور طاعون کے وبا نے اور بھی زیادہ شدید بنا دیا۔ انجام کار آخری رسولی الملک المسعود نے عدن کے سنی طاہریوں کی ابھرتی ہوئی طاقت کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا، اور سولہویں صدی کی ابتدا میں عثمانی تسخیر تک یمن کا زیادہ تر حصہ طاہریوں کے پاس ہی رہا۔

## 32- آل بوسعید، مسقط اور اس کے بعد زنزی بار کا سلطان

## (1154- /1741-)

اومان اور زنزی بار

### 1-متحدہ سلطنت

| | |
|---|---|
| 1163/1749? | احمد بن سعید |
| 1198/1783 | سعید بن احمد |
| 1200/1786?? | حامد بن سعید |
| 1206/1792 | سلطان بن احمد |
| 1220/1806 | سلیم بن سلطان |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1220/1806 | سعید بن سلطان |

سعید کی وفات پر سلطنت کی تقسیم

## 2-اومان

| | |
|---|---|
| 1273/1856 | تھوینی بن سعید |
| 1282/1866 | سلیم بن تھوینی |
| 1285/1868 | ازان بن قیس |
| 1287/1870 | ترکی بن سعید |
| 1305/1888 | فیصل بن ترکی |
| 1331/1913 | تیمور بن فیصل |
| -1932/ -1350 | سعید بن تیمور |

## 3-زنزی بار

| | |
|---|---|
| 1273/1856 | ماجد بن سعید |
| 1287/1870 | برغش بن سعید |
| 1305/1888 | خلیفہ بن برغش |
| 1307/1890 | علی بن سعید |
| 1310/1893 | حامد |
| 1314/1896 | حماد |
| 1320/1902 | علی بن حمود |
| 1329/1911 | خلیفہ |
| 1380-3/1960-3 | عبداللہ بن خلیفہ |
| 1383/1963-4 | جمشید بن عبداللہ |

جمہوریہ تنزانیہ میں انقلاب اور الحاق

بوسعیدی اومان اور مشرقی افریقہ کی ساحلی زمینوں میں یعربی اماموں کے سلسلے کی وراثت کے

Marfat.com
Marfat.com

جانشین بنے۔ احمد بن سعید نے اومان میں صوحار کے گورنر کے طور پر آغاز کیا اور پھر سارے خطے کا مالک بن بیٹھا۔ اس نے غالباً 1163/1749 میں (عبادیوں کے) امام کا لقب اختیار کیا، لیکن اس کا بیٹا سعید یہ لقب استعمال کرنے والا آخری شخص تھا۔ بعد کے حکمرانوں نے خود کو صرف سید یا غیر ملکیوں کے سلطان کہلانے پر ہی اکتفا کیا۔ انجام کار مسقط بوسعیدیوں کا دارالحکومت بنا۔ مسقط طویل عرصہ سے بین الاقوامی اہمیت کی حامل بندرگاہ تھا اور اس نے خلیج فارس پر تجارتی کنٹرول کے سلسلے میں پرتگیزیوں اور اس کے بعد ڈچ کی جدوجہد میں بہت اہم کردار ادا کیا تھا۔ سید سلطان (1206-20/1792-1806) نے جزائر بحرین، بندر عباس، ہورمز، کشم اور فارس کے جنوبی ساحلوں تک ایک توسیع پسندانہ پالیسی پر عمل کیا۔ تاہم ابتدائی انیسویں صدی کے دوران سیدوں کی پوزیشن نجد کے جارحیت پسند وہابیوں کے باعث کمزور ہوگئی؛ انھوں نے برطانیہ کے ساتھ اتحاد کر کے اس خطرے کا مقابلہ کیا۔ برطانیہ کی دلچسپی اس بات میں تھی کہ ہندوستان کے راستے کے قریب واقع مسقط دوستوں کے پاس رہے۔ 1212/1798 میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ پہلا معاہدہ کیا گیا، اور پھر کمپنی کے ایجنٹس کو مسقط میں رکھا گیا؛ انیسویں صدی کے بعد کے عشروں میں برطانیہ نے خلیج میں غلاموں کی تجارت کنٹرول اور پھر ختم کرنے کے لیے مسقط پر اپنا اثر ورسوخ استعمال کیا۔

مشرقی افریقی ساحل پر عربی مقبوضات اٹھارہویں صدی کے اواخر میں فارس کے ساتھ جنگوں میں ہاتھ سے نکل گئی تھیں، اور صرف زنزی بار، ممباسا، اور کلوا ہی بوسعیدیوں کے پاس رہ گئے۔ لیکن سعید بن سلطان نے اپنے طویل دور حکومت میں شمال میں موگادیشو سے لے کر جنوب میں کیپ ڈیلگا دو تک تمام عرب اور ساحلی کالونیوں کو اپنے اختیار میں کر لیا۔ 1273/1856 میں اس کے وفات کے بعد بوسعیدی مقبوضات کو دو الگ الگ سلطنتوں میں تقسیم کر دیا گیا، جن کی بنیاد مسقط اور زنزی بار پر تھی۔ 1307/1890 میں جزائر زنزی بار اور ممباسا برطانوی حفاظت میں آگئے؛ سلطنت نے دسمبر 1963ء میں ایک مرتبہ پھر آزادی حاصل کی، لیکن جنوری 1964ء میں ایک سازش نے سلطان کی حکومت کا خاتمہ کر دیا، اور اپریل 1964ء میں زنزی بار جمہوریہ تنزانیہ میں تانگانیکا کے ساتھ منسلک ہوگیا۔ جہاں تک اومان کا تعلق ہے تو 1319ء کے بعد سے

Marfat.com
Marfat.com

اندرونی علاقے میں علیحدگی پسند تحریک اس کو سیاسی لحاظ سے پریشان کرتی رہی۔ مصران ناراض دھڑوں کے موجودہ امام غالب کو رقم فراہم کرتا رہا، اور 1957ء میں اس نے مسقط میں سلطان کے خلاف ایک مسلح تحریک چلانے کی کوشش کی۔

## 33- آل سعود یا وہابیہ (1159- /1746- )

### شمالی اور مشرقی عرب

| | |
|---|---|
| 1159/1746 | محمد بن سعود |
| 1179/1765 | عبدالعزیز اول |
| 1218/1803 | سعود بن عبدالعزیز |
| 1229/1814 | عبداللہ اول بن سعود |
| *1233-8/1818-22* | *عثمانی ترکی قبضہ* |
| 1238/1823 | ترکی |
| 1249/1834 | فیصل اول، پہلا دور حکومت |
| 1253/1837 | خالد بن سعود |
| 1257/1841 | عبداللہ دوم بن تھنیان (مصر کے محمد علی کے باجگوار کے طور پر) |
| 1259/1843 | فیصل اول، دوسرا دور حکومت |
| 1282/1865 | عبداللہ سوم بن فیصل، پہلا دور حکومت |
| 1287/1871 | سعود بن فیصل |
| 1291/1874 | عبداللہ سوم، دوسرا دور حکومت |
| *1305/1887* | *حائل کے محمد بن رشید کی فتح، عبداللہ بدستور 1307/1889 تک ریاض کا گورنر رہا۔* |
| 1307/1889 | عبدالرحمان بن فیصل، ریاض میں بطور گورنر |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1308/1891 | محمد بن فیصل مطوی، رشیدیوں کے ماتحت گورنر کے طور پر |
| 1319/1902 | عبدالعزیز دوم |
| 1373/1953 | سعود |
| 1384/1964 | فیصل دوم |

وہابیہ کا آغاز وسطی عرب یا نجد میں ایک مذہبی اور اصلاحی مذہبی تحریک کے طور پر ہوا۔ اس کا بانی محمد الوہاب (وفات 1206/1791) تھا جس کے عقائد نجد کی مقامی تاریخ عنوان المجد فی تاریخ نجد از عثمان عبداللہ میں محفوظ ہیں۔ ان عقائد کو دیکھنے پر وہ احمد بن حنبل اور ابن تیمیہ کے شدید شریعت پسندانہ دینی خیالات کا پیروکار نظر آتا ہے۔ خدا کی یگانگت اور ماورائیت پر زور دیا گیا ہے، اور کافرانہ اجتہادات یا بدع سے شدید نفرت ظاہر کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مقبول عام بزرگ پرستی اور مقامات کو مقدس قرار دے کر ان کی عبادت کرنے کے خلاف رویہ بھی موجود ہے۔ چنانچہ جب وہابیہ نے عرب میں سیاسی اور عسکری طاقت حاصل کی تو انھوں نے بڑے منظم انداز میں صوفیاء کے مقبرے وغیرہ مسمار کر دیے۔

محمد بن عبدالوہاب درعیہ کے نجدی سردار محمد بن سعود کی حفاظت میں تھا، اور اس کا اصلاحی جذبہ سعودی خاندان کی سیاسی توسیع میں کارفرما بنیادی قوت بن گیا۔ اٹھارہویں صدی کے اختتام تک سارے کا سارا نجد فتح ہو گیا تھا اور عراق پر حملے کیے جا رہے تھے۔ انجام کار وہابیوں نے 1218/1803 میں شیعوں کے مرکز کربلا میں غارت گری کی؛ اور حجاز کے مقدس شہروں کو قبضے میں لے لیا گیا۔ اس کے جواب میں عثمانیوں کا طیش میں آنا فطری بات تھی اور سلطان نے مصر کے گورنر محمد علی کو وہابیوں سے نمٹنے کا اختیار دیا؛ 1233/1818 میں محمد علی کے بیٹے ابراہیم نے درعیہ پر قبضہ کیا اور اس کی اینٹ سے اینٹ بجا دی، سعودی امیر کو استنبول جانے پر مجبور کیا اور حجاز کو اپنے قبضے میں لے لیا۔ ترکی اور فیصل اول کے دور میں وہابیوں نے کچھ حد تک دوبارہ قوت حاصل کی لیکن اس کے بعد انیسویں صدی کے آخری برسوں میں حائل کے دشمن رشیدی خاندان سے مغلوب ہوئے اور سعودی کویت میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے۔ بیسویں صدی میں خاندان کی دوبارہ

Marfat.com
Marfat.com

سرفرازی کا تعلق عبدالعزیز بن سعود کی عظیم شخصیت کے ساتھ ہے۔اس نے الرشید کا تختہ الٹا (جس نے پہلی عالمی جنگ میں ترک عزائم کی حمایت کی تھی)، شریف حسین کو مکہ میں خلیفہ کے طور پر پیر جمانے سے روکا، اور 1930ء میں خود حجاز اور نجد کے بادشاہ کے طور پر مکہ میں تخت نشین ہو گیا۔ یوں جدید سعودی بادشاہت وجود میں آئی۔

Marfat.com
Marfat.com

پانچواں حصہ

# ایرانی دنیا اور سلجوقوں سے پہلے کا کاکیشیا

## 34-باوندی(45-750/665-1349)

کاسپئین سواحل

### 1-کاؤسیه کی نسل(طبرستان)

| | |
|---|---|
| 45/665 | باو |
| 60/680 | ولاش کی مختصر حکومت کا عرصہ |
| 68/688 | سرخاب اول |
| 98/717 | مہرمردان |
| 138/755 | سرخاب دوم |
| 155/772 | شروین اول |
| 181/797 | شہریار اول |
| 210/825 | شاپور یا جعفر |
| 222/837 | قارن اول |
| 253/867 | رستم اول |
| 282/895 | شروین دوم |
| 318/930 | شہریار دوم |
| ? | رستم دوم |
| 355/966 | دارا |
| 358/969 | شہریار سوم |
| 396/1006 | رستم سوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 449-66/1057-74 | قارن دوم |

## 2-اسپ بدیہ کی نسل(طبرستان اور گیلان)

| | |
|---|---|
| 466/1074 | حسام الدولہ شہریار |
| 503/1110 | نجم الدولہ قارن |
| 511/1117 | شمس الملوک رستم |
| 511/1118 | علاؤ الدولہ علی |
| 534/1140 | شاہ غازی رستم اول |
| 558/1163 | علاؤ الدولہ یا شرف الملوک |
| 567/1172 | حسام الدولہ اردشیر |
| 602-6/1206-10 | ناصر الدولہ یا شمس الملوک شاہ غازی رستم دوم |

## 3-کینکھواریہ کی نسل (منگولوں کے باجگزار)

| | |
|---|---|
| 635/1238 | حسام الدولہ اردشیر |
| 647/1249 | شمس الملوک محمد |
| 665/1267 | علاؤ الدولہ علی |
| 675/1276 | تاج الدولہ یزدگرد |
| 698/1299 | ناصر الدولہ شہریار |
| 714/1314 | رکن الدولہ کیخسرو |
| 728/1328 | شرف الملوک |
| 734-50/1334-49 | فخر الدولہ حسن |

افراسیاب خاندان مازندرن میں اقتدار پر قبضہ کر لیتا ھے

گیلان اور طبرستان کی ساحلی زمینیں اور کوہستانی علاقے کوہ البرز کے حصار کی حفاظت میں ہونے کے ناطے ہمیشہ سے ہی لوگوں اور خیالات کی جائے پناہ رہے ہیں۔ وہاں مختلف نسلوں کی شاخیں، غیر مقبول مذہبی عقائد، زبانیں، رسم الخط اور سماجی دستور فارس کے نسبتاً زیادہ قابل رسائی

Marfat.com
Marfat.com

حصوں کے مقابلے میں بہت طویل عرصہ تک موجود رہے۔ فارس میں اسلام کی آمد کے کئی سو سال بعد بھی ان خطوں نے مختلف چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کو جگہ دی جن کی جڑیں ساسانی ماضی میں تھیں؛ اس میں سے ایک بادوپانی صفوی شاہپ عباس اول کے عہد تک موجود رہی (یعنی سولہویں صدی کے اختتام تک)، جب سلسلے کا خاتمہ کر کے اسے باقی کے فارس سمیت کاسپین صوبوں کا حصہ بنالیا گیا۔

ان مقامی ایرانی سلطنتوں میں سے اہم ترین غالباً طبرستان (جسے گیارھویں صدی سے عموماً مازندران کہا جاتا تھا) کے باوندی تھے، جنھیں بارھویں صدی کے حالات نے فارس سے باہر کھیل کھیلنے کی اجازت دی۔ 700 برس بعد ال خانی ادوار تک اس سلطنت کا باقی رہنا اہم پر واضح کرتا ہے کہ خطے کی الگ تھلگ حیثیت نے کس طرح خاندان کا تسلسل ممکن بنایا جو کہ مسلم دنیا میں بے نظیر ہے۔ باوندی حکمرانوں نے ایرانی لقب اسپہبد یعنی عسکری رہنما اختیار کیا تھا اور اکثر انھیں ملوک الجبال یعنی پہاڑوں کے بادشاہ بھی کہا جاتا تھا، کیونکہ وہ جب بھی میدانوں میں شکست دے دوچار ہوتے تو بھاگ کر پہاڑوں میں چلے جاتے۔

پہلا سلسلہ کاؤسیہ دسویں صدی میں بویئوں اور زیاریوں کے ساتھ بذریعہ شادی منسلک تھے اور بعد میں زیاری قابوس بن وشمگیر کے اختیار میں آگئے، لیکن اگلی صدی میں جب سلجوقوں نے کاسپین کے ساحلی علاقوں پر حملہ کیا تو وہ تب بھی پہاڑوں میں موجود تھے۔ آئندہ برسوں میں باوندیوں کے دوسرے یا اسپہبد یہ سلسلے نے کامیابی کے ساتھ عظیم سلجوقوں کو طبرستان پر براہ راست حاکمیت جمانے سے روکا؛ انھوں نے سلجوقی تخت کے متعدد دعویداروں کو پناہ دی اور کئی اعلیٰ سلجوقوں کے ساتھ شادیاں کیں۔ سلجوقوں کے انحطاط نے شاہ غازی رستم اول کو شمالی فارس کی سیاسیات میں ایک اہم حیثیت اختیار کرنے کے قابل بنایا؛ اس نے ایک آزادانہ پالیسی لاگو کی جس کا مطمح نظر اپنی جاگیر کو البرز جنوب کی جانب کی جانب وسعت دینا تھا۔ تاہم، البرز کے اسماعیلیوں اور اس کے بعد خوارزم شاہان کے دباؤ نے اس سلسلے کے 606/1210 میں انجام تک پہنچایا اور مازندران مختصر عرصہ کے لیے خوارزمی کنٹرول میں چلا گیا۔ اس کے باوجود شورش پسند باوندی دوبارہ نمودار ہوئے اور تیسرا سلسلہ کنخوار یہ شروع کیا۔ انھوں نے منگولوں کے باجگزاروں کے طور پر

Marfat.com
Marfat.com

حکومت کی؛ آخرکار 750/1349 میں ایک اور مقامی مازندرانی خاندان (کیا افراسیاب چلابی) نے ان کا تختہ الٹا اور ان کے اقتدار کا خاتمہ کر دیا۔

## 35-مسافری یا سلاری یا کنگری (304-483/916-1090 اندازاً)

دیلم اور آذربیجان

| | |
|---|---|
| 304/916 سے قبل | محمد بن مسافر، دیلم میں طارم کا حکمران |
| 330/941 | مرزوبان اول بن محمد (آذربیجان اور اران میں) |
| 330/941 | وہسودان بن محمد (طارم میں) |
| 346/957 | جستان اول بن مرزوبان (آذربیجان میں) |
| 349/960 | ابراہیم اول بن مرزوبان (آذربیجان میں، 373/983 میں اپنی وفات تک) |
| 355/966 | مرزوبان دوم بن اسماعیل بن وہسودان (طارم میں 374/984 تک) |
| 387/997 | ابراہیم دوم بن مرزوبان دوم (طارم میں دوبارہ مسند نشین ہوا اور 420/1029 تک زندہ رہا) |
| ? | جستان دوم بن ابراہیم (437/1045 تک حکومت کی) |
| ? | مسافر بن ابراہیم (454/1062 تک حکومت کی) |

الموت کے اسماعیلیوں کے ہاتھوں سلطنت کا خاتمہ

شمال مغرب فارس کی تاریخ آذربیجان کے ساجدیوں اور دربند کے یزیدیوں (بعد کے شیروان شاہی) جیسے عرب گورنروں اور آتے ہوئے ترک سلجوقوں کے درمیانی وقفے میں مقامی ایرانی باشندوں کی شورش انگیزی سے ہی عبارت ہے۔ دیلمی زیاریوں اور بویہیوں نے مغربی اور

Marfat.com
Marfat.com

جنوبی فارس کی زرخیز زمینیں حاصل کرنے کی کوششیں کیں جبکہ دیلمی مسافریوں نے شمال کی جانب آذربیجان میں وسعت اختیار کی جہاں ساجدیوں کے خاتمے نے اقتدار کا بحران پیدا کر دیا تھا۔ مسافریوں کے لیے اکثر سلاریوں کا نام بھی استعمال ہوتا ہے، لیکن فارسی محقق کسروی کا یہ دعویٰ کافی حد تک درست ہے کہ خاندان کا اصل نام کنگری تھا۔

محمد بن مسافر (غالباً فارسی کے اسفار/اسوار سے مشتق) دیلم میں طاروم اور سمیران کے اہم قلعوں پر قابض تھا، اور انھی کی وجہ سے اس نے دیلم کی پرانی سلطنتِ جستانی کی قیمت پر اپنی طاقت کو فروغ دیا۔ 330/941 میں محمد کی وفات کے بعد خاندان کچھ عرصہ تک دو شاخوں میں بٹا رہا۔ ایک شاخ کا سردار وھسودان دیلم میں ہی رہا جبکہ دوسری شاخ اس کے بھائی مرزوبان کی قیادت میں شمال اور مغرب کی جانب آذربیجان اور اران، اور حتیٰ کہ دربند (کاسپین کے ساحل پر) کی جانب چلی گئی۔ تاہم یہ موخرالذکر شاخ تبریز کے روادیوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کا سامنا نہ کر سکی اور آذربیجان میں آخری مسافری علاقے 374/984 میں ہاتھ سے نکل گئے۔ نیز طاروم شاخ پر رے کے بویئی فخرالدولہ نے شدید دباؤ ڈالا اور وہ ایک موقع پر تو سمیران بھی اس کے ہاتھوں میں دے بیٹھے۔ اس کی موت کے بعد ان کی قسمت پھر جاگ اٹھی اور وہ دیلم کے مغرب میں واقع زنجان اور دیگر شہر قبضے میں لینے کے قابل ہو گئے۔ لیکن سلطنت اب انتشار کا شکار ہو گئی تھی۔ ابراہیم دوم بن مرزوبان کو 420/1029 میں غزنویوں نے مختصر عرصہ کے لیے بیدخل کیا۔ بعد میں خاندان سلجوق طغرل بیگ کا باجگزار بن گیا۔ اس کے بعد صرف خاموشی نظر آتی ہے۔ لیکن یہ قرین قیاس ہے کہ آخری گمنام مسافریوں کا خاتمہ الموت کے جارحیت پسند اسماعیلیوں نے کیا۔

## 36- روادی (1071-ابتدائی دسویں صدی/463-ابتدائی چوتھی صدی)

آذربیجان

| | |
|---|---|
| ? | محمد بن حسین الروادی |
| 340/951 اندازاً | حسین اول بن محمد |
| ? | ابوالہیجا/ابوالہاجہ مملان اول یا محمد |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 391/1000 | ابونصر حسین دوم بن مملان |
| 416/1025 | وہسودان بن مملان |
| 451/1059 | مملان دوم بن وہسودان |
| 463/1071 | آذربیجان پر سلجوقوں کا قبضہ |
| ? | احمدیل بن ابراہیم بن وہسودان (وفات 510/1116 میں مراگھا کے مقام پر) |

## مراگھا کے احمدیلی اتابیگ

شمالی فارس کے ایرانی عوام میں دسویں صدی کے دوران ہونے والی شورش انگیزی میں دیلمی اگرچہ اس سے زیادہ نمایاں تھے لیکن دیگر نسلوں کا کردار بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ اران کے شدادی غالباً کرد النسل تھے، جبکہ تبریز اور آذربیجان کے روادیوں کو دسویں صدی میں کردی ہی سمجھا جاتا تھا۔ درحقیقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ خاندان اصل میں یمنی قبیلے ازد سے تعلق رکھتا تھا۔ ابتدائی عباسی عہد میں روادی خاندان کے ارکان تبریز کے حاکم رہ چکے تھے، لیکن بعد کے تقریباً ایک سو برسوں میں خاندان مکمل طور پر کردی رنگ میں رنگا گیا، مملان اور احمدیل جیسے نام اصل میں عربی ناموں محمد اور احمد کی ہی بگڑی ہوئی کردی صورت ہیں۔

اپنے مسافری پڑوسیوں کی مانند روادیوں نے بھی ساجدیوں سے پہلے کی گڑبڑ سے فائدہ اٹھایا۔ بویئوں کی جانب سے مدد کے باوجود مسافریوں کی آذربیجان چلی جانے والی شاخ کو ابو الہیجا مملان نے آہستہ آہستہ باہر نکال دیا، یوں 374/984 تک آتے آتے سارا خطہ روادیوں کے ہاتھوں میں تھا۔ گیارھویں صدی میں سلطنت کا نہایت غیر معمولی رکن وہسودان بن مملان تھا۔ اس کردی پڑوسیوں کی معاونت سے اوغوز ترکمانوں کے اولین حملوں کا مقابلہ کامیابی کے ساتھ کیا، لیکن 446/1054 میں طغرل کی اطاعت قبول کرلی۔ بعدازاں سلجوقیوں نے سلجوقوں کے باجگواروں کے طور پر حکومت کی، حتیٰ کہ 463/1070 میں الپ ارسلان اناطولیہ میں اپنی مہم سے واپس آیا اور مملان بن وہسودان کو معزول کیا۔ تاہم اس کے بعد بھی ہمیں خاندان کے کم ازکم ایک رکن کا پتہ ملتا ہے جسے احمدیل کے طور پر جانا جاتا ہے اور جس کا نام اس کے ترک غلاموں

Marfat.com
Marfat.com

(احمدیلیوں) کے سلسلے میں قائم ودائم رہا۔

## 37-شدادی (1174-340-571/651 اندازاً)

اران اور مشرقی آرمینیا

### 1-گنج اور دوین میں مرکزی نسل

| | |
|---|---|
| 340/951 اندازاً | محمد بن شداد (دوین میں) |
| 360/971 | علی لشکری اول بن محمد (گنج میں) |
| 368/978 | مرزبان بن محمد |
| 375/985 | فضل اول بن محمد |
| 422/1031 | ابوالفتح موسیٰ |
| 425/1034 | علی لشکری دوم |
| 440/1049 | انوشیرواں بن لشکری |
| 441/1049 | ابوالاسوار شاور اول بن فضل (413/1022 سے دوین اور 441/1049 سے گنج میں) |
| 459/1067 | فضل دوم بن شاور |
| 466-8/1073-75 | فضل سوم (فضلون) بن فضل |

اران پر سلجوق جنرل سوتگین کا قبضہ

### 2-آنی شاخ

| | |
|---|---|
| 465/1072 اندازاً | منوچہر بن شاور اول |
| 512/1118 اندازاً | ابوالاسوار شاور دوم |
| 518/1124 | جارجیائی قبضہ |
| 519/1125 اندازاً | فضل چہارم (فضلون) بن شاور |
| ? | محمود |
| 525/1131 اندازاً | خوشچہر |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| ? | شداد |
| 550/1155 | فضل پنجم |
| 556/1161 | جارجیائی قبضہ |
| 559-71/1164-74 | شہنشاہ |

جارجیانی قبضہ

شدادیوں کا شمار بھی انھی سلطنتوں میں ہوتا ہے جو دیلمی وقفے کے دوران شمالی فارس میں ابھریں، اور یہ بات قرین قیاس ہے کہ وہ کردی النسل تھے۔ ایرانی دنیا کا شمال مغربی کنارہ اور ملحقہ کاکیشیا کا علاقہ زیادہ تر ریکارڈ کی ہوئی تاریخ کے دوران نسلی اور زبانی اعتبار سے نہایت گڑبڑ کا شکار رہا ہے۔ شدادیوں کو آذربیجان کے دیلمیوں اور دوسری طرف عیسائی آرمینیوں و جارجیوں کے مابین اپنی جگہ بنانے کی ضرورت تھی۔ اسی لیے شدادی شجرہ نسب میں دیلمی نام مثلاً لشکری اور آرمینیائی نام مثلاً اشوت ملتے ہیں۔

دسویں صدی کے درمیانی برسوں میں کردی مہم جو محمد بن شداد نے خود کو دوین کے مقام پر قائم کیا۔ اس دور میں یہ شہر مسافریوں کے قبضے میں تھا۔ بازنطینی مدد حاصل کرنے کی ایک کوشش کے باوجود محمد دیلمیوں کو دوین کے دوبارہ حصول سے نہ روک پایا، لیکن 360/971 میں اس کے بیٹوں نے کامیابی کے ساتھ مسافریوں کو اران میں گنج سے باہر نکالا۔ اس کے بعد گنج ایک سو سال تک شدادیوں کی مرکزی نسل کا دارالحکومت بنا رہا۔ اب انھوں نے جوش و جذبے کے ساتھ اس خطے میں اسلام کا دفاع شروع کیا اور جارجیائی بگرتدیوں، مختلف آرمینیائی بادشاہوں، بازنطینیوں وغیرہ کے ساتھ لڑے۔ بالخصوص شدادیوں میں سب سے زیادہ نمایاں ابوالاسوار شاؤر اول نے عقیدے کے مجاہد کے طور پر اس دور میں بہت زیادہ شہرت حاصل کر لی۔ جب سلجوق کاکیشیا کے علاقہ میں داخل ہوئے تو شدادیوں نے طغرل اور سلجوقوں کے سامنے شکست تسلیم کر لی، لیکن 468/1075 میں ترک غلام جرنیل سوتکین نے اران پر حملہ کیا اور فضل یا فضلون سوم نے اپنی اجدادی مقبوضات اس کے حوالے کر دیں۔ تاہم آنی کے مقام پر ایک اور شاخ بارھویں صدی کے دوران بہت سے نشیب و فراز سے گذر کر بھی موجود رہی۔ آنی میں شدادیوں کی کا ذکر 595/1199 تک ملتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 38-زیاری (315-483/927-1090)

### طبرستان اور گرگان

| | |
|---|---|
| 315/927 | مرداویج بن زیار |
| 323/935 | ظاہر الدولہ وشمگیر |
| 356/967 | ظاہر الدولہ بیستون |
| 367/978 | شمس المعالی قابوس |
| 402/1012 | فلک المعالی منوچہر |
| 420/1029 | انوشیرواں |
| 441/1049 | عنصر المعالی کیکاؤس |
| ?-483/?-1090 | گیلان شاہ |

دسویں صدی کے ابتدائی برسوں میں بحیرۂ کاسپیئن کے جنوب مغربی کونے پر دیلم کے دور افتادہ اور پسماندہ کوہستانی خطے نے خلافت کی فوجوں میں دوسری جگہوں پر بھی اپنے لوگوں کی بڑی تعداد کو بطور سپاہی روانہ کیا۔ زیاریوں کا تعلق ان کرائے کے سپاہیوں میں سے ہی ایک مرداویج بن زیار کے ساتھ تھا جو سامانی فوج کے ایک جرنیل اسفار کی بغاوت کے موقع پر شمالی فارس پر قابض ہو گیا۔ اس کا اقتدار جلد ہی جنوب میں اصفہان اور ہمدان تک وسیع ہو گیا، لیکن 323/935 میں وہ اپنے ہی ایک ترک فوجی کے ہاتھوں مارا گیا اور اس کی ناپائیدار سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔ اس کا بھائی وشمگیر سامانیوں کے بالادستی کو قبول کر کے صرف کاسپیئن صوبوں میں ہی اپنے قدم جما سکا۔ دسویں صدی کے نصف آخر میں زیاریوں نے شمالی فارس پر قبضہ کے لیے بویئوں اور سامانیوں میں جاری جدوجہد میں کچھ اہم کردار ادا کیا، اور قابوس بن وشمگیر کی صورت میں کا ادبی ذوق اور قابلیت کا حامل ایک حکمران پیدا کیا۔ زیاری سلطنت کو دیلم کی دیگر سلطنتوں سے جدا کرنے والی ایک چیز ان کی شیعی کی بجائے سنی عقائد کے ساتھ وابستگی ہے۔

یارھویں صدی کے آغاز میں زیاریوں کو بھی غزنویوں کا نائب بننا قبول کرنا پڑا۔ دونوں خاندان شادی کے بندھنوں میں بندھے ہوئے تھے، لیکن ان کی 421/1030 سے بعد کی تاریخ

Marfat.com
Marfat.com

نہایت مبہم ہے۔ سلجوقوں نے کاسپین کے ساحلی علاقے گرگاں اور طبرستان لے لیے، لیکن لگتا ہے کہ زیاری خاندان کے افراد کم قابل رسائی کوہستانی علاقوں میں موجود رہے؛ آخری امیروں میں سے ایک کیکاؤس فارسی زبان میں "بادشاہوں کا آئینہ" (قابوس نامہ) کا مصنف ہونے کے طور پر مشہور ہے۔ اس کا بیٹا گیلان شاہ اس سلسلے کا آخری معلوم رکن تھا۔ غالباً اسے کا تخت کوہ البرز کے اسماعیلیوں نے الٹا، اور اس کے بعد سلطنت صفحۂ تاریخ سے ہمیشہ کے لیے غائب ہو گئی۔

## 39-بویٔی یا بُویہی (320-454/932-1062)

فارس اور عراق

### 1-فارس اور خوزستان میں سلسلہ

| | |
|---|---|
| 322/929 | عماد الدولہ علی |
| 338/949 | عضد الدولہ فنا خسرو |
| 372/983 | شرف الدولہ شیرزیل |
| 380/990 | صمصام الدولہ مرزبان |
| 388/998 | بہاء الدولہ فیروز |
| 403/1012 | سلطان الدولہ |
| 412/1021 | مشرف الدولہ حسن |
| 415/1024 | عماد الدین مرزبان |
| 440/1048 | الملک الرحیم خسرو فیروز |
| 447-54/1055-62 | فولاد ستون (صرف فارس میں) |

شبان کارعی کردی سردار فضلُویہ نے فارس میں اقتدار پر قبضہ کر لیا

### 2-کرمان میں سلسلہ

| | |
|---|---|
| 324/936 | معز الدولہ احمد |
| 338/949 | عضد الدولہ فنا خسرو |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 372/983 | صمصام الدولہ مرزوبان |
| 388/998 | بہاؤ الدولہ فیروز |
| 403/1012 | قوام الدولہ |
| 419-40/1028-48 | عماد الدولہ مرزوبان |

قاورد کا سلجوق سلسلہ

## 3-جبال میں سلسلہ

| | |
|---|---|
| 320/932 | عماد الدولہ علی |
| 335-66/947-77 | رکن الدولہ حسن |

(ا) ہمدان اور اصفہان میں شاخ

| | |
|---|---|
| 366/977 | معید الدولہ بویہ |
| 373/983 | فخر الدولہ علی |
| 387/997 | شمس الدولہ |
| 412-419 | سماع الدولہ (کیکوئی اقتدار کے ماتحت) |

(ب) رے میں شاخ

| | |
|---|---|
| 366/977 | فخر الدولہ علی |
| 387-420/997-1029 | ماجد (مجد) الدولہ رستم |

غزنوی فتوحات

## 4-عراق میں سلسلہ

| | |
|---|---|
| 334/645 | معز الدولہ احمد |
| 356/967 | عزت الدولہ بختیار |
| 367/978 | عدود الدولہ فنا خسرو |
| 372/983 | شمس الدولہ مرزوبان |
| 376/987 | شرف الدولہ شیر زیل |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 379/989 | بہاؤالدولہ فیروز |
| 403/1012 | سلطان الدولہ |
| 412/1021 | مشرف الدولہ حسن |
| 416/1025 | جلال الدولہ شیر زیل |
| 435/1044 | عماد الدین مرزوبان |
| 440-7/1048-55 | الملک الرحیم خسرو فیروز |

بغداد پر سلجوق قبضہ

بیوئی طاقت اور علاقائی وسعت کے اعتبار سے ان سلطنتوں میں سب سے بڑھ کر تھے جنھوں نے ایرانی تاریخ کے دیلمی شورش کے عرصے میں فروغ پایا..... یعنی دسویں اور ابتدائی گیارھویں صدی، سلجوقوں کی آمد سے پہلے۔ غیر واضح وجوہ (جو سیاسی کی بجائے سماجی اور مذہبی ہی ہوں گی) کی بنا پر ابتدائی برسوں میں دیلمیوں کی اپنے وطن سے نقل مکانی نظر آتی ہے۔ ان کے ایک کامیاب فوجی رہنما مرداویج بن زیار نے زیاری سلسلے کی بنیاد رکھی اور بیوئیوں نے اسی کی فوج میں پہلی مرتبہ شہرت حاصل کی۔

مرداویج کے قتل ہونے کے موقع پر تین بیوئی بھائیوں میں سب سے بڑا علی اصفہان پر قابض تھا، اور کچھ ہی عرصہ بعد اس نے فارس کو اپنے اختیار میں کر لیا، جبکہ حسن جبال اور احمد کرمان اور خوزستان کے مالک تھے۔ 334/945 میں احمد بغداد میں داخل ہوا اور عباسیوں نے بیوئی امیروں کے ماتحت نگرانی کا 110 سالہ دور شروع کیا۔ یہ بیوئی امیر عموماً امیر الامرا کہلاتے تھے۔ صدی کے تیسرے ربعہ میں احمد کے بیٹے عضد الدولہ نے عراق، جنوبی فارس اور حتیٰ کہ اومان میں بیوئی مقبوضات کو اپنے تحت متحد کیا، اور اس حکمران کے دور میں بیوئی سلطنت نے اتحاد اور اثر و رسوخ میں انتہائے عروج حاصل کیا۔ عضد الدولہ نے مغرب میں الجزیرہ کے حمدانیوں اور مشرق میں طبرستان کے زیاریوں اور خراسان کے سامانیوں کے خلاف توسیع پسندانہ پالیسی پر عمل کیا۔ تاہم اقتدار کا ایک پدرسری تصور بیوئیوں میں بالعموم موجود رہا۔ عضد الدولہ جیسے ایک طاقتور حکمران کی قیادت میں تو خاندان متحد رہا، لیکن اس کی موت کے بعد سلطنت بہت زیادہ نفاق اور

Marfat.com
Marfat.com

پھوٹ کا شکار ہوگئی۔ اس عدم اتحاد کے باعث سب سے پہلے تو محمود غزنی نے 420/1055 میں رے اور جبال کو بویئوں سے چھین کر ساتھ ملایا اور پھر سلجوق طغرل کی مغرب کی جانب آمد کے پیش نظر کمزوری کی حالت میں ہی چھوڑ دیا۔ (سلجوق طغرل سنیوں کی راسخ العقیدگی کو استعمال میں لانے اور یہ دعویٰ کرنے کے قابل تھا کہ وہ عراق اور مغربی فارس کو کافروں سے آزادی دلوا رہا تھا۔) 447/1055 میں بغداد پر قبضہ کر لیا گیا لیکن فارس کے بویئی امیر نے سات برس تک اقتدار سنبھالے رکھا۔ انجام کار اس کی مقبوضات پر مقامی شبان کارئی کرد قابض ہو گئے، مگر جلد ہی انھیں سلجوقوں کے حق میں بے دخل ہونا پڑا۔

زیادہ تر دیلمیوں کی طرح بویئی بھی اثنا عشری کو ماننے والے معتدل شیعہ تھے۔ ان کے علاقوں میں روایتی شیعی تیوہار متعارف کروائے گئے، اور ان کے دور میں شیعی دینیات (جو قبل ازیں مبہم اور جذباتی تھی) کو منظم اور عقلی رنگ دیا گیا۔ تاہم ان کا شیعہ ازم غالباً عرب مخالف ایرانی قومی احساسات کا اظہار تھا؛ اس لحاظ سے ان کی خود کو شجرہ نسب میں سامانیوں کے ساتھ ملانے کی کوششیں اور فارس کا قدیم شاہی خطاب شہنشاہ اختیار کرنا قابل غور ہیں۔ خلیفہ کی سیاسی طاقت اور مادی وسائل کو لازمی طور پر محدود کیا گیا، تاہم بویئوں نے خلافت کے خاتمے کی کوئی کوشش نہ کی، اور انھوں نے اپنے سیاسی مخالفین اسماعیلی شیعی فاطمیوں کے خلاف جارحیت کا مظاہرہ کیا۔ ثقافتی اعتبار سے بویئوں کی دوسری اور تیسری پشت میں فارسی اور عربی ادب کی قدر افزائی کی گئی اور اس عہد کے کچھ عظیم ترین محققین نے ان کی نگرانی میں کام کیا، جن میں ابو الفرج اصفہانی بھی شامل تھا۔

## 40- کاکوئی یا کاکوی (398-443/1008-51)

خود مختار حکمران؛ ان کے بعد سلجوقوں کے باجگوار

وسطی اور مغربی فارس

| | |
|---|---|
| 398/1008 | علاؤ الدولہ محمد بن دشمن زیار |
| 433-43/1041-51 | ابو منصور فرامرز (اصفہان) |
| 433-440/1041-1048 اندازاً | ابو کالیجار گرشاسپ اول (ہمدان اور نہاوند میں) |

Marfat.com
Marfat.com

?-1095-?/488-? ابو منصور علی (یزد میں)

1119-1095/513-488 اندازاً ابو کالیجار گرشاسپ دوم (یزد میں)

کاکوئی ایک دیلمی سلطنت تھے جنھوں نے بویئوں کے انحطاط کے دور میں مغربی فارس میں ترقی پائی اور بعد میں سلجوقوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کے باج گزار ہی بن کررہ گئے۔ دشمنزیار ایک دیلمی تھا جس نے رَے اور جبال کے بویئوں سے شہر یار نامی شہر حاصل کیا تھا۔ اس کا بیٹا علاً الدولہ محمد ابن کاکویا (کاکُویہ) کے نام سے مشہور تھا، اور ذرائع کے مطابق دیلمی بولی میں کاکُو کا مطلب ماموں تھا۔ محمد بیوئی امیر ماجد الدولہ کا ماموں تھا۔ 398/1008 میں وہ اصفہان کا گورنر بن گیا اور جلد ہی ہمدان اور مغربی فارس کے دیگر شہروں پر قبضہ کرلیا؛ اس خطے کے بھرپور محصولات کے ذریعہ اس نے ایک موثر کرائے کی فوج تیار کی اور کاکوئیوں کو کچھ عرصہ کے لیے ایک اہم طاقت بنا دیا۔ اس نے اپنے دربار میں شعرا اور محققین کی حوصلہ افزائی کی۔ اور فلسفی ابن سینا تادم مرگ اس کا وزیر رہا۔ جب محمود غزنی نے 420/1029 میں رَے فتح کیا تو ابن کاکویہ کو اطاعت پر مجبور ہونا پڑا؛ لیکن غزنویوں نے ان دور افتادہ علاقوں کو قبضے میں لینا مشکل پایا اور ایک موقع پر تو کاکویہ خود رَے پر قابض ہوگیا۔

اوغوز کے حملوں اور ان کے ریوڑوں نے فارس میں ساری سیاسی صورت حال بدل کر رکھ دی اور دیگر دیلمی طاقتوں کی مانند کاکوئیوں کو دفاعی انداز اختیار کرنے پر مجبور کیا۔ 433/1041 میں جب ابن کاکویہ کی وفات ہوئی تو اس کا بیٹا فرامرز اصفہان میں تخت نشین ہوا، لیکن اُسے سلجوقوں کو اپنے آقا تسلیم کرنے پر مجبور کردیا گیا۔ 443/1051 میں طغرل نے اصفہان پر حتمی طور پر قبضہ کیا تو فرامرز نے اس کے بدلے میں ابرقوہ اور یزد لے لیے۔ اس کے بھائی گرشاسپ نے ہمدان اور نہاوند میں اپنے باپ کی تقلید کی لیکن اوغوز کا مقابلہ نہ کرسکا اور بھاگ کر فارس کے بویئوں کے پاس چلا گیا۔ لگتا ہے آخری کاکوئیوں نے خود کو کافی حد تک عظیم سلجوق دور کے مطابق بنا لیا۔ علی بن فرامرز یزد میں اپنے باپ کا جانشین بنا اور چغری بیگ کی بیٹی سے شادی کرلی؛ اس خاندان کے جس آخری فرد کا ذکر ملتا ہے وہ گرشاسپ بن علی تھا۔ اس نے سلاطین محمد اور سنجر کی بہن سے شادی کی۔

Marfat.com
Marfat.com

## 41-طاہری (205-59/821-73)

خراسان

| | |
|---|---|
| 205/821 | طاہر اول بن حسین، المعروف ذوالیمینی |
| 207/822 | طلحہ |
| 213/828 | عبداللہ |
| 230/845 | طاہر دوم |
| 248-59/862-73 | محمد |

صفاری اور سامانی

طاہر بن الحسین فارسی مولا نسل سے تھا۔ وہ المامون کے دور میں سپہ سالار کے طور پر 194/810 میں الامین کے خلاف جنگ نمایاں ہوا، اور بغداد کی شکست کے بعد اس شہر اور الجزیرہ کا گورنر بن گیا۔ اپنی وفات سے کچھ عرصہ قبل اس نے خطبہ جمعہ سے المامون کا نام حذف کرانا شروع کر دیا تھا جو کہ اظہار بغاوت یا خودمختاری کے اعلان کے مترادف تھا۔ لیکن خلیفہ نے طاہر کے بیٹے طلحہ کو گورنری سونپ دی کیونکہ اس کی نظر میں اور کوئی بھی شخص اس عہدے کے قابل نہ تھا۔ تب سے طاہری نیشاپور کو دارالحکومت بنا کر تقریباً خودمختاری کے ساتھ حکومت کرنے لگے، اور بغداد کو باقاعدگی کے ساتھ خراج دیتے رہے (اس خراج میں ترک خلیفہ کے پیشہ ور غلام فوجیوں کا بنیادی ذریعہ بن گئے)۔ ان کا کٹر سنی عقیدہ اور مضبوط ایرانی و عرب جاگیردار و عسکری طبقات کی جانب جھکاؤ نے بالائی طبقہ کی طرف سے ان کی حمایت کو یقینی بنا دیا، البتہ وہ عام لوگوں کے حقوق کو تحفظ دینے، زراعت اور تعمیرات کی حوصلہ افزائی اور شاعروں و محققین کی سرپرستی کے لیے بھی اچھی شہرت رکھتے تھے۔ جب طاہری خاندان کی مرکزی شاخ خراسان میں حکمران تھی تو ساتھ ہی ساتھ خاندان کے دیگر افراد دسویں صدی کی ابتداً تک گیریژن کے کمانڈر کے اہم عہدے (صاحب الشرطہ) پر تعینات رہے۔

خراسان میں طاہریوں کی مرکزی سیاسی و عسکری کوششوں کا مقصد کاسپین علاقوں میں شیعی دعوۃ یا پراپیگنڈا کو روکنا اور سیستان میں صفاریوں کی بڑھتی ہوئی قوت کو لگام ڈالنا تھا۔ تاہم سیستان

Marfat.com
Marfat.com

میں انھیں ناکامی ہوئی۔ خراسان میں حکومت کرنے والا آخری طاہری محمد بن طاہر دوم اپنے پیش روؤں جیسی قابلیت نہ رکھتا تھا، اور 259/873 میں نیشاپور کو یعقوب بن لیث کے آگے ہار بیٹھا۔ 271/885 میں اسے اس عہدے پر دوبارہ تعینات کیا گیا، لیکن وہ کبھی بھی یہ فریضہ صحیح طور پر نہ نبھا سکا اور دسویں صدی کی ابتدا میں فوت ہو گیا۔

## 42- سامانی (204-395/819-1005)

### خراسان اور ورائے جیحون

| | |
|---|---|
| 204/819 | احمد اول بن اسد بن سامان، (فرگھانہ) فرغنہ کا گورنر |
| 250/864 | نصر اول احمد، اصلاً سمرقند کا گورنر |
| 279/892 | اسماعیل بن احمد |
| 295/907 | احمد دوم بن اسماعیل |
| 301/914 | الامیر السعید نصر دوم |
| 331/943 | الامیر الحمید نوح اول |
| 343/954 | الامیر المعید عبدالملک اول |
| 350/961 | الامیر السدید منصور |
| 365/976 | الامیر اول |
| 387/997 | الرضا نوح دوم |
| 389/999 | منصور دوم |
| 390-5/1000-5 | اسماعیل دوم المنتصر |

قراخانیوں (ورائے جیحون) اور غزنویوں (خراسان) کے درمیان علاقوں کی تقسیم

سامانی سلطنت کا بانی شمالی افغانستان کے علاقہ بلخ میں ایک دیہگان یا مقامی جاگیردار سامان خدا تھا، البتہ بعد میں سلطنت نے فارس کے قدیم ساسانی شہنشاہوں کی نسل سے ہونے کا دعویٰ

Marfat.com
Marfat.com

کیا۔ سامان خدا نے اسلام قبول کرلیا اور اس کے چار پوتوں نے خراسان میں خلیفہ مامون کی ملازمت کی۔ وفاداری کے ساتھ خدمت کرنے کے انعام میں نوح کو سمرقند، احمد کو فرغنہ، یحییٰ کو شاش اور الیاس کو ہرات کا گورنر مقرر کیا گیا۔ انھوں نے ورائے جیحون علاقے میں خود کو خاصا مضبوط کرلیا، اور 263/875 میں نصر بن احمد کو خلیفہ المعتمد نے اس سارے علاقے کا گورنر بنا دیا۔ یہ امیر خطہ سامانی سلطنت کا نیوکلیس بن گیا اور انھوں نے ورائے جیحون کے سیاسی استحکام اور اس کے تجارتی مفادات پر سٹیپوں کے پاگان ترک حملوں کو روکنے کے اضافی فرائض بھی اپنے ذمہ لے لیے۔ ورائے جیحون کی شمالی سرحدیں اور فرغنہ اسلام کے لیے محفوظ کر لیے گئے تھے، اور 280/893 میں اسماعیل بن احمد نے سیر دریا سے پرے قرلق پر حملہ کر کے ان کے دارالحکومت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ سٹیپوں میں اپنی عسکری طاقت کا خوف پیدا کر لینے اور وسط ایشیا کے کاروانوں کے راستے کھلے رکھنے کے ذریعہ سامانیوں نے اپنے علاقوں میں اقتصادی خوش حالی کو یقینی بنایا۔ نویں صدی کے بعد سے مسلم بادشاہوں کی فوجوں میں بھرتی ہونے والے زیادہ تر ترک غلاموں کا تعلق انھی سامانی علاقوں سے تھا۔ خوش حالی کی اس بنیاد پر سامانی امیروں نے بخارا میں اپنے دربار کو نہ صرف روایتی عربی علوم بلکہ نئی فارسی زبان اور ادب کی نشاۃ ثانیہ کا مرکز بھی بنالیا؛ سامانیوں کے دور حکومت میں ہی فردوسی نے شاہنامۂ اسلام لکھنا شروع کی۔

287/900 میں اسماعیل نے صفاری عمر بن لیث کو شکست دے کر اور حراست میں لے کر عباسی خلیفہ کا دل موہ لیا، اور خراسان کی گورنرشپ انعام میں حاصل کی۔ اب مشرقی ایران میں سامانی سب سے بڑی طاقت تھے۔ افغانستان میں ان کی حاکمیت ہندوستان کی سرحدوں تک کی چھوٹی چھوٹی سلطنتوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ شمالی فارس میں ان کا ٹکراؤ بویئوں کے ساتھ ہوا؛ یہاں خلافتی اور سنی حمایت کام آئی (کیونکہ سامانی کٹر سنی تھے)، اور خراسان اور ورائے جیحون میں انھوں نے ایسے خطوں پر حکومت کی جو ان کے مسلک کے گڑھ تھے۔

دسویں صدی کے درمیانی برسوں میں سامانی سلطنت ناتوانی اور انتشار کی علامات ظاہر کرنے لگی۔ یکے بعد دیگرے کئی محلاتی سازشوں نے دکھادیا کہ عسکری اور جاگیردار طبقات اختیارات حاصل کرتے جارہے تھے۔ خراسان میں بغاوتوں کے باعث یہ علاقہ بخارا کے اختیار سے نکل

Marfat.com
Marfat.com

گیا۔ چنانچہ دسویں صدی کے آخری عشرے کے دوران قراخانیوں اور غزنویوں کو سامانی علاقوں پر قبضہ کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئی۔ آخری بھگوڑا سامانی 395/1005 میں ما ا گیا۔

## 43-صفاری (1495-867/900-253)

سیستان

| | |
|---|---|
| 253/867 | یحییٰ بن لیث الصفار |
| 265/879 | عمرو بن لیث |
| 288/901 | طاہر بن محمد بن عمرو |
| 296/908 | لیث بن علی |
| 298/910 | محمد بن علی |
| *298/911* | *سامانیوں کا پہلا قبضہ اور محمد بن ہرمز کی شورش* |
| 299/912 | عمرو بن یعقوب محمد بن عمرو |
| *300/913* | *سامانیوں کا دوسرا قبضہ اور کثیر بن احمد اور احمد بن قدام کی شورشیں* |
| 310/922 | احمد بن خلف بن لیث بن علی (اصل میں اسے سامانیوں کے لیے گورنر مقرر کیا گیا تھا) |
| 352/963 | ولی الدولہ خلف بن احمد |
| *393/1003* | *غزنوی قبضہ* |
| ? | طاہر بن خلف (محمود غزنوی کے ابتدائی دور حکومت میں غزنویوں کے نائب گورنر) |
| 420/1029 | نصر بن احمد (مسعود اور مودود کے دور حکومت میں غزنوی نیابت اور پھر 440/1048 کے بعد سلجوق نیابت کے تحت گورنر) |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 465/1073 | بہأ الدولہ طاہر بن نصر |
| 482/1090 | بہأ الدولہ خلف بن نصر |
| 496/1103 کے بعد | تاج الدین نصر بن ؟ خلف |
| 559/1164 | شمس الدین احمد یا محمد |
| 562/1167 | تاج الدین حرب |
| 612/1215 | شمس الدین بہرام شاہ |
| 618/1221 | تاج الدین نصر |
| 618/1221 | منگول حملے: منگول بالادستی کے تحت صفاریوں کا سلسلہ |
| 618/1221 | رکن الدین ابو منصور |
| 618/1222 | شہاب الدین محمود |
| 622/1225 | علی |
| 626/1229 | شمس الدین علی |
| 652/1254 | نصر الدین |
| 728/1328 | نصرت الدین |
| 731/1331 | قطب الدین محمد |
| 747/1346 | تاج الدین اول |
| 751/1350 | محمود |
| 763/1362 | عز الدین |
| 784/1382 | قطب الدین اول |
| 788/1386 | تاج الدین دوم |
| 805/1403 | قطب الدین دوم |
| 822/1419 | شمس الدین |

Marfat.com
Marfat.com

842/1438 نظام الدین یحییٰ

?-1480/?-885 شمس الدین محمد

صفاری برادران کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ان کے بانی یعقوب کا تانبے (صفار) کا کاروبار تھا۔ یعقوب اور عمرو کے دور میں ان کا آبائی علاقہ سیستان ایک وسیع لیکن عارضی سلطنت کا صدر مقام بن گیا۔ اس سلطنت میں شمال مغرب حصے کے سوا تقریباً سارے کا سارا فارس شامل تھا۔ نویں صدی کے دوران سیستان فرقہ ورانہ فسادات اور سماجی بے چینی کے باعث بہت زیادہ گڑبڑ کا شکار رہا۔ یہ مشرق سے بھاگ کر فارس میں آنے والے بہت سے انتشار پسند عناصر، بالخصوص خارجیوں کی پناہ گاہ بن گیا۔ ہوسکتا ہے کہ یعقوب اصل میں خود بھی ایک خارجی ہی ہو۔ اس کی فوج کا نیوکلیس مقامی بدمعاشوں کے گروہ پر مشتمل تھا جو سیستان میں سنی عقائد کا دفاع کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا، لیکن اس کی فوج میں بہت سے خارجی بھی بھرتی ہونے لگے۔ یعقوب نے یہ فوج جمع کر لینے کے بعد مشرق کی جانب افغانستان میں کابل اور اس کے بعد ہندی دنیا کے کناروں تک توسیع اختیار کی، اور وہاں کے مقامی حکمرانوں کو نکال باہر کیا۔ مغرب میں اس نے طاہریوں پر حملہ کر کے ان سے خراسان کی مقبوضات چھین لیں اور 259/873 میں ان کے دارالحکومت نیشاپور پر قبضہ کرلیا۔ طاہری اور سامانی مذہبی بنیاد پرستی اور نظام حسب مراتب کی نمائندگی کرتے تھے، جبکہ صفاری سردار بدمعاشوں جیسا طرز ع،؛ اختیار کیے ہوئے تھے۔ ان کی فوج میں بہت سے کثیر المذاہب اور ریڈیکل عناصر موجود تھے۔ طاہریوں کا دفاعی بند ٹوٹ جانے کے بعد بغداد کے عباسی خلیفہ کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارۂ کار نہ تھا کہ وہ عمرو کو سیستان، خراسان میں اپنا گورنر تسلیم کرلے۔ ان وسیع علاقوں پر بھی قناعت کیے بغیر عمرو نے ورائے جیحون کو لالچی نظروں سے دیکھا جو اس وقت نام نہاد طور پر طاہریوں کی زیر نگرانی تھا۔ لیکن ورائے جیحون میں طاقت کے اصل مالک سامانی صفاریوں کے برابر کا جوڑ ثابت ہوئے، اور امیر اسماعیل بن احمد نے عمرو کو شکست دے کر قید کرلیا۔ فوجی فاتحین کی ذاتی تخلیق صفاری سلطنت کی عمارت زمیں بوس ہوگئی، اور دسویں صدی کے ابتدائی برسوں کے دوران سیستان پر سامانیوں کا اختیار ہوگیا۔

شدید پابندیوں کے باوجود سامانی خاندان تقریباً مزید چھ سو سال تک سیستان میں موجود رہا،

Marfat.com
Marfat.com

اور یہ بات واضح ہے کہ وہ سیستان کے مقامی لوگوں کے مفادات اور امنگوں کی نمائندگی کرتے تھے۔ سیستان میں حملوں کی متعدد لہروں کے باوجود وہاں صفاریوں کے قائم رہنے کی اور کوئی توضیح نظر نہیں آتی۔ سامانیوں کی اطاعت کا جوا زیادہ وزنی نہ تھا اور صفاری جلد ہی گورنروں اور مقامی حکمرانوں کے طور پر دوبارہ نمودار ہوئے۔ دسویں صدی کے ایک امیر خلف بن احمد نے علم وفضل کے فیاض سرپرست کے طور پر شہرت حاصل کی۔ 393/1003 میں محمود غزنی نے علاقے پر چڑھائی کر کے اسے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ تاریخ سیستان کا محب وطن مورخ اس واقعہ کو ملک کے لیے تباہ کن بیان کرتا ہے۔ تاہم صفاری ایک مرتبہ پھر ابھرے اور گیارھویں صدی کے وسطی برسوں کے دوران سلجوق۔ غزنوی لڑائی میں اپنی حیثیت کو مستحکم بنایا، اور پہلے سلجوقوں اور پھر غوریوں کے باجگزاروں کے طور پر حکومت کی۔ حتیٰ کہ منگولوں اور تیمور کے تباہ کن حملوں کے بعد بھی وہ پندرھویں صدی کے اختتام تک خود کو قائم رکھنے میں کامیاب ہو گئے۔

## 44- خوارزم شاہان

### 1- کاتھ کے افریگھی/افریغی (305-385/995)

| | |
|---|---|
| ?-385/?-995 | ابو عبداللہ محمد |

مامونی فتوحات

### 2- گرگنج کے مامونی

| | |
|---|---|
| 382/992 اندازاً | ابو علی مامون اول |
| 387/997 | ابوالحسن علی |
| 399/100؟ | ابوالعباس مامون دوم |
| 407-8/1017 | ابوالحارث محمد |

غزنوی فتح

### 3- غزنوی گورنر (408-25/1017-34)

| | |
|---|---|
| 408/1017 | التنتش |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 423/1032 | ہارون بن التنتش (برائے نام خوارزم شاہ، غزنہ کے سعید بن مسعود کا لیفٹیننٹ اور اس کے بعد غزنہ سے آزاد) |
| 425/1034 | اسماعیل خاندان بن التنتش (غزنہ سے آزاد) |
| 432/1041 | جند کے شاہ اوغوز یبغو کی فتح خوارزم |

## 4-انوشتگین کا سلسلہ (470-628/1077-1231)

آغاز میں سلجوقوں کے گورنر کے طور پر اور بعد ازاں وسطی ایشیا اور فارس میں آزاد حکمرانوں کی حیثیت میں)

| | |
|---|---|
| 470/1077 اندازاً | انوشتگین گھرچائی اول |
| 490/1097 | ترک گورنر ایکنچی بن قوچار |
| 490/1097 | قطب الدین محمد |
| 521/1127 | علاؤ الدین اتسیز |
| 551/1156 | اِل ارسلان |
| 567/1172 | علاؤ الدین تکش |
| 567-89/1172-92 | سلطان شاہ بن اِل ارسلان، شمالی خراسان میں مخالف حکمران |
| 596/1200 | علاؤ الدین محمد |
| 617-28/1220-31 | جلال الدین منکبرنو (؟اس ترک نام کی اصل صورت غیر یقینی ہے) |

### منگول تسخیر

خوارزم زیریں جیحون کے کنارے واقع ایک زرخیز زرعی خطہ تھا جہاں بعد ازاں کھیوا خانوں کی حکومت قائم ہوئی۔ چاروں جانب سے چراگاہوں اور صحرا میں گھرا ہونے کے باعث یہ جغرافیائی اعتبار سے بالکل الگ تھلگ تھا۔ اس جغرافیائی خصوصیت نے اسے طویل عرصہ تک اپنا جداگانہ

Marfat.com
Marfat.com

سیاسی وجود قائم اور ممتاز ایرانی ثقافت کو جاری رکھنے کے قابل بنایا۔ خوارزم ہندی ایرانیوں کا گھر بھی رہا ہے۔ مورخ بیرونی نے وہاں کی سیاسی زندگی کی ابتدا پہلے ہزاریے میں بتائی ہے۔ اس کے مطابق ایرانی افریغی سلطنت کا آغاز 305 عیسوی میں ہوا، اور وہ 385/995 میں اس کے خاتمے تک بیس شاہوں کی فہرست پیش کرتا ہے۔ خوارزم پہلی مرتبہ 93/712 میں اسلام کے اثر میں آیا جب خراسان کے عرب گورنر قتیبہ بن مسلم نے خوارزم پر حملہ کیا اور مقامی تہذیب کو کافی زیادہ نقصان پہنچایا۔ لیکن آٹھویں صدی کے آخر یا نویں صدی کے آغاز میں ہی کہیں جا کر ایک خوارزم شاہ نے اسلام قبول کیا اور عبداللہ کا نام اختیار کر لیا۔

دسویں صدی کے دوران دریائے جیحون کے بائیں کنارے پر گرگنج نامی شہر نے سیاسی اور اقتصادی اہمیت حاصل کر لی، جس کی بڑی وجہ اس کا سائیبریا اور روس جانے والے تجارتی راستے کے آخر پر واقع ہونا تھا۔ ایک مقامی خاندان، مامونیوں نے 385/995 میں کاتھ (جو دریا کے دائیں کنارے پر واقع تھا) کے افریغیوں کو شکست دی اور خود کو خوارزم شاہ کہلوانے لگے۔ مامونیوں کا عرصہ حکومت مختصر سہی لیکن کامیابیوں سے عاری نہ تھا۔ ابن سینا اور ثعالبی جیسے فلسفیوں اور ادیبوں نے ان کی سرپرستی حاصل کی۔ یوں یو خوارزم سامانیوں کی نیابت میں تھا اگرچہ عملی طور پر اس کا کوئی اظہار نہیں ملتا تھا۔ لیکن 408/1017 میں (خراسان میں سامانی طاقت کے وارث) محمود غزنی نے خوارزم کو اپنی سلطنت میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ یوں وہاں مامونیوں کی حکومت اختتام پذیر ہوئی۔ کوئی بیس برس تک علاقے پر غزنویوں کے ترک غلام گورنروں کی حکومت رہی اور پھر اوغز ترک یغبو یا سیر دریا کے دہانے پر واقع جند کے حکمران شاہ ملک بن علی وہاں کا حکمران بن بیٹھا۔ لیکن فوراً ہی شاہ ملک کا تختہ سلجوق دشمنوں نے الٹ دیا (432/1040) اور خوارزم سلجوق اختیار میں چلا گیا۔

سلجوق سلاطین نے اپنے گورنر تعینات کیے، اور ملک شاہ کے دور حکومت میں ایک ترک غلام انوشتگین غرچائی گورنر تھا جو شاہی طشت دار رہ چکا تھا۔ اس کے جانشین موروثی گورنر بن گئے اور خوارزم شاہان کا لقب اختیار کیا۔ انوشتگین کا بیٹا سلجوقوں کی اطاعت کا طوق گلے سے اتار پھینکنے کا عزم دل میں لیے ہوئے تھا۔ 535/1141 میں قراخطائی کے ہاتھوں سنجر کی خوفناک شکست

Marfat.com
Marfat.com

کے بعد یہ مقصد پورا کر لینا کچھ زیادہ مشکل نہ تھا۔ لیکن تب خوارزم شاہان کو مشتق بعید سے آنے والے ان نئے حملہ آوروں کی طاقت کو تسلیم کرنا پڑا۔ عملی طور پر قراخطائیوں نے خوارزم شاہان ان کے حال پر ہی رہنے دیا، اور بارھویں صدی کے آخری عشروں کے دوران خراسان اور ایران کے سارے مشرقی علاقے پر بالادستی حاصل کرنے کی خاطر خوارزم شاہان اور فیروزکوہ و غزنہ کے غوریوں کے مابین زبردست جدوجہد کا عرصہ دیکھا۔ تیرھویں صدی کے ابتدائی برسوں میں شاہان فتح مندر ہے، اور وہ ہندوستان کی سرحدوں سے لے کر اناطولیہ کی سرحدوں تک کے وسیع علاقے پر محیط سلطنت کے مالک بن گئے۔ انھوں نے مغربی فارس میں سلجوق حکومت کی باقیات کا خاتمہ اور کر کے بغداد کے عباسی خلفاً کے خلاف پیش قدمی کی۔ تاہم یہ متاثر کن کامیابی ناپائیدار ثابت ہوئی؛ 617/1220 میں چنگیز خان کے منگولوں نے ورائے جیحون کا فتح کیا اور آخری خوارزم شاہ جلال الدین کا دور مشرق وسطیٰ میں منگولوں کی آمد کو روکنے کی جرأتمندانہ لیکن لاحاصل کوششوں کی نذر رہا۔

بعد کی صدیوں میں خوارزم مختلف وسط ایشیائی افراد کے زیر اختیار آیا اور اس کا اصل ایرانی کردار مکمل طور پر دب گیا۔ اگرچہ خوارزم شاہ کا لقب پندرھویں صدی کے تیموری گورنر بھی استعمال کرتے رہے۔

## 45- قراخانی (382-607/992-1211)

ورائے جیحون اور مشرقی ترکستان

### 1- متحدہ بادشاہت کے عظیم قغان

| | |
|---|---|
| ? | علی بن موسیٰ |
| 388/998 | احمد اول ارسلان قراخان یا توغان خان |
| 406/1015 | منصور ارسلان خان |
| 415/1024 | احمد دوم توغان خان |
| 417-24/1026-32 | یوسف اول قادر خان |

Marfat.com
Marfat.com

## 2-مغربی بادشاہت کے عظیم قغان

(ورائے جیحون، بخارہ و سمرقند اور مغربی فرغانہ سمیت)

| | |
|---|---|
| 413/1041 | محمد عین الدولہ |
| 444/1052 | ابراہیم اول بوریتگین تمغج خان |
| 460/1068 | نصر اول |
| 472/1080 | خضر |
| ?473/?1081 | احمد اول |
| 482/1089 | یعقوب |
| 488/1095 | مسعود اول |
| 490/1097 | سلیمان |
| 490/1097 | محمود اول |
| 492/1099 | جبرائیل |
| 495/1102 | محمد دوم |
| ?523/?1129 | نصر دوم |
| ?523/?1129 | احمد دوم |
| 524/1130 | حسن |
| ?526/?1132 | ابراہیم دوم |
| 526/1132 | محمود دوم (بعد میں سلجوق سنجر کے بعد خراسان کا گورنر) |
| 536/1141 | ابراہیم سوم |
| 551/1156 | علی |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 556/1161 | مسعود دوم |
| 574/1178 | ابراہیم چہارم (574/1178 میں صرف فرغانہ اور اس کے بعد سمرقند میں بھی) |
| 600-7/1204-11 | عثمان |

خوارزم شاهان کا ورائے جیحون پر قبضه

## 3-مشرقی سلطنت کے عظیم قغان

(تلس، اسفیجاب، شاش،، یسرچے، کاشغر اور عموماً مشرقی فرغانہ)

| | |
|---|---|
| 423/1032 | سلیمان |
| 448/1056 | محمد اول |
| 449/1057 | ابراہیم |
| 451/1059 | محمود |
| 467/1074 | عمر |
| 467/1075 | حسن یا ہارون |
| 496/1103 | احمد یا ہارون |
| 522/1128 | ابراہیم دوم |
| 553/1158 | محمد دوم |
| ? | یوسف دوم |
| 607/1211 | محمد سوم |

کوچلوگ کا قبضه

قراخانیوں کو یہ نام یورپی مستشرقین نے دیا کیونکہ ان کے القاب میں قرا (کالا) کا لفظ بار بار آتا ہے۔ انھیں ایلک (خاص) خان یا آل افراسیاب بھی کہا جاتا ہے۔ سلطنت کے بارے میں اولین حوالے اومیلجان پریتسک کے مطابق قراخانی سلطنت قرلغ ترک لوگوں...... ایک گروپ جس نے ستیپی کی قدیم تاریخ میں ایک اہم کردار ادا کیا...... کے خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ اس

Marfat.com
Marfat.com

تعلق کی توثیق نہیں ہو سکی لیکن قرین قیاس یہی ہے۔

قراخانی دسویں صدی کی ابتدا میں مسلمان ہوئے، اور ان کے سردار ستق بغراخان نے اسلامی نام عبدالکریم اختیار کر لیا۔ اس کا پوتا ہارون یا حسن بغراخان ورائے جیحون کے سامانیوں کے انحطاط کے باعث پیدا ہونے والے خلا کی وجہ سے جنوب کی جانب متوجہ ہوا۔ 382/992 میں اس نے بخارا پر قبضہ کر لیا، اور کچھ ہی برس بعد اس نے اور غزنہ کے محمود نے سامانیوں کی حاکیت کو پوری طرح ختم کر دیا۔ دونوں سلطنتوں کے درمیان دریائے جیحون سرحد بن گیا، اور آئندہ دو صدیوں کے لیے قراخانیوں کے علاقے بخارا اور زیریں سیر دریا سے لے کر مغرب میں سیمرچ اور مشرق میں کاشغر تک وسیع رہے۔ 407/1016 میں قراخانی خاندان کے افراد کے درمیان جنگ وجدل کا ذکر ملتا ہے، اور 493/1041 کے بعد حکومت دو حصوں میں تقسیم ہو گئی۔ مغربی حصے میں ورائے جیحون اور مغربی فرغانہ شامل تھا اور مشرقی حصے میں تلس، اسجاب، شاش، مشرقی فرغانہ، سیمرچ اور کاشغر شامل تھے۔ عظیم قغان علی بن موسیٰ کی اولاد مغرب میں اور اس کے کزن ہاروں یا حسن بغراخان کی اولاد (حسنی) مشرق میں حکومت کر رہے تھے۔ بارھویں صدی کے اختتامی برسوں میں جب قغان احمد اول بن خضر نے مبینہ طور پر اسماعیلی شیعہ ازم اختیار کر لیا تو بخارا میں ایک بحران پیدا ہوا۔ قبل ازیں سلجوق ملک شاہ کی حکومت میں دخل اندازی کر چکے تھے، اور اب قراخانیوں نے مطلق طور پر سلجوقوں کی نیابت قبول کر لی۔ لیکن 536/1141 میں قطوان ستپی کے مقام پر سنجر کی خوفناک شکست کے بعد دریائے جیحون کے شمال میں سارے ترکستان کا کنٹرول بت پرست قراخطائی کو مل گیا۔ آخری قراخانی قراخطائی کنٹرول کو ختم کرنے میں کامیاب رہا، لیکن آخری مغربی قغان، سمرقند کے عثمان 607/1211 میں خوارزم شاہ علاؤالدین کے ہاتھوں مارا گیا اور مشرقی حصے پر مختصر عرصہ کے لیے منگول کوچلوگ نے قبضہ جما لیا۔

دوسری طرف ترک غزنویوں نے فارسی اسلامی طرز پر ایک مضبوط مرتکز ریاست تشکیل دی، جبکہ قراخانی کافی حد تک اپنے قبائلی ماضی کے ساتھ ہی جڑے رہے۔ ترکی زبان کی دو قدیم ترین تحریروں کا تعلق قراخانی دور سے ہی ہے۔ قراخانی علاقے ایک ڈھیلی ڈھالی قبائلی فیڈریشن کی صورت اختیار کیے ہوئے تھے اور قرلغ قبائلیوں کا زیادہ تر حصہ بدستور خانہ بدوش ہی رہا۔

Marfat.com
Marfat.com

چھٹا حصہ

# سلجوق اور اتابیگ

## 46- سلجوق (429-590/1038-1194)

### 1-عظیم سلجوق (عراق اور فارس)

| | |
|---|---|
| 429/1038 | رکن الدنیا والدین طغرل (توغرل) اول |
| 455/1063 | عدود الدولہ |
| 465/1072 | جلال الدولہ ملک شاہ اول |
| 485/1092 | نصر الدین محمود اول |
| 487/1094 | رکن الدین برک یاروک (برکیاروک) |
| 498/1105 | معز الدین ملک شاہ دوم |
| 498/1105 | غیاث الدین محمد اول |
| 511-52/1118-57 | معز الدین سنجر (مشرقی فارس میں حکمران 490-552/1097-1157؛ اور 511/1118 کے بعد سلجوق خاندان کا مطلق سلطان) |

صرف عراق اور مغرب فارس میں

| | |
|---|---|
| 511/1118 | مغیث الدین محمود دوم |
| 525/1131 | غیاث الدین داؤد |
| 526/1132 | رکن الدین تغرل دوم |
| 529/1134 | غیاث الدین مسعود |
| 547/1152 | معین الدین ملک شاہ |
| 548/1153 | رکن الدین محمود دوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 555/1160 | غیاث الدین سلیمان شاہ |
| 556/1161 | معز الدین ارسلان |
| 571-90/1176-94 | رکن الدین تغرل سوم |

خوارزم شاہان

## 2-شام کے سلجوق (471-511/1078-1117)

| | |
|---|---|
| 471/1078 | تاج الدولہ تتش |
| 488-507/1095-1113 | رضوان (حلب میں) |
| 488-497/1095-1104 | بقاک (دمشق میں) اس کے اتابیگ تغتجن نے اس کی جگہ سنبھالی |
| 507/1113 | الپ ارسلان الاخرس (حلب میں) |
| 508-11/1114-17 | شاہ سلطان (حلب میں) |

دمشق میں تغتچن، بوریوں یا بیوریوں کی نسل، حلب میں ارتُوکد ال غازی

## 3-کرمان کے سلجوق (433-582/1041-1186)

| | |
|---|---|
| 433/1041 | عماد الدین قاورد |
| 465/1073 | کرمان شاہ |
| 467/1074 | حسین |
| 467/1074 | رکن الدولہ سلطان شاہ |
| 477/1085 | محی الدین توران شاہ |
| 490/1097 | بہا الدین ایران شاہ |
| 495/1101 | محی الدین ارسلان شاہ اول |
| 537/1142 | مغیث الدین محمد اول |
| 551/1156 | محی الدین تغرل شاہ |
| 565/1170 | بہرام شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 570/1175 | ارسلان شاہ دوم |
| 572/1176 | توران شاہ دوم |
| 579-82/1183-6 | محمد دوم |

غُز قبضہ

سلجوق بالاصل اوغوز ترک افراد کے قِنِق قبیلے میں سرداروں کا ایک خاندان تھا۔ دسویں صدی اواخر میں اسلام قبول کرنے پر وہ خوارزم اور ورائے جیحون میں اسلامی دنیا میں اسے طرح شامل ہوئے جیسے کہ اور بہت سے بربری تارکین وطن شامل ہوئے تھے......یعنی وہاں کی متحارب طاقتوں کے لیے کرائے کے سپاہیوں کے طور پر۔ سلجوقوں اور ان کے خانہ بدوش جتھوں نے غزنویوں سے خراسان چھین لیا، اور 429/1038 میں طغرل نے نیشا پور میں سلطان ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ طغرل نے جان بوجھ کر اپنی حاکمیت کو سنی کاز اور عباسی خلفاً کی شیعہ بویئوں سے خلاصی کے ساتھ نتھی کر لیا؛ اس پالیسی نے اسے مغربی فارس کی دیلمی طاقتوں کے خلاف سلجوق پیش قدمی کے دوران بنیاد پرستوں کی حمایت حاصل کرنے میں مدد دی۔ 447/1055 میں طغرل بغداد میں داخل ہوا خلیفہ سے اپنے سلطان ہونے کی توثیق حاصل کی۔ چند برس بعد بویئوں کا سلسلہ بالکل ختم ہو کر رہ گیا۔

اب سلطان سلطنت بہت تیزی کے ساتھ فارسی اسلامی طرز کی سلسلہ حسب مراتب والی ریاست کی صورت اختیار کر گئی، جس میں مطلق سلطان کی مدد ایک فارسی بیورو کریسی اور ترک غلام کمانڈروں کے ماتحت ایک کثیر القومی فوج کر رہی تھی۔ ترکمان بیگوں یا سرداروں کے دور میں بہت سے قبائلی بھی اس عسکری نیوکلیکس میں شامل ہونے لگے۔ الپ ارسلان اور اس کے بیٹے ملک شاہ (دونوں کا انحصار کافی حد تک نہایت قابل فارسی وزیر نظام الملک پر تھا) کی حکومت کے دوران عظیم سلجوقوں کی سلطنت اپنے عروج کو پہنچی۔ مشرق میں خورازم اور مغربی افغانستان کو غزنویوں سے چھینا جا چکا تھا۔ اور ملک شاہ نے اپنے عہد حکومت کے آخر میں ورائے جیحون پر حملہ کیا اور قراخانیوں کو مطیع بنایا۔ مغرب میں کاکیشیا کے عیسائی جارجیوں کے خلاف سختی کی گئی؛ فاطمی اثر و رسوخ کو شام اور الجزیرہ میں ختم کیا گیا، عقیلیوں جیسی شیعہ ازم کی جانب تھوڑی بہت جھکاؤ

Marfat.com
Marfat.com

رکھنے والی سلطنتوں کا خاتمہ کر کے ان جگہ پر شام میں قابل بھروسہ ترکی گورنروں کو تعینات کیا گیا۔ اناطولیہ میں ملاز گرد کے مقام پر بازنطینیوں کی شکست (463/1071) نے ترکمانوں کے لیے ایشیائے کوچک میں مہم جوئی کرنا ممکن بنا دیا، اور ان حملہ آوروں نے وہاں متعدد ترک جاگیروں (Principalities) کی بنیاد رکھی۔ ملک شاہ کے بھائی تتش اور تتش کے بیٹوں اور پوتوں نے حلب اور دمشق میں قلیل المدت چھوٹی سی سلجوق شاخ قائم کی۔ حتیٰ کہ سلجوقوں کے ہاتھ جزیرہ نما عرب میں یمن اور بحرین تک بھی پہنچ گئے۔ کرمان میں طغرل کے بھتیجے قاورد نے ایک مقامی سلطنت قائم کی جو ڈیڑھ سو برس بعد (582/1186) اوغوز قبائلیوں کی آمد تک قائم رہی۔ دانشورانہ میدان میں وزیر نظام الملک اور الغزالی جیسے محققین نے سیاسی سطح پر شیعہ ازم کی شکست کو عملی صورت دی اور بنیاد پرست سنی ردعمل کو مستحکم کیا۔

ایک ایسی سلطنت میں مرکز گریز رجحانات پیدا ہونا (مرکز کا کڑا کنٹرول نرم ہونے پر) ہرگز خلاف قیاس نہ تھا جہاں علاقوں کو سلطنت کے مختلف افراد کے درمیان تقسیم کرنے کے پدرسری ترک خیالات بدستور غالب تھے۔

ملک شاہ کی وفات کے بعد عراق اور فارس کے سلجوق پھوٹ اور نفاق کا شکار تھے، البتہ کراسان میں استحکام کا ایک عنصر متواتر موجود رہا جہاں ملک شاہ کا بیٹا ساٹھ برس تک گورنر اور اس کے بعد سلطان رہا۔ 511/1118 میں سنجر کے بھائی محمود کی وفات کے بعد اسے خاندان کے سینیئر رکن اور مطلق سلطان کے طور پر تسلیم کر لیا گیا۔ عراق میں عباسی خلفاً کے اثر و رسوخ کی بحالی نے سلجوق طاقت کو بہت نقصان پہنچایا، اور فارس، الجزیرہ اور شام میں مقامی اتابیگوں نے سلطان کے حلقۂ اثر کو محدود کر دیا۔ ان اتابیگوں نے اس دور میں مشتق قریب میں اسلام کی تاریخ میں نمایاں کردار ادا کیا۔ وہ ترک غلام کمانڈر تھے جنھیں صوبوں کے گورنر بنا کر بھیجا گیا۔ خانہ بدوش اور کم مہذب ترکمانوں کو ایک باقاعدہ سلجوق ریاست میں جذب کرنے کا مسئلہ کبھی بھی پوری طرح حل نہ ہو سکا؛ اور جب اوغوز قبائلیوں کی شورش کے نتیجہ میں سنجر کی حکومت کا خاتمہ ہوا تو خراسان سلجوق کنٹرول سے نکل گیا۔ مغرب میں آخری سلجوق سلطان طغرل بن ارسلان نے خود کو ایلدیگوزی اثر سے نکالنے کی جدوجہد کی، لیکن نا سمجھی میں خوارزم شاہ تکش کے ساتھ جنگ چھیڑ بیٹھا اور 590/1194

Marfat.com
Marfat.com

میں مارا گیا۔ صرف اناطولیہ میں ہی مزید ایک سو برس تک ایک سلجوق سلسلہ جاری رہا۔

## 47-ارتُقی (495-811/1102-1408)

دیار بکر

### 1-حِصن اور آمید شاخ (491-629/1098-1232)

| | |
|---|---|
| 491/1098 | معین الدین سوکمین اول |
| 498/1105 | ابراہیم |
| 502/1109 اندازاً | رکن الدولہ داؤد |
| 539/1144 | فخر الدین قرا ارسلان |
| 562/1167 | نور الدین محمد |
| 581/1185 | قطب الدین سوکمین دوم |
| 597/1201 | ناصر الدین محمود |
| 619/1222 | رکن الدین مودود |
| 629/1232 | الملک المسعود |

ایوبی تسخیر

### 2-ماردین اور میافارقین شاخ (497-811/1104-1408)

| | |
|---|---|
| 497/1104 | نجم الدین دوم غازی اول |
| 516/1122 | حسام الدین تیمور تش |
| 547/1152 | نجم الدین البی |
| 572/1176 | قطب الدین دوم غازی دوم |
| 580/1184 | حسام الدین یولوک ارسلان |
| 597/1201 اندازاً | ناصر الدین ارتق ارسلان |
| 637/1239 | نجم الدین غازی اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 658/1260 | قرا ارسلان المظفر |
| 691/1292 | شمس الدین داؤد |
| 693/1294 | نجم الدین غازی دوم |
| 712/1312 | عماد الدین علی الپی |
| 712/1312 | شمس الدین صالح |
| 765/1364 | احمد المنصور |
| 769/1368 | محمود الصالح |
| 769/1368 | داؤد المظفر |
| 778/1376 | مجد الدین عیسیٰ الظاہر |
| 809-77/1406-8 | الصالح |

## قرا قوینلو کی فتح

دیار بکر کے ارتوقی اوغوز کے ایک قبیلے دوگر کے سردار ارتوق بن ایکسب کی اولاد تھے۔ کہا جاتا ہے کہ ارتوق پہلے اناطولیہ میں بازنطینیوں کے خلاف لڑا، اور پھر سلجوق سلطان ملک شاہ نے اسے دیگر ترکمانوں کی طرح سلطنت کے بیرونی کناروں......شام، بحرین اور خراسان...... میں بھیجا۔ آخر میں وہ فلسطین کا گورنر بنا، لیکن اس کے بیٹے وہاں فاطمیوں اور صلیبیوں کا مقابلہ نہ کر پائے اور اس کی بجائے حصن کیفا اور ماردین کے گرد دیار بکر میں آباد ہو گئے۔ ال غازی بن ارتوق نے آہستہ آہستہ اس خطے میں سلجوق علاقوں پر قبضہ کیا؛ وہ ایدیسا میں فرانکوں کا پرجوش مخالف تھا، اور اس نے 515/1121 میں میافارقین بھی حاصل کر لیا۔ تب کے وہاں سلطنت کی دو شاخیں موجود رہیں: ماردین اور میافارقین میں ال غازی کی نسل اور حصن کیفا اور پھر آمید میں اس کے بھائی سوکمن کی اولادیں۔

ترکمانوں پر مشتمل ارتوقی سلطنت نے ایک ترکمان ریاست کے طور پر بہت سے امتیازی ترکمانی خصوصیات برقرار رکھیں۔ تاہم، یہ بھی لگتا ہے کہ ارتوقیوں نے ترکمان عناصر پر بھروسہ کرنے کے ساتھ ساتھ دیار بکر کی آبادی میں متعدد عیسائیوں کے ساتھ بھی مصالحانہ رویہ اختیار

Marfat.com
Marfat.com

کیا۔ زنگیوں کے ظہور نے ارتقیوں کے توسیع پسندانہ عزائم کی راہ روکی اور انھیں نورالدین زنگی کے تابعدار بننا پڑا۔ اس کے بعد وہ ایوبیوں کے آگے حصن کیفا، آمید اور میافارقین ہار بیٹھے۔ تیرھویں صدی میں وہ کچھ عرصہ کے لیے رومی سلجوقوں اور خوارزم شاہ جلال الدین منکبرنو کے باجگزار رہے؛ اور انجام کار صرف ماردین شاخ بچی رہ سکی۔ قرا ارسلان المظفر نے منگول خان ہولیگو کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا۔ تقریباً ڈیڑھ سو برس بعد سلطنت کا خاتمہ تیموری حملوں کے دوران آنے والے ترکمان خانہ بدوشوں کی نئی لہر کے ساتھ مربوط تھا۔ آخری ارتقیوں کو قرا قوینلو فیڈریشن نے اپنی لپیٹ میں لے لیا، اور 811/1408 میں الصالح کو ماردین قرا قوینلو رہنما قرا یوسف کے حوالے کرنا پڑا۔

## 48-زنگی (521-619/1127/1222)

الجزیرہ اور شام

### 1-مرکزی سلسلہ موسل اور حلب میں

| | |
|---|---|
| 521/1127 | عمادالدین زنگی بن اق سونقر |
| 541/1146 | سیف الدین غازی اول |
| 544/1149 | قطب الدین مودود |
| 564/1169 | سیف الدین غازی دوم |
| 572/1176 | عزالدین مسعود اول |
| 589/1193 | نورالدین ارسلان شاہ اول |
| 607/1211 | عزالدین مسعود دوم |
| 615/1218 | نورالدین ارسلان شاہ دوم |
| 616-19/1219-22 | ناصرالدین محمود |

اقتدار پر وزیر بدر الدین لُولُو کا قبضہ

Marfat.com
Marfat.com

## 2-دمشق اور اس کے بعد حلب میں سلسلہ

541/1146 نورالدین محمود بن زنگی

569-77/1174-84 نورالدین اسماعیل

موسل کے ساتھ دوبارہ اتحاد، اور پھر صلاح الدین کی فتح

زنگی کا باپ اق سونقر سلجوق ملک شاہ کا ترک غلام کمانڈر اور حلب کا گورنر (487/1086 تا 487/1094) تھا۔ زنگی کے نام کے مطلب کے بارے میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ غالباً اس کا مطلب کالا افریقی ہی تھا، لیکن ہوسکتا ہے کہ یہ ترکی زبان کا لفظ ہو۔ 521/1127 میں سلطان محمود نے زنگی کو موسل کا گورنر اور اپنے دو بیٹوں کا سرپرست یا اتابیگ مقرر کیا۔ مغرب کی سلجوق سلطنت کے اندر غیر تسلی بخش حالات اور دیگر نیم خود مختار اتابیگ حکومتوں کے ظہور نے زنگیوں کو نمایاں حیثیت حاصل کرنے میں مدد دی۔ زنگی موسل میں اپنے مرکز موسل کے ذریعہ مغرب میں الجزیرہ کے راستے شام اور شمال میں کردستان تک توسیع اختیار کرنے کے قابل تھا۔ مختلف مواقع پر اس نے سلجوق سلطان کی مخالفت کی اور مقامی عرب اور ترکمان امیروں کے ساتھ لڑا۔ اس نے بازنطینیوں اور فرانکوں سے بھی لڑائی کی، اور 539/1144 میں ایدیسا پر قبضہ کر کے سنی دنیا کا ہیرو بن گیا۔

جب زندگی اس دنیا سے چلا گیا تو اس کے مقبوضات کو اس کے لع بیٹوں نورالدین محمود اور سیف الدین میں تقسیم کردیا گیا۔ بعد ازاں خاندان کی ایک الغ شاخ نے سنجار میں کوئی تیس برس تک حکومت کی۔ شام اور فلسطین میں فرانکوں اور انحطاط پذیر فاطمیوں کے خلاف نورالدین کی پالیسی نے صلاح الدین کے کیریئر اور ایوبی سلطنت کے قیام کے لیے راہ ہموار کی۔ بعد میں زنگیوں کی شام شاخ کو موسل والی شاخ میں ضم کرلیا گیا، اور تب زنگی ناگزیر طور پر ایوبیوں کے خلاف ہوگئے۔ صلاح الدین نے 578/1182 اور 581/1185 میں موسل پر قبضہ کرنے کی دو مرتبہ کوشش کی ناکام رہا، لیکن مسعود اول بن مودود کو شرائط ماننے اور ایوبیوں کے بالادستی تسلیم کرنے پر مجبور کردیا گیا۔

زنگیوں کا خاتمہ موسل میں ارسلان شاہ اول کے سابق غلام بدرالدین لوعلو کی سرفرازی کے

Marfat.com
Marfat.com

ساتھ مربوط تھا جس نے حکمران کی وفات کے بعد بادشاہت سنبھال لی تھی۔ جب آخری زنگی ناصر الدین محمود فوت ہوا تو لوعلو نے موصل میں اتابیگ کی حیثیت اختیار کر کے خود کو الملک الرحیم کہلوانا شروع کر دیا، اور 567/1259 میں اپنی وفات تک حکومت کرتا رہا۔ اس کے کچھ ہی عرصہ بعد منگول وہاں غالب آ گئے۔

## 49-الدیگوزی یا ال دیگیزی (531-622/1137-1225)

آذربیجان

| | |
|---|---|
| 531/1137 | شمس الدین الدیگوز |
| 570/1175 | نصرت الدین پہلوان محمود |
| 581/1186 | مظفر الدین قزل ارسلان عثمان |
| 587/1191 | قتلغ انج |
| 591/1195 | نصرت الدین ابوبکر (581/1186 سے لے کر آذربیجان کے حکمران کے ماتحت) |
| 607-22/1210-25 | اوزبیگ |

خوارزم شاهان کی فتح

ایلدیگوزی یا الدیگیزی اہل اتابیگ سلطنت تھے جنھوں نے بارھویں صدی کے نصف آخر کے دوران بیشتر آذربیجان، اران اور شمالی جبال سمیت سارے شمالی فارس پر اپنا اختیار قائم کیا۔ اس دور میں مغربی فارس اور عراق کی سلجوق سلطنت زوال آمادہ تھی اور وہ خود مختار علاقائی حکومتیں بننے کا عمل روکنے کے قابل نہ تھی۔

ایلدیگوز بالاصل سلجوق وزیر سمیرومی کا ترک غلام سپاہی تھا جو بعد ازاں سلطان مسعود بن محمد کے پاس چلا گیا اور اران کا گورنر بنا۔ سلطان طغرل دوم بن محمد کی بیوہ کے ساتھ شادی نے اسے 556/1161 میں اس کے بیٹے ارسلان کے بعد تخت نشین ہونے کے قابل بنایا، اور ارسلان کے عہد حکومت میں بھی ایلدیگوزی پس پردہ کام کرنے والی اصل طاقت تھے۔ ان کے علاقے جنوب

Marfat.com
Marfat.com

میں اصفہان، اور شمال میں شروان اور جارجیا کی سرحدوں تک پھیلے ہوئے تھے۔ سلطان طغرل سوم بن ارسلان کو کئی برس تک ایلدیگوزیوں کی زیر سرپرستی رکھا گیا۔ ایک موقع پر تو ایلدیگوزیوں نے سلطنت پر دعویٰ بھی جتا دیا۔ لیکن سلطان طغرل سوم نے 587/1191 میں بساط الٹ دی اور اپنی زندگی کے آخری تین برس کے دوران ایک خودمختار پالیسی پر عمل کرنے میں کامیاب رہا۔

ایلدیگوزی تیرھویں صدی کی پہلی چوتھائی سے پہلے ہی ختم ہو گئے۔ انھوں نے آذربیجان میں کچھ دن گزارے اور اپنے قدیم دشمنوں، مراگھا کے احمدیلوں کی اتابیک سلطنت کا تختہ الٹنے میں کامیاب رہے، لیکن 622/1225 میں خوارزم شاہ جلال الدین منکبرنو نے اوزبیگ بن پہلوان محمد کو معزول کر دیا۔ چنانچہ خاندان کی تاریخی اہمیت عظیم سلجوقوں کے آخری برسوں کے دوران شمال مغربی فارس پر ان کے کنٹرول کے حوالے سے بنتی ہے۔ اس کے علاوہ انھوں نے جارجیائی حکمرانوں کے خلاف مسلمان فاتحین کا کردار بھی ادا کیا۔

## 50-سلغوری (543-668/1148-1270)

فارس

| | |
|---|---|
| 543/1148 | مظفرالدین سونقر |
| 556/1161 | مظفرالدین زنگی |
| 570/1175 | دیکیل (دکلا) |
| 590/1194 | تغرل |
| 601/1203 | عزالدین سعد اول |
| 628/1231 | ابوبکر قتلغ خان |
| 658/1260 | سعد دوم |
| 658/1260 | محمد |
| 660/1262 | محمد شاہ |
| 661/1263 | سلجوق شاہ |
| 663-8/1265-70 | آبش خاتون |

Marfat.com
Marfat.com

## براہ راست منگول حکومت

سلغوریوں کی اتابیک سلطنت نے فارس میں سلجوقوں اور اس کے بعد تیرھویں صدی میں خوارزم شاہان اور منگولوں کے باجگواروں کے طور پر کوئی 120 برس تک حکومت کی۔ وہ نسلاً ترکمان تھے اور لگتا ہے کہ سلغور یا سلور قبیلہ سلجوق حملے کے موقع پر مغرب کی جانب آیا اور رومی سلطنت قائم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ سلطنت فارس کے بانی سونقر نے سلجوق سلطان مسعود بن محمد کے عہد کی گڑبڑ اور جھگڑوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جنوبی فارس میں اپنی حیثیت کو مستحکم کیا۔ فارس پہلے ہی کچھ عرصے کے لیے ترکی اتابیک بوزابا کے کنٹرول میں رہ چکا تھا۔ سلجوقوں کے انحطاط کے ساتھ سلغوری فارس میں ایک متواتر قبضہ رکھنے کے قابل ہو گئے۔ انھوں نے مقامی شبان کارئی کردوں کے خلاف چڑھائی کی اور پڑوسی کرمان سلجوقوں کے مابین جانشینی کے جھگڑوں میں مداخلت کرتے رہے۔

فارس نے عزالدین سعد بن زنگی کے دور حکومت میں کافی خوش حالی دیکھی، اگرچہ بعد میں اسے خوارزم شاہان کی تابعداری اختیار کرنا پڑی۔ فارسی شاعر سعدی کا تخلص سعد دوم سے ہی ماخوذ ہے۔ اس کا باپ سعد اول کے دربار میں تھا۔ سعد کے بیٹے اور جانشین ابوبکر کے دور حکومت میں فارس منگول خان اوگیدی اور اس کے بعد ہولیگو کا مطیع ہوا، اور ابوبکر نے منگولوں سے ہی قتلغ خان کا لقب حاصل کیا تھا۔ انجام کار آخری سلغوری شہزادی، قتلغ کی پوتی نے ہولیگو کے بیٹے مینگو تیمور سے شادی کر لی اور مینگو نے سلغوری علاقوں پر بذات خود قبضہ کر لیا۔

## 51-اسماعیلی یا اساسینی

### فارس (483-653/1090-1256)

### شام (493-671/1100-1273 اندازاً)

مرکزی سلسلہ فارس کے کوہ البرز میں الموت کے مقام پر؛ ذیلی شاخ شام میں

عظیم آقا الموت میں

483/1090 حسن الصباح

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 518/1124 | بزرگ امید |
| 532/1138 | محمد اول |
| 557/1162 | حسن دوم علا دھکر ہی السلام |
| 561/1166 | نورالدین محمد دوم |
| 607/1210 | جلال الدین حسن سوم |
| 618/1221 | علاؤالدین محمد سوم |
| 653-4/1255-6 | رکن الدین خور شاہ |

الموت پر منگولوں کا قبضہ

اسلامی قرونِ وسطیٰ میں بنیاد پرست سنی انتہا پسند شیعی اسماعیلیوں کو باعث خوف سمجھتے تھے۔ چونکہ اسماعیلیوں نے مختلف نوع دلچسپیوں اور نظریات کا احاطہ کیا ہوا تھا اس لیے بہت سی سماجی اور سیاسی بغاوتوں میں ان کے ملوث ہونے پر شبہ کیا جاتا تھا۔ فارس اور شام میں نزاری شاخوں نے مذہب کے نام پر ایذائیں دینے کا ہتھیار استعمال کیا (یہ مشرق کا ایک قدیم دستور تھا) اور اپنے پہاڑی قلعوں میں سے حملے کیے۔ ان ذرائع سے ایک دہشت کا ماحول پیدا ہو گیا۔ حتیٰ کہ اساسینوں کی گنتی اور بظاہر ہر جگہ موجودگی نے عوامی تخیل میں بیجا اہمیت اختیار کر لی۔

شمالی فارس اور شام میں اسماعیلی گروپس کا بانی حسن الصباح ایک فارسی داعی تھا جس نے اپنی سرزمین میں اسماعیلیت کی تبلیغ کا مقصد اختیار کیا۔ 487/1094 میں المستنصر کی وفات پر فاطمی تحریک عقائد کے لحاظ سے دو حصوں میں بٹ گئی تو مشرقی اسماعیلیوں نے متوفی خلیفہ کے سب سے بڑے بیٹے اور نامزد کردہ ولی عہد نزار کو تسلیم کر لیا، البتہ اس کی بجائے وزیر بدر جمالی المستعلی کو تخت پر بٹھانے میں کامیاب ہو گیا۔ حسن 483/1090 میں ہی کوہ البرز میں الموت کی قلعے پر قبضہ کر چکا تھا۔ یہ خطہ دیلم اور آذربیجان سے ملحق تھا جہاں بنیاد پرستی طویل عرصہ سے فروغ پا رہی تھی۔ یہاں سے عظیم سلجوق سلطنت کے مختلف حصوں میں اسماعیلی تحریکیں منظم کی گئیں۔ شام کے پہاڑوں میں ایک اور دعوۃ قائم ہوئی جس کی قیادت الموت کے جاسوس (ایلچی emissaries) کر رہے تھے، اور شامی اسماعیلیوں نے فرانکوں اور سنی مسلمانوں کے ساتھ تہری جدوجہد میں ایک اہم کردار

Marfat.com
Marfat.com

ادا کیا۔ چونکہ اسماعیلی تعداد میں نسبتاً کم تھے اس لیے براہ راست فوجی کارروائی کی بجائے عموماً سرکردہ افراد کے قتل کو ہی بہتر خیال کیا گیا۔ ان کے مبینہ اہداف میں وزیر نظام الملک، خلیفہ المسترشد صلیبی Conard of Montferrat بھی شامل تھے۔ مارکوپولو اور دیگر کی بیان کردہ کہانی کے مطابق اساسینی جرأت مندانہ اقدامات کرنے کے لیے وجد آور ادویات استعمال کرتے تھے۔ (لفظ اساسینی اصل میں حشیشیوں یا حشیشین، یعنی حشیش کھانے والے، سے ہی ماخوذ ہے۔) لیکن کسی بھی مستند اسماعیلی ذریعے سے اس کی توثیق نہیں ہو سکی۔ اسماعیلی روایت کے مطابق نزار اور اس کے بیٹے کو مصر میں قتل کیا گیا، لیکن ایک شیر خوار پوتا کسی نہ کسی طرح فارس سے باہر پہنچا دیا گیا۔ حسنِ صباح اور اس کے دو جانشینوں نے محض نزاری اماموں کے نمائندے ہونے کا دعویٰ کیا، جبکہ حسن دوم نے بذات خود روحانی مفہوم میں امام ہونے کا دعویٰ کر دیا۔

تیرھویں صدی میں اساسینیوں کی انتہا پسندی اور تشدد میں تھوڑی سی کمی آنا شروع ہوئی۔ عباسی خلیفہ الناصر نے حسن سوم کو سنی عقائد کا دوبارہ پیروکار بنا کر ہم عصر مسلم دنیا میں زبردست تبلیغی کامیابی حاصل کی۔ فارس کے اسماعیلیوں نے خلافت کے حق میں یہ پالیسی جاری رکھتے ہوئے خوارزم شاہان کے سامراجی عزائم کی مخالفت کی۔ لیکن آخری اساسینی خورشاہ ہولیگو منگولوں کے سامنے ٹھہر نہ سکا؛ الموت پر 654/1256 میں قبضہ ہوا اور معلوم ہوتا ہے کہ خورشاہ کو فاتحین نے اگلے ہی برس مار ڈالا۔ شامی اسماعیلی مقامی سیاسی منظر کا ایک قبول شدہ حصہ بن گئے تھے۔ وہ 624//1227 میں عیسائی Knight Hospitaller کے باجگوار بنے، لیکن سلطان بھرس نے ان کے وجود کے ناقابل برداشت خیال کیا، اور 671/1273 تک آخری اساسینی مرکز الکہف مملوکوں کے قبضے میں آ گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

ساتواں حصہ

# اناطولیہ اور ترک

## 52-روم کے سلجوق (470-707/1077-1307)

اناطولیہ

| | |
|---|---|
| 470/1077 | سلیمان بن قتلمش |
| 479/1086 | وقفۂ حکمرانی |
| 485/1092 | قلیچ ارسلان اول |
| 500/1107 | ملک شاہ |
| 510/1116 | رکن الدین مسعود اول |
| 551/1156 | عز الدین قلیچ ارسلان دوم (اس کے دور حکومت کے نصف آخر کے دوران سلطنت کے علاقوں کی اس کے بیٹوں کے درمیان تقسیم) |
| 588/1192 | غیاث الدین کیخسرو اول، پہلا دور حکومت |
| 592/1196 | رکن الدین سلیمان دوم |
| 600/1204 | عز الدین قلیچ ارسلان سوم |
| 601/1204 | غیاث الدین کیخسرو اول، دوسرا دور حکومت |
| 607/1210 | عز الدین کیکاؤس اول |
| 616/1219 | علا الدین کیقباد اول |
| 634/1237 | غیاث الدین کیخسرو دوم |
| 644/1246 | عز الدین کیکاؤس دوم |
| 646/1248 | کیکاؤس دوم اور اس کے بھائی رکن الدین قلیچ ارسلان چہارم کی مشترکہ حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 647/1249 | کیکاؤس دوم، قلیج ارسلان چہارم اور علأ الدین کیقباد دوم کی مشترکہ حکومت |
| 655/1257 | قلیج ارسلان چہارم |
| 663/1265 | غیاث الدین کخسرو سوم |
| 681/1282 | غیاث الدین مسعود دوم، پہلا دور حکومت |
| 683/1284 | علأ الدین کیقباد سوم، پہلا دور حکومت |
| 683/1284 | مسعود دوم، دوسرا دور حکومت |
| 692/1293 | کیقباد سوم، دوسرا دور حکومت |
| 693/1294 | مسعود دوم، تیسرا دور حکومت |
| 700/1301 | کیقباد سوم، تیسرا دور حکومت |
| 702/1303 | مسعود دوم، چوتھا دور حکومت |
| 704/1305 | کیقباد سوم، چوتھا دور حکومت |
| 707/1307 | غیاث الدین مسعود سوم |

منگول قبضہ

جب سلطان الپ ارسلان کے خلاف سلجوق سردار قتلمش کی بغاوت (456/1064) کامیاب ہوگئی تو اس کے بیٹے اور ترکمانی پیروکاروں کو عراق اور فارس سے اناطولیہ کی جانب نکال دیا گیا جہاں بازنطینیوں کے ساتھ جنگ و جدل کے وافر مواقع موجود تھے۔ تقریباً (470/1077) میں سلیمان نِکایا (اِزنک) کا مالک تھا، لیکن ابھرتی ہوئی کومنینی سلطنت (جسے بعد ازاں اولین صلیبیوں نے مدد دی) مغربی اناطولیہ میں اپنی حیثیت دوبارہ منوانا شروع ہوگئی اور سلیمان نے مشرق کا رخ کیا۔ اس نے Antioch-Aleppo خطے میں ایک مضبوط مرکز حاصل کرنے کی کوشش کی مگر (479/1086) میں سلطان ملک شاہ کی فوجوں کے ہاتھوں مارا گیا۔ چند برس بعد ہی برک یارق نے سلیمان کے بیٹے قلیج ارسلان اول کو رہائی دے کر واپس اناطولیہ جانے کی اجازت دی۔ قلیج ارسلان دیار بکر اور الجزیرہ میں کچھ کرنے کا عزم رکھتا تھا لیکن

Marfat.com
Marfat.com

وہ بھی وہاں لڑتا ہوا مارا گیا اور اس کے جانشینوں نے اپنی طاقت کو وسطی اناطولیہ میں ہی مرکوز رکھا۔ یہاں سے اس نے دانشمندیوں' سلیشیا کے آرمینیائی بادشاہوں اور ایڈیسا کے فرانکوں پر حملہ کیا۔ قلیچ ارسلان دوم نے دانشمندیوں کا تختہ الٹا اور 572/1176 میں مائریوسیفالون کے مقام پر اس کے ہاتھوں مینوئل کومنیس کی شکست نے مشرق میں قبضے کی بازنطینی امیدوں کو خاک میں ملا دیا۔ لیکن بڑھاپے میں اس کے بیٹے منہ زور ہو گئے' علاقے منتشر ہونے لگے اور 586/1190 میں شہنشاہ فریڈرک باربروسا اور تیسرے صلیبیوں نے عارضی طور پر دارالحکومت کونیہ پر قبضہ کر لیا۔

1204ء میں قسطنطنیہ کی لاطینی فتح نے روم کے سلاطین کو اپنی طاقت کے قیام نو کا ایک موقع فراہم کیا۔ اطالیہ اور سینوپے پر قبضہ کر کے الانیہ یا علاعیہ (سلطان علاؤالدین کیقباد اول کی نسبت سے) کی بندرگاہ تعمیر کی گئی۔ ساحلوں پر اس کنٹرول کی وجہ سے بحیرہ اسود کے ساتھ ایک اہم ٹرانزٹ ٹریڈ کو فروغ ملا اور اطالوی شہری ریاستوں کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم ہوئے۔ سلجوق کونیہ کی تعمیراتی اور فنی رفعتوں کا تعلق اسی دور سے ہے۔ تاہم 638/1240 میں بابا اسحاق کی درویش بغاوت داخلی بے چینی کی علامت تھی، اور جب منگولوں نے اناطولیہ پر حملہ کیا تو سلجوقوں نے کوسیداغ کے مقام پر شکست کھائی (641/1243)۔ سلطنت نے اپنی خود مختاری قائم رکھی، لیکن منگولوں کو بھاری خراج دینا پڑا اور کیخسرو دوم کے بیٹوں کی باہمی چپقلش کے نتیجہ میں بادشاہت لخت لخت ہو گئی۔ منگولوں کا اختیار بڑھتا گیا...... بالخصوص 675/1276 میں وسطی اناطولیہ میں مملوک سلطان بیبرس کی مہم جوئی کے بعد...... جس کے باعث ال خانی اباقا اناطولیہ میں وارد ہوئے۔ 702/1302 تک کے سکوں پر بھی سلجوق سلاطین کے نام ملتے ہیں لیکن انہیں کوئی حقیقی حاکمیت حاصل نہ تھی۔ تاہم پندرھویں صدی کے عثمانی روزناموں میں بھی ایک سلجوق نسل کا ذکر ملتا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 53-دانشمندی(464-573/1071-1177)

وسطی اور مشرقی اناطولیہ

### 1-سواس شاخ (464-570/1071/1174)

| | |
|---|---|
| 464/1071اندازاً | ملک دانشمند غازی |
| 477/1084 | امیر غازی **گمشتگین** |
| 529/1134 | ملک محمد |
| 536/1142 | ملک عماد الدین ذوالنون، پہلا دور حکومت (کیسری میں) |
| 537/1142 | ملک نظام الدین یغی بسن |
| 560/1164 | ملک مجاہد جمال الدین غازی |
| 562/1166 | ملک شمس الدین ابراہیم |
| 562/1166 | ملک شمس الدین اسماعیل |
| 564-70/1168-74 | ملک ذوالنون، دوسرا دور حکومت (اس مرتبہ ناصر الدین کے خطاب کے ساتھ) |

روم کے سلجوق

### 2-ملاتیہ شاخ (537-573/1142-78)

| | |
|---|---|
| 537/1142 | عین الدین بن **گمشتگین** |
| 547/1142 | ذوالقرنین |
| 557/1162 | ناصر الدین محمد، پہلا دور حکومت |
| 565/1170 | فخر الدین قاسم |
| 567/1172 | آفریدون |
| 570-3/1175-8 | ناصر الدین محمد، دوسرا دور حکومت |

روم کے سلجوق

Marfat.com
Marfat.com

اس ترکمانی سلطنت کا اصل مرکز شمالی اناطولیہ میں تھا۔ اس کا بانی دانشمند سلجوق سلیمان بن قتلمش کی وفات کے بعد پیدا ہونے والی گڑبڑ کے دوران اناطولیہ میں غازی کے طور پر ظاہر ہوا، اور جلد ہی دانشمندی اولین صلیبیوں کے ساتھ برسرپیکار نظر آئے۔ دانشمند ایک رزمیہ داستان کا مرکزی کردار ہے جو تقریباً دو سو برس بعد لکھی گئی۔ اس رزمیہ میں اس کا تعلق ابتدائی مسلمان مجاہد سید بطال کے ساتھ جوڑا گیا ہے۔ دانشمندیوں کے ماخذ کا تعین کرتے وقت حقیقت اور افسانے کو الگ الگ کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ بارھویں صدی کی ابتدا میں امیر غازی گمشتگین نے رومی سلجوقوں کے جانشینی کے تنازعات میں دخل اندازی کی، سیلشیا میں آرمینیوں اور کاؤنٹی آف ایڈیسا میں فرانکوں کے خلاف لڑا، اور 521/1127 میں کیسری وانقرہ پر قبضہ کر لیا۔ عیسائیوں کے ساتھ ان کی جنگ وجدل کے باعث خلیفہ مسترشد نے دانشمندیوں کو "ملک" کا خطاب دیا۔

لیکن 536/1142 میں ملک محمد کی وفات پر اس کے بیٹوں اور بھائیوں کے درمیان لڑائی ہونے لگی: یغی بسن نے سیواس میں امیر ہونے کا اعلان کر دیا، اس کا بھائی عین الدین ایلبستان اور ملاتیہ میں تخت نشین ہوا اور ذوالنون نے کیسری پر قبضہ جما لیا۔ چنانچہ ایک وقت میں دانشمندانیوں کی تین متحارب شاخیں موجود تھیں۔ لیکن یغی بسن کی موت کے بعد سلجوق قلج ارسلان دوم نے سیواس شاخ کے امور میں کئی بار دخل اندازی کی اور بالآخر 570/1174 میں ذوالنون کو قتل کر کے اس کی مقبوضات ہتھیا لیں۔ ملاتیہ میں ذوالقرنین کے تین بیٹے برسرپیکار تھے، اور یہاں کے آخری حکمران ناصر الدین نے قلج ارسلان دوم کے باجگوار کی حیثیت میں حکومت کی۔ 573/1178 میں قلج ارسلان دوم نے بذات خود ملاتیہ پر قبضہ کر لیا۔ مورخ ابن بی بی کے مطابق باقی ماندہ دانشمندی سلجوقوں کی خدمت میں آ گئے۔

## 54- قرمانی (654-888/1256-1483 اندازاً)

وسطی اناطولیہ

| | |
|---|---|
| 654/1256 | قرمان بن نورا صوفی |
| 660/1261 | محمد اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 677/1278 | بدرالدین محمود |
| ? | برہان الدین موسیٰ |
| ? | فخرالدین احمد |
| 750/1349 | شمس الدین |
| 753/1352 | علاالدین خلیل |
| 783/1381 | علاالدین بن خلیل |
| 792-805/1390-1403 | عثمانی قبضہ |
| 805/1403 | محمد دوم |
| 822-4/1419-21 | مملوک قبضہ |
| 824/1421 | محمد دوم، (بحالی) |
| 827/1424 | علاالدین علی |
| 827/1424 | تاج الدین ابراہیم |
| 868/1463 | اسحاق |
| 869/1464 | پیراحمد |
| 874/1479 | پیراحمد اور قاسم، مشترکہ طور پر |
| 879-88/1474-83 | قاسم |

## عثمانی تسخیر

قرمانی اناطولیہ کی طاقتور اور پائیدار ترین ترک سلطنت تھی جس نے عثمانیوں کے پہلو بہ پہلو ترقی پائی لیکن انجام کار انہی میں ضم ہوگئی۔ لگتا ہے کہ وہ ترکمانوں کے افشار قبیلے سے تعلق رکھتے تھے اور قرمان کا باپ نورا ایک مقبول عام صوفی شیخ تھا؛ چنانچہ یہ سلطنت بھی درویش ماخذ کی حامل دیگر اناطولیائی حکومتی سلسلوں جیسی ہی ہوگی۔ اس سلطنت کا اصل مرکز شمال مغربی کوہ تارس میں ارمینیک کے مقام پر تھا جہاں وہ کونیہ کے سلجوق سلطان رکن الدین قلیج ارسلان چہارم کے باجگوار تھے۔ اس دور میں وہ مملکوں اور منگولوں کی طرف سے بھی پریشان تھے، لیکن چودھویں صدی میں

Marfat.com
Marfat.com

انہوں نے ایک قطعی خودمختار ریاست تشکیل دی اور وسطی یا جنوبی اناطولیہ کے مختار بن گئے۔ان کا صدر مقام کرمان فنی اور ثقافتی سرگرمی کا اہم مرکز بن گیا؛ اور کم ازکم جدید ترکی کی نکتہ نظر کے مطابق قرمانیوں نے حکومتی نظم ونسق کے لیے فارسی کی بجائے ترکی زبان کی حوصلہ افزائی کر کے کچھ شہرت حاصل کی۔

ناگزیر طور پر توسیع پذیر عثمانیوں کے ساتھ ان کا جھگڑا ہوا اور 792/1390 میں علاؤالدین خلیل کو اق چے کے مقام پر بایزید کے ہاتھوں شکست ہوئی اور قرمانی علاقوں کا الحاق کرلیا گیا۔ لیکن 805/1402 میں تیمور نے انقرہ کے مقام پر بایزید کو شکست دے کر بہت سی ایسی اناطولیائی حکومتوں کو بحال کردیا جنہیں عثمانیوں نے ہڑپ کرلیا تھا۔ان میں قرمانی سلطنت بھی شامل تھی۔عثمانیوں کے ساتھ جھگڑے جاری رہے کیونکہ اب وہ سلاطین کے سب سے بڑے دشمن تھے۔قرمانیوں نے عثمانی توسیع پسندی کے خلاف میڈی ٹرینین کی طاقتوں سے گٹھ جوڑ کرلیا۔لیکن جانشینی کے داخلی جھگڑوں نے عثمانی مداخلت کو ممکن بنایا اور سلطنت کچھ ہی عرصہ بعد معدوم ہوگئی۔

## 55-عثمانی (680-1342/1281-1924)

### اناطولیہ، بلقان اور عرب علاقے

| | |
|---|---|
| 680/1281 | عثمان اول بن ارطغرل |
| 724/1324 | اورخان |
| 761/1360 | مراد اول |
| 791/1389 | بایزید اول یلدرم ("بجلی کا کوندا") |
| *804/1402* | *تیموری حملہ* |
| 805/1403 | محمد اول چلیبی (پہلے صرف اناطولیہ اور 816/1410 کے بعد رومیلیا میں بھی) |
| 806/1403 | سلیمان اول (813/1410 تک صرف رومیلیا میں) |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 824/1421 | مراددوم، پہلا دورحکومت |
| 848/1444 | محمد دوم فاتح، پہلا دورحکومت |
| 850/1446 | مراددوم، دوسرادورحکومت |
| 855/1451 | محمد دوم، دوسرادورحکومت |
| 886/1481 | بایزیددوم |
| 918/1512 | سلیم اول یوز (the Grim) |
| 926/1520 | سلیمان دوم قانونی (یعنی قانون دہندہ، مغرب میں اسے سلیمان عالیشان کے طور پر بھی جانا جاتا ہے)۔ |
| 974/1566 | سلیم دوم |
| 982/1574 | مرادسوم |
| 1003/1595 | محمد سوم |
| 1012/1603 | احمد اول |
| 1026/1617 | مصطفیٰ اول، پہلا دورحکومت |
| 1027/1618 | عثمان دوم |
| 1031/1622 | مصطفیٰ اول، دوسرادورحکومت |
| 1032/1623 | مراد چہارم |
| 1049/1640 | ابراہیم |
| 1058/1648 | محمد چہارم |
| 1099/1687 | سلیمان سوم |
| 1102/1691 | احمد دوم |
| 1106/1695 | مصطفیٰ دوم |
| 1115/1703 | احمد سوم |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1143/1730 | محمود اول |
| 1168/1754 | عثمان سوم |
| 1171/1757 | مصطفیٰ سوم |
| 1187/1774 | عبدالحمید اول |
| 1203/1789 | سلیم سوم |
| 1222/1807 | مصطفیٰ چہارم |
| 1223/1808 | محمود دوم |
| 1255/1839 | عبدالماجد اول |
| 1277/1861 | عبدالعزیز |
| 1293/1876 | مراد پنجم |
| 1293/1876 | عبدالحمید دوم |
| 1327/1909 | محمد پنجم راشد |
| 1336/1918 | محمد ششم وحیدالدین |
| 1341-2/1922-4 | عبدالمجید دوم (صرف خلیفہ کی حیثیت میں) |

## مصطفی کمال کی ری پبلکن حکومت

عثمانیوں کا ابتدائی دور قصوں اور افسانوں سے معمور ہے' اور 1300ء سے قبل کے چند ایک ہی تاریخی حقائق معلوم ہیں۔ لگتا ہے کہ اس خاندان کا تعلق اوغوز کے قائع قبیلے سے تھا اور وہ ایشیائے کوچک میں ایک خانہ بدوشانہ زندگی گزار رہے تھے۔ یوں وہ مشرق سے آنے اور بازنطینیوں کی جانب سے واپس دھکیل دیئے جانے والے ترکمانوں کی بہت بڑی لہر کا ہی ایک حصہ تھے۔ عثمانی کونیہ کے سلجوق سلاطین کے ساتھ تھوڑا بہت تعلق رکھتے تھے، لیکن منگولوں کے ظہور اور تیرھویں صدی کے دوران سلجوقوں کے انحطاط نے انہیں واپس اناطولیہ کے شمال مغربی کونے میں جانے پر مجبور کر دیا۔ جب اناطولیہ کے دیگر علاقوں میں ترک Principalities قائم کی جا رہی تھیں تو عثمانی بازنطینیوں کے ساتھ مصروف پیکار تھے۔ مشرق سے آنے والے نئے ترکمانوں

Marfat.com
Marfat.com

کی وجہ سے ان کی طاقت کو تقویت ملتی رہی کیونکہ وہ مہاجرین عیسائیوں کے خلاف غازی بننے کے مشتاق تھے۔ اسی جذبہ جہاد کے ذریعہ سلطنتِ عثمانیہ نے عسکری رویہ اور جوش و خروش حاصل کیا جس نے انہیں توسیع اختیار کرنے کی اجازت دی۔ انجام کار انہوں نے تمام دیگر ترکی حکومتوں کو اپنے اندر جذب کر لیا۔

758/1357 میں عثمانیوں نے گالی پولی کے مقام پر یورپ میں قدم رکھا اور بلقان سلاویوں کے عدم اتحاد اور آرتھوڈوکس و کیتھولکس کی مذہبی دشمنیوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تیزی کے ساتھ بلقانوں کا ایک بہت بڑا حصہ فتح کر لیا۔ ان فتوحات کو ملا کر رومیلیا کا صوبہ بنایا گیا۔ عثمانیوں کا اپنے دارالحکومت کو بصرہ سے Edrine منتقل کرنا بھی اس بات کا اظہار تھا کہ وہ ایشیا کی بجائے یورپ میں اپنا مرکز بنا رہے ہیں (767/1366)۔ عسکری اعتبار سے انہوں نے اپنے ترکمانی پیروکاروں پر انحصار کم کر دیا۔ 796/1394 میں بایزید اول نے قاہرہ کے عباسی خلیفہ المتوکل اول سے سلطانِ روم کا خطاب حاصل کیا، لیکن اس کی ایشیائی سلطنت کو تیمور کے اچانک حملے نے پارہ پارہ کر دیا۔ تیمور نے 805/1402 میں سلطان کو انقرہ کے مقام پر شکست دی۔ بعد کے عشروں کے دوران ایشیائے کوچک میں عثمانی سلطنت کے ٹکڑوں کو دوبارہ جوڑا گیا، اور 857/1453 میں محمد فاتح نے قسطنطنیہ پر قبضہ کر لیا۔

سولھویں صدی سلطنت کا عہدِ زریں تھی۔ 923/1517 میں سلیم the Grim (ہیبت ناک) نے انحطاط پذیر مملوکوں سے شام اور مصر چھین لیا۔ 932/1526 میں Mohacz کی فتح کے بعد سلیمان عالیشان نے زیادہ تر ہنگری کو تقریباً ڈیڑھ سو سال کے لیے عثمانی حکومت کے ماتحت کر دیا۔ مشرقی سرحدوں پر سنی عثمانیوں کے شدید مخالف شیعہ صفویوں کو 920/1514 میں کالدیران کے مقام پر شکست دی گئی اور آذربیجان پر حملہ کیا گیا؛ بحیرہ ہند میں ترک بحری قوتوں نے پرتگیزوں کے خلاف کارروائیاں کیں۔

اپنی طاقت کے اس عہدِ عروج میں عثمانیوں نے سلطنت کے اندر موجود مذہبی و نسلی اقلیتوں کے لیے برداشت کا رویہ اپنایا۔ سترھویں صدی میں مشرقی یورپ کے ترکوں کے لیے حالات خراب ہونے لگے۔ وہ یورپی طاقتوں کی تیس سالہ جنگ میں مصروفیت کا زیادہ فائدہ نہ اٹھا سکے اور ان کی

Marfat.com
Marfat.com

واحد بڑی کامیابی کریٹ کا حصول تھا۔ تاہم 1094/1683 میں ترکوں کو ویانا سے نکال دیا گیا۔ یورپی تقسیموں اور رقابتوں نے عثمانی سلطنت کو مزید دو سو برس کی مہلت دے دی کیونکہ یورپیوں کی تیکنیکی صلاحیت نے انہیں ایک واضح عسکری و بحری برتری دلا دی تھی۔ غیر منضبط جانسیری کافی عرصہ سے ترک افواج کی جدیدیت کی راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے تھے، اور کہیں 1241/1826 میں آ کر ہی محمود دوم نے ان کی طاقت کا خاتمہ کیا۔ معاشی اعتبار سے ترک اور عرب علاقوں کو اعلیٰ مغربی مصنوعات اور تجارتی تیکنیکوں کے ساتھ مقابلہ بازی میں نقصان اٹھانا پڑا۔ مقامی پیداوار گھٹ گئی، آمدنی کے اندرونی ذرائع کم ہو گئے اور انیسویں صدی میں ترکی دیوالیہ پن کی حالت کو پہنچ گیا۔

روسی توسیع پسندی ایک خصوصی خطرہ تھی، کیونکہ روسیوں نے عثمانیوں کے حلیف کریمیائی تاتاریوں کو مطیع بنا لیا تھا اور اب استنبول و بوسفورس پر کنٹرول حاصل کرنے کو بے قرار تھے تاکہ میڈی ٹرینین تک رسائی حاصل کر سکیں۔ انیسویں صدی کے ابتدائی برسوں میں البانوی سپاہی محمد علی مصر کا خود مختار حاکم بن گیا؛ یونانیوں نے بغاوت کی اور 1829ء تک اپنی خود مختار حیثیت کو منوا لیا۔ الجیریا فرانسیسیوں کو مل گیا۔ قوم پرستانہ جذبات کے فروغ (انقلاب فرانس کے نتیجہ میں) نے بلقانیوں کو ترک حکومت کے خلاف بغاوت پر آمادہ کیا اور 13-1912ء کی دوسری جنگ بلقان کے اختتام پر ترکی یورپ میں صرف مشرقی تھریس تک محدود ہو کر رہ گیا۔ پہلی عالمی جنگ میں ''مرکزی طاقتوں'' کی جانب سے ترکی کی شمولیت کے باعث عربی علاقے ہاتھ سے نکل گئے اور یورپی طاقتوں کو اصل ترکی علاقے کے دعویدار بننے کی تحریص ہوئی۔ لیکن ان طاقتوں کے لالچ نے ترکی قومی جذبات کو ہوا دی۔ مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں پہلی عثمانی سلطنت کا خاتمہ ہوا۔ 1922ء اور پھر 1924ء میں خلافت کا خاتمہ کر کے آخری عثمانی عبدالماجد کو معزول کر دیا گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

آٹھواں حصہ

# منگول

## منگول یا چنگیزی

منگولوں کی ریکارڈ کی ہوئی تاریخ کا آغاز بارھویں صدی کے آخر اور تیرھویں صدی کے آغاز سے ہی ہوتا ہے، کیونکہ صرف بارھویں صدی کی ''منگولوں کی خفیہ تاریخ'' اور چند چینی و فارسی تحریروں میں ہی ان کا ذکر ملتا ہے۔ تاہم' لگتا ہے کہ منگول اصل میں سائبریا اور بیرونی منگولیائی جنگلوں کے رہنے والے جنگل باسی تھے۔ وہ گھوڑوں پر تیزی کے ساتھ چڑھنے میں مہارت رکھتے تھے۔

چنگیز کا باپ سیوگائی منگول قبیلے کا خاں تھا۔ چنگیز کا اصل نام تموجن (لوہار) تھا اور وہ منگولیا میں kereyt قبیلے کے سردار توعزل یا اونگ خان کی سرپرستی میں نمایاں ہوا۔ بعد میں تموجن کا اونگ خان کے ساتھ جھگڑا ہو گیا، اور اس نے جنگ میں پہلے اونگ خان اور پھر ایک منگول دشمن جموقا کو شکست دی۔ وہ پہلے ہی چنگیز کا لقب حاصل کر چکا تھا اور 1206ء میں منگول سرداروں کے ایک اجلاس میں اس نے تمام منگول عوام کا اعلیٰ ترین سردار ہونے کا اعلان کر دیا۔ (''چنگیز'' غالباً ترکی لفظ تنگیز سے ماخوذ ہے جس کا مطلب سمندر ہے۔ یوں ہم چنگیز کا مطلب ہمہ گیر لے سکتے ہیں)۔ اب اس نے شمال مشرقی چین میں کنسو اور اوردوس خطوں کے تنگت منگوتوں کے خلاف مہمات کا بیڑا اٹھایا اور 1213ء میں چین خاص پر حملہ کیا، 1215ء میں پیکنگ کو لوٹا اور چینی شہنشاہوں کی حیثیت کو کمزور کیا۔ 1218ء میں شمالی ترکستان میں بیمر چ کے حملے نے چنگیز کو اسلامی خوارزم شاہان کے علاقوں کے ساتھ ایک مشترکہ سرحد دے دی۔ پرامن سفارتی رابطے پہلے سے موجود تھے، لیکن 615/1218 کے واقعہ اترار (جب خوارزمی گورنر نے چنگیز کے ایلچیوں اور ان کے ہمراہ مسلمان تاجروں کے سارے کاروان کو قتل کر دیا) نے اسلامی دنیا پر منگول حملے کی بنیاد فراہم کر دی۔ 20-616-17/1219 میں ورائے جیحون فتح کیا گیا؛ چنگیز کے بیٹے تولوئی کو

Marfat.com
Marfat.com

خراسان میں بھیجا گیا اور افغانستان میں پروان کے مقام پر عارضی پسپائی کے بعد آخری خوارزم شاہ جلال الدین کا ہندوستان میں تعاقب کیا گیا (618/1221)۔ دریں اثناء دو دیگر افراد، جوچی اور چغتے زیریں سیر دریا اور خوازم کے علاقہ میں شاہان کے وطن کو تباہ و برباد کر رہے تھے۔ جلال الدین نے اپنی زندگی کے باقی دن ایک بھگوڑے کے طور پر بسر کیے۔

منگول سرداروں کی روایت تھی کہ وہ اپنے علاقوں کے حصے دیگر اہل خانہ کے درمیان تقسیم کر دیا کرتے تھے اور چنگیز خان نے یہ کام اپنی وفات سے قبل 624/1227 میں کیا۔ اس نے ان میں سے ہر ایک کو چراگاہ کا ایک ایک خطہ الاٹ کیا تاکہ وہ وہاں اپنے گلے چرا سکیں۔ خود منگولوں کے فتح کردہ علاقے اتنے وسیع تھے کہ ایک مرکزیت کی حامل ریاست کے طور پر ان پر حکومت نہیں کی جا سکتی تھی' اور منگول خود بھی سیاسی اور انتظامی اعتبار سے کافی پسماندہ تھے۔ اس وقت تک منگول زبان تحریری صورت میں موجود نہ تھی۔ چنانچہ مفتوحہ زمینوں کے لیے فوری طور پر ایک بیوروکریسی تشکیل دینا پڑی تاکہ خوانین کے لیے ٹیکس اکٹھا کیا جا سکے۔ اوئی غور، فارسی اور چینی علاقوں کے حکمران طبقات سرفراز ہوئے اور بدھسٹ اوئی غور سیکرٹری، ''بخشی'' خاص طور پر قابل ذکر تھے۔ منگولوں اور ان کی تاریخ کے بارے میں ہماری زیادہ تر معلومات دو فارسیوں یعنی عطا ملک جوینی اور رشید الدین فضل اللہ کی مرہون منت ہیں۔

چنگیز کی زمینیں اس کے چار بیٹوں جوچی، چغتے، اوگیدی اور تولوئی کے درمیان تقسیم ہوئیں۔

## 56- منگول عظیم خان، اوگیدی اور اولیوئی کی نسل
## (چین کی سلطنتِ یوآن)
## 603-1043/1206-1634

منگولیا اور شمالی چین

| | |
|---|---|
| 603/1206 | چنگیز خان |
| 624/1227 | اوگیدی |
| 639/1241 | تورجین، بطور ریجنٹ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 644/1246 | گویوک |
| 647/1249 | اوغول غیمش، بطور ریجنٹ |
| 649/1251 | مونگکے (مینکو) |
| 658/1260 | قبلائی |
| 693/1294 | تیمور اولجیتو |
| 706/1307 | قیشان گولوک |
| 710/1311 | آیور پری بھدر یویتو |
| 720/1320 | سدمی پل گیجن |
| 723/1323 | یسون تیمور |
| 728/1328 | اریگابا |
| 728/1328 | تجھتوتوق تیمور |
| 729/1329 | قشیلا قتقتو |
| 732/1332 | رنچن پل (ارنجیل) |
| 932-71/1332-70 | توغان تیمور |

تولونی کی اولاد کا سلسلہ صرف منگولیا میں سترہویں صدی تک جاری رہا، لیکن چین میں خانوں کی جگہ 1368میں منگ سلطنت نے لے لی اوگیدی کی حکومت میں شمالی چین یعنی چن سلطنت فتح ہوئی اور کوریا کو بھی ساتھ ملایا گیا۔ 1279ء میں جنوبی چین میں سنگ سلطنت کا تختہ الٹا گیا۔"قدیم جنگ" کے خاتمہ پر بتو جنوبی روس کی چراگاہوں اور وسطی یورپ پر حملے کر کے قرون وسطیٰ کی عیسائی دنیا کو خوفزدہ کر رہا تھا۔ اگرچہ اوگیدی کے بیٹے گویوک کی بہت سی اولادیں تھیں، لیکن مطلق حکومت (647/1249 میں اس کی وفات کے بعد) ایک اور شاخ یعنی مونگکے اور تولوئی کی اولادوں کو مل گئی۔ جب چین میں مونگکے کے بھائی قبلائی نے مہاخان ہونے کا دعویٰ کیا تو اوگیدی نسل نے بغاوت کر دی، اور قیدو اور چپر کے سرکردگی میں کافی عرصہ تک مہاخوانین کے لیے باعث پریشانی بنے رہے۔

Marfat.com
Marfat.com

انجام کار انہوں نے تولوئی کے خاندان کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا، لیکن بعد کے ادوار میں اوگیدی گھرانے کے مختلف افراد نے شورش وافراتفری کے مواقع پر اقتدار حاصل کیا۔

قراقرم میں، اور مونگکے عہد کے بعد پیکنگ یا خان بلیق (خانوں کا شہر) میں مہا خوانین نے بربری انداز کی زندگی گزاری۔ اس امر کا پتہ ہمیں سیاحوں کی تحریروں سے چلتا ہے۔ منگول فتوحات سے حاصل شدہ مادی دولت اور لوٹ مار صرف صدر مقامات میں مرتکز تھی، اہل ہنر وہاں جمع ہو گئے، اور محققین، مصنفین اور مذہبی رہنماؤں نے خوانین کے ڈیروں کا رخ کیا۔ منگولوں نے چراگاہوں کی روایتی رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاطینی ونسطوری عیسائیوں، مسلمانوں بودھیوں اور کنفیوشس پسندوں کو اپنی بات کہنے کا موقع دیا۔ ناگزیر طور پر منگولوں کے اصل ارواح پرستانہ شامن اِزم کی جگہ (منگولیا اور چین میں) تبتی لاما ازم نے لے لی۔ یہ آج بھی مشرقی ایشیا کے منگولوں کا اکثریتی مذہب ہے۔

منگول مہا خوانین آہستہ آہستہ بربری ماخذ کی حامل ایک اور چینی سلطنت ''یوآن'' کی صورت اختیار کر گئے۔ انہوں نے چین میں 1368ء تک حکومت کی۔ تب ان کی جگہ منگ نے لے لی۔ لیکن اس وقت تک وہ وسطی ومغربی ایشیا کی منگول حکومتوں پر زیادہ تر کنٹرول کھو چکے تھے۔ مہا خوانین کی اولادیں صرف منگولیا خاص میں ہی کچھ خود مختاری کی مالک رہیں۔ تاہم منگ شہنشاہ ان کے سرپرست تھے۔

## 57- چغتائی، چغتے کی نسل

## 624-771/1227-1370

### ورائے جیحون، سیمرچے اور شمالی ترکستان

| | |
|---|---|
| 624/1227 | چغتے |
| 639/1241 | قراہولیگو، پہلا دور حکومت |
| 645/1247 | یسو مونگکے |
| 650/1252 | قراہولیگو، دوسرا دور حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 650/1252 | اور قینہ خاتون |
| 659/1261 | الوغو |
| 664/1266 | مبارک شاہ |
| 664/1266 | برق |
| 670/1271 | نیگو بے (نی کپے) |
| 670/1272 | تقا تیمور |
| 690/1291 | دُوا |
| 706/1306 | کون چیک |
| 708/1308 | تالیقو |
| 709/1309 | کیبک (کوپک)، پہلا دور حکومت |
| 709/1309 | ایسن بقا |
| 718/1318 | کیبک، دوسرا دور حکومت |
| 726/1326 | ایلچی گیدی |
| 726/1326 | دُوا تیمور |
| 726/1326 | علاالدین ترمشیرین |
| 734/1334 | چنگ شی |
| 735/1334 | بُزن |
| 739/1338 | یسون تیمور |
| 743/1342 | محمد |
| 744/1343 | قزان |
| 747/1346 | دانش مندجی |
| 749/1348 | بیان قلی |
| 760/1359 | شاہ تیمور |

Marfat.com
Marfat.com

?760-4/1359-63 تغلق تیمور

## تیموری فتوحات

چنگیز کی وفات کے بعد چغتے سب سے بڑے بیٹے اور منگول قبائلی قانون کے مصدقہ ماہر کی حیثیت میں بڑا اثر ورسوخ رکھتا تھا۔ وہ بلاشبہ مسلمانوں کا زبردست مخالف تھا، اور اس نے قبائلی قانون یا یس (yasa) کے وہ اصول لاگو کرنے پر اصرار کیا جو اسلامی شریعت کے برعکس تھے، مثلاً جانوروں کو ذبح کرنے کا طریقہ۔ چغتے کے ریت نے کوہ تیان شان کے دونوں طرف حاکمیت حاصل کرلی تھی لیکن چغتائی سلطنت چغتے کی اپنی موت کے بعد ہی وجود میں آسکی۔ اس کے بیٹے اور پوتے باہم برسرپیکار ہوئے اور مہان خان مونگکے کے خلاف سازش کی۔ ولیم ربروک کے مطابق ساری منگول سلطنت مونگکے اور تبو کے درمیان تقسیم تھی۔ چغتائی حکومت کا حقیقی بانی چغتے کا پوتا الغو تھا جس نے مونگکے کے بیٹوں قبلائی اور عریق بو کے درمیان خانہ جنگی کا فائدہ اٹھا کر خوارزم، مغربی ترکستان اور افغانستان پر قبضہ کرلیا۔

چغتائی اسلام سے زیادہ فارس کے منگولوں یعنی اِل خانیوں سے متاثر تھے اور انہوں نے اپنے خانہ بدوشانہ اور قبائلی طور طریقے طویل عرصہ تک برقرار رکھے؛ ان حقائق نے غالباً وسط ایشیا میں شہری زندگی اور زراعت کے عمومی انحطاط میں حصہ ڈالا۔ مبارک شاہ (666/1266) باقاعدہ اسلام قبول کرنے والا پہلا چغتائی تھا، لیکن 690/1291 کے بعد Duwa اور اس کی اولادیں کٹر بت پرست ہوگئیں جو مشرقی علاقوں میں آباد تھیں۔ ورائے جیحون میں سب سے پہلے کیبک واپس آیا اور وہاں نقشبند یا قرشی کے مقام پر ایک قلعہ تعمیر کیا۔ ترم شیریں (جس کا نام ایک بدھسٹ نام دھرم شیل کی فارسی صورت ہے) مسلمان ہوگیا لیکن مشرقی حصے کے شدید اسلام مخالف خانہ بدوش منگولوں نے بغاوت کرکے اسے مار ڈالا (734/1334)۔ اس کے فوراً ہی بعد چغتائیوں کا اتحاد پارہ پارہ ہونے لگا، اور ورائے جیحون میں تیمور نے سر اٹھایا۔ ورائے جیحون میں باری باری کئی چغتائی اور پھر اوگیدی کی نسل کے کچھ افراد تخت نشین ہوئے۔ چغتائی خاندان بچنے میں کامیاب ہوگیا اور تیمور کی وفات کے بعد اس نے ایسن بقا دوم کے ماتحت (833-67/1429-62) ورائے جیحون میں دوبارہ بحالی حاصل کی۔ ایسن بقا آخری تیموریوں کا خطرناک دشمن ثابت ہوا۔ لیکن انجام

Marfat.com
Marfat.com

کاراس کی ورائے جیحون کی مقبوضات شیبانیوں کو مل گئیں۔

## 58-اِل خانی، قبلائی کے بھائی ہولیگو کی نسل

## 654-754/1256-1353

فارس

| | |
|---|---|
| 657/1256 | ہولیگو (ہُولاگوُ) |
| 663/1265 | ابقا |
| 680/1282 | احمد تیگودر (تکودار) |
| 683/1284 | ارغن |
| 690/1291 | گیکھتو |
| 694/1295 | بیدُو |
| 694/1295 | محمود غزن |
| 703/1304 | محمد خدابندہ اولیجتو |
| 717/1317 | ابوسعید |
| 736/1335 | ارپا |
| 736/1335 | موسیٰ |
| 736-54/1336-53 | *جلایری امیر حسن بزرگ اور چوپانی امیر حسن کوچک کے نامزد کردہ متعدد متحارب خانوں کا دور، اس کے بعد فارس کو مقامی سلطنتوں میں تقسیم کر دیا گیا مثلاً جلایری، مظفری، خراسان کے سربداری۔* |

مہا خان مونگکے نے اپنے بھائی ہولیگو کو مغربی ایشیا میں منگول فتوحات کو بحال اور متحد کرنے کا کام سونپا تھا کیونکہ چنگیز خان کی موت کے بعد سے ورائے جیحون کے جنوب کی زیادہ تر اسلامی دنیا منگولوں کے براہ راست اختیار سے نکل گئی تھی۔ چنانچہ ہولیگو مغرب کی جانب آیا۔ اس نے

Marfat.com
Marfat.com

اسماعیلیوں یا شمالی فارس کے اساسینوں کی مدافعت کو ختم کیا (654/1256) عراق میں ایک خلافتی فوج بھیجی اور بغداد کے آخری عباسی المعتصم کو قتل کر دیا (656/1258)؛ اور شام میں پیش قدمی کی، تاہم وہاں منگولوں کو شکست ہوئی اور مصر کے مملوکوں نے فلسطین میں عین الجالوت کے مقام پر ان کی راہ روک دی (658/1260)۔ اب ہولیگو مہا خان کی جانب سے فارس، عراق، کا کیشیا اور اناطولیہ کے سارے خطے کا حکمران بن گیا اور اس نے اِل خاندان یعنی ''مہا خان کے نائب'' کا خطاب اختیار کیا۔

اب اِل خاندان کی بادشاہت تشکیل پذیر ہوئی، لیکن اس کے بہت سے بیرونی دشمن تھے، بشمول مملوکوں کے جنہوں نے منگولوں کے ناقابل شکست ہونے کے عام خیال کو غلط ثابت کر دیا تھا۔ سنہری جتھے کے دیگر منگول گھرانے اور چغتائی بھی بالترتیب کا کیشیا اور شمال مشرقی ایران میں علاقوں کے مسئلے پر جارحیت اختیار کیے ہوئے تھے۔ یہ اِل خانیوں کے خلاف مشترکہ دشمنی تھی جس نے مملوکوں اور سنہری جتھے کو سیاسی اور تجارتی لحاظ سے متحد کر دیا، جبکہ اِل خانیوں نے یورپی عیسائی طاقتوں، لیوانٹ کوسٹ کے صلیبیوں اور سلیشیا کے آرمینیوں کے ساتھ ایک مسلمان مخالف اتحاد بنانے کی کوشش کی۔ ہولیگو کی بیوی دوقز خاتون ایک نسطوری عیسائی تھی، اور ابتدائی اِل خانی یقیناً بدھ مت اور عیسائیت کے حق میں تھے۔

اِل خانی خود کو بیرونی دشمنوں کے سامنے قائم رکھنے میں کامیاب ہو گئے، لیکن قبلائی خان کی وفات (693/1294) کے بعد چین کے عظیم خوانین کے ساتھ رابطے کمزور پڑ گئے، بالخصوص اس وقت جب فارسی گرد و پیش کے ثقافتی و مذہبی دباؤ کے باعث غزن خان اور اس کے جانشینوں نے اسلام قبول کر لیا۔ ابو سعید آخری عظیم اِل خانی تھا۔ اس نے (723/1323) میں مملوکوں کے ساتھ امن قائم کر کے شام کی خاطر لڑائی کا خاتمہ کر دیا، لیکن اس کی سلطنت داخلی نفاق کا شکار ہوئی اور وہ بدقسمتی سے کوئی جائز وارث چھوڑے بغیر مر گیا۔ اس کی وفات کے بعد کے برسوں میں کئی خوانین مختصر عرصے کے لیے جانشین بنے، انہیں دشمن جلایری اور چوپانی امیروں نے تخت پر بٹھایا اور انجام کار اِل خانی سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی اور اس کی جگہ مقامی سلطنتوں نے لے لی۔ فارسی زمینوں کو بعد ازاں تیمور نے اپنے ماتحت دوبارہ متحد کیا۔

Marfat.com
Marfat.com

زبردست جنگ و جدل اور کھینچا تانی کے باوجود اِل خانی عہد فارس کے لیے خوشحالی کا دور تھا۔ غزن کے قبول اسلام سے منگول ترک حکمران طبقے اور ان کے فارسی محکومین کے درمیان ایک مصالحتی عمل شروع ہوا۔ اِل خانی صدر مقامات تبریز اور مراگھا علم و فن کے گڑھ بن گئے جہاں فطری علوم اور تاریخی تحریروں کی بالخصوص سرپرستی کی گئی۔ 707/1307 کے بعد اولجیتو نے قزوین کے نزدیک سلطانیہ کے مقام پر ایک نیا دارالحکومت بنانے کا منصوبہ بنایا؛ فن کاروں اور معماروں کی حوصلہ افزائی کی گئی اور اِل خانی طرز تعمیر کا ایک جداگانہ انداز ظہور میں آیا۔ منگولوں کے بین الاقوامی رویے، عیسائی یورپ اور چین جیسی نہایت مختلف تہذیبوں کے ساتھ ان کے رابطوں نے فارسی دنیا پر تازہ فکری، تجارتی اور فنی اثرات مرتب کیے؛ مثلاً اب دارالحکومت تبریز میں اطالوی تاجروں کی کالونیاں بننے لگیں، اور اِل خانی سلطنت نے مشرقِ بعید اور ہندوستان کے ساتھ تجارت میں ایک نمایاں کردار ادا کیا۔

## 59- سنہری جتھے کے خان، جوچی کی اولاد
## (623-907/1226-1502)

جنوبی روس اور مغربی سائبیریا

### 1- بتوئی کی نسل، جنوبی روس اور مغربی قپچاق میں نیلے جتھے کے خان

| | |
|---|---|
| 624/1227 | بتو بن جوچی |
| 653/1255 | سرتق |
| 654/1256 | اُولغچی |
| 655/1257 | برک (برکہ) |
| 665/1267 | مونگکے (مینگو) تیمور |
| 679/1280 | تودے مونگکے |
| 686/1287 | تولے بغا |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 689/1290 | غیاث الدین توقتو |
| 712/1312 | غیاث الدین محمد اوز بیگ |
| 742/1341 | تینی بیگ |
| 742/1341 | جانی بیگ (جام بیگ) |
| 758-82/1357-80 | طوائف الملوکی کا دور جس میں محمد بردی بیگ، قلپا اور نوروز بیگ محمد تخت کے دعویدار تھے۔ |

## 2-اوردا کی نسل، سائبیریا اور مشرقی قپچاق؛ اور 780/1378 کے بعد نیلے جتھے اور سفید جتھے کی جنوبی روس کے سنہری جتھے کی صورت میں مشترک حکومت

| | |
|---|---|
| 723/1226 | اوردا ابن جوچی |
| 679/1280 | کوچو |
| 701/1302 | بیان |
| 708/1309 | ساسیبقا (یا ساریغ بقا) |
| 715/1315 اندازاً | البسن |
| 720/1320 | مبارک خواجہ |
| 745/1344 | چمٹے |
| 762/1361 | اُرس |
| 777/1375 | تقتیقیہ |
| 777/1375 | تیمور ملک |
| 778/1376 | غیاث الدین توقتمش |
| 797/1395 | تیمور قتلغ |
| 803/1401 | شادی بیگ |
| 810/1407 | پُولاد |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 813/1410 | تیمور |
| 815/1412 | جلال الدین |
| 815/1412 | کریم بردی |
| 817/1414 | کیبیک |
| 820/1417 | جبار بردی |
| 822/1419 | اولغ محمد، پہلا دور حکومت |
| 823/1420 | دولت بردی |
| 825/1422 | برق |
| 832/1427 | اولغ محمد، دوسرا دور حکومت (بعد ازاں قازان میں) یہ تینوں متحارب خان تھے |
| 838/1433 اندازاً | سید احمد اول |
| 840/1435 اندازاً | کوچوک محمد |
| 871/1465 | احمد |
| 886/1481 | شیخ احمد |
| 886/1481 | سید احمد دوم |
| 886/1481 | مرتضیٰ [ شیخ احمد، سید احمد اور مرتضیٰ تینوں شریک حکمران تھے ]۔ |

907/1502 میں کریمیا کے گرے خانوں کے ہاتھوں شیخ احمد کی شکست،
اور باقیماندہ سنہری جتھے کا کریمیانی تاتاری جتھے میں ادغام

چنگیز خان کے سب سے بڑے بیٹے جوچی کو مغربی سائبیریا اور قپچاق ستپی کا علاقہ اس کی "یرت" (Yurt) کے طور پر الاٹ کیا گیا تھا، اور (624/1227) میں اس کی وفات پر مغربی سائبیریا اس کے بڑے بیٹے اوردا کو مل گیا جس نے اپنے علاقوں میں سفید جتھہ بنایا۔ سفید جتھے کے ابتدائی خوانین کے بارے میں معلومات بہت کم ہیں لیکن پرعزم اور طاقتور توقتمش (وفات

Marfat.com
Marfat.com

(809/1406) کافی اہم فرد ہے۔ اس نے بتو کی نیلے جتھے (جسے آج ہم سنہری جتھے کے طور پر جانتے ہیں) کو سفید جتھے کے ساتھ متحد کیا اور سنہری جتھے کو ایک مرتبہ پھر روس کی اہم طاقت بنا دیا، اور (784/1382) میں نزنی نووگورود اور ماسکو کی اینٹ سے اینٹ بجائی۔ تاہم' بدقسمتی سے اس کا سامنا تیمور سے ہو گیا جس نے اسے اس کے دارالحکومت سرائے (Saray) سے وولگا کی جانب بھگا دیا۔ اور توقتمش کو مجبوراً لیتھوینیا کے وِتولڈ کے پاس پناہ لینا پڑی۔

جوچی کی میراث کا مغربی نصف، خوارزم اور جنوبی روس کا قپچاق ستیپی اس کے بیٹے بتو کو ملا۔ بتو نے نووگورود کے علاقے تک روس میں لوٹ مار کی، کیو پر قبضہ کیا، اور پولینڈ و ہنگری پر حملہ کیا۔ عیسائی یورپ بتو کی فوج کی لیگنیز کے مقام پر 638/1241 میں فتح اور بیلا چہارم کی ایڈریا ٹک ساحلوں کی جانب روانگی کے بعد مزید آفات سے بچ گیا۔ دارالحکومت سرائے کو بنیاد بنا کر بتو کا نیلا جتھہ سنہری جتھے کا مرکزہ بن گیا۔ اوز بیگ کی وفات (742/1341) کے بعد سنہری جتھے کے تمام خوانین مسلمان تھے' اور اس کا مطلب ہے کہ حکمران جتھے اور ان کے عیسائی روسی محکومین کے درمیان ایک گہری مذہبی خلیج حائل تھی، اگرچہ لاطینی عیسائی مبلغین نے قپچاق ستیپی میں کچھ عرصہ تک کام جاری رکھا۔ جتھے کے اناطولیہ اور شام و مصر میں مملوک سلطنت کے ساتھ اہم تجارتی رابطے تھے؛ مملوکوں کو غلام فراہم کیے جاتے رہے، جبکہ جتھے کی ثقافت نے اسلامی تاثر حاصل کیا جو اِل خانیوں کے عین برعکس تھا۔ تاہم عثمانی طاقت کی بڑھوتری اور 755/1354 کے بعد ان کے Dardanelles پر کنٹرول نے انہیں میڈی ٹرینین سے کاٹ دیا اور وہ خالصتاً روسی طاقت بن کر رہ گئے۔

توقتمش کی وفات کے بعد سنہری جتھے میں اصل طاقت "محل کے میئر" ایڈیگو کے پاس تھی لیکن اس کی وفات (822/1419) کے بعد ایک انتشار اور بدنظمی کا عمل شروع ہوا۔ عثمانی اور ان کے حلیف کریمیائی تاتاری بھی جارحیت پسندانہ عزائم رکھتے تھے۔ کریمیائی خان مینگلی گرے نے ہی (907/1502) میں سنہری جتھے کو شکست دی۔ لیکن اس سے پہلے ہی دیگر خوانین سنہرے جتھے سے علیحدہ ہو گئے تھے۔

Marfat.com
Marfat.com

## 60-شیبانی، جوچی کی اولادیں (98-1500/1007-905)

### ورائے جیحون

| | |
|---|---|
| 832-73/1429-68 | ابوالخیر (خوارزم کا حکمران) |
| 905/1500 | محمد شیبانی (ورائے جیحون کا فاتح) |
| 916/1510 | کوچ کنجو |
| 937/1531 | مظفرالدین ابوسعید |
| 940/1534 | ابوالغازی عبیداللہ |
| 946/1539 | عبداللہ اول |
| 947/1540 | عبداللطیف |
| 959/1552 | نورُوز احمد |
| 963/1556 | پیر محمد اول |
| 968/1561 | اِسکندر |
| 991/1583 | عبداللہ دوم |
| 1006/1598 | عبدالمؤمن |
| 1007/1598 | پیر محمد دوم |

بخارا میں ان کی جگہ استراخان کے سابق خانوں، جانیوں نے لے لی جب توقتمش اوراس کا سفید جتھہ مغرب کی جانب بڑھا جنوبی روس میں سنہری جتھے کے ساتھ اتحاد کرلیا تو مغربی سائبیریا جوچی کے سب سے چھوٹے بیٹے کی اولادوں کو مل گیا جنھیں شیبانی کے طور پر جانا جاتا تھا۔ ان کی ایک شاخ سترھویں صدی تک تیومن کے خوانین کی حیثیت سے سائبیریا میں ہی رہی لیکن زیادہ تر شیبانی جتھہ ورائے جیحون چلا گیا جہاں وہ اوز بیگ کہلانے لگے۔ وہ موجودہ دور کے ازبکستان ایس ایس آر کے مقامی باشندوں کے اجداد تھے۔ (851/1447) میں ابوالخیر نے تیموریوں سے خوارزم لے لیا اور (906/1500) میں اس کے پوتے محمد شیبانی نے آخری تیموریوں کو شکست دے کر ورائے جیحون پر قبضہ کرلیا۔ سولھویں صدی کے دوران سنی

Marfat.com
Marfat.com

شیبانیوں نے فارس کے شیعی صفویوں کے ساتھ متواتر لڑائی جاری رکھی اوران کے اتحاد میں دیگر سنی طاقتیں (مثلاً عثمانی اور ہندوستان کے مغل) بھی شامل ہوگئیں۔ شیبانیوں نے (1007/1598) تک بخارا میں حکومت کی۔اس کے بعد جوچی کے بیٹے اوردا کی اولادوں اور شیبانیوں کے میرے رشتہ داروں نے اقتدار سنبھال لیا۔شیبانیوں کی حلیف شاخ عرب شاہیوں نے اٹھارہویں صدی کے اواخر تک خوارزم یا کھیوا پر حکومت کی۔

## 61- کریمیا کے گرے خان، جوچی کی اولادیں
## 831-1208/1426-1792

| | |
|---|---|
| 831/1426اندازاً | حاجی گرے، پہلا دور حکومت |
| 860/1456 | حیدر گرے |
| 860/1456 | حاجی دوسرا دور حکومت |
| 871/1466 | نوردولت گرے، پہلا دور حکومت |
| 871/1466 | مینگلی گرے، پہلا دور حکومت |
| 879/1474 | نوردولت، دوسرا دور حکومت |
| 880/1475 | مینگلی، دوسرا دور حکومت |
| 881/1476 | نوردولت، تیسرا دور حکومت |
| 883/1478 | مینگلی، تیسرا دور حکومت |
| 920/1514 | محمد گرے اول |
| 931/1523 | غازی گرے اول |
| 932/1524 | سعادت گرے اول |
| 939/1532 | اسلام گرے اول |
| 939/1532 | صاحب گرے اول |
| 958/1551 | دولت گرے اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 985/1577 | محمد گرے دوم |
| 992/1584 | اسلام گرے دوم |
| 998/1588 | غازی گرے دوم، پہلا دور حکومت |
| 1005/1596 | فتح گرے اول |
| 1006/1596 | غازی دوم، دوسرا دور حکومت |
| 1016/1608 | توقتمش گرے |
| 1017/1608 | سلامت گرے اول |
| 1019/1610 | محمد گرے سوم، پہلا دور حکومت |
| 1019/1610 | جان بیگ گرے، دوسرا دور حکومت |
| 1032/1623 | محمد سوم، دوسرا دور حکومت |
| 1036/1627 | جان بیگ، دوسرا دور حکومت |
| 1044/1635 | عنایت گرے |
| 1046/1637 | بہادر گرے اول |
| 1051/1641 | محمد گرے چہارم |
| 1054/1644 | اسلام گرے سوم |
| 1064/1654 | محمد چہارم، دوسرا دور حکومت |
| 1076/1666 | عادل گرے |
| 1082/1671 | سلیم گرے اول، پہلا دور حکومت |
| 1089/1678 | مراد گرے |
| 1094/1683 | حاجی گرے دوم |
| 1095/1684 | سلیم اول، دوسرا دور حکومت |
| 1109/1691 | سعادت گرے دوم |
| 1103/1691 | صفا گرے |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1104/1692 | سلیم اول، تیسرا دور حکومت |
| 1110/1699 | دولت گرے، پہلا دور حکومت |
| 1114/1702 | سلیم اول، چوتھا دور حکومت |
| 1116/1704 | غازی گرے سوم |
| 1119/1707 | قپلان گرے اول، پہلا دور حکومت |
| 1120/1708 | دولت گرے دوم، دوسرا دور حکومت |
| 1125/1713 | قپلان اول، دوسرا دور حکومت |
| 1128/1716 | دولت گرے سوم |
| 1129/1717 | سعادت گرے سوم |
| 1137/1724 | مینگلی گرے دوم، پہلا دور حکومت |
| 1143/1730/ | قپلان اول، تیسرا دور حکومت |
| 1149/1736 | فتح گرے دوم |
| 1150/1737 | مینگلی، دوسرا دور حکومت |
| 1152/1740 | سلامت گرے دوم |
| 1156/1743 | سلیم گرے دوم |
| 1161/1748 | ارسلان گرے، پہلا دور حکومت |
| 1169/1756 | حلیم گرے |
| 1172/1758 | قیریم گرے، پہلا دور حکومت |
| 1178/1764 | سلیم گرے سوم، پہلا دور حکومت |
| 1180/1767 | ارسلان، دوسرا دور حکومت |
| 1181/1767 | مقصود گرے، پہلا دور حکومت |
| 1182/1768 | قیریم، دوسرا دور حکومت |
| 1182/1769 | دولت گرے چہارم، پہلا دور حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1184/1770 | قپلان گرے دوم |
| 1184/1770 | سلیم سوم، دوسرا دور حکومت |
| 1185/1771 | مقصود، دوسرا دور حکومت |
| 1186/1772 | صاحب گرے دوم |
| 1189/1775 | دولت چہارم، دوسرا دور حکومت |
| 1191/1777 | شاہین گرے، پہلا دور حکومت |
| *1197/1783* | *کریمیا کا روس کے ساتھ الحاق* |
| 1198/1784 | بہادر گرے دوم |
| 1199/1785 | شاہین، دوسرا دور حکومت |

تاتاریوں کے بُجَق یا Bessarabia کے خان، عثمانیوں کے نامزد کردہ

| | |
|---|---|
| 1203/1787 | شاہباز گرے |
| 1205-8/1789-92 | بخت گرے |

جوچی کے بیٹے توقا تیمور کی اولادوں میں ایک شاخ نے سنہری جتھے کی اندرونی پھوٹ (760/1359 کے بعد) کے دوران کریمیا میں اپنا اقتدار قائم کیا۔ شروع میں وہ توقتمش کے باجگزار تھے، لیکن پھر پندرھویں صدی کی ابتدأ میں وہ اپنے خان حاجی گرے (وفات 871/1466) کی قیادت میں سنہری جتھے سے بالکل الگ ہوگئے۔ خاندان کا نام غالباً سنہری جتھے کے ایک قبیلے کیرے سے مشتق ہے جس نے حاجی خان کی حمایت کی تھی۔ اب کریمیائی خانی چنگیز خان کی نسل میں سے ابھرنے والی پائیدار ترین ریاستوں میں سے ایک بن گئی۔

عثمانی گریوں کے فطری حلیف تھے: پہلے سنہری جتھے کے خلاف جس کے خوانین کریمیا کو اپنے ماتحت سمجھتے تھے، اور پھر سولھویں صدی کے بعد سے روسیوں کے خلاف۔ گرے سنہری جتھے کے وارث ہونے کے دعویدار تھے، اور انہوں نے سولھویں صدی میں کبھی کبھار قازان میں حکومت بھی کی۔ سولھویں صدی کے اواخر میں خوانین یوکرین کے زیادہ تر جنوبی حصے اور زیریں دون کے کھن خطے پر دارالحکومت باغچے سرے (سمفر پول) سے حکومت کرنے لگے۔ وہ ایک طرف عثمانیوں اور دوسری

Marfat.com
Marfat.com

طرف روس اور پولینڈ کے درمیان بفرسٹیٹ بن گئے۔ استنبول پر انحصار کا اظہار سلطان کے دربار میں ایک گرے یرغمالی کو واپس مانگنے کے ذریعہ کیا گیا؛ دوسری طرف ایک مبہم احساس پایا جاتا تھا کہ اگر عثمانی سلطنت ختم ہوگئی تو گرے ترکی میں حکومت سنبھالنے کے دعویدار بن سکتے تھے۔

اٹھارہویں صدی کے دوران بحر اسود اور میڈی ٹرینین کی جانب روسی توسیع پسندی اور عثمانیوں کی بڑھتی ہوئی کمزوری نے کریمیائی خودمختاری کے دن پورے کردیئے، اور (1197/1783) میں کیتھرین دی گریٹ کی فوجوں نے کریمیا پر قبضہ کر کے اسے اپنے ساتھ ملا لیا؛ تاہم بعد میں ایک یا دو گرے کو تاتاریوں کا سربراہ مقرر کیا گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

نواں حصہ

# منگولوں کے بعد کا فارس

## 62- مظفری (713-95/1314-93)

| | |
|---|---|
| 713/1314 | مبارز الدین محمد بن المظفر |
| 759/1358 | قطب الدین شاہ محمود (اصفہان اور ابرقوہ میں 776/1375 تک) |
| 765/1364 | جلال الدین شاہ شجاع (فارس اور کرمان میں؛ 776/1375 کے بعد اصفہان میں بھی) |
| 786/1384 | مجاہد الدین زین العابدین علی (تیمور نے 789/1389 میں معزول کیا) |
| 786-95/1384-93 | عماد الدین احمد (کرمان میں) |
| 789-95/1387-93 | نصرت الدین یحییٰ (یزد میں) |
| 789-95/1387-93 | منصور (اصفہان فارس اور عراق میں) |

### تیموری فتح

سلطنت کے بانی شرف الدین المظفر کو منگول غزن خان نے ''امیر ہزارہ'' یعنی ایک ہزار کا کمانڈر مقرر کیا تھا۔ اس کا بیٹا محمد بھی یزد کا گورنر تھا اور (736/1336) میں ابوسعید کی وفات کے بعد اِل خانی سلطنت میں پیدا ہونے والی بدنظمی کے دوران اس نے انجوعید ابواسحاق کے خلاف شدید جدوجہد کر کے فارس میں اپنی مقبوضات کو وسعت دی۔ کرمان کے آخری قتلغ خانی حکمران کی بیٹی کے ساتھ شادی کے ذریعہ وہ کرمان پر بھی قابض ہوگیا۔ 758/1356 تک وہ فارس اور عراق کا غیر متنازعہ حکمران رہا اور اسے آذربیجان پر حملہ کرنے کی تحریص ہوئی جہاں اس نے تبریز پر قبضہ تو کر لیا مگر پاؤں نہ جما سکا۔

Marfat.com
Marfat.com

محمد کو اس کے اپنے ہی بیٹے شاہ شجاع نے معزول کر دیا (شاہ شجاع نے شیراز میں ابو اسحاق انجوی کے بعد شاعر حافظ کی سرپرستی کی)۔ لیکن شاہ شجاع اپنے بھائی محمود' اصفہان کے گورنر کے ساتھ اس کی موت تک برسرِ پیکار رہا۔ محمود نے مظفریوں کے پرانے دشمنوں' جلاریوں سے مدد مانگی تھی، اور کم از کم اصفہان حاصل کر لینے کے بعد شاہ شجاع نے آذربیجان میں جلاری حسین بن اویس کے خلاف فوج کشی کی۔ لیکن اب فارس پر تیمور کا سایہ منڈلا رہا تھا۔ شاہ شجاع نے فوری طور پر عظیم فاتح کی اطاعت قبول کر لی۔ تاہم اس کے جانشین کوتاہ اندیش تھے۔ شاہ شجاع نے 786/1384 میں اپنی وفات سے قبل اپنی مقبوضات کو اپنے بھائی احمد (کرمان) اور اس کے بیٹے زین العابدین (فارس اور دارالحکومت شیراز) میں تقسیم کر دیا۔ لیکن مظفری علاقوں کے مختلف حصوں کے لیے حکمرانی کے تنازعات نے سلطنت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ زین العابدین نے ابتدأ میں تیمور کی اطاعت اختیار کی، لیکن تیمور نے اصفہان میں عوامی شورشوں کے دوران چھ محصلوں کی ہلاکت کے بعد وہاں حملہ کر دیا۔ آخری مظفری منصور سارے فارس اور عراق پر حکومت کرتا رہا' حتیٰ کہ 795/1393 میں تیمور نے مغربی فارس کی خودمختار سلطنتوں کا خاتمہ کرنے کا ارادہ کر لیا؛ منصور لڑائی میں مارا گیا اور باقی ماندہ مظفریوں کو قتل کر دیا گیا۔

## 63- جلاری (736-835/1336-1432)

عراق، کردستان آذربیجان میں

| | |
|---|---|
| 736/1336 | تاج الدین حسن بزرگ |
| 757/1356 | اُویز اول |
| 776/1374 | جلال الدین حسین اول |
| 784/1382 | غیاث الدین احمد |
| 784-5/1382-3 | بایزید (کردستان میں) |
| 813/1410 | شاہ ولد |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 814/1411 | محمود، پہلا دور حکومت (ملکہ ماں تندو کی زیر نگرانی) |
| 818/1415 | اُویز دوم |
| 824/1421 | محمد |
| 825/1422 | محمود، دوسرا دور حکومت |
| 827-35/1424-32 | حسین دوم |

جنوبی عراق میں قرا قُوینلو کی فتوحات

جلایری فارس کے اِل خانیوں سے آگے کی ریاستوں میں سے ایک تھے۔ لگتا ہے کہ جلایر بالاصل ایک منگول قبیلہ تھا۔ سلطنت کے مقدر کا بانی حسن بزرگ سلطان ابوسعید کی جانب سے اناطولیہ کا گورنر رہ چکا تھا۔ (اسے اس کے دشمن اور رقیب امیروں کے چوپانی خاندانی کے حسن کو چک یعنی چھوٹا سے تمیز کرنے کے لیے بزرگ یعنی بڑا کہا جاتا تھا)۔ وہ انجام کار چوپانیوں پر غالب آیا اور بغداد کو اپنا صدر مقام بنالیا۔ پھر بھی وہ بدستور 747/1346 تک مختلف اِل خانیوں کو اپنے سرپرستوں کے طور پر تسلیم کرتا رہا۔ یہ اس کا بیٹا اویس ہی تھا جس نے مکمل ذاتی حاکمیت اختیار کی۔

اویس نے (761/1360) میں آذربیجان فتح کیا اور تنازعات کے شکار مظفریوں پر فارس میں اپنی حاکمیت منوائی' لیکن اس کے جانشینوں کو دیار بکر میں قراقوینلو ترکمانوں کی ابھرتی ہوئی طاقت کے ساتھ نمٹنا اور سنہری جتھے کے اولوالعزم خانوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ جب تیمور شمالی فارس اور عراق میں آیا تو اویس کے بیٹے احمد نے اس کی مخالفت کی اور اسے بھاگ کر مصر کے مملوکوں کے پاس پناہ لینا پڑی۔ وہ 807/1405 میں تیمور کی وفات کے بعد ہی واپس بغداد آنے کے قابل ہوسکا۔ تاہم تیموری حملوں نے جلایریوں کی حیثیت کو کافی کمزور کردیا تھا۔ آذربیجان فوراً ہی قراقوینلو کے ہاتھوں میں چلا گیا اور اس کے بعد انہوں نے 815/1412 میں بغداد بھی لے لیا۔ چھوٹے چھوٹے جلایری شہزادے صرف زیریں عراق میں واسط' بصرہ اور ششتر میں تیموری شاہ رخ کے باجگزاروں کے طور پر ہی رہ گئے۔ حتیٰ کہ 835/1432 میں

Marfat.com
Marfat.com

حسین دوم کو حِلہ کے مقام پر مار ڈالا گیا۔

## 64- تیموری (771-912/1370-1506)

### 1-اعلیٰ حکمران سمرقند میں

| | |
|---|---|
| 771/1370 | تیمور |
| 807/1405 | خلیل (812/1409 تک) |
| 807/1405 | شاہ رخ (پہلے صرف خراسان میں) |
| 850/1447 | اُولغ بیگ |
| 853/1449 | عبداللطیف |
| 854/1450 | عبداللہ مرزا |
| 855/1451 | ابوسعید |
| 873/1469 | احمد |
| 899-906/1494-1500 | محمود بن ابی سعید |

شیبانی فتوحات

### 2-اُولغ (الغ) بیگ کی موت کے بعد حکمران خراسان

| | |
|---|---|
| 853/1449 | بابر |
| 861/1457 | محمود بن بابر |
| 863/1459 | ابوسعید |
| 873/1469 | یادگار محمد |
| 875/1470 | حسین بیقرا |
| 912/1506 | بدیع الزماں |

### 3-تیمور کی وفات کے بعد حکمران مغربی فارس میں

| | |
|---|---|
| 807/1404 | میران شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 812/1409 | خلیل |
| 817/1414 | عیال |
| 817-18/1414-15 | ایلنکر |

شاہ رخ کے علاقوں کے ساتھ اتحاد

تیمور کا خاندان چنگیز خان کی نسل سے ہونے کا دعویدار تھا۔ جب ماورائے جیحون علاقے میں تغلق تیمور کے چغتائی منگولوں کی نااہلی کے باعث انتشار پیدا ہونے لگا تو اس کا باپ کش میں گورنر تھا۔ تیمور نے ماورائے جیحون کو بیس کیمپ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے وسیع سلطنت قائم کی اور وہاں چنگیز خان کے بیٹے اوگیدی کی اولاد سویور غتمش اور محمود کو سردار بنایا۔

تیمور کی ابتدائی مہمات خوارزم اور خراسان میں تھیں جن کے بعد اس نے فارس کو فتح کرنا شروع کیا؛ 797/1395 میں شروع ہونے والی ''پانچ سالہ جنگ'' کے دوران فارس کے مظفریوں کو تباہ کردیا گیا اور جلایری احمد بن اویس کو عراق سے نکال باہر کیا گیا۔ تاہم تیمور کی شمالی سرحد کھلی تھی اور استیپوں (Steppes) میں اس کا زبردست دشمن سفید لشکر کا خان توقتمش تھا جس نے اپنے جتھے کے منگولوں کو نیلے جتھے کے منگولوں کے ساتھ متحد کرکے سارے قپچاق پر حاکمیت حاصل کرلی تھی۔ چنانچہ تیمور نے 797/1395 میں قپچاق پر حملہ کیا اور ماسکو اور استرا خان تک گھس گیا۔ لیکن اس کی اصل کوششیں اسلامی مرکزی سرزمینوں کے امیر علاقوں کے لیے تھیں جہاں اس کی مہمات نے معاصرانہ سیاسی ڈھانچے پر تباہ کن اثرات مرتب کیے تھے۔

800/1398-99 کی ہندوستانی مہم کے دوران دہلی کو تاراج کرکے تغلقوں کا اختتام قریب لایا گیا اور جونپور، گجرات، مالوہ اور خاندیش جیسی صوبائی خودمختار سلطنتوں کے قیام کا موقعہ فراہم ہوا۔ مغرب میں تیمور کے ہاتھوں 805/1402 میں انقرہ کے مقام پر عثمانی بایزید اول کی شکست نے اناطولیہ کی ترکمانی حکومتوں کو عثمانی سلطانوں کے ہاتھ لگنے سے پہلے چند مزید عشروں کی مہلت دے دی۔

چین کی جانب روانگی کے موقعہ پر اپنی وفات سے قبل تیمور نے اپنے علاقوں کو بیٹوں اور پوتوں میں بانٹ دیا۔ لیکن اس کی ذات کا خوف ختم ہونے کے بعد تیموریوں کی حیثیت خراسان اور

Marfat.com
Marfat.com

ورائے جیحون میں مقامی حکمرانوں کی سی ہوگئی۔ ابتداً میں تیمور کے دو بیٹوں جلال الدین میران شاہ اور شاہ رخ خان کے پاس دو بڑی بادشاہتیں تھیں: 1- مغربی فارس اور عراق میں، 2- خراسان اور بعدازاں ورائے جیحون میں بھی۔ تیمور کی زیادہ تر زندگی عسکری فتوحات میں گزری جبکہ پندرھویں صدی کے تیموریوں نے مشرقی اسلامی دنیا کو ایک شاندار ثقافتی اتحاد دیا جس نے فارسی اور چغتائی ترکی ادب، فن تعمیر، کتاب سازی اور مصوری میں بے مثال کامیابیاں حاصل کیں۔ نیز شاہ رخ کا بیٹا الغ بیگ علم فلکیات میں اپنی دلچسپی کی وجہ سے مشہور ہوا۔

823/1420 تک شاہ رخ نے فارس اور عراق میں تیمور کے تمام سابقہ علاقے لے لیے تھے اور ہندوستان و چین میں بھی اس کے برائے نام نمائندے موجود تھے۔ اس کا عظیم بھتیجا اپنے دور کے نہایت طاقتور حاکموں میں محمد فاتح کے بعد آتا ہے۔ اگرچہ وہ دریائے جیحون کے پار سے اوزبیگوں کے حملوں کو روک نہ سکا اور 873/1468 میں اق قوینلو اُذن حسن کے خلاف قراقوینلو حسن علی کی مدد اور مغربی علاقے (جو شاہ رخ کی وفات پر ہاتھ سے نکل گئے تھے) واپس لینے کے لیے اس کی مہم کا نتیجہ صرف تباہی کی صورت میں نکلا۔ تیموریوں کا آخری حکمران حسین بیقرا تھا جس نے سارے خراسان پر ہرات سے حکومت کی۔ اسی کے دربار میں تیموری ثقافت نے اپنے عروج کے آخری دن دیکھے جہاں جامی اور علی شیر نوائی اور بہزاد جیسے مصور موجود تھے۔

تیموری پیپی سے تعلق رکھنے والی آخری بڑی اسلامی سلطنت تھے؛ عثمانیوں، صفویوں اور مغلوں جیسی آتشیں اسلحہ اور زیادہ بہتر عسکری تیکنیکیں استعمال کرنے والی طاقتور ریاستوں کے ظہور نے یوریشین اسٹیپوں کی جانب سے بڑے پیمانے پر حملوں کی حوصلہ شکنی کی۔

## 65- قراقوینلو (782-873/1380-1468)

### آذربیجان اور عراق

| | |
|---|---|
| 782/1380 | قرا محمد ترمش |
| 791/1389 | قرا یوسف |
| 802/1400 | تیموری حملہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 809/1406 | قرا یوسف (تخت پر بحالی) |
| 823/1420 | اسکندر |
| 841/1438 | جہان شاہ |
| 872-3/1467-8 | حسن علی |

## اق قویئنلو کی تسخیر

قرا قوینلو (لفظی مطلب ''کالی بھیڑ'') کا اتحاد منگول حملوں کے باعث مشرق کی جانب دھکیلے گئے ترکمانی عناصر میں سے ابھرا۔ لگتا ہے کہ ان کا حکمران خاندان اوغوز کے ذیلی قبیلے ایوا میں سے نکلا اور ان کا دارالحکومت وین اور اُرمیا جھیلوں کے شمال میں تھا جہاں سے انہوں نے آہستہ آہستہ آذربیجان اور اناطولیہ کے مشرقی سرحدی علاقوں کو اپنے اختیار میں کر لیا۔

قرا محمد نے جلایری سلطان اویس کی ملازمت کی لیکن اس کے بیٹے قرا یوسف نے تبریز پر قبضہ کر لیا اور خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ قرا یوسف نے تیمور کی مخالفت کا بدنصیب فیصلہ کیا اور اسے بھاگ کر مملوک مصر میں جانا پڑا، تبریز 809/1406 میں ہی کہیں آ کر دوبارہ حاصل ہوا۔ قرا قوینلو نے اس مضبوطی کے ساتھ دوبارہ قائم ہو کر دیار بکر میں اپنے اق قوینلو دشمنوں کے ساتھ جنگ وجدل کا آغاز کیا۔ اس کے علاوہ کاکیشیا میں جارجیوں اور شیروان شاہان' مغربی فارس میں تیموریوں کے خلاف بھی لڑائی چھیڑی۔ شاہ رخ کے مر جانے کے بعد جہان شاہ نے اپنی حکومت عراق' فارس' کرمان اور حتیٰ کہ اومان تک پھیلائی۔ آخر کار اس نے دیار بکر میں اق قوینلو حکمران اُذن حسن پر حملہ کیا لیکن شکست کھائی اور اپنی جان بھی ہار گیا۔ جہان شاہ نے اپنی موت سے دو برس قبل قرا قوینلو کی ایک ذیلی شاخ کا بھی خاتمہ کر دیا تھا جو قرا یوسف کے دور سے ہی بغداد میں حکومت کرتی آ رہی تھی۔ جب جہان شاہ قتل ہوا تو اس کا بیٹا حسن علی جلاوطنی سے واپس تبریز آیا لیکن قرا قوینلو افواج کی وفاداری حاصل نہ کر سکا اور 873/1468 میں مارا گیا۔

سیاسی لحاظ سے قرا قوینلو اتحاد عمل میں آنے کا مطلب تھا عراق اور مغربی فارس میں ال خانی حکومت کا خاتمہ' اور تیموریوں کا مغرب میں پاؤں نہ جما سکنا۔ نسلی اعتبار سے' ترکمانوں کے اتحاد نے اس عمل کو مزید تیز کیا اور آذربیجان میں ترک نسل اور زبان کا غلبہ ہونے لگا۔ جہاں تک قرا قوینلو

Marfat.com
Marfat.com

کی مذہبی وابستگی کا تعلق ہے تو انہیں کٹر شیعہ بتایا جاتا ہے' لیکن اس دور کی اسناد اتنی دوٹوک نہیں۔ ہم بس یہی کہہ سکتے ہیں کہ اس دور میں مغربی ایشیائی ترکمانوں کے ہاں شیعی عقائد غالب تھے' جیسا کہ صفویوں کی سرفرازی سے بھی اشارہ ملتا ہے۔

## 66-اق قُویِنلو (780-914/1378-1508)

دیار بکر، مشرقی اناطولیہ، آذربیجان

| | |
|---|---|
| 780/1378 | قرا یُولوک عثمان |
| 839/1435 | حمزہ، اپنے بھائی علی کے ساتھ 842/1438 تک برسرِ پیکار رہا |
| 848/1444 | جہانگیر |
| 857/1453 | اُزن حسن |
| 882/1478 | خلیل |
| 883/1478 | یعقوب |
| 896/1490 | بیسونقر |
| 898/1493 | رستم |
| 902/1497 | احمد گوودے |
| 903/1497 | مراد (قم میں) |
| 903/1498 | الوند (آذربیجان میں، بعدازاں 910/1504 میں اپنی وفات تک دیار بکر میں |
| 903/1498 | محمد میرزا (جبال اور فارس میں 905/1500 تک) |
| 907-14/1502-8 | مراد (آخر میں مطلق فرمانروا کے طور پر) |

صفوی فتوحات

Marfat.com
Marfat.com

اق قوینلو (لفظی مطلب ''سفید بھیڑ'') دیار بکر میں مرتکز ترکمانوں کا ایک اتحاد تھے۔ ان کے حکومتی درجہ ہائے مراتب کی بنیاد بیوندر کے قدیم اوغوز قبیلے پر تھی اور بازنطینی اسناد کے مطابق اس کا ذکر حملہ آور تریبی زوند کے طور پر ملتا ہے۔ سلطنت کا اصل بانی قرایولوک عثمان تھا جس کی ماں ایک کومنینا تھی، اور جس نے خود ایک بازنطینی شہزادی سے شادی کی تھی؛ تریبی زوند کے ساتھ سلطنت کے روابط طویل عرصہ تک بہت قریبی رہے۔ قراقوینلو کے برعکس قرایولوک نے تیمور کی اطاعت اختیار کی اور اس کی خاطر 805/1402 میں انقرہ کے مقام پر بایزید کے خلاف لڑے۔ قراقوینلو کافی عرصہ تک مشرق میں آگے نہ جا سکے' لیکن اُذن حسن' سلطنت کا ممتاز ترین رکن' نے آخرکار 872/1467 میں جہان شاہ کو شکست دی۔ تیموری ابوسعید کو شکست دینے کے بعد وہ اق قوینلو کی حکومت کو فارس کے اس پار خراسان اور عراق و خلیج فارس تک توسیع دینے میں کامیاب ہو گیا۔

تاہم' اُذن حسن کے اصل دشمن عثمانی تھے جو پندرھویں صدی میں اناطولیہ کی باقی ماندہ ترک جاگیروں کو قبضے میں لیتے ہوئے مشرق کی جانب بڑھتے چلے آ رہے تھے۔ عثمانی مخالف پالیسی نے اسے قرمانیوں کا حلیف بنا دیا' اور اس نے بھی تریبی زوند (جس کے آخری شہنشاہوں کے ساتھ وہ اپنی بازنطینی بیوی کے ذریعہ تعلق رکھتا تھا) کو محمد فاتح کے حملوں سے بچانے کی کوشش کی۔ اُذن حسن کے دور میں اق قوینلو ایک بین الاقوامی اہمیت کی حامل طاقت بن گئے۔ 868/1464 میں عثمانیوں کے وینسی دشمنوں کے ساتھ سفارتی تعلقات کا آغاز کیا گیا اور اسلحہ و بارود وینس سے روانہ ہوا۔ تاہم 878/1473 میں تیرجان کے مقام پر اُذن حسن کی افواج عثمانی توپ خانے کا مقابلہ نہ کر سکیں اور اسے عبرت ناک شکست ہوئی۔ اس کے بیٹے یعقوب نے جدوجہد جاری رکھی۔ لیکن تب کے بعد سلطنت پھوٹ اور انتشار کا شکار ہو گئی اور جانشینی کے تنازعات زور پکڑ گئے۔ قرمانی عثمانیوں کے ہاتھ لگ گئے' اور اناطولیہ کے ترکمانوں میں صفویوں کی جانب سے شیعی پراپیگنڈہ نے سنی اق قوینلو طاقت کی نظریاتی بنیادی کھوکھلی کر دیں۔ 906/1501 میں شاہ اسماعیل نے نک چیوان کے نزدیک الوند کو شکست دی' اور آخری اق قوینلو کو بھاگ کر عثمانی سلطان سلیم کے پاس جانا پڑا۔ الوند نے اپنی شکست کے کچھ ہی عرصہ بعد دیار بکر میں ماردین کے مقام پر ایک خودمختار اق

Marfat.com
Marfat.com

قوینلو حکومت کا خاتمہ کر دیا اور یوں سلطنت کا نام ونشان ہر جگہ سے مٹ گیا۔

## 67- صفوی (907-1145/1501-1732)

فارس

| | |
|---|---|
| 907/1501 | اسماعیل اول |
| 930/1524 | طہماسپ اول |
| 984/1576 | اسماعیل دوم |
| 985/1578 | محمد خدابندہ |
| 996/1588 | عباس اول |
| 1038/1629 | صفی اول |
| 1052/1642 | عباس دوم |
| 1077/1666 | سلیمان اول (صفی دوم) |
| 1105/1694 | حسین اول |
| 1135/1722 | طہماسپ دوم |
| 1145/1732 | عباس سوم |
| 1163/1749 | سلیمان دوم |
| 1163/1750 | اسماعیل سوم [یہ تینوں صرف فارس کے مخصوص علاقوں میں برائے نام حکمران تھے۔ |
| 1166/1753 | حسین دوم |
| 1200/1786 | محمد |

صفوی ترکی بولنے والے ہونے کے باوجود غالباً کردی نسل سے ہی تھے۔ اس بارے میں ہمیں قابل بھروسہ معلومات میسر نہیں کیونکہ فارس میں ایک مرتبہ اپنی طاقت کو مستحکم کر لینے کے بعد انہوں نے اپنی اصلیت کے حوالے سے ثبوت کو جان بوجھ کر جھٹلا دیا۔ لیکن اس بارے میں کوئی

Marfat.com
Marfat.com

شک نہیں ہے کہ اناطولیہ' دیار بکر، آذر بیجان اور خطے کی متعدد سلطنتوں کی طرح وہ بھی درویشوں سے تعلق رکھتے تھے۔ شیخ صفی الدین (وفات 735/1334) نے اپنا صوفی سلسلہ صفویہ آذر بیجان میں اردبیل کے مقام پر قائم کیا، اوراگرچہ وہ بذات خود غالباً ایک سنی تھا، لیکن اس کے سلسلے نے ایک ایسے علاقے میں فروغ پایا جہاں شیعہ ازم کافی مضبوط تھا؛ چنانچہ بارھویں صدی کے دوران یہ سلسلہ بھی شیعہ ازم کے رنگ میں رنگا جا چکا تھا۔

اب پہلے قرا قوینلو اور اس کے بعد اق قوینلو کی طاقت کا رخ موڑنے کی کوشش میں مشرقی اناطولیہ کے ترکمانوں کے درمیان شدید پراپیگنڈا کیا جا رہا تھا؛ اور 907/1501 میں اسماعیل بن حیدر نے اق قوینلو سے آذر بیجان لے لیا، سارے فارس کو دس سال تک اپنے کنٹرول میں رکھا اور یوں صفوی سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ یہ حکومت جلد ہی مذہبی حکومت کا روپ اختیار کرگئی کیونکہ اسماعیل اور اس کے جانشینوں نے نہ صرف حضرت علیؓ کی نسل سے ہونے کا دعویٰ کیا بلکہ شیعی اماموں کی نیم الوہی حیثیت پر بھی زور دینے لگے۔ ان کے حمایتی ترک قبائلیوں (قزلباش' کیونکہ وہ سرخ ٹوپیاں پہنتے تھے۔ قزلباش کا مطلب سرخ سر والے ہے) نے ان کے ساتھ سیاسی کے علاوہ روحانی تعلق بھی قائم کرلیا۔ شیعہ ازم نے ایک ایسے ملک میں ریاستی مذہب کی حیثیت اختیار کرلی جو تب تک (کم از کم سرکاری طور پر) سنی تھا۔ لہٰذا تاریخ فارس میں صفوی عہد نہایت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس دور میں وہاں شیعہ ازم کو استحکام ملا؛ اس عمل کے دوران فارس نے استحکام اور قومیت کا ایک نیا احساس حاصل کیا جس نے اسے موجودہ دور تک اپنی روحانی اور علاقائی وحدت کے ساتھ زندہ رہنے کے قابل بنایا۔

عسکری اعتبار سے شاہ اسماعیل اور اس کے جانشینوں کو اپنے سنی پڑوسیوں کی مسلسل دشمنی کا سامنا کرنا پڑا...... مغرب میں عثمانی اور شمال مشرق میں ترکمان اوزبیگ۔ دریائے آکسس (جیحون) کی سرحد پر ہرات، مشہد اور سراخ جیسے سرحدی شہروں کی بنیاد پر اپنا قبضہ قائم رکھا؛ لیکن لوٹ مار اور غلام حاصل کرنے کے لیے ترکمانی حملے انیسویں صدی تک جاری رہے۔ عثمانی زیادہ خطرناک تھے کیونکہ وہ سولہویں صدی میں اپنی طاقت کے نقطۂ عروج پر تھے۔ 920/1514 میں چلدران کے مقام پر صفویوں کے خلاف سلیم کی فتح برتر توپخانے کی فتح تھی۔ (مصر کے مملوکوں کی

Marfat.com
Marfat.com

طرح صفوی بھی کافی عرصہ تک توپ خانے اور چھوٹے ہتھیاروں کے استعمال سے گریز کرتے رہے)۔ کچھ ہی عرصہ بعد کردستان، دیار بکر اور بغداد عثمانیوں کے ہاتھوں میں آ گیا اور آذربیجان پر بھی کئی بار حملہ ہوا؛ بعد میں صفوی دارالحکومت کو تبریز سے قزوین اور پھر اصفہان منتقل کر دیا گیا۔

انگلینڈ کی ایلزبتھ اول، سپین کے فلپ دوم، روس کے ایوان اور مغل شہنشاہ اکبر کے تقریباً ہم عصر شاہ عباس اول کا عہد صفوی سیاسی قوت اور ساتھ ہی ساتھ صفوی ثقافت اور تہذیب کا بھی نقطہ عروج تھا۔ اس عہد کی تہذیبی کامیابیاں اصفہان کی بے نظیر تعمیراتی خوبصورتیوں میں محفوظ ہیں۔ اس دور میں عثمانیوں کو آذربیجان سے نکال باہر کیا گیا اور مشرقی کاکیشیا و خلیج فارس پر فارسی کنٹرول مستحکم ہو گیا۔ یورپ کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم ہوئے (اگرچہ عثمانیوں کے خلاف صفوی، یورپی اتحاد کا منصوبہ کبھی عملی صورت اختیار نہ کر سکا)، اور تجارتی و ثقافتی روابط بھی بڑھے۔ ریاست میں قزلباش کے بڑھتے ہوئے سیاسی اثر و رسوخ کا توڑ کرنے کے لیے شاہ عباس نے نومسلم جارجیائی اور سرکاسی (cĭrcassian) لوگوں کو غلام حافظوں کے طور پر بھرتی کیا اور اپنے ساتھ ذاتی تعلق کے حامل ترکمانوں کے ایک گروہ کو ترقی دی، جبکہ بڑے قبائل کے سرداروں کو نظر انداز کیا۔

## 68-افشاری (1148-1210/1736-95)

فارس

| | |
|---|---|
| 1148/1736 | نادر شاہ، طہماسپ قلی خان |
| 1160/1747 | عادل شاہ، علی قلی خان |
| 1161/1748 | ابراہیم |
| 1161-1210/1748-95 | شاہ رخ (خراسان میں) |

زند اور قاجار

نادر شاہ شمالی خراسان میں آباد ایک ترکمان قبیلے افشار کا سردار تھا؛ نادر نے اسی آبائی وطن میں بعد ازاں اپنا قلعہ اور خزانہ ''قلعۂ نادری'' تعمیر کیا۔ صفویوں کی آخری سانسوں کے اس دور میں،

Marfat.com
Marfat.com

جب زیادہ تر فارس افغانوں کے ہاتھوں میں تھا' فارس کا اتحاد پارہ پارہ ہوتا نظر آ رہا تھا۔ فارس کو علاقائی طور پر متحد کرنا نادر کا کام تھا' مگر اس نے ملک کو مالی اور معاشی اعتبار سے کھوکھلا کر کے رکھ دیا۔

نادر صفوی سلطان طہماسپ دوم کی خدمت کے ذریعہ اقتدار تک پہنچا (اور اسی وجہ سے طہماسپ کے غلام یا ''طہماسپ قلی'' کا لقب اختیار کیا)۔ اس نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت فارس میں افغان حملہ آوروں کا صفایا شروع کیا، اور 1140/1727 میں یہ کام مکمل ہونے پر طہماسپ نے اسے خراسان' کرامان' سیستان اور مازندران کا گورنر بنا دیا۔ اتنے وسیع علاقے کا مختار بن جانے کے بعد نادر نے ایک خود مختار حکمران جیسا رویہ اپنا لیا، اپنے نام کے سکے جاری کیے۔ بیرونی دشمنوں کی جانب متوجہ ہو کر اس نے عثمانیوں کو 1143/1730 میں آذر بیجان اور ہمدان سے باہر نکالا اور کاکیشیا کے راستے داغستان کے اندر تک چلا گیا۔ طہماسپ نے فارس کے مفادات کو بالائے طاق رکھ کر ترکی اور روس کے ساتھ معاہدہ کیا تو نادر کو طہماسپ کی معزولی کا بہانہ مل گیا۔ اس نے اس کی جگہ ایک اور کٹھ پتلی صفوی بادشاہ بنایا، اور آخر کار 1148/1736 میں خود شاہ ہونے کا اعلان کر دیا۔ لگتا ہے کہ ایک موقع پر نادر شاہ نے فارس اور ترکی کی قدیم شیعہ سنی دشمنی کو ختم کرنا چاہا اور بارہ اماموں کے شیعہ ازم کی سرکاری حیثیت کے خاتمہ کا اعلان کر کے ایک نیا عقیدہ قائم کیا۔ یہ نیا عقیدہ شیعہ ازم کی ہی تبدیل شدہ صورت تھی جس کے روحانی امام چھٹے امام جعفر الصادق تھے۔ بدقسمتی سے یہ مفاہمتی اقدام عثمانیوں کے ساتھ بہتر تعلقات کا باعث نہ بن سکا۔

متواتر جنگ و جدل کے اخراجات نے نادر شاہ کو ہندوستان میں نہایت کامیاب مہم جوئی (1151-2/1738-9) پر مائل کیا جس کے نتیجہ میں مغل شہنشاہ محمد شاہ کو دریائے سندھ کے شمال اور مغرب میں اپنے تمام صوبوں سے دست بردار ہونا اور بہت سا خراج ادا کرنا پڑا۔ لہٰذا نادر نے فارس کے عوام کو تین سال کے ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا۔ 1154/1741 میں نادر کو قتل کرنے کی کوشش (جس میں اس کے بیٹے رضا قلی کے ملوث ہونے کا بھی شبہ تھا) نے نادر کے کردار کو مسخ کر کے رکھ دیا اور اس کی پالیسیاں زیادہ سے زیادہ ظالمانہ اور غلطیوں سے لبریز ہوتی گئیں۔ اس کے عائد کردہ محصولات کے خلاف بغاوتیں ہوئیں اور 1160/1747 میں افشار اور قاجار سرداروں کے ایک گروہ نے اسے قتل کر دیا۔ اس کے دو بھتیجوں نے مختصر عرصہ کے لیے حکومت کی'

Marfat.com
Marfat.com

اور پھر اس کے پوتے شاہ رخ نے مزید نصف صدی تک خراسان پر اقتدار قائم رکھا' لیکن شان و شوکت نادر کے ساتھ ہی ختم ہو گئی تھی؛ اب فارس کھوکھلا ہو چکا تھا' اور زندوں کے نسبتاً پر امن اور خوش حال دور کے لیے تیار تھا۔

## 69- زند (1163-1209/1750-94)

فارس

| | |
|---|---|
| 1163/1750 | محمد کریم خان |
| 1193/1779 | ابوالفتح |
| | محمد علی (مشترکہ طور پر) |
| 1193-5/1779-81 | صادق (شیراز میں) |
| 1193-9/1779-85 | علی مراد (اصفہان میں) |
| 1199/1785 | جعفر |
| 1203-9/1789-94 | لطف علی |

قاجار

نادر شاہ کی موت کے بعد کی افراتفری اور بدنظمی میں مختلف فوجی سربراہوں نے فارس کے صوبوں میں اقتدار پر قبضہ کر لیا۔ نادر کے افغان کمانڈر احمد درانی نے قندھار میں ایک اہم افغان ریاست قائم کی جس کی حدود میں نادر کی شمال مغربی ہند کی مقبوضات بھی شامل تھیں۔ خراسان میں نابینا افشاری شاہ رخ نے حکومت کو اپنے ہاتھوں میں لیا۔ مازندران میں قاجار سردار محمد حسن نے اپنی مقامی حاکمیت برقرار رکھی اور آذربیجان میں نادر کے ایک اور افغانی جرنیل آزاد نے اپنے قدم جمائے۔ جنوبی فارس میں مرکزی طاقت شروع میں بختیاری رہنما علی مردان تھا جس نے اصفہان پر قبضہ کر لیا تھا اور وہاں ایک کٹھ پتلی صفوی اسماعیل سوم (1163/1750) کو تخت پر بٹھا دیا۔ علی مردان کا لیفٹیننٹ اور حلیف محمد کریم زند تھا (جو کہ لوری نسل کا ایک سپاہی تھا)۔ علی کے قتل ہونے پر محمد کریم خود ہی جنوبی فارس کا بلا شرکت غیرے حکمران بن بیٹھا۔

Marfat.com
Marfat.com

آزاد نے محمد کے ساتھ امن قائم رکھا' لیکن موخرالذکر نے فارس میں اپنی طاقت کو استحکام ملنے سے قبل قاجار محمد حسن کے ساتھ طویل جدوجہد کی تھی۔ محمد کریم خان نے کبھی بھی شاہ کا لقب اختیار نہ کیا، بلکہ صفوی اسماعیل سوم کے وکیل (نائب) کے طور پر شیراز سے حکومت کرتا رہا۔ محمد کا تقریباً 30 سالہ دور حکومت کافی اعتدال پسندی کا حامل تھا اور ملک نے بھی ترقی پائی؛ دیگر چیزوں کے علاوہ خلیج فارس میں بشہر (بشائر) کے راستہ برطانیہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ لیکن محمد کی موت خاندان کے اندر جانشینی کے تباہ کن تنازعات کے آغاز کا اشارہ تھی۔ انجام کار علی مراد نے تخت حاصل کیا لیکن جلد ہی مر گیا اور جعفر کے عہد میں زند کے قاجار رقیبوں کی طاقت میں اضافہ ہوتا گیا۔ بالآخر زندوں کو اصفہان ان کے حوالے کرنا پڑا۔ آخری زند لطف علی خاں (ایک مقبول اور قابل جرنیل) نے قاجاروں کے خلاف ہتھیار اٹھائے اور کچھ عرصہ تک کامیاب رہا، لیکن 1209/1794 میں اسے آغا محمد نے کرمان میں پکڑ کر بے دردی سے قتل کر دیا۔ یوں سارا فارس قاجاروں کو مل گیا۔

## 70- قاجار (1193-1342/1779-1924)

فارس

| | |
|---|---|
| 1193/1721 | فتح علی خان |
| 1163/1750 | محمد حسن خان |
| 1184/1770 | حسین قلی خان [یہ تینوں مازندران میں قبائلی سردار۔ |
| 1193/1779 | آغا محمد |
| 1212/1797 | فتح علی شاہ |
| 1250/1834 | محمد |
| 1264/1848 | ناصرالدین |
| 1313/1896 | مظفرالدین |
| 1324/1907 | محمد علی |

Marfat.com
Marfat.com

1327-43/1909-24 احمد

## پہلوی شاہان

ترکمانوں کا قاجار قبیلہ غالباً منگول ادوار میں کاسپین کی ساحلی زمینوں میں استراباد کے قریب مقیم ہوا تھا؛ بعدازاں وہ ان سات بڑے ترکمان قبیلوں میں سے ایک تھے جنہوں نے صفویوں کی مدد کی اور قزلباش بنے۔ اٹھارہویں صدی کے آغاز میں صفوی سلطنت کے انتشار سے اولوالعزم قاجار سردار فارسی امور میں زیادہ سے زیادہ کردار ادا کرنے لگے۔ انہوں نے نادر شاہ کی جارحیت کا مقابلہ کیا اور اس کی وفات کے بعد شمالی فارس کے اس طرف آذربیجان تک پھیل گئے جہاں مستقبل کا شاہ آغا محمد 1170/1757 میں حاکم بنا۔ حاکیت کے لیے جدوجہد میں قاجاروں نے شیراز کے زندوں پر فتح پائی؛ جارجیا پر فارسی بالادستی دوبارہ قائم کی' چاہے عارضی طور پر ہی سہی، اور افشاری شاہ رخ کو خراسان سے نکال دیا گیا۔ یوں غضب ناک آغا محمد (جس کی دست درازیوں کی جزوی وجہ یہ تھی کہ جب لڑکپن میں نادر شاہ کے بھتیجے عادل شاہ نے اسے خصی کردیا تھا) ایک سلطنت کا بانی ٹھہرا۔ اس کے دور میں فارس جدید دنیا میں شامل ہوا اور بین الاقوامی امور میں فوجی اور معاشی لحاظ سے ایک اہم کردار حاصل کیا۔ آغا محمد ہی کے دور میں تہران (جو پہلے درمیانے درجے کا ایک قصبہ تھا) دارالحکومت بنا (1200/1786)؛ اس طرح زندگی کے تمام شعبے مرکز کی جانب بڑھے جو جدید فارس کا ایک خاصہ ہے۔

یورپی طاقتوں کے ساتھ باقاعدہ اور متواتر سفارتی تعلقات کا آغاز فتح علی شاہ کے دور میں ہوا، جب فارس کے ایک طرف برطانیہ اور دوسری طرف نپولینی فرانس تھا کیونکہ فارس مشرق کی جانب جانے والے رستوں پر اہم حیثیت رکھتا تھا۔ مغرب کی جانب سے اس توجہ کا ایک ضمنی نتیجہ یہ ہوا کہ فارسی فوج میں یورپی تیکنیکوں اور تربیت کا تعارف ہوا۔ انیسویں صدی کے دوران سامراجی زار روس ایک مستقل خطرہ بن کر سر پہ منڈلا رہا تھا۔ 1243/1828 میں معاہدہ' ترکمان کے تحت فارس مشرقی آرمینیا اور کاکیشیا میں تمام مقبوضات سے دست کش ہوگیا لیکن وسط ایشیا میں روسی پیش قدمی نے فارس کی مشرقی سرحد کو مزید خطرے میں ڈال دیا۔ کافی عرصہ تک قاجار صفویوں اور نادر کی چھوڑی ہوئی مشرقی تسخیر کی وراثت کو مسترد کرنے کے قابل نہ ہوسکے' اور ہرات کے مسئلے

Marfat.com
Marfat.com

پر افغانستان کے ساتھ تنازعات 1273/1857 تک جاری رہے۔

عظیم طاقتوں کے باہمی حسد اور ناصر الدین شاہ کی سخت گیری کی وجہ سے فارس اپنا علاقائی اتحاد برقرار رکھنے کے معاملہ میں عثمانی سلطنت کے مقابلہ میں کہیں زیادہ کامیاب رہا۔ پھر بھی جنگ وجدل اور شاہی فضول خرچی قوم کو بیرونی قرضوں کے بوجھ تلے پیس رہی تھی اور یورپی قرض خواہ اقوام کا معاشی جال مضبوط ہوتا جارہا تھا۔ نسبتاً کمزور مظفر الدین شاہ کے عہد میں ایک تحریک ابھری جس نے کچھ حد تک سیاسی آزادروی اور آئین بنانے کا مطالبہ کیا۔ یہ مطالبات 1906ء میں پورے ہوئے۔ قاجاروں کی شان وشوکت اور اختیارات اب مندمل ہونے لگے تھے۔ پہلی عالمی جنگ کے دوران فارس سرکاری سطح پر غیر جانبدار رہا، لیکن اس کے باوجود ترک' روسی اور برطانوی فوجوں نے سرزمین فارس پر جنگ کی اور صوبوں میں تحریکیں ابھرنے لگیں۔ چنانچہ فوج کے کمانڈر انچیف رضا خان کے لیے قومی اسمبلی کے ذریعہ قاجاروں کو معزول کروانا مشکل نہ تھا (1924ء)۔ اس کے بعد وہ خود ہی رضا شاہ پہلوی کے تخت فارس پر جلوہ افروز ہوگیا اور شاہ محمد رضا کا باپ بنا۔

Marfat.com
Marfat.com

دسواں حصہ

# افغانستان اور ہندوستان

## 71-غزنوی (366-582/977-1186)

خراسان، افغانستان اور شمالی ہندوستان

| | |
|---|---|
| 366/977 | ناصر الدولہ سبکتگین (سامانیوں کی جانب سے گورنر) |
| 387/997 | اسماعیل |
| 388/998 | یمین الدولہ محمود |
| 421/1030 | جلال الدولہ محمود، پہلا دور حکومت |
| 421/1031 | شہاب الدولہ مسعود اول |
| 432/1041 | محمد، دوسرا دور حکومت |
| 432/1041 | شہاب الدولہ مودود |
| 441/1050 | مسعود دوم |
| 441/1050 | بہا الدولہ علی |
| 441/1050 | عز الدولہ عبدالرشید |
| 444/1053 | قوام الدولہ طغرل (توغریل) کی شورش |
| 444/1053 | جمال الدولہ فرخ زاد |
| 451/1059 | ظاہر الدولہ ابراہیم |
| 492/1099 | علا الدولہ مسعود سوم |
| 508/1115 | کمال الدولہ شیر زاد |
| 509/1115 | سلطان الدولہ ارسلان شاہ |
| 512/1118 | یمین الدولہ بہرام شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

547/1152 معزالدولہ خسروشاہ

555-82/1160-86 0 تاج الدولہ خسرو ملک

غوری فتوحات

350/961 میں سامانی امیر عبدالملک کی وفات پر خراسان میں سامانی فوجوں کے ترک غلام سپہ سالار الپتگین نے اقتدار حاصل کرنے کے لیے سازباز کی۔ یہ کوشش ناکام رہی اور اسے اپنی کچھ فوجوں کے ساتھ مشرقی افغانستان میں غزنہ کی طرف جانا پڑا۔ یہاں سامانی سلطنت کے کناروں پر اور ہندوستان کی بت پرست سرزمین کے سامنے ترک غلام سپہ سالاروں کا ایک سلسلہ قائم ہوا جو 366/977 میں سبکتگین کی وفات تک سامانیوں کے نام پر حکومت کرتے رہے۔ اس کے دور میں غزنویوں نے مال و دولت اور غلام حاصل کرنے کے لیے ہندوستان کے میدانوں پر حملے کرنے کی روایت اپنائی، لیکن اس کا بیٹا محمود مکمل خود مختار ہو گیا اور اس نے ساری مسلم دنیا میں بت شکن کے طور پر شہرت پائی۔ وہ گنگا، متھرا اور کنوج سے آگے جزیرہ نما کاٹھیاواڑ تک گیا اور سومناتھ کے مشہور مندر پر حملہ کیا۔ شمال میں اس نے دریائے جیحون کو قراخانیوں کی مخالف طاقت کے ساتھ اپنی سرحد مقرر کیا اور خوارزم کو ساتھ ملا لیا۔ مغرب میں خراسان کا سابق سامانی صوبہ قراخانی حملوں کے سامنے ڈٹا رہا اور محمود اپنی زندگی کے آخری دنوں میں ہی مغربی فارس میں ہی رے اور ہمدان کی جانب گیا اور انہیں بویہیوں سے چھین لیا (420/1029)۔

محمود کی وفات پر اس کی سلطنت بہت وسیع اور پر جلال تھی اور اسے ممکن بنانے والی عسکری مشین اس دور میں سب سے زیادہ موثر تھی۔ فارسی انتظامی طریقوں اور ثقافتی اطوار اپنانے کی وجہ سے بھی غزنوی اپنے بت پرست ترک پس منظر سے کٹ گئے۔ لیکن محمود کی سلطنت اس کے بیٹے مسعود کے دور میں ...... بنیادی طور پر ایک ذاتی تخلیق...... مغربی طرف سے شکستہ ہونے لگی: خراسان اور خوارزم واپس سلجوقوں کو مل گئے اور گیارہویں صدی کے وسطی سال ان کے ساتھ سیستان اور مغربی افغانستان کی خاطر لڑائیوں میں گذرے۔ 451/1059 میں ابراہیم کی تخت نشینی پر سلجوقوں کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ ہو گیا اور تقریباً نصف صدی امن سے گذری۔ اب مشرقی افغانستان اور شمالی ہندوستان تک ہی محدود رہ جانے پر غزنوی سلطنت کا ہندوستان کی

Marfat.com
Marfat.com

جانب جھکاؤ مزید بڑھ گیا۔ بارہویں صدی میں سلجوق سلطان سنجر نے ایک سے زائد مواقع پر غزنوی معاملات میں ٹانگ اڑائی اور غوری علاؤ الدین جہاں سوز کے ہاتھوں غزنہ کی خوفناک تباہی کی صورت میں بہرام شاہ کی حکومت نقطہ عروج کو پہنچی (1-545/1150)۔ وسطی افغانستان میں غوریوں کی سرفرازی نے آخری غزنویوں کی طاقت کم کر دی اور خسرو شاہ اور خسرو ملک نے بنیادی طور پر پنجاب تک ہی حکومت کی۔ آخر کار غوری غیاث الدین محمد نے اس سلسلے کا خاتمہ کر دیا (582/1186)۔

## 72-غوری (390-612/1000-1215 اندازاً)

### خراسان، افغانستان، شمالی ہندوستان

### 1-مرکزی سلسلہ غور اور اس کے بعد غزنہ میں

| | |
|---|---|
| ? | محمد بن سوری |
| 401/1011 | ابوعلی |
| ? | شیث |
| ? | عباس |
| ? | محمد |
| ? | قطب الدین حسن |
| 493/1100 | عز الدین حسین |
| 540/1146 | سیف الدین سُوری |
| 544/1149 | بہأ الدین سام اول |
| 544/1149 | علأ الدین حسین |
| 556/1161 | سیف الدین محمد |
| 558/1163 | غیاث الدین محمد |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 599/1203 | شہاب الدین یا معز الدین محمد (569/1173 کے بعد سے غزنہ میں حکمران) |
| 602/1206 | غیاث الدین محمود |
| 609/1212 | بہاٗ الدین سام دوم |
| 610/1213 | علاٗ الدین اتسیز |
| 611-12/1214-15 | علاٗ الدین یا ضیاٗ الدین محمد |

خوارزمی فتوحات

## 2-بامیان اور تخارستان میں سلسلہ

| | |
|---|---|
| 540/1145 | فخر الدین مسعود |
| 558/1163 | شمس الدین محمد |
| 588/1192 | بہاٗ الدین سام |
| 602-12/1206-15 | جلال الدین علی |

خوارزمی فتوحات

افغانستان کا نا قابل رسائی وسطی خطہ غور تقریباً سارا کا سارا ابتدائی اسلامی جغرافیہ دانوں کی *tera incognita* (نا قابل شناخت دھرتی) تھی۔ یہ خطہ صرف غلاموں کے منبع اور ایرانی پہاڑیوں کی سخت جان نسل (جو گیارہویں صدی تک بھی بدستور بت پرست رہے) کے طور پر مشہور تھا۔ اس صدی کے دوران غزنویوں نے غور پر چڑھائیاں کیں اور شنسبانی خاندان کے مقامی سرداروں کو اپنے باجگوار بنالیا۔ لیکن ابتدائی بیسویں صدی میں غزنویوں کے مقدر کا ستارہ غروب ہونے لگا اور سارے غور میں سلجوق اثر پھیلنے لگا۔ سلجوق سلطنت کی پہلی مکمل تاریخی شخصیت عز الدین حسین نے سنجر کو جزیہ ادا کیا۔ غزنوی سلطان بہرام شاہ کی جانب سے اپنے گھٹتے ہوئے اثر ورسوخ کو دوبارہ منوانے کی کوشش کے نتیجہ میں غوریوں نے 545/1150-1 میں غزنہ کی اینٹ سے اینٹ بجائی اور مشرقی افغانستان میں غزنوی مقبوضات کے مالک بن گئے۔ مغرب میں علاؤ الدین حسین کی توسیع پسندانہ پالیسیوں کی راہ میں سنجر حائل ہوا، لیکن خراسان میں کچھ ہی

Marfat.com
Marfat.com

عرصہ بعد سلجوق سلطنت کے انہدام نے غوریوں کو کاسپیئن سمندر سے لے کر شمالی ہندوستان تک ایک سلطنت قائم کرنے کے قابل بنایا جہاں جہاد کی غزنوی روایت کو جاری رکھا گیا۔

اس کامیابی کے شریک موجد دو بھائی غیاث الدین محمد اور معز الدین محمد تھے: اول الذکر مغرب میں مہم جوئی کر رہا تھا اور موخر الذکر ہندوستان میں۔ بامیان اور بالائی دریائے جیحون کے ساتھ ساتھ کی زمینوں پر غوری خاندان کی ایک اور شاخ کی حکومت تھی۔ غیاث الدین نے غوریوں اور ترک غلام فوجیوں کی مدد سے خوارزم شاہان کا مقابلہ کیا۔ ایک موقع پر اس نے خوارزم پر بھی حملہ بولا اور اپنی موت تک سارے خراسان پر قابض رہا۔

تاہم معلوم ہوتا ہے کہ غوریوں کے انسانی وسائل اتنے کافی نہیں تھے کہ سلطنت کو اکٹھا رکھ سکتے جبکہ ان کے خوارزمی دشمن آزادی کے ساتھ وسط ایشیائی میدانوں سے فوجی حاصل کر سکتے تھے۔ 602/1206 میں معز الدین کی وفات کے بعد سلطنت اندرونی نفاق کا شکار ہو گئی، غوریوں کے ترک سپاہیوں کے ایک گروپ نے غزنہ میں خودمختاری حاصل کر لی اور خوارزم شاہ آگے بڑھ کر غوری علاقوں کو اپنی وسیع سلطنت میں شامل کرنے کے قابل تھا۔ تاہم یہ خوارزمی غلبہ قلیل المدت ثابت ہوا کیونکہ جلد ہی چنگیز خان کے منگولوں نے ساری مشرقی مسلم دنیا پر فتح پالی۔ نیز، معز الدین کے ترک جرنیل شمالی ہند میں (جہاں قطب الدین ایبک تخت لاہور پر براجمان تھا) غوریوں کی پالیسیوں اور روایات پر ہی عمل پیرا رہے۔

## 73- سلاطین دہلی (602-962/1206-1555)

### شمالی ہندوستان

### 1-معزی یا غلام بادشاہ

| | |
|---|---|
| 602/1206 | قطب الدین ایبک |
| 607/1210 | آرام شاہ |
| 607/1211 | شمس الدین التتمش |
| 633/1236 | رکن الدین فیروز شاہ اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 634/1236 | جلالت الدین رضیہ بیگم |
| 637/1240 | معز الدین بہرام شاہ |
| 639/1242 | علاؤ الدین مسعود شاہ |
| 644/1246 | ناصر الدین محمود شاہ اول |
| 664/1266 | غیاث الدین بلبن |
| 686/1287 | معز الدین کیقباد |
| 689/1290 | شمس الدین کیومرتھ / کیومرث |

## 2-خلجی

| | |
|---|---|
| 689/1290 | جلال الدین فیروز شاہ دوم |
| 695/1296 | رکن الدین ابراہیم ابراہیم شاہ اول |
| 695/1296 | علاؤ الدین محمد شاہ اول |
| 715/1316 | شہاب الدین عمر شاہ |
| 716/1316 | قطب الدین مبارک شاہ |
| 720/1320 | ناصر الدین خسرو شاہ کی شورش |

## 3-تغلق

| | |
|---|---|
| 720/1320 | غیاث الدین تغلق شاہ اول |
| 725/1325 | غیاث الدین محمد شاہ دوم |
| 752/1351 | محمود |
| 752/1351 | فیروز شاہ سوم |
| 790/1388 | غیاث الدین تغلق شاہ دوم |
| 791/1389 | ابوبکر شاہ |
| 792/1390 | ناصر الدین محمد شاہ سوم |
| 795/1393 | علاؤ الدین سکندر شاہ اول |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 795/1393 | ناصر الدین محمود شاہ دوم، پہلا دور حکومت |
| 797/1395 | نصرت شاہ (محمود شاہ دوم کے ساتھ اقتدار کے لیے لڑائی) |
| 801/1399 | محمود شاہ دوم، دوسرا دور حکومت |
| 826-17/1413-14 | دولت خان لودی (لودھی) |

## 4-سادات

| | |
|---|---|
| 917/1414 | خضر خان |
| 824/1421 | معز الدین مبارک شاہ دوم |
| 838/1435 | محمد شاہ چہارم |
| 849-55/1446-51 | علاؤ الدین عالم شاہ |

## 5-لودی

| | |
|---|---|
| 855/1451 | بہلول لودی |
| 894/1489 | نظام خان سکندر دوم |
| 923-32/1517-26 | ابراہیم دوم |

بابر کی قیادت میں مغل فتوحات

## 6-سُوری یا افغانی

| | |
|---|---|
| 947/1540 | شیر شاہ سُوری |
| 952/1545 | اسلام شاہ |
| 961/1554 | محمد پنجم عادل شاہ |
| 961/1554 | ابراہیم سوم |
| 962/1555 | احمد خان سکندر شاہ سوم |

ھمایوں کے ہاتھوں مغلوں کی حتمی فتح

اموی خلفاء کے عرب گورنروں نے سب سے پہلے زیریں سندھ کی وادی میں اسلام کا بیج بویا،

Marfat.com
Marfat.com

92/711 میں محمد بن قاسم نے سندھ کو قطعی طور پر فتح کیا۔ بعد کی تین صدیوں کے دوران یہ قبضہ بدستور قائم رہا۔ اگرچہ کچھ مسلم آبادیاں اسماعیلی شیعی مبلغوں سے متاثر ہوئیں جو اس وقت مسلم دنیا کے بہت سے حصوں (شمالی افریقہ سے لے کر یمن اور ہند کی سرحدوں تک) میں بڑی گرم جوشی کے ساتھ معروف تھے۔ مسلمان مشرق قریب اور گجرات، بمبئی و دکن کے ساحلی علاقوں کے مابین تجارتی روابط بھی موجود تھے، جیسا کہ کلاسیکی ادوار میں بھی ہوا کرتے تھے، لیکن ان تعلقات نے برصغیر کی وسیع آبادی کو بمشکل ہی متاثر کیا۔

یہ ترک غزنوی ہی تھے جو پہلی مرتبہ مسلم عسکری طاقت کو شمالی ہندوستان میں بھرپور طریقے سے لائے، 417/1026 تک ہندوشاہیوں جیسی طاقتور مقامی بادشاہتوں کا تختہ الٹا، بہت سے راجپوت حکمرانوں کو باجگزار بنایا اور گجرات میں سومناتھ، کالنجر اور بنارس تک پہنچ گئے۔ اگرچہ محمود غزنی نے مسلمان دنیا میں بطور بت شکن بڑی تابناک شہرت حاصل کی لیکن یہ بات واضح ہے کہ سلطان کوئی متعصب یا کٹر شخص نہ تھا کہ جس نے ہندوستان کو تبدیلی مذہب پر مجبور کیا ہو۔ غزنوی فوج میں ہندوستانی فوجیوں کا حصہ کافی بڑا تھا اور یہ نہیں لگتا کہ فوج میں بھرتی ہونے کے لیے تبدیلی مذہب لازمی تھی۔ شمالی ہندوستان میں غزنیوں کی دلچسپی بنیادی طور پر معاشی نوعیت کی حامل تھی، کیونکہ برصغیر کو دولت اور غلاموں کا ایک وسیع ذخیرہ خیال کیا جاتا تھا، لیکن انہوں نے پنجاب پر قبضہ کر کے اسے ہندوستان میں اپنا مستقل اڈہ بنایا اور ان کے عہد کے اختتام پر لاہور دارالحکومت بن گیا۔

چنانچہ معزالدین غوری اور اس کے جرنیلوں کی بارہویں صدی کے آخری اور تیرہویں صدی کے ابتدائی برسوں کے دوران تسخیرِ ہندوستان کے لیے راہ ہموار ہو چکی تھی۔ وہ آخری غزنوی سے پنجاب لے لینے کے بعد وادیٔ گنگا کی جانب بڑھا اور مقامی راجپوت بادشاہوں سے اس کا سامنا ہوا: پہلے اجمیر اور دہلی کے چوہان بادشاہ پرتھوی راج سوم کو شکست دی گئی (588/1192)۔ معزالدین کے ترک کمانڈروں میں سے قطب الدین ایبک کو تمام ہندوستانی فتوحات کا نگران مقرر کیا گیا، جبکہ سلطان خراسان میں مصروف تھا۔ اس نے پنجاب میں غوری مقبوضات اور گنگا جمنا دوآب پر قبضہ قائم رکھا اور گجرات تک حملے کیے۔ ایک اور جرنیل اختیارالدین محمد خلجی بہار اور بنگال تک جا

Marfat.com
Marfat.com

پہنچا اور وہاں غور یا لکھنوتی کو بیس بنا کر آسام پر بھی حملہ کیا۔ غوریوں اور ان کے جرنیلوں کے اس دور میں ہی شمالی ہند میں اسلام کو پائیداری ملنا شروع ہوئی۔ وہاں طویل عرصہ سے قائم ہندو بادشاہتوں کو مطیع کیا گیا اور متعدد مسلم سلطنتوں کی بنیادیں رکھی گئیں۔ دوسری طرف یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ سلطنت دہلی کے سارے دور میں ترک۔ افغان عسکری قبضے کے مراکز سے دور واقع خطوں میں مقامی ہندو اور بالخصوص راجپوت سرداروں کی طاقت بدستور قائم رہی۔

602/1206 میں معز الدین کی وفات پر ایبک نے فیروزکوہ کے غوری سلطان کے ایماء پر لاہور میں "ملک" کے طور پر اقتدار سنبھال لیا۔ اس کے بعد غزنہ اور غوری سلطنت کے افغان حصے ہندوستان سے کٹ کر خوارزم شاہان اور پھر منگولوں کے پاس چلے گئے۔ ایبک اور 689/1290 تک اس کے جانشین حکمرانوں کے سلسلے کو عموماً "غلام سلاطین" کہا جاتا ہے، تاہم ان میں سے صرف تین ...... ایبک، اِلتتمش اور بلبن ...... ہی غلام تھے۔ ان سلاطین کا تعلق کسی ایک نہیں بلکہ تین نسلوں سے تھا۔ دہلی میں خود مختار سلطنت کے حقیقی موجد اِلتتمش کے دور میں سندھ (جو پہلے معزی جرنیل ناصر الدین قباچہ کے ہاتھوں میں تھا) کو بھی سلطنت دہلی میں شامل کر لیا گیا۔ وہ خوازمیوں کو بھی اپنی مقبوضات سے باہر رکھنے میں کامیاب رہا، لیکن منگولوں نے 639/1241 میں پنجاب پر حملہ کیا، لاہور کو تاراج کیا اور پھر آگے اُچ تک گیا۔ بعد کے کمزور سلاطین نے داخلی تنازعات پیدا کیے اور سلطنت کا اتحاد صرف بلبن کی خود مختار حکمرانی سے ہی یقینی بنا جو اصل میں اِلتتمش کے 40 ترک غلاموں کے مشہور ٹولے (چہلگان) میں سے ایک تھا۔ بلبن نے اپنے آقا کی پالیسی پر ہی عمل کرتے ہوئے اپنی اصلاحات کے ذریعہ سلطنت کے لیے ایک مضبوط عسکری و حکومتی بنیاد فراہم کی اور حاکم کے اقتدار کو روایتی فارسی خطوط پر چلایا۔ باقی ماندہ مسلمان دنیا کے ساتھ روحانی و اخلاقی روابط مستحکم بنائے گئے۔ اِلتتمش عباسی خلیفہ المستعصر سے سند حاصل کر چکا تھا، حتیٰ کہ بغداد میں آخری خلیفہ المستعصم کے قتل کے کافی عرصہ بعد بھی معزی سلاطین نے سکوں پر اس کا نام دینا جاری رکھا۔ اس طرح آپ سنی اسلام اور خلافت کی روحانی قیادت کی قبولیت کے جذبہ کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ یہ جذبات ہندوستانی اسلام کی زیادہ تر تاریخ میں موجود رہے جو اردگرد کے ہندو ماحول کے دباؤ کے خلاف اپنی شناخت برقرار رکھنے کی جدوجہد کا پتہ دیتے ہیں۔ اس عہد

Marfat.com
Marfat.com

کی ثقافت میں فارس اور ماوراء جیحون میں منگولوں کے ڈر سے بھاگ کر آنے والے پناہ گزینوں کی لہر کا زرخیز کار اثر بھی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ پناہ گزین التمش اور بلبن کے ادوار حکومت میں ہندوستان آئے۔ بعد کے وقتوں میں، مثلاً محمد بن تغلق کا عہد، تازہ خون کی آمیزش ہندو مسلم ثقافت کو تقویت بخشتی رہی۔

689/1290 میں معزی سلاطین کی جگہ خلجی جلال الدین فیروز شاہ دوم نے لے لی۔ خلجی بالاصل ترک لوگ تھے (یا کسی مختلف نسل کے لوگ جنہوں نے خود کو ترکی رنگ میں رنگ لیا)۔ وہ مشرقی افغانستان میں آباد تھے۔ یہ قرین قیاس لگتا ہے کہ جدید دور کے غلوئی افغان انھی کی اولاد ہیں۔ معزالدین کے عہد میں خلجیوں نے ہندوستان پر غوری حملوں میں نمایاں کردار ادا کیا اور اختیار الدین محمد خلجی ہی وہ شخص تھا جو بنگال اور مشرقی ہندوستان میں اسلام کو پہلی بار لایا۔ فیروز شاہ کے سامنے سب سے ضروری کام منگولوں کو دور رکھنا تھا، تاہم اسی کے دور حکومت میں بڑی تعداد میں اسلام قبول کرنے والے منگولوں کو دہلی کے علاقہ میں آباد ہونے کی اجازت دی گئی۔ خلجی سلطنت کی باکمال شخصیت بلاشبہ علاء الدین محمد ہے جس نے خود کو سکندر ثانی تصور کیا اور جو ایک وسیع وعریض سلطنت کو اکٹھا کرنے کا عظیم خواب اپنی آنکھوں میں سجائے ہوئے تھا۔ اصل میں اسے سب سے پہلے شمال مغربی سرحد پر چغتائی منگولوں کے خطرے سے نمٹنا پڑا جو سن 706/1306 تک کئی بار حملہ کر کے دہلی تک پہنچے تھے۔ تاہم علاء الدین کے عزائم کو اصل راہ جنوبی ہندوستان میں ملی...... وندھیا پہاڑوں کے جنوب کا زرخیز علاقہ جہاں ابھی تک مسلمانوں نے حملہ نہیں کیا تھا۔ 695/1296 میں یادووں کے دارالحکومت مغربی دکن میں دیوگری یا دیوگیر پر ایک حملے نے اتنی دولت فراہم کی کہ جسے اس نے بعدازاں سلطنت حاصل کرنے میں استعمال کیا، اور جب وہ تخت پر براجمان ہو گیا تو دکن کے انتہائی جنوبی کونے میں مزید فوجیں بھیجیں۔ علاء الدین بدستور ''ناصر امیرالمومنین'' کا روایتی عہدہ استعمال کرتا رہا، ''امیرالمومنین'' کا خلافتی لقب اپنے لیے استعمال کرنے والا پہلا اور آخری ہندوستانی مسلم حکمران اس کا بیٹا قطب الدین مبارک شاہ اول تھا۔

آخری خلجی سلطان مبارک شاہ اول کے منظور نظر (اور گجرات کی ایک پست ذات کے نومسلم) خسرو خان نے جب دین سے انحراف کیا اور دہلی میں تخت پر قبضہ کر لیا تو خلجی سلسلہ اختتام پذیر ہو

Marfat.com
Marfat.com

گیا۔ ترکی ہندوستانی کمانڈر غازی ملک تغلق اور اس کے بیٹے محمد نے مسلم کنٹرول دوبارہ قائم کیا۔ محمد بن غازی ملک تغلق نے 720/1320 میں تغلقوں کے دور حکومت کی طرح ڈالی۔ تغلق نے سلطنت کو بحال کرنے اور دکن کو دوبارہ مسلم کنٹرول میں لانے کے لیے کافی کچھ کیا۔ وہ ایک کرشماتی شخصیت ہے...... فارسی کا عظیم عالم اور مختلف علوم کا ماہر اور ایک باصلاحیت سپہ سالار، تاہم اس کا طرز عمل عموماً غلط اور قوت فیصلہ کوتاہ نظر آتی ہے۔ سلطنت کو مستحکم مالیاتی بنیاد فراہم کرنے کے لیے ٹیکس میں اضافوں نے اسے غیر مقبول بنا دیا اور 727/1327 میں دارالحکومت کو دہلی سے دیوگیر (دولت آباد) منتقل کرنے کا فیصلہ تباہ کن ثابت ہوا۔ دوسری طرف اس نے چغتائی منگول ترم شیریں کے ورائے جیجون سے حملے کو کامیابی سے روکا (729/1329) لیکن اس کا اِل خانیوں کی کمزوری سے فائدہ اٹھا کر براستہ پامیر وسط ایشیا پر حملہ کرنے کا منصوبہ محض ایک خام خیالی تھا۔ محمد بن تغلق ہندوستان سے باہر کی مسلم دنیا کے ساتھ سفارتی تعلقات رکھتا تھا۔ اس کا معری مملوکوں کے ساتھ رابطہ تھا اور اس نے قاہرہ میں کٹھ پتلی عباسی خلیفہ سے سند اختیار حاصل کرنی چاہی۔ پھر بھی ہندوستان کی شمالی سرحدوں پر غیر حقیقت پسندانہ عسکری منصوبوں میں توانائیاں صرف کرنے کے نتیجہ میں دکن پر تغلقوں کا اختیار کمزور پڑ گیا: انتہائی جنوب میں مدرا کے مقام پر ایک خودمختار مسلم بادشاہت قائم ہوئی جسے آخر کار ابھرتی ہوئی وجے نگر کی ہندو بادشاہت نے شکست دی اور 748/1347 میں علاء الدین باہمن شاہ نے وسطی دکن کی بہمنی سلطنت کی طرح ڈالی۔ بعد میں فیروز شاہ سوم نے سندھ اور بنگال میں سلطانی حاکمیت بحال کی لیکن دکن سے الجھنے کی کوئی کوشش نہ کی۔ آخری تغلق بہت کمزور تھے اور سلطنت کی ناتوانی کے باعث تیمور لنگ 801/1398-9 میں ہندوستان پر حملہ کرنے اور زبردست تباہی پھیلانے کے قابل ہوا۔ نتیجتاً سلطنت کا سیاسی اتحاد پارہ پارہ ہو گیا۔ مختلف مسلم رہنماؤں نے صوبوں میں خودمختاری حاصل کر لی۔

40 برس سے کم عرصہ تک اقتدار خضر خان کے ہاتھ میں رہا۔ وہ تیموری جانب سے مقرر کردہ سابق گورنر ملتان تھا۔ اس نے تیمور اور شاہ رخ کے نام پر حکومت کی اور خود کو "رایت اعلیٰ" کے لقب پر ہی قانع رکھا۔ رسول ﷺ اللہ کی نسل سے ہونے کے جعلی دعوے کے باعث اس کی سلطنت کو "سلطنت سادات" کہا جانے لگا۔ سیدوں کی موثر حاکمیت دہلی کے گرد ایک چھوٹے سے علاقہ

Marfat.com
Marfat.com

تک ہی محدود تھی اور تیموریوں پر ابتدائی انحصار کرنے سے وہ دہلی کے ترک اور افغان فوجی طبقات میں غیر مقبول ہو گئے۔ 855/1451 میں سادات کی جگہ بہلول خان نے لے لی جو افغان لودھی قبیلے کا سردار تھا اور سرہند اور لاہور کا گورنر رہ چکا تھا۔ بہلول کی طاقت تغلقوں کی ہم پلہ تھی۔ اس نے ہندوستان میں مسلم شان وشوکت کی بحالی کے لیے کافی کچھ کیا۔ وسطی ہند کو دوبارہ دہلی کے اختیار میں لایا اور جونپور کے مشرقی حکمرانوں کو معزول کیا گیا (881/1477)۔ اس کے بیٹے سکندر دوم نے راجپوت ریاستوں کے خلاف کارروائیوں میں کچھ کامیابی حاصل کی اور اپنا دارالحکومت آگرہ لے گیا جو ان حملوں کے لیے بیس کے طور پر کام آیا۔ آخری لودھی ابراہیم دوم نے اپنے متعدد شرفاء اور کمانڈروں کو خود سے دور کر دیا اور انہی میں سے کچھ نے کابل میں موجود چغتائی مغل بابر کو مداخلت کی دعوت دی۔

932/1526 میں پانی پت کے مقام پر بابر کی فتح ابراہیم کی موت پر منتج ہوئی اور ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کا آغاز ہوا۔ تاہم ابھی اس کا مطلب ہندوستان میں بابر کی سلطنت کا مستقل قیام ہرگز نہیں تھا کیونکہ اس کے بیٹے ہمایوں کی حکومت میں شیر شاہ سور کے ذریعہ افغان حکومت کی بحالی کا پندرہ سالہ وقفہ آیا۔ شیر شاہ نے بہار سے روانہ ہو کر ہمایوں کو کنوج میں شکست دی اور یوں بابر کے کیئے ہوئے کام کو بے اثر کر دیا (947/1540)۔ شیر شاہ نے ایک عمدہ جرنیل ہونے کے ساتھ ساتھ اہم مالیاتی اور زمینی اصلاحات متعارف کروائیں۔ اگر وہ وقت سے پہلے مر نہ جاتا تو شاید ہندوستان میں ایک طاقتور افغان سلطنت قائم ہو جاتی اور ہمایوں ایک مرتبہ پھر اپنی قسمت آزمانے کی کوشش نہ کر سکتا۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ شیر شاہ کے ہوس پرست جانشینوں کی کمزوری نے مغل غلبے کی راہ ہموار کی۔

## 74- سلاطین بنگال (737-984/1336-1576)

### 1- مشرقی بنگال میں

| | |
|---|---|
| 737/1336 | فخر الدین مبارک شاہ |
| 750-3/1349-52 | اختیار الدین غازی شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

شمس الدین الیاس شاہ کی فتح

## 2-مغربی بنگال اور اس کے بعد سارے بنگال میں

| | |
|---|---|
| 740/1339 | علاؤ الدین علی شاہ |

الیاس شاہ کا سلسلہ:

| | |
|---|---|
| 746/1345 | شمس الدین الیاس شاہ |
| 759/1358 | سکندر شاہ اول |
| 792/1390 | غیاث الدین اعظم شاہ |
| 813/1410 | سیف الدین حمزہ شاہ |
| 815/1412 | شہاب الدین بایزید شاہ |
| 817/1414 | علاؤ الدین فیروز شاہ |

راجہ گنیش کا سلسلہ:

| | |
|---|---|
| 817/1414 | جلال الدین محمد شاہ |
| 835-40/1432-6 | شمس الدین احمد شاہ |

الیاس شاہ کے سلسلہ کی بحالی:

| | |
|---|---|
| 841/1437 | ناصر الدین محمود شاہ |
| 864/1460 | رکن الدین باربک شاہ |
| 879/1474 | شمس الدین یوسف شاہ |
| 886/1481 | سکندر شاہ دوم |
| 886-92/1481-87 | جلال الدین فتح شاہ |

حبشیوں کا سلسلہ

| | |
|---|---|
| 892/1487 | سلطان شاہزادہ باربک شاہ |
| 892/1487 | سیف الدین فیروز شاہ |
| 895/1490 | ناصر الدین محمد شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 896-99/1491-4 | شمس الدین مظفر شاہ |

سید حسین شاہ کا سلسلہ

| | |
|---|---|
| 899/1494 | سید علأ الدین حسین شاہ |
| 925/1519 | ناصر الدین نصرت شاہ |
| 939/1532 | علأ الدین فیروز شاہ |
| 940-6/1533-9 | غیاث الدین محمود شاہ |

سُوری افغانوں کا سلسلہ

| | |
|---|---|
| 946/1539 | شیر شاہ سُور |
| 947/1540 | خضر خان |
| 952/1545 | محمد خان سُور |
| 962/1555 | خضر خان بہادر شاہ |
| 968-71/1561-4 | غیاث الدین جلال شاہ |

سلیمان کرارانی کا سلسلہ

| | |
|---|---|
| 971/1564 | سلیمان کرارانی |
| 980/1572 | بایزید شاہ کرارانی |
| 980-4/1572-6 | داؤد شاہ کرارانی |

## مغلوں کی فتح

سلاطین دہلی کے لیے بنگال کا انتظام و انصرام ہمیشہ ایک مسئلہ بنا رہا۔ صوبے کے وسیع وسائل اور دارالحکومت سے اس کی دوری کے باعث یہاں کے حاکم وقتاً فوقتاً بغاوتیں کرتے رہے۔ 686/1287 میں بلبن کی وفات کے بعد بنگال گورنروں کے تحت حقیقی معنوں میں خودمختار ہو گیا۔ جن کا صدر مقام لکھنوتی تھا اور چودھویں صدی کے ابتدائی برسوں میں بنگال فتح ہوا اور مسلم افواج نے دریائے برہم پترا عبور کر کے آسام کے ضلع سلہٹ میں قدم رکھا۔ غیاث الدین تغلق نے کچھ عرصہ تک دہلی کا اختیار دوبارہ منوایا اور بنگال کو دو گورنریوں میں تقسیم کر دیا: مغربی، جس کا

Marfat.com
Marfat.com

مرکز لکھنوتی تھا اور دوسری مشرقی جس کا مرکز سونار گاؤں بنایا گیا۔ لیکن اس کی وفات کے بعد بنگال مشرق میں فخر الدین مبارک اور مغرب میں علاء الدین علی کے ہاتھ آ گیا اور آئندہ اڑھائی سو سال تک بنگال پر خود مختار سلاطین کی حکومت رہی۔ اس عرصہ کے دوران ہندوستان کی پست ذاتوں میں قبول اسلام کا عمل تیزی سے جاری رہا، اسی لیے آج اس خطے میں مسلمانوں کا غلبہ ہے۔

غیاث الدین الیاس کے خاندان نے سارے بنگال کو اپنے زیر نگیں کیا۔ الیاسیوں کے دور میں مسلم فنون اور علوم نے ترقی پائی اور بنگال کی کپڑے اور خوردنی اشیاء کی صنعتوں کو فروغ حاصل ہوا۔ پندرھویں صدی کے پہلے عشرے میں غیاث الدین اعظم نے چین کے ساتھ پرانے سفارتی اور ثقافتی تعلقات بحال کیے اور چاٹگانگ بندرگاہ کی ترقی غالباً مشرق بعید کے ساتھ تجارت میں اضافہ کی غماز ہے۔ الیاسیوں کی حکومت میں اس وقت 25 سال کے لیے رخنہ پیدا ہوا جب بھاتوریہ کے ایک مقامی ہندو جاگیردار راجہ گنیش نے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کچھ برس تک پس پردہ رہ کر امور سلطنت چلاتا رہا اور آخر کار اس نے اپنے بیٹے جادو کو حکمران بنا دیا۔ جادو مسلمان ہو گیا اور اس نے جلال الدین محمد کے نام سے حکومت کی۔ ہندو الاصل ہونے کے باوجود راجہ گنیش کی اولاد کو حکومت کرنے میں کچھ مسلم حمایت حاصل ہو گئی۔ الیاسیوں کی بحالی پر دربار کے حبشی محافظوں کا اثر و رسوخ بڑھا، حتیٰ کہ 892/1487 میں ان کے سالار خواجہ سرا سلطان شاہزادہ نے آخری الیاس کو قتل کر کے اقتدار سنبھال لیا۔

انجام کار سید علاء الدین حسین نے نظم و نسق قائم کیا جس کا روشن خیال دور حبشی دور کی ابتری کے بعد آیا۔ بہار کو ساتھ ملا لیا گیا: جونپور کے مشرقی حکمران کو پناہ دی گئی (جسے دہلی کے لودھیوں نے معزول کر دیا تھا) اور جونپور کے فوجیوں کو بنگالی فوج میں شامل کر لیا گیا۔ مقامی بنگالی ادب کے فروغ کا عمل ان صدیوں کے دوران جاری رہا، اور معلوم ہوتا ہے کہ نصرت شاہ بن سید حسین کی سرپرستی میں مہابھارت کے بنگالی ترجمہ نے اس کی مزید حوصلہ افزائی کی۔ سید حسین کے سلسلے کا خاتمہ افغان شیر شاہ سوری کی یکا یک سرفرازی کے باعث ہوا جس نے بنگال پر قبضہ کر کے اسے مغل ہمایوں کو ہندوستان سے نکالنے کے لیے استعمال کیا۔ لیکن دہلی و لاہور میں مغلوں کے پیر جمنے اور افغانوں کو شکست ہونے پر مغل اثر و رسوخ بنگال میں بھی محسوس کیا جائے گا۔ جنوبی بہار کے سابق

Marfat.com
Marfat.com

حاکم سلیمان کرارانی نے اکبر کی نیابت قبول کر لی اور 984/1576 میں بنگال پر حملہ کر کے اسے مغلیہ سلطنت میں شامل کر لیا گیا۔

## 75- سلاطین کشمیر (747-997/1346-1589)

### 1- شاہ میرزا سواتی کا خاندان

| | |
|---|---|
| 747/1346 | شمس الدین شاہ میرزا سواتی |
| 750/1349 | جمشید |
| 751/1350 | علاؤ الدین علی شیر |
| 760/1359 | شہاب الدین شیر اشامک |
| 780/1378 | قطب الدین ہندال |
| 796/1394 | سکندر بت شکن |
| 819/1416 | علی میرزا خان |
| 823/1420 | زین العابدین شاہی خان |
| 875/1470 | حیدر شاہ حاجی خان |
| 876/1471 | حسن |
| 894/1489 | محمد، پہلا دور حکومت |
| 895/1490 | فتح شاہ، پہلا دور حکومت |
| 903/1498 | محمد، دوسرا دور حکومت |
| 904/1499 | فتح شاہ، دوسرا دور حکومت |
| 905/1500 | محمد، تیسرا دور حکومت |
| 932/1526 | ابراہیم اول |
| 933/1527 | نازک، پہلا دور حکومت |
| 935/1529 | محمد، چوتھا دور حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 939/1533 | شمس الدین |
| 947/1540 | نازک، دوسرا دور حکومت |
| 947/1540 | حیدر دغلت، ہمایوں کا گورنر |
| 958/1551 | نازک، تیسرا دور حکومت |
| 959/1552 | ابراہیم دوم |
| 962/1555 | اسماعیل |
| 964-8/1557-61 | حبیب |

غازی خان چک نے اسے معزول کیا

## 2-غازی خان چک کا خاندان

| | |
|---|---|
| 968/1561 | غازی خان بن چک |
| 971/1563 | نصر الدین حسین |
| 977/1569 | ظاہر الدین علی |
| 986/1579 | نصر الدین یوسف |
| 994/1586 | یعقوب |
| 997/1589 | مغل شہنشاہ اکبر کے سامنے اظہار اطاعت |

پہاڑوں کے درمیان گھرے ہونے کی جغرافیائی حالت کے باعث کشمیر کافی عرصہ تک مسلمانوں کے حملوں سے محفوظ رہا۔ شمالی ہندوستان پر مسلمانوں کا قبضہ ہو جانے کے کافی عرصہ بعد تک کشمیر پر ہندو حکمرانوں کا سلسلہ ہی مقتدر رہا۔ محمود غزنی نے جنوب کی طرف سے کشمیر پر حملہ کرنے کی دو مرتبہ کوشش کی: 406/1015 اور 412/1021 میں۔ مگر دونوں مرتبہ لوہ کوٹ کے قلعہ تسخیر نہ ہو سکا۔ تاہم ہندو کرائے کے ترک مسلم سپاہیوں (تروشک) کو بھرتی کرنے لگے اور تبھی اسلامائزیشن کا عمل شروع ہوا ہوگا۔

735/1335 میں وہاں کا تخت شاہ میرزا سواتی نے حاصل کر لیا جو پٹھان نسل کا مسلمان مہم پسند تھا اور جو راجا سنہہ دیو کا وزیر رہ چکا تھا۔ اس نے شمس الدین کا لقب اختیار کیا۔ وہ ہندوؤں کی

Marfat.com
Marfat.com

جانب نرم رویہ رکھتا تھا۔ لیکن اس کا پوتا سکندر ایک پرہیزگار مسلمان تھا جس کی سرپرستی میں جمع ہونے والے علماء نے ہندوؤں کو سزائیں دیں، ان کے مندر تباہ کر دیئے اور اسے ''بت شکن'' کا خطاب دیا۔ تاہم اس کے بیٹے زین العابدین نے اس کثرت پر مبنی پالیسی کو واپس لیا اور اس کی طویل و روشن خیال حکومت ایک لحاظ سے کشمیر کا عہد زریں تھی۔ اس کی زیر سرپرستی مہابھارت اور کلہن کی راج ترنگنی کا فارسی میں ترجمہ ہوا۔ بدقسمتی سے اس کے جانشین کمتر آدمی تھے جنہوں نے امتیازی سلوک روا رکھے۔ مختلف علاقائی سرداروں نے پہاڑی اور دشوار گذار خطے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے خودمختاری حاصل کر لی۔ بالخصوص طاقتور چک قبیلے کا اثر و رسوخ بڑھا جس کے سرکردہ افراد شاہ میرزا سلسلے کے آخری کمزور حکمرانوں کے لیے وزراء اور سالاروں کے طور پر خدمات انجام دے چکے تھے۔ مغل بادشاہ حیدر دغلت نے 947/1540 میں کشمیر پر حملہ کیا اور اپنے عزیز ہمایوں کے ایماء پر دس برس تک حکومت کرنے کے بعد ایک شورش میں مارا گیا۔ چک خاندان دوبارہ ابھرا اور 968/1561 کے بعد انہوں نے بذات خود حکمرانی کی اور مغلوں کی نقل میں ''پادشاہ'' کا لقب اختیار کیا۔ آخری چک اکبر کے باجگذار تھے۔ آخرکار صوبے کو مکمل طور پر سلطنت مغلیہ کا ایک حصہ بنا لیا گیا۔

کشمیر کے مسلمان حکمرانوں کے زمانی سلسلے کی وضاحت میں بہت سی مشکلات ہیں۔ لین پول نے انہیں غیر معتبر قرار دیا۔ ہم نے سر ٹی وولزلے ہیگ کو سند مانا ہے۔

## 76- سلاطین گجرات (793-991/1391-1583)

### مغربی ہندوستان

| | |
|---|---|
| 793/1391 | ظفر خان مظفر اول |
| 814/1411 | احمد اول |
| 846/1442 | محمد کریم |
| 855/1451 | قطب الدین احمد دوم |
| 862/1458 | داؤد |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 862/1458 | محمود اول بیگرا |
| 917/1511 | مظفر دوم |
| 932/1526 | سکندر |
| 932/1526 | ناصر خان محمود دوم |
| 932/1526 | بہادر |
| 943/1537 | خاندیش کا میران محمد اول |
| 943/1537 | محمود سوم |
| 961/1554 | احمد سوم |
| 968/1561 | مظفر سوم، پہلا دور حکومت |
| 980/1573 | مغل فتوحات |
| 991/1583 | مظفر سوم، دوسرا دور حکومت |

## مغلوں کی حتمی فتح

بحر ہند کے دیگر ساحلوں کے ساتھ اپنے تجارتی اور بحری تعلقات ہونے کی وجہ سے گجرات ایک بالخصوص امیر صوبہ تھا۔ اگرچہ محمود غزنی سومنات تک آیا، لیکن مسلم فتح کافی دیر بعد ہوئی۔ 697/1298 کے بعد ہی کہیں جا کر علاؤ الدین محمد خلجی کی فوجوں نے مرکزی مقامی ہندو بادشاہت یعنی انہلواڑا کے واگھیلوں کو شکست دی۔ چودھویں صدی کے دوران گجرات پر دہلی سے بھیجے ہو حاکم مقرر رہتے، حتیٰ کہ 793/1391 میں محمد سوم نے ظفر خان کو بھیجا۔ جب تغلق انحطاط پذیر ہوئے تو ظفر خان خودمختار ہو گیا اور 810/1407 میں باقاعدہ خود کو مظفر شاہ کہلوانے لگا۔ نئی سلطنت کو اس کے پوتے احمد اول نے مستحکم بنایا۔ احمد اول کا زیادہ تر دور حکومت گجرات و راجپوتانہ کے ہندو راجوں اور مالوہ، خاندیش و دکن کے مسلم سلاطین کے خلاف جنگ وجدل سے عبارت تھا۔ اسی نے اپنے لیے نیا دارالحکومت احمد آباد تعمیر کیا جس نے انہلواڑہ کی جگہ لے لی۔ محمود بیگوا کی حکومت کے 44 سال (862-917/1458-1511) سلطنت کی تاریخ میں عظیم ترین تھے۔ ہندوؤں کے خلاف مہمات کے نتیجہ میں دیگر چیزوں کے علاوہ چاپانیر کے قلعے

Marfat.com
Marfat.com

پر بھی قبضہ ہوا جس کا نام بدل کر محمد آباد رکھا گیا اور سلطان نے اسے اپنا صدر مقام بنا لیا۔ درحقیقت محمود کے دور میں سلطنت گجرات نے مالوہ کے ساتھ الحاق سے پہلے اپنی انتہائی وسعت اختیار کی۔

مغربی اور جنوبی ہند کی سیاست میں محمود کے عہد کے اختتام پر ایک نیا عنصر ظاہر ہوا، یعنی پرتگیزی۔ 1498ء میں واسکوڈے گاما کی کالی کٹ بندرگاہ پر آمد کے بعد پرتگیزی بحر ہند کی زیادہ تر تجارت کو اپنے ہاتھوں میں لینے لگے اور یوں مصر و گجرات کے تاجروں کو ایک طرف کر دیا۔ چنانچہ 931/1508 میں محمود نے مملوک سلطان قنسوح الغوری کے ساتھ اتحاد کیا لیکن بمبئی کے نزدیک ابتدائی مسلم بحری فتح کے باوجود پرتگیزوں نے بیجاپور کے عادل شاہیوں سے گو آ لے لیا اور محمود کو امن قائم کرنے پر مجبور کر دیا گیا۔ گجرات کا آخری عظیم سلطان محمود کا پوتا بہادر شاہ تھا جس نے ہندوؤں کے خلاف کمر باندھی اور مالوہ بھی فتح کیا۔ تاہم مغل ہمایوں نے اس کے کچھ مقبوضات چھین لیے۔ پرتگیزی آفت دوبارہ نمودار ہوئی اور انہیں دِیو بخش دینے کے باوجود انہوں نے 943/1537 میں بہادر شاہ کو دھوکے سے قتل کر دیا۔ اب گجرات کا اتحاد پارہ پارہ ہو گیا۔ تخت نشینی کے لیے جھگڑے شروع ہوئے اور بادشاہت مختلف متحارب شرفاء کے درمیان بٹ گئی۔ مایوسی کے عالم میں مغلوں کو دعوت دی گئی۔ اکبر نے گجرات پر قبضہ کر لیا۔ تاہم آخری سلطان مظفر سوم نے 1001/1593 میں اپنی موت سے پہلے سلطنت واپس لینے کی کئی کوششیں کیں۔

## 77- جونپور کے شرقی سلاطین
## (796-883/1394-1479)

| | |
|---|---|
| 796/1394 | ملک سرور خواجۂ جہاں |
| 802/1399 | مبارک شاہ |
| 804/1402 | شمس الدین ابراہیم |
| 844/1440 | محمود شاہ |
| 861/1457 | محمد شاہ |

Marfat.com
Marfat.com

862-83/1458-79 حسین شاہ

## دھلی کے لودی سلاطین کی فتح

جونپور بنارس کے شمال میں دریائے گومتی کے کنارے، بہار اور اودھ کے درمیان واقع ہے اور روایت کے مطابق اسے 762/1359 میں فیروز شاہ سوم تغلق نے تعمیر کیا اور اس کا نام اپنے کزن وسرپرست محمد بن تغلق (جس کا ایک نام جونا یعنی غیر ملکی بھی تھا) کے نام پر رکھا۔ دہلی اور بنگال کی سلطنتوں کے درمیان واقع ہونے کے باعث یہ پندرھویں صدی میں ایک طاقتور مسلمان ریاست کا مرکز بن گیا اور سلاطین جونپور نے علاقہ کی اسلامی ثقافت کو ترقی دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ جونپور کو "شیراز مشرق" کہا جاتا ہے۔

اس سلطنت کی بنیاد آخری تغلق محمود شاہ دوم کے مخنث غلام وزیر ملک سرور نے رکھی جس نے 796/1394 میں اپنے آقا کے ایماء پر اودھ فتح کیا اور پھر وہاں حقیقی حکمران بن کر رہا۔ اس نے سلطان سے ملک الشرق یعنی مشرق کا بادشاہ کا لقب حاصل کر لیا اور یہی سلطنت کی وجہ تسمیہ ہے۔ ہندوستان پر تیمور کے حملے کے بعد پیدا ہونے والی افراتفری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے لے پالک بیٹے مبارک شاہ نے مکمل خودمختار حکمران جیسا رویہ اختیار کیا، اپنے نام کے سکے جاری کروائے اور صرف اپنے نام کا خطبہ پڑھوانے لگا۔ اس کا بھائی ابراہیم شرقیوں میں سب سے زیادہ صاحب جلال تھا اور اس کے تقریباً 40 سالہ دور حکومت میں سلطنت اپنی طاقت اور استحکام کے نقطہ عروج پر پہنچی۔ جونپور میں اسلامی فن تعمیر کا ایک خصوصی مقامی انداز وجود میں آیا اور ابراہیم نے خود بھی باذوق آدمی ہونے کے ناطے اپنے دربار میں دانشوروں اور اہل قلم حضرات کی حوصلہ افزائی کی۔ اس کے جانشین دہلی کے لودھی سلاطین کے ساتھ جنگوں میں الجھ گئے اور گوالیار پر حملہ کیا، لیکن انہیں سب سے زیادہ کامیابی اڑیسہ پر حملے میں ہوئی۔ مسلم تواریخ نگاروں کے مطابق اس دور میں جونپور کی فوج ہندوستان میں سب سے بڑی تھی۔ آخری مشرقی سلطان حسین ایک موقع پر دہلی کے دروازوں پر آیا لیکن بہلول لودھی نے اس کی آؤ بھگت نہ کی۔ اس نے حسین کو شکست دے کر بنگال میں نکال دیا۔ یوں جونپور سلطنت دہلی کے پاس آ گیا۔

Marfat.com
Marfat.com

## 78-مالوہ کے سلاطین

## (804-937/1401-1531)

وسطی ہند

### 1-غوری خاندان

| | |
|---|---|
| 804/1401 | دلاور خان حسین غوری |
| 808/1405 | الپ خان ہوشنگ |
| 838/1435 | غازی خان محمد |
| 839/1436 | مسعود خان |

### 2-خلجیوں کا خاندان

| | |
|---|---|
| 839/1436 | محمود شاہ اول خلجی |
| 873/1469 | غیاث شاہ |
| 906/1500 | ناصر شاہ |
| 917-37/1511-31 | محمود شاہ دوم |

سلاطین گجرات کی فتح

مالوہ میں مسلمان حکومت چتوڑ اور اُجین کے مقامی راجپوت حکمرانوں کے ساتھ طویل اور خونریز جنگوں کے بعد ہی قائم ہوئی۔ 705/1305 میں سلطان دہلی علاؤ الدین خلجی نے ایک فوج بھیج کر مالوہ کو زیر نگیں کیا اور اس کے بعد وہاں کے حاکم دہلی کی جانب سے بھیجے جانے لگے۔ حاکم مالوہ دلاور خان غوری نے 801/1398-9 میں تیمور کے حملے کے دوران بھاگے ہوئے تغلق محمد شاہ دوم کو پناہ دی، لیکن اس دور میں تخت دہلی کو لگنے والے جھٹکے نے دلاور خان کو خود مختاری کا اعلان کرنے اور بادشاہ کا لقب اختیار کرنے کا موقع دیا۔ مالوہ کی خود مختاری جونپور میں شرقیوں کی سرفرازی کے متوازی تھی۔ سلاطین مالوہ نے اپنے دارالحکومت کو ناقابل رسائی بنایا اور قلعہ مانڈو کی دیواریں مضبوط کرنے کے علاوہ اسے متعدد شاندار عمارتوں سے سجایا بھی۔

ایک موقع پر مالوہ کے غوری سلاطین نے ہندو اوڑیسہ پر ہلہ بولا، لیکن ان کی زیادہ تر عسکری

Marfat.com
Marfat.com

سرگرمی پڑوسی مسلم حکمرانوں، مثلاً شرقیوں، سلاطین گجرات، سادات دہلی اور دکنی بہمنیوں کے خلاف تھی۔ اس جنگ وجدل میں انہوں نے ہندو بادشاہوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کرنے سے گریز نہ کیا۔ 839/1436 میں وزیراعظم محمود خاں نے مالوہ کا تخت حاصل کرلیا (آخری غوری سلطان بھاگ کر گجرات چلا گیا) اور خلجی سلسلہ کی بنیاد رکھی۔

محمود اول خلجی مالوہ کے سلاطین میں عظیم ترین تھا اور چتوڑ کے راجپوتوں اور بہمنیوں کے خلاف مہمات میں متعدد خساروں کے باوجود اس نے اپنے علاقوں کو خاصی وسعت دی۔ اس کی شہرت ہندوستان سے باہر بھی گئی اور قاہرہ میں عباسی خلیفہ نے اسے اقتدار کی رسمی سند جاری کی۔ لیکن اس کے پڑپوتے محمود دوم کے دور حکومت میں ریاست میں راجپوت وزراء اور درباری نمایاں حیثیت حاصل کر گئے اور مسلم و ہندو عناصر کے درمیان کشیدگی بڑھنے لگی۔ ایک موقع پر محمود کو راجا چتوڑ نے اپنے قبضے میں کرلیا، اور اگرچہ اسے مالوہ میں بحال کر دیا گیا، مگر اس کی سلطنت کو 937/1531 میں بہادر شاہ نے فتح کرلیا۔ یوں خلجیوں کا سلسلہ ختم ہوگیا، آئندہ تین عشروں کے دوران مالوہ مغل بادشاہ ہمایوں، خلجیوں کے ایک مقامی خودمختار، افغان شیر شاہ سور اور آخر میں دوبار مغلوں کے قبضے میں آیا۔

## 79- بہمنی اور ان کے جانشین

## (748-934/1347-1527)

### شمالی دکن

| | |
|---|---|
| علاء الدین حسن باہمن شاہ | 748/1347 |
| محمد اول | 759/1358 |
| علاء الدین مجاہد | 776/1375 |
| داؤد | 780/1378 |
| محمد دوم | 780/1378 |
| غیاث الدین | 799/1397 |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 799/1397 | شمس الدین |
| 800/1397 | تاج الدین فیروز |
| 825/1422 | احمد اول ولی |
| 839/1436 | علاؤ الدین احمد دوم |
| 862/1458 | علاؤ الدین ہمایوں ظالم |
| 865/1461 | نظام |
| 867/1463 | محمد سوم لشکری |
| 887/1482 | محمود |
| 924/1518 | احمد سوم |
| 927/1521 | علاؤ الدین |
| 928/1522 | ولی اللہ |
| 931-4/1525-27 | کلیم اللہ [یہ چاروں بیدار کے وزیر اعظم امیر برید کی نگرانی میں برائے نام سلطان تھے ]۔ |

## بہمنی سلطنت کی پانچ مقامی سلطنتوں میں تحلیل

محمد بن تغلق کے دور حکومت کے نصف آخر میں جب اس کی حاکمیت کی عمارت ڈولنے لگی تو دکن کے تازہ تازہ فتح کیے ہوئے علاقے دہلی کے اختیار سے نکلنا شروع ہو گئے۔ نہایت جنوب میں معبر کے گورنر نے خودمختاری کا اعلان کر کے مدرا کی سلطنت کی بنیاد رکھی۔ امیر حسن گنگو کے ہاتھوں دکن کی ٹیبل لینڈ پر قائم کردہ ریاست کہیں زیادہ طاقتور اور پائیدار تھی۔ حسن کے نسلی ماخذ بہت مبہم ہیں اور لگتا ہے کہ وہ کوئی زیادہ پر جلال نہ تھے۔ اس کے فارسی النسل ہونے کے دعویٰ کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لینا چاہیے۔ اس نے فارسی قومی رزمیہ میں اسفندیار کے بیٹے باہمن کا پرانا نام اختیار کر لیا تھا۔ دولت آباد میں کامیاب بغاوت کے بعد حسن نے اپنا دارالحکومت جنوب کی طرف گلبرگا میں منتقل کر دیا اور یہ مقام 80 برس تک بہمنیوں کا مرکز بنا رہا۔

بہمنیوں کی سرفرازی کا مطلب تھا کہ ایک مضبوط اور جارحانہ مسلم طاقت اب جنوبی دکن کی دو

Marfat.com
Marfat.com

بڑی ہندو بادشاہتوں ورنگل اور وجے نگر کے روبرو تھی۔ آئندہ تقریباً ایک سو سال تک وقتاً فوقتاً جنگ ہوتی رہی۔ احمد اول شاہ نے 830/1425 میں ورنگل کو تسخیر کر کے بہمنی ریاست میں شامل کر لیا۔ دوسری طرف وجے نگر کبھی بھی مفتوح نہ ہوئی۔ ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس جنگ وجدل میں توپخانے اور آتشیں اسلحہ کا استعمال ہوا۔ ان ہتھیاروں کے بارے میں انہیں جنوبی ہند کے مغرب کے ساتھ سمندری تعلق کے باعث معلوم ہوا ہوگا۔ ورنگل کی تسخیر کے بعد احمد نے اپنا دارالحکومت زیادہ وسطی بیدر کی جانب منتقل کیا اور اس نے گجرات اور مالوہ کے مسلمان حکمرانوں کے خلاف شمال میں جنگ بھی کی۔

یوں بہمنیوں نے اسلامی دنیا میں کافی شہرت حاصل کر لی، بالخصوص اپنے دربار کو علم وفن کا عظیم مرکز بنا کر۔ انہی کے دور میں مسلم فن تعمیر کا ایک مخصوص دکنی انداز معرض وجود میں آیا۔ بہمنی برصغیر کی پہلی ایسی طاقت تھی جس نے عثمانیوں کے ساتھ سفیروں کا تبادلہ کیا (محمد سوم شاہ اور محمد فاتح)۔ بہمنی ریاست عسکری اعتبار سے طاقتور ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مستعد انتظامی ڈھانچہ بھی رکھتی تھی۔ چنانچہ ایک ماہر منتظم اعلیٰ کی ضرورت تھی، اور بہت سے ترک، فارسی، عرب وغیرہ سلطان کی خدمت میں آئے۔ اسی لیے پندرہویں صدی کے دوران دکنی مسلمانوں اور ان "پردیسیوں" کے مابین کھچاؤ پیدا ہوا۔ ریاست میں بڑھتی ہوئی داخلی بے ترتیبی اور حکمرانوں کا غیر موثر پن کافی حد تک انہی رقابتوں کا نتیجہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ پندرہویں صدی کے اختتام پر انتشار کی علامات ظاہر ہوئیں۔ آخری چار سلاطین ترکی امیر قاسم بریدی اور اس کے خاندان کی نگرانی میں رہنے والے بیکار افراد تھے، اور جب آخری حکمران 934/1527 میں فوت ہوا تو سلطنت کا خاتمہ ہو گیا۔

اس کے بعد سے لے کر اکبر اور اورنگزیب کی فتوحات تک مسلم دکن پانچ مقامی سلطنتوں میں منقسم رہا جن کے حکمران بہمنیوں کے سابق ملازمین ہی تھے۔

شروع میں بریدی خاندان نے بیدر سے بہمنی سلطنت کے علاقوں کو کنٹرول کیا اور پھر خود مختار برید شاہیوں کے طور پر حکومت کی، حتیٰ کہ 1028/1619 میں بیجاپور کے عادل شاہیوں نے انہیں اپنے اندر جذب کر لیا۔ تاہم بہمنیوں سے الگ ہونے والی پہلی علاقائی سلطنت برار کے عماد شاہیوں (890-980/1485-1592) کی تھی جو برار کے گورنر فتح اللہ عماد الملک کی اولاد

Marfat.com
Marfat.com

تھے۔ عماد الملک کے علاقوں کو نظام شاہیوں نے چھینا۔ عادل شاہیوں کا تعلق ترک نسل کے حاکم بیجاپور یوسف عادل خان سے تھا، اس کی سلطنت بیجاپور پر اورنگزیب کے قبضے تک جاری رہی۔ نظام شاہی سلطنت (896-1044/1491-1633) کا آغاز جنار کے حاکم احمد بن نظام الملک کے ساتھ ہوا اور پھر اس نے احمد نگر اور دولت آباد پر بھی حکومت کی۔ نظام شاہیوں کو اکبر نے شکست دی لیکن برائے نام حکمرانوں کی ایک نسل شاہ جہاں کے دور تک موجود رہی۔ آخر کار گولکنڈہ کے قطب شاہی (918-1098/1512-1687) ورنگل کی پرانی ہندو بادشاہت کے ملبے میں سے ابھرے۔ ان کا بانی قراقوینلو نسل کا ایک ترک کمانڈر سلطان قلی قطب الملک تھا جس کو محمود شاہ بہمنی نے تلنگانہ کا گورنر نامزد کیا تھا۔ اس کا سلسلہ اورنگزیب کے عہد تک جاری رہا۔ جس فضا میں ان پانچوں سلطنتوں نے ترقی کی وہ رقابت اور سازشوں سے لبریز تھی جس کے نتیجہ میں دکن میں ایک ہندو احیائے نو کا عمل شروع ہوا۔ بریدشاہیوں اور عمادشاہیوں کے سوا سب شیعہ تھے (آخری بہمنیوں میں سے بھی کچھ ایک نے اس مسلک کی حمایت کی) اور اس دور میں صفوی فارس کے ساتھ قریبی سفارتی و ثقافتی رابطے رکھے گئے۔ تاہم یہ تعلقات انہیں مغلوں کا شکار ہونے سے بچانے کے لیے کافی نہ تھے۔

## 80- خاندیش کے فاروقی سلاطین
## (772-1009/1370-1601)
### شمالی دکن

| | |
|---|---|
| 772/1370 | ملک راجا فاروقی |
| 801/1399 | ناصر خان |
| 841/1437 | عادل خان اول |
| 844/1441 | میران مبارک خان اول |
| 861/1457 | عادل خان دوم |
| 909/1503 | داؤد خان |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 916/1510 | غازی خان |
| 916/1510 | عالم خان |
| 916/1510 | عادل خان سوم |
| 926/1520 | میران محمد اول |
| 943/1537 | احمد شاہ |
| 943/1537 | مبارک شاہ دوم |
| 974/1566 | میران محمد دوم |
| 984/1576 | حسن شاہ |
| 985/1577 | راجا علی خان یا عادل شاہ چہارم |
| 1005-9/1597-1601 | بہادر شاہ |

مغلوں کی فتح

ریاست خاندیش (خانوں کا دیس) مالوہ کے عین جنوب کی جانب دریائے تاپتی کی وادی میں اور دکن کی بہمنی سلطنت کے شمال میں واقع ہے۔ سلطنت کا بانی ملک راجا اصل میں بہمنیوں کا ملازم تھا لیکن پھر فیروز شاہ سوم کے دربار میں منتقل ہوا اور سلطان دہلی نے اسے شمالی دکن کے مخصوص صوبوں کا گورنر تعینات کر دیا۔ تغلقوں کے زوال کے برسوں کی گڑبڑ میں ملک راجا نے مالوہ میں اپنے پڑوسی دلاور خان کی پیروی کرتے ہوئے خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ اس کے جانشینوں کو فاروقی کہا گیا، کیونکہ وہ حضرت عمر بن الخطاب کی نسل سے ہونے کا دعویٰ کرتا تھا۔ اس کے بیٹے ناصر خان نے اسیر گڑھ کا قلعہ ہندو سردار سے چھین لیا اور اس کے قریب ہی برہان پور آباد کیا جو خاندیش کے سلاطین کا صدر مقام بن گیا۔ عادل خان دوم کے عہد میں خاندیش نے بہت زیادہ ترقی کی۔ وہ گجرات کے سلاطین کی نیابت کا طوق گلے سے اتار پھینکنے میں کامیاب ہو گیا مگر اپنی طاقت کو مشرق میں گونڈوانا اور جھارکنڈ کے ہندو راجاؤں کی جانب وسعت دی اور ان مہمات کے نتیجہ میں اسے شاہ جھارکنڈ (جنگل کا بادشاہ) کہا جانے لگا۔

سولہویں صدی کے ابتدائی برسوں میں خاندیش جانشینی کے تنازعات کا شکار رہا جن کا نتیجہ

Marfat.com
Marfat.com

بیرونی طاقتوں بالخصوص سلاطین گجرات اور نظام شاہیوں کی مداخلت کی صورت میں نکلا۔ فاروقیوں نے اپنے کمزور وسائل کے ساتھ طاقتور سلاطین گجرات کے ساتھ صلح جوئی کی پالیسی اپنائی اور ایک موقع پر میران محمد اول کو گجرات کے امیدوار وارث کا درجہ دیا گیا، تاہم وہ اپنے دعویٰ کو عملی صورت ملنے سے پہلے ہی مر گیا۔ مغلوں کے ساتھ فاروقیوں کی پہلی لڑائی 962/1555 میں ہوئی اور موخر الذکر اکبر اعظم کے ماتحت بن گئے۔ لیکن 993/1585 کے بعد براہ راست مغل دباؤ بڑھا، بہادر شاہ نے مغلوں کو ناراض کیا اور 1601 / 1009 میں اس کا قلعہ اسیر گڑھ اکبر نے لیا اور باقیماندہ فاروقیوں کو جلاوطن کر دیا گیا۔

## 81- شاہان مغلیہ
## (932-1274/1526-1858)

| | |
|---|---|
| 932/1526 | ظہیر الدین بابر |
| 937/1530 | ناصر الدین ہمایوں، پہلا دور حکومت |
| 947-62/1540-55 | دہلی کے سُوری سلاطین |
| 962/1555 | ہمایوں، دوسرا دور حکومت |
| 963/1556 | جلال الدین اکبر اول |
| 1014/1605 | نور الدین جہانگیر |
| 1037/1627 | داور بخش |
| 1037/1628 | شہاب الدین شاہ جہاں اول |
| 1068/1657 | مراد بخش (گجرات میں) |
| 1068/1657 | شاہ شجاع (بنگال میں 1070/1660 تک) |
| 1068/1658 | محی الدین اورنگزیب عالمگیر اول |
| 1118/1707 | اعظم شاہ |
| 1119/1707 | کام بخش (دکن میں) |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1119/1707 | شاہ عالم اول بہادر شاہ اول |
| 1124/1712 | عظیم الشان |
| 1124/1712 | معز الدین جہاندار |
| 1124/1713 | فرخ سیر |
| 1131/1719 | شمس الدین رفیع الدرجات |
| 1131/1719 | رفیع الدولہ شاہ جہاں دوم |
| 1131/1719 | نیکو سیر |
| 1131/1719 | ناصر الدین محمد |
| 1161/1748 | احمد شاہ بہادر |
| 1167/1754 | عزیز الدین عالمگیر دوم |
| 1173/1760 | شاہ جہاں سوم |
| 1173/1760 | جلال الدین علی جوہر شاہ عالم دوم، پہلا دور حکومت |
| 1202/1788 | بیدار بخت |
| 1203/1788 | شاہ عالم دوم، دوسرا دور حکومت |
| 1221/1806 | معین الدین اکبر دوم |
| 1253-74/1837-58 | سراج الدین بہادر شاہ دوم |

براہ راست برطانوی قبضہ

مغلیہ نسل کا بانی بابر ایک چغتائی ترک تھا جو پانچ پشتیں قبل تیمور سے اور ننھیال میں چنگیز خان سے الگ ہوا۔ اس کا باپ عمر شیخ بن ابی سعید فرغنہ کے وسطی ایشیائی خطے میں ایک چھوٹی سی تیموری جاگیر پر حکمران تھا، لیکن بابر نے دیکھا کہ شیبانی اوزبیگوں کی بڑھتی ہوئی طاقت نے اس کے لیے وہاں قدم جمائے رکھنا ناممکن بنا دیا تھا۔ چنانچہ 910/1504 میں اس نے کابل کو فتح کیا اور تقریباً فوراً ہی ہندوستان میں دریائے سندھ تک یلغار کی۔ لگتا ہے کہ بابر نے ہندوستان کا رخ تبھی کیا تھا جب اسے اپنے وسط ایشیائی وطن میں طاقت حاصل کرنے میں بار بار ناکامی ہوئی تھی۔ لیکن

Marfat.com
Marfat.com

آخرکار دہلی کے لودھی دربار کے ایک ناراض دھڑے نے اسے مداخلت کی دعوت دی۔ اس نے 932/1526 میں پانی پت کے مقام پر سلطان ابراہیم دوم کو شکست دی اور اگلے ہی برس آگرہ کے قریب کانوا کے مقام پر راجپوت سرداروں کو ہرایا۔ تاہم یہ فتوحات محض ایک آغاز تھیں۔ ابھی تک مغلیہ طاقت کا کوئی ٹھوس ڈھانچہ موجود نہ تھا اور شیر شاہ سور کی قیادت میں افغان سرداروں کے ردعمل کے باعث بابر کے بیٹے ہمایوں کو شمالی ہندوستان سے بھاگ کر سندھ جانے اور پھر پندرہ برس تک افغانستان میں رہنا پڑا۔ شیر شاہ کے جانشینوں کی کمزوری نے ہی ہمایوں کے لیے یہ ممکن بنایا کہ وہ 962/1555 میں واپس آکر دہلی اور آگرہ میں اپنی حکومت بنائے۔ اس کے بعد اکبر اعظم کا پچاس سالہ دور حکومت آیا۔ شمالی اور وسطی ہندوستان میں مغل اقتدار کو مضبوط بنایا گیا: مالوہ اور آزاد راجپوت ریاستیں، گجرات اور خاندیش کو تحفظ دیا گیا اور 984/1576 تک بنگال کو ایک دفعہ پھر دہلی کے ماتحت بنا دیا گیا تھا۔ شمال مغربی سرحد (جو بہت سے حملہ آوروں کا ہندوستان میں آنے کا راستہ تھا) کو محفوظ بنانے کے لیے کابل اور قندھار حاصل کیے گئے، اگرچہ قندھار آنے والے وقتوں میں فارسیوں کے ساتھ فساد کی جڑ بنا رہا۔ دکن میں ریاستوں کے شمالی سلسلے کو سلطنت سے ملحق یا اکبر کی حاکمیت کا تابع بنایا گیا، لیکن مغلوں کا عسکری اور انتظامی کنٹرول ابھی تک اتنا مضبوط نہیں تھا کہ وہاں پوری طرح حاکمیت قائم کی جاسکتی، یہ کام اورنگزیب کے ہاتھوں انجام پانا تھا۔ سفارتی سطح پر ابتداء میں صفویوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات کا تبادلہ علاقوں کی حد بندی کے بارے میں اوزبیک عبداللہ خان کے ساتھ معاہدے سے کیا گیا۔ بحیرہ عرب میں پرتگیزیوں کے حوالے سے مشترکہ خطرے کے متعلق عثمانیوں کے ساتھ بھی رابطہ ہوا، لیکن دہلی اور استنبول کے درمیان فاصلہ اتنا زیادہ تھا کہ ایک سنی اتحاد وجود میں نہ آسکا۔

چنانچہ اکبر ایک عظیم جرنیل اور ریاست کار تھا، مگر وہ ایک مفکر اور مذہبی مصلح کی حیثیت میں شاید زیادہ باعث دلچسپی ہے۔ اس کا دین الٰہی تمام مذاہب میں اس کی گہری دانشورانہ دلچسپی کا مظہر ہے۔ ہندوؤں نے سلطنت کی انتظامیہ میں معمول سے کہیں زیادہ شرکت کی۔ اکبر ہی کے عہد میں سلطنت کے حکومتی نظام نے صورت اختیار کی اور اس نے مختلف نسلی عناصر کو ایک حکمران طبقے کی صورت میں متحد کیا جس میں ترک، افغان، فارسی اور ہندو شامل تھے۔ یہ طبقہ منصب داروں پر

Marfat.com
Marfat.com

مشتمل تھا جو مخصوص تعداد میں فوج مہیا کرنے کے پابند تھے۔ سرکاری تنخواہیں جزواً جاگیروں کی صورت میں دی جاتیں۔ تاہم یہ جاگیریں مغرب کے اسلامی ممالک کے قطعات کی طرح موروثی نہیں تھیں۔ اگرچہ حکمران نظریاتی اعتبار سے نہایت سیکولر تھا، لیکن ابتدائی مغل آمروں کی بجائے فیاض تھے نیز سلطنت کی وسعت نے حد سے زیادہ مرکزیت نہ ہونے دی۔ اکبر کے جانشین جہانگیر اور شاہ جہاں نے دور دراز علاقوں کے لیے نفاذ اطاعت کی پالیسی جاری رکھی...... میواڑ کے راجپوتوں، دکن کے شیعی سلاطین، بنگال کے ساحل پر پرتگیزیوں کے لیے...... لیکن وسطی ایشیا اور ہندوستان کو ملا کر ایک وسیع سنی سلطنت بنانے کے لیے شاہ جہاں کے عزائم کا نتیجہ صرف ناکامی اور بے عزتی کی صورت میں برآمد ہوا (1057/1647)۔

شاہ جہاں کی موت کے بعد تخت و تاج حاصل کرنے کی خاطر وحشیانہ لڑائی میں اورنگزیب نے اپنے بھائی دارا شکوہ کو دو مرتبہ شکست دی (1068-9/1658-9) اور اپنا پچاس سالہ دور حکومت شروع کیا۔ اس نے اپنے پیشروؤں کی آزاد خیالی کی روایات کو توڑ دیا۔ اس نے نرم سماجی و مذہبی طور طریقوں پر حملہ کیا جو ہر طرف موجود ہندوؤں کے اثر کے تحت ہندوستانی مسلمانوں میں پیدا ہو گئے تھے۔ اورنگزیب نے اٹھارہویں صدی میں دہلی کے شاہ ولی اللہ کے بیان کردہ خطوط پر اصلاح کرنے کی کوشش کی۔ جزوی طور پر اورنگزیب کی پالیسی ہندوازم کے نئے عقلی و مادی جوش و جذبے کے خلاف ردعمل تھی، تاہم اس نے مغلیہ عسکری و انتظامی ڈھانچے میں ہندوؤں کو شامل رکھا۔ اس کی عسکری کوششوں کا مقصد شروع میں شمال مغربی سرحد کو مضبوط بنانا تھا جہاں پٹھانوں کو قابو کرنے کے لیے شدید لڑائی ضروری تھی۔ بعد میں وہ دکن کے بارے میں فکرمند ہوتا گیا، باقی ماندہ شیعی راجے مکمل طور پر ختم ہو گئے تھے، مراٹھے (مرہٹے) محدود تھے؛ تاہم یہ آخری کامیابی محض عارضی ثابت ہوئی اور اورنگزیب کے دور میں دکن میں مسلم اثر و رسوخ کا نقطہ عروج دوبارہ کبھی نہ آیا۔

1118/1707 میں اورنگزیب کی وفات پر مغلوں کا مخاصمانہ زوال شروع ہوا۔ باری باری کئی ہوس پرست حکمران بنے، جبکہ سلطنت کے دور دراز علاقے مراٹھوں، جاٹوں، سکھوں اور روہیلہ افغانوں وغیرہ کے اختیار میں آ گئے۔ 1151-2/1738-9 میں نادر شاہ کے ہندوستان پر حملے اور دہلی پر قبضے اور اس کے بعد احمد شاہ درانی کی پے در پے مہمات نے سلطنت کو مادی اور

Marfat.com
Marfat.com

اخلاقی لحاظ سے نا قابل تلافی نقصان پہنچایا۔ ہر جانب سے ہندو سر اٹھانے لگے تھے اور انگریزی عنصر ساحلی علاقوں کے علاوہ برصغیر کے اندر بھی اہمیت اختیار کرتا جا رہا تھا۔ انگریز اپنی طاقت کو بنگال سے اودھ، وسطی ہندوستان اور راجپوتانہ میں وسعت دے رہے تھے، جبکہ دہلی میں مغل صرف لاچاری سے دیکھ ہی سکتے تھے۔ شاہ عالم دوم انگریزوں کا قیدی تھا اور 1274/1858 میں آخری مغل شہنشاہ کو غدر میں معاونت کرنے کے الزام میں معزول اور جلاوطن کر دیا گیا۔

## 82-افغانستان کے بادشاہ

## (1160-    /1747-    )

### 1-درانی

| | |
|---|---|
| 1160/1747 | احمد شاہ درانی |
| 1187/1773 | تیمور شاہ |
| 1207/1793 | زمان شاہ |
| 1215/1800 | محمود شاہ، پہلا دور حکومت |
| 1218/1803 | شاہ شجاع، پہلا دور حکومت (کابل میں؛ 1215/1800 سے پشاور میں حکمران) |
| 1224/1809 | محمود، دوسرا دور حکومت (کابل میں 1233/1818 اور ہرات میں 1245/1829 تک) |
| 1233/1818 | علی شاہ |
| 1255/1839 | شجاع، دوسرا دور حکومت |
| 1258/1842 | فتح جنگ |

### 2-بارکزئی

| | |
|---|---|
| 1234/1819 | دوست محمد |
| 1280/1863 | شیر علی، پہلا دور حکومت |

Marfat.com
Marfat.com

| | |
|---|---|
| 1283/1866 | افضال |
| 1284/1867 | شیر علی، دوسرا دورِ حکومت |
| 1296/1879 | محمد یعقوب خان |
| 1297/1880 | عبدالرحمان خان |
| 1319/1901 | حبیب اللہ |
| 1337/1919 | امان اللہ |
| 1348/1929 | نادر شاہ |
| /1933- 1352- | محمد ظاہر شاہ |

افغانستان نے صفویوں کے انحطاط کے برسوں میں فارس کے امور میں ایک نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے اٹھارہویں صدی کے تیسرے عشرے کے دوران فارس پر چڑھائی اور قبضہ کرلیا۔ اگرچہ نادر شاہ نے اس افغان غلبے کا خاتمہ کردیا، لیکن اس نے اپنی افواج میں افغانوں کی ایک بڑی تعداد بھرتی کی۔ اس کے سرکردہ سالاروں میں سے ایک احمد خان تھا جس کا تعلق افغانوں کے ابدالی قبیلے کی سدوزئی شاخ سے تھا۔ ابدالی قبیلہ اصلاً ہرات علاقے سے تعلق رکھتا تھا لیکن نادر شاہ نے اسے قندھار میں لاکر آباد کیا۔ جب 1160/1747 میں نادر شاہ قتل ہوا تو افغان سپاہیوں نے احمد کو اپنا شاہ منتخب کرلیا اور اس نے دُرِ دُرّاں کا لقب اختیار کیا۔ اسی لیے سلطنت کو دُرّانی کا نام دیا گیا۔ احمد شاہ خود کو نادر شاہ کی مشرقی فتوحات کا وارث قرار دیتا تھا اور اس نے متعدد مرتبہ ہندوستان پر حملہ کیا، مغلوں سے لڑائیاں لڑیں اور 1170/1757 میں دہلی و آگرہ کی اینٹ سے اینٹ بجائی۔ شمال مغربی ہندوستان میں ایک وسیع سلطنت قائم کی گئی جس میں سندھ، بلوچستان اور پنجاب و کشمیر کا بیشتر حصہ شامل تھا۔ 1174/1761 میں پانی پت کی فتح نے مراٹھوں کے عزائم کو فیصلہ کن طور پر محدود کیا۔ خراسان میں احمد شاہ نے نادر کی اولاد، نابینا شاہ رخ پر ایک پروٹیکوریٹ قائم کیا، اگرچہ احمد شاہ کے پوتے زمان شاہ کے دورِ حکومت میں افغانوں میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ قاجاروں کی پیش قدمی اور شاہ رخ کی معزولی کی راہ میں رکاوٹ بن سکیں۔ درحقیقت، زمان شاہ کی حکومت دُرّانی سلطنت کے لیے تباہ کن ثابت ہوئی، خاندان اندرونی

Marfat.com
Marfat.com

تضادات کا شکار ہوا اور سکھوں و مرا ٹھوں نے افغانوں کو ان کی بیشتر ہندوستانی مقبوضات سے نکال باہر کیا۔

دریں اثناء بارسوخ بارکزئی یا محمد زئی افغانوں کا ستارہ طلوع ہو رہا تھا اور 1234/1819 میں دوست محمد نے محمود کو کابل سے بے دخل کیا، بیس سال بعد رسمی طور پر امیر کابل کا لقب اختیار کر لیا۔ ہندوستانی مقبوضات چھن جانے سے افغان سلطنت اب جغرافیائی لحاظ سے صرف خاص افغانستان کے پہاڑی اور سطح مرتفع خطے پر مبنی تھی۔ اسی جغرافیائی حالت نے انھیں بیسویں صدی میں ہرات پر فارسی حملوں، شمال میں روسی دباؤ اور برطانیہ کے ساتھ دو جنگوں کے باوجود بچائے رکھا۔ دوست محمد نے ہندوستان میں مداخلت کرنے سے خود کو ہر ممکن حد تک باز رکھا اور غدر 1857ء سے بھی لاتعلق رہا۔ عبدالرحمان خان نے عظیم طاقتوں کے ساتھ ہم آہنگ تعلقات قائم کئے۔ 1337/1919 میں امان اللہ کی دست درازیوں کے نتیجہ میں ہی ان تعلقات میں دراڑ پیدا ہوئی۔ امان اللہ خان کی مغربیت پسندی پر مبنی جلد باز کوششیں اس کے زوال کا باعث بنیں اور تاج و تخت موجودہ خاندان کو مل گیا۔

(یاد رہے کہ یہ کتاب 1967ء میں شائع ہوئی تھی۔ بیسویں صدی کی آخری تین دہائیوں میں افغانستان بہت سی سیاسی تبدیلیوں کا شکار رہا۔)

Marfat.com
Marfat.com

# مترجم کا نوٹ

''اسلامی تاریخ'' میں دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کو (چاہے وہ محقق ہو یا عام قاری) حکمرانوں، سلطنتوں، گورنروں اور دیگر حکام کی مستند فہرستوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں سٹینلے لین پول کی کتاب "Mohammaden Dynasties" (لندن 1893ء) کو بہت سراہا گیا۔ پانچ برس بعد اس کتاب کا ترجمہ روسی زبان میں ہو گیا اور انہوں نے متعدد وسطی ایشیائی سلطنتوں کا اضافہ کیا۔ پھر استنبول میں عجائب گھروں کے ڈائریکٹر Halil Edhen نے اناطولیہ کی ترک سلطنتوں کے بارے میں تازہ معلومات مہیا کیں (1927ء)۔ اس کے بعد بھی مسلسل کوششیں اور تحقیق جاری رہی جس کا نتیجہ آپ کے ہاتھ میں موجود اس کتاب کی صورت میں برآمد ہوا۔ یہ کتاب پہلی مرتبہ 1967ء میں اور دوسری مرتبہ 1980ء میں تصحیحات کے ساتھ شائع ہوئی (ایڈنبرگ یونیورسٹی پریس)۔

موضوع کے حوالے سے ایک قابل غور بات اصطلاح ''اسلامی'' کا استعمال ہے۔ کیا سلطنتیں کسی خاص مذہب سے تعلق رکھتی ہیں؟ کیا کسی سلطنت کی کامیابیوں اور ناکامیوں کو مذہب کے عروج و زوال کے ساتھ منسلک کیا جا سکتا ہے؟ اور کیا بادشاہ کے عیسائی یا مسلمان ہونے سے اس کی سلطنت بھی مسیحی یا اسلامی بن جاتی ہے۔ یہ سوالات ایک الگ کتاب کا تقاضا کرتے ہیں۔ یہاں ہم چند سطروں میں اپنی رائے دینے پر ہی اکتفا کریں گے۔

راقم الحروف کے خیال میں حکومتوں اور سیاسی واقعات کو مذہبی حد بندی میں رکھ کر دیکھنا درست نہیں۔ اگر ہم ''مسلمانوں'' کی یا ''اسلامی'' تاریخ میں مثلاً صلیبی جنگوں کا ذکر کرتے ہیں تو وہ یقیناً نہ صرف مسلمانوں بلکہ عیسائیوں کی تاریخ بھی ہوگی۔ غالباً ہر مذہب کے ماننے والوں نے اپنی اپنی مذہبی و سیاسی کامیابیوں کو بیان کرنے کے لیے یہ حد بندی قائم کی۔ نویں صدی ہجری کے ایک غیر عرب مسلمان مصنف ابن فضلان کے سفرنامہ وسطی ایشیا سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ وہاں کے ''مسلمان'' کتنے کم مسلمان اور کتنے زیادہ ترک وغیرہ تھے۔ یہی حال دیگر اقوام کا بھی تھا۔

بہر حال اس کتاب میں ان بادشاہوں کی زمانی ترتیب میں تدوین کی گئی ہے جو خود اور ان کے بیشتر عوام بھی کلمہ گو تھے۔ اگرچہ بادشاہوں کا کلمہ گو ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ حکمرانوں کو حکمرانوں کے طور پر ہی لینا چاہیے۔

مترجم

Marfat.com
Marfat.com




تمام اسلامی سلطنتوں اور سلاطین کی سلسلہ وار عہد بہ عہد تفصیل کی ضرورت طویل عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی۔ اس کتاب میں اسی ضرورت کو پورا کرنے کی غرض سے 1400 سال کے دوران قائم ہونے والی 82 سلطنتوں کا تذکرہ زمانی ترتیب میں کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہر سلطنت کے قیام اور انحطاط کی سیاسی وجوہ بھی بیان کی گئی ہیں۔

یہ کتاب تاریخ اور تہذیب کے طالب علموں کے لیے قیمتی اور مستند معلومات رکھتی ہے۔ مصنف کلیفورڈ ایڈمنڈ بوسورتھ یونیورسٹی آف مانچسٹر میں علوم عربیہ کا پروفیسر تھا۔ اس نے یہ کتاب تیار کرتے وقت اس حوالے سے کی گئی تمام سابق کاوشوں کو مدنظر رکھا۔ بعد میں روسی مترجمین نے کچھ درستگیاں کیں تو دوسرے ایڈیشن میں انھیں بھی شامل کر لیا گیا۔ یہ ترجمہ دوسرے ایڈیشن کا ہی ہے۔

Design By : Yasir Javvad

THE SOURCE OF KNOWLEDGE

ہیڈ آفس
میاں چیمبرز 3 ٹیمپل روڈ، پوسٹ بکس نمبر 1854 لاہور۔ پاکستان
فون نمبر: 6362412 ,92-42-6305241
E-mail: nigarshat@yahoo.com

شوروم
24 مزنگ روڈ، لاہور۔ پاکستان فون نمبر: 92-42-7322892
E-mail: nigarshat@wol.net.pk